R

R, r, n. انگریزی زبان کا اٹھارواں حرفِ تہجّی اور چودھواں حرف صحیح ؛ بولنے میں اس حرف کی آواز ؛ تحریر یا طباعت میں اِس حرف کی شکل ؛ R یا r حرف کی شکل والی یا اس جیسی کوئی شے ؛ اِس حرف R یا r کی طباعت میں مستعمل خاکہ یا علامت ۔

R. (کیمیا) ایک علامت برائے گیسی مستقلہ/ثابتہ ؛ ایک اساسی جزو۔ (ریاضی) نسبت ؛ نصف قطر۔ (طبیعیات) رونٹنجن (شطرنج) رُخ ۔

r. (طبیعیات) ایک علامت برائے رونٹنجن اکائی ؛ مخصوص گیسی مستقلہ/ثابتہ ۔ (برق) مزاحمت ۔ (شماریات) شرح ارتباط ۔ (دنیا کے سکّے) رُوبل ؛ روپیہ ۔

ra, re, n. (مصریات) رع ؛ مصریوں کا بڑا دیوتا ، سُورج دیوتا ، جس کی شکل عقاب کے سر والے آدمی جیسی بنائی جاتی تھی اور اُس کے سر پر شمسی طشتری اور شاہی سانپ ہوتا تھا ؛ رَع دیوتا ۔

rabato, rebato, n. رباٹو ؛ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں پہنا جانے والا شانوں تک پھیلا ہوا یا پشت پر اُوپر تک اُٹھا ہُوا سوتی یا جھالر دار سخت ، چوڑا ، نمایشی کالر۔

rabbet, rebate, n. بازگرداں ؛ لکڑی کے تختے کی سطح یا کنارے پر بنا ہوا کٹاؤ ، جھری یا کھانچا جس میں دوسرے تختے کا ویسا ہی یا مناسب شکل کا سرا یا کنارا بیٹھایا جائے ؛ ایسا بنا ہوا جوڑ، چُول ۔ (فعل متعدی) چول بنانا ؛ لمبا کٹاؤ بنانا ؛ سالنا ۔ (فعل لازم) چول کے ذریعے جوڑا جانا ؛ بازگرداں بیٹھنا ۔

rabbet joint, چُول کا جوڑ ؛ بازگرداں جوڑ۔

rabbi, n. (صیہونیت) ربّی ؛ فقیہہ ؛ حَبْر ؛ کنیسے کا ایسا باضابطہ اور بااختیار رہنما جو تمام مذہبی اور قانونی رسوم ادا کرنے کا مجاز ہوتا ہے ؛ (خطاب کے طور پر) اُستاد یا آقا ؛ ایسا عالم جو یہودی قانون و فقہ کی تشریح کرنے کا مجاز ہو۔ (اکثر بڑے R سے) ابتدائی عیسوی دور کا ایسا یہودی عالم جو تالمود کی تدوین میں شریک رہا ہو۔

rabbinate, n. ربّانی ؛ یہودی فقیہہ/حبر/ربّی کا عہدہ یا منزلت ؛ یہودی فقہا و ربّانی وغیرہ بطورِ اجتماعی ۔

Rabbinic, n. ربانی عبرانی ؛ عبرانی زبان کی وہ شکل جسے یہودی فقہا قُرونِ وُسطیٰ کے ابتدائی دور میں اپنی تحریروں میں استعمال کیا کرتے تھے ۔

rabbinical, rabbinic, a. ربّانیوں کے یا اُن کے عِلم ، اُن کی آرا یا تحریروں سے متعلق ؛ ربّانِیوں ۔

rabbinically, adv. ربّانی انداز سے ؛ فقیہوں/احبار/ربّیوں کے کسی بھی کام کے انداز سے ۔

rabbinism, n. ربّانیت ؛ فقیہوں/احبار/ربیّوں کا اظہار یا روزمرّہ ؛ اُن کی تعلیمات یا روایات ۔

rabbit, n. خرگوش ؛ ارنب ؛ ایک چھوٹا سا لمبے کانوں والا بھٹیلا قارض ؛ خرگوش یا اُس کی نسل کا کوئی اور جانور ؛ لمبے کانوں والا کوئی بھی میمل جانور جو ''سِلوِ لاگس'' (sylvilagus) نسل سے تعلّق رکھتا ہو ؛ خرگوش کی کھال ۔ (فعل لازم) خرگوش کا شکار کرنا یا خرگوش پکڑنا ۔

rabbiter, n. خرگوش پکڑنے والا ؛ خرگوش کا شکاری ۔

rabbity, a. خرگوش جیسا ؛ خرگوش کی مانند ؛ خرگوش آسا ۔

rabbit fever, n. دیکھیے : Tularemia ۔

rabbit punch, n. ہاتھ کی پُشت یا مکّے سے گردن کے منکے یا گُدّی پر ضرب ۔

rabbitry, n. خرگوش باڑا ؛ ایسی جگہ جہاں خرگوش رکھے جائیں ؛ خرگوشوں کا گلّہ ۔

rabble, n. لوگوں کا مجمع ؛ بے لگام انبوہ ؛ خاص طور پر گھٹیا ، اُجڈ یا مضطرب لوگوں کا بے قابُو ہجوم ۔ (فعل متعدی) بے ترتیب مجمع جیسا عمل کرنا ؛ ہجوم آرائی کرنا ۔

the rabble, n. (حقارت سے) نچلا طبقہ ، اجتماعی طور پر ؛ عوام ؛ عوام کالانعام ؛ سواد اعظم ۔

rabble, n. (فلزّیات) لوہے کی ایسی سلاخ جس کا ایک سرا بہت زیادہ مُڑا ہُوا ہوتا ہے اور اس سے پگھلے ہوئے لوہے کو ہلاتے ، چھانتے یا سانچے میں بھرتے ہیں ؛ اِس مقصد کے لیے استعمال ہونے والی کوئی اور شے ؛ لوہے کی چھڑ یا کانٹا ۔ نیز : rabbler ۔ (فعل متعدی) مُڑے ہوئے سِرے والی لوہے کی سلاخ یا اسی قسم کی کسی اور شَے سے پگھلے ہوئے لوہے کو ہلانا ، چھاننا یا کسی سانچے میں بھرنا ۔

rabblement, n. بے ترتیبی ؛ بد نظمی ؛ ہجوم آرائی ؛ شورش ؛ ہنگامہ ؛ فساد ۔

rabble-rouser, n. بازاری قائد ؛ شورش انگیز مقرّر ؛ فتنہ انگیز خطیب ؛ ایسا شخص جو لوگوں کے تعصّبات اور جذبات کو بھڑکائے یا اُبھارے ؛ خاص طور پر ذاتی مفاد کے لیے ایسا کرنے والا شخص ؛ عوام فریب لیڈر ۔

Rabelaisian, a. رابلی ؛ فرانسیسی مصنف فرانکو رابلے کے اسلوبِ تحریر جیسا یا اُس کی سی خصوصیات والا ؛ فحش مزاح اور شعوری طنز کی خاصیتوں کا حامل ۔ (اسم) رابلے کا مطالعہ کرنے والا یا اُس کے سے انداز میں لِکھنے والا ۔

Rabelaisianism, n. رابلیت ؛ رابلے کا مطالعہ یا اُس کے سے انداز کی تحریر نگاری ۔

rabid, a. آتش زیر پا ؛ غصیلا ؛ دیوانہ ؛ باؤلا ؛ سگ گزیدگی کا مریض ؛ بڑکایا ؛ بہت زیادہ/نامعقول حد تک جوشیلا (جیسے : .a rabbid boxing fan) ۔

rabidity, rabidness, n. سگ گزیدگی ؛ باؤلاپن ؛ غُصیلا پن ؛ غضبناکی ، دیوانگی ؛ بڑک ۔

rabidly, adv. مجنونانہ ؛ سگ گزیدانہ ؛ دیوانہ وار ؛ غُصیلے پن سے ؛ شِدّت سے ۔

rabies, n. ہلکاؤ ؛ سُعار ؛ آب ترسی ؛ سگ گزیدگی؛ باؤلا پن؛ چھوٹے جانوروں خصوصاً کتّوں کی ایک متعدّی بیماری جس کے بارے میں قیاس ہے کہ ایک وائرس کے باعث ہوتی ہے اور متاثّرہ جانور (بالخصوص کتّے) کے کاٹنے سے انسان کو لاحق ہو جاتی ہے اور اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو جان لیوا ثابت ہوتی ہے ؛ باؤلے کتّے کے کاٹنے کی بیماری ؛ ہڑکایا پن ؛ داء الکلب ۔

raccoon, racoon, n. خرسَک ؛ راکون ؛ شمالی امریکا کا پاؤں کے بل چلنے والا گوشت خور ممیل جانور ، پروسیون لوٹر (Procyon lotor) جس کی دُم گھنی کالے سفید حلقوں والی ، نوکدار تھوتنی اور آنکھوں تک ایک سیاہ نقاب نُما دھبّہ پھیلا ہوتا ہے ؛ اِس جانور کی سمور/پوستین یا کھال ۔

race, n. دوڑ؛ رفتار کا مقابلہ جیسے دوڑ، گُھڑ سواری ، ڈرائیونگ (کار چلانے) میں یا اسی قسم کی کسی اور حرکت میں ؛ گُھڑ دوڑ ۔ (جمع) دوڑ یا گھڑ دوڑ کا ایسا سلسلہ جو کسی معیّن وقت پر باقاعدہ راستے پر منعقدہ کیا جائے؛ کوئی بھی مقابلہ (جیسے : a race for election) ؛ آگے کی جانب حرکت یا آگے کی جانب یا باقاعدہ راہِ عمل ؛ زندگی کے شب و روز یا زندگی کا ایک حصّہ ؛ پانی کی ایک طاقت ور یا تیز لہر ، جیسے دریا یا سمندر میں ؛ اس قسم کی کسی لہر یا کسی ندی نالے کی گزر گاہ ؛ ایک ایسی گزرگاہ جہاں سے یا جس طرف کو پانی ایسی جگہ چلا جاتا ہو جہاں اِس کی طاقت کو استعمال میں لایا جائے ؛ اِس قسم کی گزرگاہ میں آبی لہر یا آبی بہاؤ ۔ (مشین) کسی مشین کے ایک پھسلنے یا گھومنے والے حصّے کے لیے ایک راستہ ، جھری یا اِس قسم کا کٹاؤ، جیسے بال بیرنگ میں فولادی گولیوں کے لیے بنا ہوتا ہے ؛ نالی چکر ۔ نیز : raceway ۔ (فعل لازم) رفتار کے مقابلے میں حِصّہ گیر ہونا ؛ دوڑ میں شریک ہونا ؛ دوڑنا یا تیزی سے حرکت پذیر ہونا ؛ کسی انجن یا پہیّے وغیرہ کی طاقت کم ہوئے بغیر بوجھ یا مزاحمت کم ہو جانے کے باعث انجن کا نامناسب انداز سے یا بے قابو ہو کر چلتے/گھومتے رہنا ۔ (فعل متعدی) کسی مقابلے میں دوڑنا ؛ رفتار کے مقابلے میں کسی کو ہرانے کی کوشش کرنا ؛ کسی کو دوڑ کے مقابلے یا مقابلوں میں دوڑانا ؛ کسی کو دوڑانا ، تیزی سے حرکت پذیر کرنا یا بھیجنا (جیسے : to race an engine) ۔

race, n. نسل ؛ نژاد ؛ جِنس ؛ خاندان ؛ قبیلہ ؛ طبقہ ؛ جماعت ؛ ایسے افراد کا گروہ جو مشترک جدّ یا نسل سے وابستہ ہو ۔ (نسلیات) نسل انسانی کا ایک بڑا حصّہ جو ورثے میں مِلی ایسی جسمانی خصوصیات سے متصف ہو جو ان میں مشترک ہوں (جیسے : the Mongoloid race) ؛ نسلِ انسانی یا خاندان ؛ بنی نوعِ انسان ؛ ایک نسلی گروہ سے وابستہ قبیلوں یا قوموں کا گروہ ؛ ایک گروہ یا قوم سے وابستگی کی کیفیت ؛ اس کے باعث موجود خوبیاں یا خصوصیات ؛ جانوروں کی ایک نسل ، ریوڑ یا قسم ۔ (حیاتیات) ذیلی نوع یا قسم ؛ خصوصاً لوگوں کا ایک گروہ ، طبقہ یا قسم (جیسے : The race of politicians) ؛ شراب کا مخصوص ذائقہ یا خوشبو ؛ ایک مخصوص صفت خصوصاً زندہ دِلی یا تیکھا پن جیسے تحریر یا تقریر میں ۔

racecourse, n. گُھڑ دوڑ کا میدان ؛ دوڑ کا راستہ ۔

race horse, n. گُھڑ دوڑ کا گھوڑا ؛ ایسا گھوڑا جسے دوڑنے کے لیے پالا گیا ہو ۔

raceme, n. (نباتیات) عنقود ؛ خوشہ ؛ گُلدستہ ؛ پُھول گُچھا ؛ ایک ایسا نظامِ گُل جس میں ایک بنیادی شاخ پر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ڈنڈیاں اور اُن پر پھول لگتے ہیں ۔

racemed, racemiform, a. خوشے دار ؛ پھول دار ۔

racemic, a. (کیمیا) عنقودی ؛ طرطیری تیزاب (tartaric acid) کی ہم ترکیب تبدیلی سے متعلق جو بعض اوقات انگوروں کے رس میں عمومی راست گرداں شکل میں پایا جاتا ہے اور بصری لحاظ سے فعّال نہیں ہوتا لیکن دو عمومی ہم ترکیب شکلوں، راست گرداں اور چپ گرداں شکلوں میں علیٰحدہ علیٰحدہ کیا جا سکتا ہے ؛ متناسب بصری خصوصیات والے مختلف نامیاتی مرکّبات میں سے کسی ایک سے متعلّق ۔

racemic acid, n. (کیمیا) عنقودی تیزاب ؛طرطیری تیزاب کے راست گرداں اور چپ گرداں ہم ترکیب مرکبات کا بصری طور پر بے عمل آمیزہ جو انگوروں کے رس میں پایا جاتا ہے اور ادویات میں استعمال ہوتا ہے ۔

racemization, n. (کیمیا) ریسماؤ ؛ عنقود سازی ؛ مرکب کے بصری طور پر فعال راست گرداں اور چپ گرداں حصّوں کو برابر مقدار میں ملا کر بصری طور پر بے عمل مادے کی تیّاری ۔

racemose, a. (نباتیات) خوشوی ؛ عنقودی ؛ خوشے کی شکل والا ؛ دستۂ گل سا ؛ گلدستے جیسا ۔ (تشریح الاعضا) گچھوں کی شکل میں مرتّب ، جیسے کوئی غدود ۔

racer, n. دوڑیا ؛ دوڑنے یا دوڑ میں حصّہ لینے والا جیسے گھوڑا ، سائیکل یا کشتی ؛ تیز رفتار کوئی بھی شے ؛ کالے رنگ کا ایک امریکی سانپ ۔

race riot, n. نسلی فساد ؛ نسلی تعصّب سے پیدا ہونے والا جھگڑا یا فساد ۔

race track, race course, n. ریس کورس ؛ گُھڑ دوڑ کا میدان ؛ عموماً ایسا بیضوی میدان جہاں گھوڑوں ، کُتّوں اور موٹر کاروں وغیرہ کی دوڑیں ہوتی ہوں ۔

race way, n. پانی کا راستہ یا پانی کی نالی جیسے پن چکی کے لیے بنائی جاتی ہے ؛ بجلی کے تاروں کی حفاظت کے لیے خول یا نالی ؛ جُتّے جانور کی دوڑ کا میدان ۔

rachis, rhachis, n. پت ڈنڈی ؛ مختلف محوری ساختوں میں سے کوئی ایک ، خاص طور پر پھولوں کے گُچھے کی ڈنڈی جب وہ ذرا لمبی ہو جائے جیسے خوشے میں ؛ پھول ڈنڈی ۔ (تشریح الاعضا) ریڑھ کی ہڈی ۔ (طیوریات) پر کی ڈنڈی خصوصاً وہ حِصّہ جس پر دونوں طرف بال اُگے ہُوئے ہوں ؛ پَر ڈنڈی ۔

rachitis, n. (امراضیات) سُوکھا ؛ کُبڑا پن ۔

rachitic, a. سوکھے کا شکار ؛ کُبڑے پن والا ۔

racial, a. نسلی ؛ نسل یا جزو یا نسلیات سے متعلّق یا اُن کی خصوصیات والا ؛ نسلوں کے مابین اختلافات سے جنم لینے والا ۔

racially, adv. نسلی لحاظ سے ؛ نسلیاتی طور پر ۔

racialism, n. نسلی امتیاز ؛ نسلی منافرت ؛ نسل پرستی ۔

racialist, n. نسلی امتیاز برتنے والا ؛ نسلی منافرت

رکھنے والا ؛ نسل پرست ؛ نسلی تعصّب والا ۔

racialistic, a. نسلی امتیاز سے متعلّق ؛ نسلی منافرت سے متعلّق ؛ نسل پرستی سے متعلق ۔

racing form, n. گُھڑ دوڑ فارم ؛ گُھڑ دوڑوں سے متعلّق اعداد و شمار کا کاغذ یا فارم جس میں گھوڑوں ، گُھڑ سواروں اور رکاوٹوں سے متعلّق معلومات ہوتی ہیں ۔

racism, n. نسل پرستی ؛ نسلی امتیاز کا نظریہ یا مسلک ؛ یہ غیر سائنسی نظریہ/عقیدہ کہ ہر انسانی نسل ایسی امتیازی خصوصیات سے متّصف ہوتی ہے جو اُس کے رویّے اور حدودِ کار کا تعیّن کرتی ہیں اور یہ کہ ایک مخصوص نسل جبّلی طور پر دوسری نسلوں سے اعلیٰ ہوتی ہے ؛ اِس عقیدے پر مبنی سیاسی یا سماجی مسلک ۔

racist, n. نسل پرست ؛ نسلی امتیاز کے نظریے/مسلک کا حاملِ شخص ۔

rack, n. شکنجے کا عذاب؛ شکنجہ؛ ایسی میز ، چوکی یا جنگلا جس کے اُوپر یا جس میں اشیا رکھی یا لگائی جا سکیں؛ اصطبل یا اِس قسم کی جگہ پر ایسی چوکی یا کُھرلی جس پر مویشیوں یا گھوڑوں کے لیے چارا رکھا جائے ؛ ویگن یا گاڑی پر نصب شدہ بڑا جنگلہ جس میں گھاس یا چارے کی بڑی مقدار رکھ کر لے جائی جا سکے؛ تکونی شکل کا ایک ڈھانچا/فریم جس میں 'پُول' کے کھیل کے لیے 'بلیئرڈ' کی گیندیں ترتیب سے رکھی جاتی ہیں ۔ (مشین) ایک ایسی سلاخ جس کے ایک جانب دندانے ہوں اور وہ کسی دندانے دار چرخی کے ساتھ مل کر دوری گردش کو حرکتِ مستقیم یا اِس کے برعکس تبدیلی میں اِستعمال کی جائے ؛ جسم کھینچ کر یا کس کر آدمیوں کو اذیّت دینے کے لیے استعمال کیا جانے والا آلہ ؛ جسم یا ذہن کی شدید اذیت کی حالت یا کیفیت یا اس کا سبب ؛ تکلیف ؛ کرب ؛ عذاب ؛ شکنجے کا عذاب ۔ (فعل متعدی) اذیت دینا جیسے شکنجے سے ؛ شکنجے میں کسنا؛ بہت ستانا ؛ عذاب میں مبتلا کرنا؛ ذہنی کوشش میں پوری جان کا زور لگا دینا (جیسے : to rack one's brains)؛ غیر معمولی طور پر کوشش کرنا؛ بہت زیادہ بڑھا دینا، جیسے کرایہ ؛ زیادہ کرایہ یا غیر معمولی رقم بٹور کر ستم ڈھانا ؛ اینٹھنا ؛ نچوڑنا ؛ شکنجے میں یا اُس کے اوپر کس دینا ۔

on the rack, متضاد دباؤ یا زور کے باعث ذہنی یا جذباتی طور پر اذیت/تکلیف/عذاب میں مبتلا ؛ شکنجے میں ؛ عذاب میں ۔

racker, n. اذیّت/تکلیف میں مبتلا کرنے والا ؛ تکلیف دینے والا ۔

rack, n. (متروک) تباہی ؛ بربادی ۔

go to rack and ruin, زوال پذیر ہونا ؛ تباہ و برباد ہو جانا۔

rack up, (عوامی) برباد کر دینا ؛ تباہ کر دینا ۔

rack, v.i. پویہ چال چلنا ؛ گھوڑے کا ایسی چال سے چلنا جس میں دائیں اور بائیں جانب کے دونوں پاؤں قریب قریب ایک ہی وقت میں اوپر اُٹھتے ہوں ، لنگوری چال چلنا ۔ (اسم) یک قدمہ ؛ پویہ ؛ لنگوری چال : گھوڑے کی ایسی چال جس میں دائیں اور بائیں جانب کے دونوں پاؤں لگ بھگ ایک ہی وقت میں اوپر اُٹھتے یا زمین پر لگتے ہیں ۔

rack, n. چھدرے تیرتے بادل ؛ اِکّا دُکّا اُڑتے بادل ؛ ہوا کے دوش پر اُڑتے ہوئے دَل بادل ۔

rack, wrack, v.i. ہلانا ؛ چلانا ؛ اُڑا کر لے جانا ، جیسے ہَوَا بادلوں کو لے جاتی ہے ۔

rack, v.t. دُرد یا تلچھٹ سے نکالنا جیسے خالص شراب یا عرقیات وغیرہ ۔

rack, n. بچھڑے یا بکری کے گوشت میں گردن کا حصّہ ؛ ذبح شدہ بچھڑے یا بکری کی گردن یا اُس کا گوشت۔

racket, racquet, n. ٹینس اور بیڈمنٹن وغیرہ میں استعمال ہونے والا چھکّا (ریکٹ) جس میں بیضوی حصّہ نائلن یا تانت سے (چوخانہ انداز میں) بُنا ہوتا ہے ؛ ٹینس اور بیڈمنٹن وغیرہ کا ریکٹ ؛ ٹیبل ٹینس کا (چھوٹا) بلاّ/ریکٹ ؛ ٹینس یااسکواش کے بلّے/ریکٹ کی شکل کا برف پر چلنے کا چوڑا جوتا ؛ برف موزہ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) دیواروں کے احاطے میں بلّوں/ریکٹوں اور گیند سے کھیلا جانے والا کھیل ؛ اسکواش۔

racket, n. شوروغُل ؛ خصوصاً پریشان کُن اور خلل اندازی کرنے والا شوروغل ؛ گھن گرج ؛ شوروغوغا ؛ غل غپاڑہ ؛ غل غپاڑے والا معاملہ یافساد ؛ سماجی/معاشرتی تحریک/اشتعال ، خوش طبعی یا لہو و لعب۔ (عوامی) کسی کارروائی کا منصوبہ ، حیلہ، چال یا مخصوص طریق ؛ ایک منظم غیر قانونی سرگرمی ، جیسے چوری سے/دادا گیری سے شراب کی فروخت یا کسی جائز کاروبار کرنے والوں سے دھمکی یا تشدّد کے ذریعے پیسے کا حصول ؛ غُنڈہ ٹیکس/جگا ٹیکس کی وصولی ؛ بدمعاشی۔ (فعل لازم) شور کرنا ؛ غل غپاڑہ کرنا ؛ سماجی رنگ رلیاں منانا یا لہو و لعب میں مصروف ہونا ۔

racketeer, n. (عوامی) کسی بد دیانتی یا غیر قانونی سرگرمی میں ملّوث شخص ۔ (فعل لازم) (عوامی) کسی بد دیانتی یا غیر قانونی سرگرمی میں شریک ہونا یا ملوث ہونا ۔

rackety, a. شوروغُل والا ؛ غل غپاڑے والا ۔ (بول چال) جھگڑالو ؛ دنگئی ؛ فسادی ؛ لہو و لعب اور رنگ رلیوں کا رسیا ؛ بدمعاش ۔

rack railway, cog railway, n. شکنجہ ریل پٹڑی ؛ ڈھلوان سطح کی ریلوے لائن جس میں پٹڑیوں کے درمیان دندانے دار شکنجہ لگا ہوتا ہے جس کے ساتھ گاڑی میں موجود دندانے دار پہیّہ پھنستااور گھومتا جاتا ہے ۔

rack-rent, n. بہت زیادہ یا غیر معقول حد تک زیادہ کرایہ ؛ زمین کا ایسا کرایہ جو تقریباً اُس کی سالانہ آمدنی/قیمت/پیداوار کے برابر ہو۔ (فعل متعدی) کسی مزارع/کرائے دار سے بہت زیادہ یا غیرمعقول حد تک زیادہ کرایہ وصول کرنا ؛ بہت زیادہ کرایہ لینا جیسے قطعۂ زمین کا ۔

rack-renter, n. بہت زیادہ/غیر معقول حد تک زیادہ کرایہ وصول کرنے والا شخص ۔

racon, n. ریکن ؛ ریڈار کا رہنما مینار۔

raconteur, n. ماہر داستان گو ؛ ایک اچھا داستان گو ؛ قصہ گو ؛ لطیفہ گو ؛ راوی ۔

racoon, n. دیکھیے : Raccoon ۔

racy, a. فطری قوّت اور سرگرمی/زندہ دلی رکھنے والا یا دکھانے والا ؛ جوشیلا ؛ شگفتہ خاطر ؛ تیکھا یا تیز طرار ؛ رواں دواں (جیسے: a racy style) ؛ ایک مخصوص ذائقے یا خوشبو والا جیسے کوئی پھل یا مشروب وغیرہ ؛ ذرا سا غیر مہذّب یا خطرناک ؛ معنی خیز (جیسے: a racy anecdote) ۔

racily, adv. تیکھے انداز سے ؛ جوشیلے پن سے ؛ اشتہا انگیزی سے ؛ خطرناک انداز سے ؛ معنی خیز طور سے ۔

raciness, n. تیکھا پن ؛ جوشیلا پن ؛ اشتہا انگیزی ؛ معنی خیزی ۔

radar, n. ریڈار ؛ راڈار؛ کسی شے کی موجودگی یا مقام کا پتا لگانے کا ایسا برقیاتی نظام یا آلہ جس میں ریڈیائی لہریں نشر کی جاتی ہیں جو اس شے سے منعکس ہو کر وصولیابی کے ایک نظام کے ذریعے حاصل کی جاتی ہیں ۔

acquisition and tracking radar, سُراغی خط نگار ریڈار ؛ محو پرواز طیارے یا خلائی جہاز کے راستے کو ظاہر کرنے والا ریڈار ۔

radarman, n. ریڈارچی ؛ ریڈار میں کام کرنے والا شخص ۔ (جمع) ریڈارمیں کام کرنے والے اشخاص ؛ عملۂ ریڈار ۔

radar beacon, racon, n. ریڈار مینارہ؛ مستقل مقام پر نصب شدہ ریڈار کا وہ نظام جو آتی ہوئی نشریاتی لہروں کے جواب میں خفیہ ریڈیائی اشارات/لہریں بھیجتا ہے جس سے طیاروں اور سمندری جہازوں کو اپنے مقام کی نشان دہی ہو جاتی ہے ۔

radarscope, n. ریڈار نُما؛ ریڈار کے ذریعے وصول ہونے والی لہروں کو بصری طور پر دیکھنے والا آلہ ۔

raddle, v.t. ملا کر بُننا ؛ سانٹنا ؛ گوندھنا ۔

raddle, n. سُرخ مٹی ؛ گیرو ؛ گِلِ اخرمی ؛ سُرخ رنگ کا ایک مادّہ جس سے بھیڑوں پر نشان لگایا جاتا ہے یا رنگا جاتا ہے ۔

raddle, v.t. سرخ مٹّی سے رنگنا ؛ لال رنگ کی تہ دینا ؛ گِلِ اخرمی/سُرخ مٹّی سے بھیڑوں کو رنگنا ؛ گیرو سے بھیڑوں کو رنگنا ۔

radial, a. شعاعی ؛ کِرنی ؛ نصف قطری ؛ ایک شعاع یا نصف قطر سے متعلق ؛ شعاعوں یا نصف قطروں جیسا یا اُن کی طرح اکٹھا ؛ مرکز سے باہر کی طرف جاتے ہوئے ، جیسے ڈیزی پھول کی پتیاں/گُل بابونہ کی پتیاں یا انجن کے پسٹن ۔ (تشریح الاعضا) نصف قطر سے متعلّق ۔ (حیوانیات) شعاعوں کی مانند ساختوں سے متعلّق جس طرح ستارہ مچھلی کے زوائد ۔

radially, adv. شعاعی انداز میں ؛ ایک شعاع یا نصف قطر کے انداز سے؛ مرکز گریز لکیروں کے انداز سے ۔

radial engine, n. شعاعی انجن ؛ مرکز سے نصف قطروں پر واقع سلنڈروں والا انجن ۔

radial symmetry, n. شعاعی تشاکُل ؛ ایک مرکزی محور/دُھرے کے ارد گرد حِصّوں کی متشاکل ترتیب جیسے ستارہ مچھلی میں یا گُلِ اشرفی میں؛ ستارہ نما شکل ؛ ستارہ نما شکل کی حالت ۔

radian, n. (ریاضی) ریڈین ؛ نیم قطریہ ؛ نصف قطر کا ؛ دائرے کے مرکز میں ۵۷ء۲۹۵۸ درجے کا زاویہ جس کے مقابل کی قوس لمبائی میں نصف قطر کے برابر ہوتی ہے ۔

radiance, radiancy, n. چمک ؛ دمک ؛ تابندگی ؛ ضوفشانی ؛ چمکنے/دمکنے کی صفت ۔

radiant, a. درخشاں ؛ فروزاں ؛ ضیابار ؛ شعاع افگن ؛ روشنی کی کرنیں ارسال کرنے والا ؛ روشن ؛ چمک دار ؛ تابندہ ، جیسے چمک دار سورج ؛ خوشی، امید یا اس قسم کے جذبات سے روشن (جیسے : radiant face) ۔ (طبیعیات) کرنوں کی شکل میں خارج ہونے والا یا کرنے والا ۔

radiant, n. مرکزِ شعاع ؛ مرکزِ حرارت ؛ ایسا نکتہ یا شے جس سے شعاعیں خارج ہو رہی ہوں ۔ (فلکیات) آسمان میں وہ مقام یا نقطہ جہاں سے شہابِ ثاقب کی بوچھاڑ نکلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے ؛ نقطۂ نور ۔

radiantly, adv. روشن انداز سے ؛ تابندگی کے انداز سے ؛ چمک دمک کے ساتھ ۔

radiant energy, n. (طبیعیات) اشعاعی توانائی ؛ تابکاری توانائی ؛ مادّے کی کسی بھی شکل میں سے برقناطیسی لہر کے گزرنے سے خلا میں نشر ہونے والی وہ قوّت جو برقناطیسی لہر اور مادّے کے مابین ردِّعمل سے پیدا ہوتی ہے ۔

radiant flux, n. (طبیعیات) اشعاعی بہاؤ ؛ اشعاعی توانائی کے بہاؤ کی زمانی شرح ۔

radiant heating, n. دیکھیے : Panel heating ۔

radiate, v.i. شعاعوں میں منتشر ہونا ؛ اشعاعی اخراج کرنا ؛ شعاعوں یا سیدھی لکیروں کی صورت میں کسی نکتے یا سطح سے خارج ہونا جیسے حرارت یا روشنی ؛ لہریں/شعاعیں خارج ہونا ؛ کرن ریز ہونا ؛ شعاع ریز ہونا ۔ (فعل متعدی) چمکنا ؛ نُور پاشی کرنا ؛ کسی نکتے یا سطح سے شعاعوں یا سیدھی لکیروں کی صورت میں خارج کرنا ؛ کسی چیز کی مہک یا لپٹ کا نکلنا (جیسے: She radiates joy) ؛ کرن ریزی کرنا ؛ شعاع ریزی کرنا ۔ نیز : eradiate ۔ (صفت) اشعاعی ؛ شعاع والا ؛ کرنوں والا ؛ ایسا جس سے شعاعیں اِس طرح پھوٹتی ہوں جیسے دائرے میں مرکز سے نصف قطر پھوٹتے ہیں ؛ نصف قطری ساخت یا حِصّے ؛ پھوٹتی ہوئی کرنوں جیسی بناوٹ ؛ کرن ریز ۔

radiately, adv. شعاعی ترتیب سے ۔

radiation, n. شعاع ریزی ؛ درخشانی ؛ تابانی ؛ ضو ریزی ؛ لمعانی ؛ اشعاعی عمل یا حالتِ کرن ریزی ؛ کسی شعاعی شے کا اخراج ؛ اشعاعی توانائی ۔ (طبیعیات) توانائی کا لہروں یا مرکزائی ریزوں کی صورت میں اخراج ؛ وہ عمل جس سے اِس قسم کی توانائی کا اخراج ہو اور بعد ازاں یہ توانائی خلا یا مادے کی معرفت خارج ہو کر جذب ہو جائے ۔

radiational, a. اشعاعی عمل والا ؛ کرن ریز ؛ شعاع ریز ۔

radiative, a. اشعاعی ؛ کرن ریز ؛ درخشاں ؛ ضو ریز ؛ تاباں ۔

radiator, n. چمکنے والا ؛ آلۂ حرارت زا ؛ اشعاع کنندہ ؛ پانی یا بھاپ کے ذریعے کمرہ گرم کرنے کا ایک آلہ ؛ گرمالہ ؛ انجنوں میں گردش کرنے والے پانی کو ٹھنڈا کرنے کا مشینی حصّہ ۔ (ریڈیو) آلۂ نشر ۔ (طبیعیات) برقناطیسی اشعاعی عمل کا منبع ؛ برقناطیسی کرن ریزی کا منبع ۔

radical, a. جڑ/بُنیاد

یا جڑوں/بُنیادوں کا یا ان سے متعلق ؛ کسی شے یا شخص میں جبلّی طور پر موجود (جیسے: radical defects of character) ؛ بُنیادی یا اساسی ؛ اصل تک پہنچنے والا یا بُنیاد کو مَس کرنے والا (جیسے: radical change)؛پوری طرح ؛ انتہائی ، خاص طور پر اصلاحات کے ضمن میں (جیسے: radical opinions or principles) ۔ (اکثر بڑے R سے) سیاست میں انتہا پسندوں کے بارے میں یا اُن کے متعلق ۔ (چھوٹے r سے) (نباتیات) تنے کی جڑ یا بُنیاد سے نکلنے والا ۔ (ریاضی) جذر سے متعلق یا اس کو بنانے والا ؛ علامت جذر کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) انتہا پسند ؛ انتہا پسندی کا حامل ۔ (اکثر بڑے R سے) سیاست میں انتہا پسند ؛ ایسا شخص جو بلاواسطہ اور غیر مصالحانہ طریقے سے سیاست میں بُنیادی اصلاحات یا تبدیلی لانے کا حامی ہو ؛ انقلاب پسند ۔ (چھوٹے r سے) (ریاضی) ایک مقدار جو دوسری مقدار کی جذر ہو ؛ جذری علامت ۔ (کیمیا) اصلیّہ ؛ ایک ایٹم یا ایٹموں کا گروہ جو کسی دیے گئے مرکب کے سالموں کا اہم ترکیبی جزو ہو اور جو بعض تعاملات کے دوران اپنی حیثیت برقرار رکھے ؛ بنیادی/اساسی جزو (گرامر) کسی لفظ کی اصل یا اشتقاق جس سے وہ مشتق ہو (جیسے: lucidity سے lucid) ۔

radicalness, n. انتہا پسندی ؛ انقلاب پسندی ۔

radicalism, n. انتہا پسندانہ/انقلابی نظریات یا اصولوں کی حمایت ؛ انتہا پسندوں کے اصول یا اعمال ؛ انتہا پسندی ؛ انقلاب پسندی ۔

radically, adv. اصلاً یا قطعاً ؛ اساساً ؛ ابتدا یا آغاز کے حوالے کے ساتھ ؛ بنیادی طور پر ؛ مکمل طور پر ؛ انقلابی طور سے ؛ انتہا پسندانہ طور پر ۔

radical sign, n. علامتِ جذر ؛ ایک علامت ریاضی ؛ جذر کی علامت $\sqrt{\quad}$

radicand, n. (ریاضی) زیرِ جذر رقم ؛ رقم جس کا جذر نکالنا مقصود ہو ۔

radicle, n. اصلی ؛ طبعی ؛ اساسی ؛ فطری ۔ (نباتیات) محورِ جنین کا نچلا حصّہ ؛ ناقص جڑ ؛ نامکمل جڑ ۔ (تشریح الاعضا) جڑ کی شکل کا چھوٹا سا حصّہ جیسے کسی عصبیے کا ابتدائی حِصّہ ۔ (کیمیا) اصلیہ ؛ جُزوِ مستقل ۔

radicular, a. جذری ؛ چھوٹی جڑ کا ؛ چھوٹے عصب یا شریان سے متعلق ۔

radio, n. ریڈیو ؛ لاسلکی پیغام رسانی ؛ لاسلکی تار برقی یا ٹیلیفون ؛ زیر و بم والی برقناطیسی لہروں کے ذریعے پیغام نشر کرنے/وصول کرنے والا ایسا تارِ برقی ، ٹیلیفون یا دیگر کوئی آلہ جو لاسلکی نظام پر مبنی ہو ؛ بے تار/لاسلکی پیغام یا نشریہ ؛ لاسلکی پیغام رسانی کی صنعت ؛ لاشعاعیں اور اسی قسم کی دوسری شعاعیں ؛ ان شعاعوں کا استعمال ؛ لاشعاعوں سے تصویر کشی ؛ ریڈیم سے علاج ۔ (صفت) لاسلکی تار برقی یا ٹیلیفون سے متعلّق ، اس میں مستعمل یا اس سے نشرشدہ ؛ بے تار ؛ لاسلکی ؛ لاسلکی پیغام رسانی کی صنعت سے متعلّق ؛ ۱۵۰۰۰ دور فی ثانیہ/سیکنڈ سے زیادہ تعدّد والی برقناطیسی لہروں سے متعلّق ۔ (فعل متعدی و لازم) کوئی پیغام یا پروگرام نشر کرنا یا کسی کو پیغام یا پروگرام بھیجنا (لاسلکی ذریعۂ پیغام رسانی سے) ۔

radio active, a. تابکار ؛ تابکاری سے متعلّق یا اُس کے نتیجے میں ۔

radioactively, adv. تابکارانہ انداز سے ؛ تابکاری سے ۔

radioactive decay, n. (طبیعیات) تابکار تکسّر ؛ ذرّات کے از خود اخراج کے سبب کسی تابکار مادے میں وقت گزرنے کے ساتھ رُونما ہونے والی جوہروں/ایٹموں کی تعداد میں کمی اور اس کی مطابقت میں جوہروں/ایٹموں کی غیر تابکار مادے میں تبدیلی ؛ کسی تابکار مادے کی وقت گزرنے پر غیر تابکار مادّے میں تبدیلی کا عمل ۔

radioactivity, n. (طبیعیات) تابکاری ؛ عناصر سے اِیلفا ، بِیٹا یا گاما شعاعوں کا اخراج ، جیسے یورینیم سے اخراج/از خود ایٹمی انتشار ۔

radio astronomy, n. ریڈیائی فلکیات ؛ فلکیات کی ایک شاخ جو خلا میں موجود اجسام/کائناتی اجسام کا مطالعہ کرنے میں برقناطیسی لاسلکی/ریڈیائی لہروں سے استفادہ کرتی ہے ۔

radioautograph, n. دیکھیے : Autoradiograph ۔

radioautography, n. خود کار لاسلکی تصویر رسانی/تصویر سازی ؛ خودکار ریڈیو گرافی ۔

radio beacon, n. ریڈیائی مینارہ ؛ ایسے ریڈیائی نظام کا حامل ریڈیواسٹیشن جو ہوائی جہازوں یا سمندری جہازوں کو مخصوص اشارات بھیجتا ہے جن سے اُنھیں اپنے مقام یا سمت کا اندازہ ہو جاتا ہے ۔

radiobiology, n. اشعاعی حیاتیات ؛ حیاتیات کی ایک شاخ جو زندہ مادّے پر اشعاعی توانائی یا تابکار چیزوں کے اثرات سے متعلق ہے ۔

radiobiological, radiobiologic, a. اشعاعی حیاتیاتی ؛ زندہ مادے پر اشعاعی توانائی یا تابکاری ڈالنے والے مادّے کا یا اس سے متعلق ۔

radiobiologist, n. زندہ مادے پر اشعاعی توانائی یا تابکاری اثرات کے علم کا ماہر ۔

radiobroadcast, v.t., v.i. ریڈیائی نشریہ بھیجنا ؛ براڈ کاسٹ کرنا؛ ریڈیائی لہروں کے ذریعے (پیغام) پہنچانا ؛ ریڈیو کے ذریعے نشر کرنا ۔ (اسم) ریڈیائی نشریہ ؛ پیغام ، موسیقی یا تقاریر کی ریڈیائی لہروں کے ذریعے پیغام رسانی ۔

radiobroadcaster, n. ریڈیائی لہروں کے ذریعے پیغام ، موسیقی یا تقاریر نشر کرنے والا ؛ ریڈیائی نشر کار ؛ ریڈیائی نشر کنندہ ؛ ریڈیو براڈ کاسٹر ۔

radio car, n. ریڈیائی کار ؛ ایسی کار جس میں لاسلکی پیغام بھیجنے/وصول کرنے کا آلہ نصب ہو ؛ ریڈیو کار ۔

radiocarbon, n. دیکھیے : Carbon-14 ۔

radiochemistry, n. ریڈیائی کیمیا ؛ علمِ کیمیا کی وہ شاخ جو تابکار اجسام ، اُن کے تعامل اور ان کی تابکاری سے متعلق ہے ۔

radiochemical, a. ریڈیائی کیمیائی ؛ بعض اجسام/مادوں کی تابکاری کی صفت یا تابکاری تعامل کی صفت ۔

radio compass, n. ریڈیائی قطب نُما ؛ ریڈیائی سمت نُما ؛ ایسا ریڈیائی وصول کنندہ آلہ جو وصول ہونے والی لہروں کے آغاز کی سمت بتاتا ہے؛ ریڈیائی کمپاس ۔

radioelement, n. تابکار عُنصر ؛ ایسا عنصر جو تابکاری کرتا ہے ۔

radiofrequency, n. ریڈیائی تعدُّد ؛ ۱۵۰۰۰ چکّر فی ثانیہ/سیکنڈ پر مشتمل تعدد والی لہر جسے ریڈیائی نشریات میں استعمال کیا جاتا ہے؛ کسی ریڈیائی نشریے کی مخصوص تعدد والی لہریں ۔

radiogenic, a. (طبیعیات) مردہ تابکار مادّہ ؛ تابکار اخراج کے نتیجے میں حاصل شدہ (جیسے: radiogenic helium) ؛ ایسا تابکار مادّہ جو تمام تابکاری خارج کر چکا ہو ۔

radiogram, n. ریڈیو گرام ؛ لاسلکی تار ؛ ریڈیو تار ؛ اس ذریعے سے بھیجا جانے والا کوئی پیغام ؛ بے تار برقی پیغام ۔

radiograph, n. ریڈیو گراف ؛ تصویر شعاعی ؛ تمازت پیما ؛ تابکاری اثرات کے حامل کسی عنصر کی مدد سے لاشعاعوں یا دیگر شعاعوں سے ایک عکس یا تصویر ؛ لاشعاعی تصویر ؛ ایکس رے ؛ ریڈیو گراف ۔ (فعل متعدی) لاشعاعی تصویر/عکس اُتارنا ؛ ریڈیو گراف حاصل کرنا ۔

radiographic, a. لاشعاعی تصویر/عکس سے متعلّق ؛ ریڈیو گراف سے متعلّق ۔

radiographically, adv. لاشعاعی تصویرانہ ؛ لاشعاعی عکس کاری کے انداز میں ؛ شعاعی مصوّری سے ؛ بطریق شعاع نگاری ۔

radiography, n. شعاعی مصوّری ؛ شعاع نگاری ۔

radiographer, n. لاشعاعی تصویر/ریڈیوگراف اُتارنے والا ۔

radioisotope, radioactive isotope, n. (طبیعیات ، کیمیا) ریڈیائی ہم جا ؛ لاشعاعی ہم جا ؛ ایک ایسا ہم جا/نظیر/آئسوٹوپ جو تابکاری ظاہر کرے ، عموماً اسے کسی غیر تابکار عنصر سے بنایا جاتا ہے اور امراض کی تحقیق ، تشخیص اور اُن کے علاج میں مستعمل ہے ۔

radiolarian, n. (حیوانیات) ریڈیو لیریائی ؛ 'ریڈیولیریا' میں سے ایک ؛ صغیر بحری نُخز حُوینی/خلوی آبی جانور کی ایک وسیع نسل جس کا جسم امیباجیسا ،شعاعی کاذب پاؤں اور ڈھانچا سلیکائی ہوتا ہے ۔

radiolocation, n. ریڈیائی مقام نمائی ؛ کسی شے کے مقام کا ریڈار کے ذریعے تعیّن ۔

radiology, n. ریڈیالوجی ؛ عِلمِ تابکاری ؛ تابکاریات؛ تابکاری علاج ؛ اشعاعیات ؛ تابکار مادوں کی شعاعوں یا رونٹنجن شعاعوں سے متعلق علم جسے خاص طور پر طبّی مقاصد کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے؛ تابکار مادوں کی شعاعوں/ رونٹنجن شعاعوں کے ذریعے اعضا یا ہڈیوں کی عکس کشی ؛ طبّی مقاصد کے لیے اتاری گئی لاشعاعی/ایکس رے تصاویر کا مطالعہ/تفہیم ۔

radiologic, radiological, a. ایکس رے/لاشعاعی تصاویر سے متعلّق ۔

radiologist, n. ریڈیالوجسٹ ؛ ایکس رے تصاویر کو سمجھنے اور اُن کے بارے میں تحریری رپورٹ/دستاویز تیّار کرنے والا شخص ۔

radiolucency, n. شعاعی نفوذ پذیری ؛ لاشعاعوں/ایکس ریز اور دیگر اقسام کی اشعاع کا کسی جسم میں نفوذ پذیر ہونے کا خاصہ ۔

radiolucent, a. شعاعی نفوذ پذیر ؛ ایسا جسم جو لاشعاعوں اور دیگر اقسام کے اشعاع کو اپنے اندر نفوذ پذیر ہونے دیتا ہو ۔

radioman, n. ریڈیو مستری ؛ ریڈیائی آلات پر کام کرنے والا ؛ ریڈیائی کارکن'خاص طور پر ریڈیائی پیغامات کا نشرکنندہ اور وصول کنندہ ؛ ریڈیو اسٹیشن میں کام کرنے والا کارکُن ۔

radiometeorograph, n. دیکھیے : Radiosonde ۔

radiometer, n. ریڈیو میٹر ؛ شعاع پیما ؛ صدا پیما؛ جزوی خلا میں چرخی پر مشتمل ایک آلہ جس میں چرخی دھوپ کے زیر اثر گھومتی ہے اور شمسی توانائی کو ظاہر کرتی ہے ؛ اِس قسم کے مختلف آلات میں سے کوئی سا جو عموماً اشعاعی توانائی کو معلوم کرتے اور ناپتے ہیں ؛ آوازوں کی شدّت کو ناپنے کا آلہ ۔

radiometric, a. اشعاع پیمایانہ ؛ صدا پیمایانہ ۔

radiometry, n. اشعاع پیمائی ؛ صدا پیمائی ؛ شور پیمائی ۔

radiophone, n. ریڈیائی ٹیلیفون ؛ مختلف ایسے طریقوں میں سے کوئی ایک جن میں اشعاعی توانائی کے عمل سے آواز پیدا کی جاتی ہے ؛ اشعاعی صدا گیرندہ ۔

radiophonic, a. اشعاعی توانائی کے عمل سے متعلق یا آواز پیدا کرنے کے عمل سے متعلّق یا اس قسم کی خصوصیات کا حامل ؛ اشعاعی صوتی ۔

radiophony, n. ریڈیو فونی ؛ اشعاعی صدا گیری ؛ اشعاعی صوت گیری ۔

radiophotograph, radio photo, radiophotogram, n. ریڈیائی تصویر ؛ ریڈیو فوٹو ؛ ریڈیائی/لاسلکی نظام کے ذریعے نشر شدہ تصویر۔

radiophotography, n. ریڈیو عکّاسی ؛ ریڈیو فوٹو گرافی ؛ ریڈیائی /لاسلکی نظام کے ذریعے تصاویر کی نشر کاری۔

radio pill, n. ریڈیائی کیپسول ؛ ریڈیائی درجک ؛ ایک ننّھا مُنا ریڈیائی نشرکار/ریڈیو ٹرانسمیٹر جو ایک خول/کیپسول میں بند ہوتا ہے ، جب اِسے نگلا جاتا ہے تو یہ عضویاتی صورت حال کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے، خاص طور پر معدی ، امعائی حالات کے بارے میں اطلاع دیتا ہے۔

radio range, n. ریڈیائی حدود ؛ ایسی ریڈیائی شعاعوں کی پہنچ اور حدود جنھیں کسی مخصوص مقام سے ہوائی جہازوں کی سمت متعین کرنے کے لیے نشر کیا جاتا ہے ؛ ایسا مقام یا ایسی تنصیب جو ایسی ریڈیائی شعاعوں کو ارسال کرے۔

radioscopy, n. لاشعاعی معائنہ ؛ غیر شفّاف یا ایسی شے کا مطالعہ جس میں سے روشنی نہ گزر سکے جیسے مصر کی ممیوں کا مطالعہ جو لا شعاعوں یا کسی اور قسم کی شعاع ریزی سے کیا جائے ؛ اشعاعی مطالعہ/معائنہ ؛ معائنہ بذریعہ شعاع ریزی ۔

radioscopic, radioscopical, a. اشعاعی مطالعے/ معائنے سے متعلّق ؛ لاشعاعی مطالعے/معائنے سے متعلّق ۔

radiosensitive, a. اشعاعی حسّاس ؛ اشعاعی توانائی کی بعض مخصوص شکلوں سے کم ہو جانے یا ختم ہو جانے والی کوئی شے (جیسے : a radiosensitive tumor) ۔

radiosonde, radiom[eteo]rograph, n. (موسمیات) ریڈیائی فضا پیما ؛ بلندی پر پائے جانے والے ہوا کے دباؤ، درجۂ حرارت [اور] نمی کے بارے میں

لہر جس کا تعدّد ریڈیائی پیغام رسانی کے لیے مستعمل ہے۔

radish, n.
مولی ؛ رائی/سرسوں کی نسل کے ایک سرسبز پودے 'رفانس سیٹسوس (Raphanus sativus) کی کراری ، چرپری/اشتہا انگیز جڑ؛ مولی کا پودا۔

radium, n.
(کیمیا) ریڈیم ، یورینیم سلسلے کا ایک تابکار دھاتی عنصر جو بعض معدنیات میں ملغوبے (Pitch blende) کی صورت میں پایا جاتا ہے ، مُوسیو اور مادام کیوری نے اسے ۱۸۹۸ء میں دریافت کیا ، یہ ریڈیائی فوٹو گرافی ، سرطان کے علاج اور چیزوں کو روشنی میں چمکدار بنانے کے لیے (جیسے رنگ و روغن) استعمال ہوتا ہے۔

radium F, n.
دیکھیے : Polonium۔

radium therapy, n.
دیکھیے : Radiotherapy ۔

radius, n.
نصف قُطر ؛ رداس ؛ ایک دائرے یا کرّے کے مرکز سے اس کے محیط یا (بیرونی) سطح تک جاتی ہوئی سیدھی لکیر ؛ کسی گولائی/خم کا رداس یا رداس کی لکیر؛ نیم قطری لکیر ؛ نصف قطر/رداس کی لمبائی پر محیط کروی/گول رقبہ (جیسے : every house within a radius of forty miles)؛ حلقۂ عمل یا حلقۂ اثر ؛ بعض مخصوص حالات میں دائرۂ عمل یا دائرۂ سفر وغیرہ (جیسے: flying radius of an airplane)۔(تشریح الاعضا) کلائی کی دو ہڈیوں میں سے انگوٹھے کی جانب والی ہڈی ؛ ساعد استخواں ۔ (حیوانیات) ریڑھ کی ہڈی والے دیگر جانوروں کے اگلے پاؤں/پنجوں میں اُسی قسم کی ہڈی ؛ رگِ بازو ؛ کلائی ہاڑ۔

radius vector, n.
(ریاضی) نصف قطر سمتی ؛ ایک جامد نقطے اور ایک تغیر پذیر نقطے کو ملانے والی سیدھی لکیر یا اِس لکیر کی لمبائی ۔ (فلکیات) سورج یا اِس قسم کے کسی اور مرکزی اجرام فلکی سے ، اُس کے گرد گردش کرنے والے کسی اور اجرام فلکی مثلاً سیّارے تک ،سیدھی لکیر یا درمیانی فاصلہ ؛ قطر حامل ؛ خط المرکز۔

radix, n.
منبع یا مبدا ؛ ماخذ؛ مصدر ؛ اصل ۔ (ریاضی) اَعداد کے کسی نظام کی بنیاد کے طور پر اختیار کیا گیا ایک عدد ؛ لوگارتھم کا بنیادی عدد ۔ (تشریح الاعضا) اصل یا جڑ خصوصاً عصبِ قحفی یا عصبِ نخاعی کی اصل یا جڑ۔ (نباتیات) پودے کی جڑ ؛ بیخک؛ جڑی کونپل ۔

radome, n.
راڈوم ؛ گنبد نما خول جو خصوصاً ریڈار ایریَل کی حفاظت کے لیے ہوائی جہازوں پر استعمال ہوتا ہے۔

radon, n.
ریڈان ؛ ایک تابکار بھاری گیسی عنصر جو کیمیائی طور پر غیر عامل ہوتا ہے اور ریڈیم کے تکسُّر کے نتیجے میں بنتا ہے۔

radula, n.
(حیوانیات) بیشتر صَدَفیوں کے مُنھ میں موجود ایک سخت چھلّہ جس میں خوراک چبانے کے لیے بے شمار ننّھے ننّھے سینگ نُما دانت لگے ہوتے ہیں۔

redular, a.
صدفیوں کے دانتوں سے متعلّق ؛ دندانِ صدفیہ سے متعلّق ۔

raff, n.
لوگ باگ ؛ عوام کالانعام ؛ ادنیٰ لوگ ؛ کمین ؛ دہقان ، گنوار ؛ نچلا طبقہ ۔ (برطانوی بولی) فضلہ ؛ کوڑا کرکٹ ۔

raffia, n.
رافیا ؛ مڈغا سکر کے درخت رافیا

معلومات/اطلاعات حاصل کرنے کا طریقہ جس کے لیے ایک غبارے کے ساتھ ایک موسم پیما/فضا پیما اور خود کار ریڈیو ٹرانسمیٹر/نشرکار کو فضا میں بھیجا جاتا ہے؛ ریڈیائی ہوا پیما ؛ ریڈیائی موسم پیما ۔

radiospectrum, n.
ریڈیائی طیف ؛ برقناطیسی طَیف کا وہ حِصّہ جو قابلِ سماعت تعدّد سے بالا لیکن زیر سُرخ/زیر احمریں تعدد سے نیچے واقع ہو ؛ اِس طیف میں واقع کار آمد ریڈیائی تعدّدات کی حدود ۔

radio strontium, n.
دیکھیے : Strontium 90 ۔

radiotelegraphy, n.
ریڈیائی تار؛ ریڈیو ٹیلیگرافی ؛ بے تار برقی یا لاسلکی ٹیلی گرافی؛ ہوا میں سے برقناطیسی لہروں کے ذریعے مخصوص ضابطے (مورس ضابطے) کے تحت پیغام رسانی ؛ ریڈیائی پیغام رسانی۔

radiotelegraph, n.
ریڈیائی تار ؛ ریڈیائی پیغام؛ بے تار برقی کے ذریعے نشر یا وصول شدہ پیغام۔

radiotelegraphic, a.
ریڈیائی تار سے متعلق ؛ بے تار برقی کے ذریعے ؛ لاسلکی برقی نظام کے ذریعے؛ اس نظام کی خوبی والا؛ ریڈیائی پیغام سے متعلّق ۔

radiotelemeter, n.
لاسلکی یا ریڈیائی بُعد پیما ؛ ایک قسم کا بُعد پیما جو کسی دُور دراز کے مقام جیسے خَلا میں سے کسی وصول کنندہ آلے کو ریڈیائی لہروں کے ذریعے معلومات ارسال کرتا ہے ؛ ریڈیائی فاصلہ پیما۔

radiotelemetry, n.
ریڈیائی بُعد پیمائی ؛ ریڈیائی فاصلہ پیمائی ۔

radiotelephone, n.
ریڈیائی ٹیلی فون ؛ ایک ایسا ٹیلیفونی نظام جس میں تاروں کی بجائے ریڈیائی لہروں سے کام لیا جائے ؛ بے تار کا ٹیلیفون ؛ لاسلکی ٹیلی فون۔

radiotelephonic, a.
بے تار کے ٹیلیفون کے ذریعے ؛ ریڈیائی ٹیلیفون کے ذریعے ۔

radiotelephony, n.
بے تار ٹیلی فون کا نظام ؛ ریڈیائی ٹیلی فون کے ذریعے پیغام رسانی۔

radiotelescope, n.
ریڈیائی دوربین ؛ ایک ایسا فلکیاتی آلہ جو خلا میں واقع منابع سے آنے والی ریڈیائی لہروں کو وصول کرتا ، افزوں کرتا اور ناپتا ہے۔

radiotheraphy, radium therapy, n.
ریڈیائی علاج ؛ تابکاری کے ذریعے امراض کا علاج جیسے لاشعاعوں کے ذریعے یا ریڈیم یا تھوریم جیسے تابکار عناصر کے ذریعے علاجُ الامراض۔

radio tube, n.
خلا دار نلی جسے ریڈیائی وصولیابی کے آلے (ریڈیو) میں برقناطیسی لہروں کی افزونی اور درستی کے لیے لگایا جاتا ہے ۔ دیکھیے: Vacuum tube۔

radio-ulna, n.
(حیوانیات) کُعبُری زَندی ؛ کم تر درجے کے ریڑھ کی ہڈّی والے چند جانوروں کے ڈھانچے میں ایک ہڈی ، جیسے مینڈک میں ، یہ ہڈی اعلی درجے کے ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں موجود کلائی کی دو ہڈیوں اور ان کے درمیان کی ہڈّی 'اُلنا' یا زَنْداَسْفَلْ (ulna) کے مساوی ہوتی ہے ؛ چھوٹے جانوروں کے پنجوں میں اِنسانی کلائی کی ہڈی کے مترادف ہڈّی ۔

radio wave, n.
ریڈیائی لہر ؛ ایک برقناطیسی

بیڈنکو لاٹا سے حاصل کیا جانے والا ریشہ دار مادّہ جو پودوں کے گٹھے باندھنے کے لیے ، ٹوپیاں ، چٹائیاں ، ٹوکریاں اور اِسی قسم کی دیگر اشیا بنانے کے کام آتا ہے ؛ رافیا کا درخت ۔

raffinose, n. (کیمیا) رافینوز ؛ بے رنگ قلمی شکر، جس میں نہ ہونے کے برابر مٹھاس ہوتی ہے یا بالکل مٹھاس نہیں ہوتی یہ مختلف پودوں میں پائی جاتی ہے جیسے چقندر اور بنولے میں ۔

raffish, a. بھڑک دار ، گھٹیا یا سستا ؛ اوباش مزاج ؛ غیر روایتی ؛ بدنام ۔

raffishly, adv. اوباش انداز سے ؛ بدنامی کے انداز سے ؛ گھٹیا پن سے ؛ غیر روایتی طریقے سے ۔

raffishness, n. ظاہر داری ؛ ریاکاری ؛ بدمعاشی ؛ بدنامی؛ اوباشی ۔

raffle, n. ریفل ؛ لاٹری ؛ ایسی لاٹری/قرعہ اندازی جس میں لوگ ایک مخصوص انعام کے امکان پر خریداری کرتے ہیں ؛ بیع بالقرعہ؛ فروخت بذریعہ قرعہ اندازی ۔ (فعل لازم) بیع بالقرعہ/فروخت بذریعہ قرعہ اندازی میں مصروف ہونا ۔ (فعل متعدی) قرعہ اندازی کے ذریعے فروخت کرنا ؛ بیع بالقرعہ کرنا (عموماً بعد میں of استعمال ہوتا ہے) ۔

raffle, n. غلاظت ؛ کوڑا کرکٹ ؛ گندگی ۔ (جہاز رانی) رسّوں ، ترپالوں یا کسی اور چیز کا الجھاؤ ؛ ٹوٹا پھوٹا/بے ترتیب سامان ؛ کاٹ کباڑ ؛ غیر ضروری سامان ۔

rafflesia, n. (نباتیات) ریفلیزیا ؛ ملایا ، سماٹرا اور جاوا کی سرزمین پر پائے جانے والے اسی نوع کے بے تنے طفیلی پودے ، بالخصوص 'ریفلیزیا آرنلڈی' (Rafflesia arnoldi) نامی پودا جو اپنی بدبو اور لگ بھگ تین فٹ قطر کے عظیم الجثّہ پھولوں کے باعث معروف ہے ۔

raft, n. بیڑا ؛ لٹھوں/شہتیروں ، تختوں یا لکڑی کی بلّیوں کی ، پانی کے ذریعے ترسیل کی سہولت کے لیے باندھا ہوا مجموعہ/بیڑا ؛ لٹھوں کا مسطّح تیرتا ہوا بیڑا ؛ جان بچاؤ کشتی ۔ (فعل متعدی) لٹھوں کے بیڑے کے ذریعے حمل و نقل کرنا ؛ لٹھوں کا بیڑا تیار کرنا ۔ (فعل لازم) لٹھوں کے بیڑے/کشتی پر کام ہونا یا اُس کے ذریعے سفر کا ہونا ۔

raft, n. (عوامی) بڑی مقدار یا تعداد ؛ بہت سارے (جیسے : a whole raft of children) ۔

rafter, n. بلّی ؛ چھت کی ڈھلوان کڑیوں میں سے ایک جو بیرونی خول کو سہارا دیتی ہیں؛ کڑی ؛ شہتیری ۔

raftsman, n. کھوّیا ؛ ملاّح ؛ مانجھی ؛ ایسا آدمی جو لٹھوں کے بیڑے/کشتی پر کام کرتا ہو یا اسے چلاتا ہو ۔

rag, n. چیتھڑا ؛ بے کار ، اترن کپڑے کا ٹکڑا ؛ ایک پھٹا ہوا ، خستہ، پرانا کپڑا؛ ٹکڑا ؛ دھجّی ؛ گودڑ ؛ پرولا ۔ (جمع) پھٹے پرانے یا خستہ کپڑے ۔ (عوامی) کم قیمت یا بد ذوقی والا لباس ؛ حقارت سے دیکھا جانے والا طباعتی مواد یا اخبار ۔

glad rags, (عوامی) کسی کے شوخ و شنگ کپڑے ؛ آرایشی ملبوس ۔

chew the rag, (عوامی) گفتگو میں مصروف ہونا ؛ گپ شپ لگانا ۔

rag, n. مختلف قسم کی ریشے دار سخت چٹانیں ؛ چھت میں استعمال کی جانے والی سلیٹیں ، جن کی ایک طرف کھردری اور ناتراشیدہ ہوتی ہے ؛ لائنوں/لکیروں میں ٹوٹنے والا پتّھر یا اس قسم کے پتّھر کی چوکور ٹکڑیاں جو دیواروں ، فرش یا چھت میں استعمال کی جاتی ہیں ؛ سنگِ بلاط ؛ سلیٹ پتّھر۔

rag, v.t. (عوامی) تنگ کرنا ؛ اذیت دینا ؛ دق کرنا ؛ ستانا یا پریشان کرنا ۔ (برطانوی) کسی سے عملی مذاق کرنا یا اس کا منصوبہ بنانا ۔ (اسم) (برطانوی) ایک عملی مذاق ؛ شرارت ۔

rag, n. (عوامی) تیز تال اور سر میں لکھی/ترتیب دی گئی موسیقی ؛ بھڑک اور شوروغل والی موسیقی ۔ (فعل متعدی) (عوامی) تیز تال اور سُر میں موسیقی بجانا؛ اُونچے آہنگ اور لے میں موسیقی بجانا۔

raga, n. [اردو ، ہندی] (فنِ موسیقی) راگ ؛ قدیم روایتی ہندو انداز یا نمونے پر مبنی نغمے کا ٹکڑا ؛ ایسا نغمگیں انداز ، نمونہ یا طریقہ جس پر ایسے ٹکڑے کی بنیاد ہو جو ایک سُر یا سرگم سے مشابہ ہو لیکن اُس میں (سُرکے ساتھ ساتھ اس کا علیحدہ) انداز اور کیفیت بھی شامل ہو جیسے موسم ، وقت اور موقع محل کی ضرورت کے مطابق ڈھالا گیا ہو ؛ راگ داری ؛ راگ رنگ۔

ragamuffin, n. چیتھڑوں میں ملبوس ایک بچّہ ؛ پریشان حال/خستہ حال اور پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس شخص ؛ پھٹیچر۔

rag bag, n. ایسا تھیلا جس میں کپڑے کی دھجّیاں یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے رکّھے جائیں ؛ درزی کا تھیلا ؛ درزی کی زنبیل ؛ بُقچی ۔

rag doll, n. کپڑے کی دھجّیاں بھر کر بنائی گئی ایسی گُڑیا جس پر کپڑا ہی مڑھا گیا ہو اور اکثر و بیشتر چہرہ رنگ دار ہو ؛ رنگین چہرے والی کپڑے کی گڑیا ؛ کپڑے کی گڑیا ۔

rage, n. سخت غُصّہ ؛ غضبناکی ؛ طیش ؛ غیظ ؛ تاؤ ؛ شدید قُوّت یا شدت عمل جیسے آندھی طوفان کا ؛ پرشدت جذبہ یا احساس ؛ بے حد ہر دلعزیز یا فیشن کے مطابق کوئی چیز ؛ وقتی فیشن ۔

rage, v.i. غصّے کے مارے لال پیلا ہونا ؛ غضبناکی سے حرکت یا عمل کا ہونا ؛ بپھرنا (جیسے : the sea that rages) ؛ کسی چیز کا بے روک ٹوک پھیلتے جانا جیسے کسی بیماری کا اس طرح پھیلنا ؛ طیش میں آنا ؛ غصے میں بھرا ہونا ؛ بگڑنا ؛ چلاّنا ؛ شدت ہونا ؛ زور ہونا ۔

raging, a. غصّے میں ؛ غضبناک ؛ تیز و تُند ۔

ragingly, adv. غضبناک انداز سے ؛ تیزی و تُندی سے ؛ غُصّے سے ۔

ragged, a. پھٹا پُرانا ؛ پہن پہن کر خستہ یا دریدہ (جیسے : ragged clothing) ؛ پھٹے پرانے کپڑوں یا چیتھڑوں میں ملبوس ؛ پھٹیچر ؛ ڈھیلے ڈھالے یا لٹکتے ہوئے چیتھڑوں سے متصف ؛ جھری دار زخم (a ragged wound) ؛ لمبے موٹے/کھردرے بالوں والا/والی جیسے کسی جانور کی کھال ؛ جھبرا/جھبری؛ کُھردرے اور نوکیلے پتھر یا چٹانیں ؛ خراب و خستہ ، غیر شستہ اور نظر انداز شدہ حالت میں (جیسے : a ragged garden) ؛ خستہ ، نامکمل یا نقص والا (جیسے : a

ragged piece of work) ؛ تیز و تند جیسے کوئی آواز ؛ ژولیدہ ؛ ناہموار ؛ نامسطّح ؛ ناقص ؛ ناتراشیدہ ؛ ناموزوں ؛ شکستہ ، بوسیدہ ؛ یا فرسودہ ۔

raggedly, adv. پھٹے پرانے حال سے ؛ پھٹیچر انداز سے ؛ خراب و خستہ حالی سے ؛ جھبرے پن سے ؛ ادھورے یا بھونڈے طریقے سے ۔

raggedness, n. خستہ حالی ؛ پھٹیچر پن ؛ جھبرا پن ؛ نامکمل ہونے کی کیفیت ۔

raggedy, a. خستہ حال ؛ پھٹیچر ؛ جھبرا ؛ نامکمل ؛ ناہموار ۔

ragged robin, n. جنگلی رابن ؛ سدا بہار بدشکل جنگلی بوٹی ؛ شمالی امریکا میں سب سے پہلے اگائی جانے والی ایک سدا بہار بُوٹی جس میں چار گہری دراڑوں والے گلابی سے لے کر سفید رنگ کے پھول لگتے ہیں جن کی وجہ سے بوٹی بد زیب نظر آتی ہے ؛ سُرخ یا گلابی پھولوں والا سدا بہار جنگلی پودا ۔

raggle, n. پتھر کاری میں ایک درز/شگاف یا جھری جس میں کسی دھات کا ایسا ٹکڑا لگایا جائے جس سے پانی چھت میں نہ رِسے ۔

raggle-taggle, a. الم غلّم ؛ عجیب و غریب اجزا سے مرکب ؛ مختلف النّوع عناصر سے ترکیب یافتہ ۔

ragi, raggee, raggy, n. ریگی ؛ جزائر شرق الہند کا ایک غذائی پودا جو اس علاقے میں خاص طور پر کاشت کیا جاتا ہے ؛ جزائر شرق الہند کا مخصوص پیداواری غلّہ یا اُس کا پودا ۔

raglan, n. ریگلان؛ ایک مخصوص کوٹ/اوورکوٹ جس کی آستینیں (شانوں کی بجائے) گردن کے حصّے سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں اور اس سے شانوں کے جھکاؤ کا سا تاثر پیدا ہوتا ہے یعنی شانے جُھکے جُھکے معلوم ہوتے ہیں ۔ (صفت) شانوں کے جھکاؤ کا تاثر دینے والا ۔

ragman, n. ردی والا؛کباڑیا ؛ پھٹے پرانے کپڑوں اور دیگر پرانی اشیا کا بیوپاری ؛ کباڑی ۔

ragout, n. دم پُخت سالن ؛ عمدہ قسم کے گوشت اور سبزیوں کا دم پخت مسالے دار چٹ پٹا سالن ؛ قلیہ ۔ (فعل متعدی) دم پُخت سالن پکانا ؛ قلیہ یا قورمہ بنانا ۔

ragpicker, n. ردّی والا ؛ کباڑیا ؛ ایسا شخص جو گلیوں/بازاروں سے پھٹے پرانے کپڑے ، کاغذ اور دیگر پھینکی ہوئی اشیا جمع کرکے اپنی روزی کمائے ؛ ردّی چیزوں کو جمع کرکے ان کی فروخت سے روزی کمانے والا ۔

ragtag and bobtail,
ragtag, rag, tag and bobtail, n. پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس عوام کالانعام ؛ پھٹیچر لوگ ؛ خستہ حال لوگ ۔

ragtime, n. تیز سُروں میں تیز تال کے ساتھ بجائی جانے والی موسیقی ؛ (امریکا کی) جاز موسیقی کی ابتدائی شکلوں میں سے ایک ؛ اس موسیقی کی مخصوص تال ۔

ragweed, n. 'امبروشیا' کی مرکّب نسل کے دو پودوں ، میں سے کوئی ایک ؛ ایسے پودے جن کا زرگُل بخارِ کاہی کا ایک بڑا سبب بنتا ہے ۔

ragwort, n. نرائی؛بو مادراں ؛ 'سینیسیو' کی ہر جگہ ملنے والی مرکب نسل کے متعدد نباتاتی پودوں کی کوئی قسم جس میں زرد پھولوں کے چپٹے گچھے لگتے ہیں ۔

rah, interj. واہ وا ؛ حوصلہ افزائی کا نعرہ ، خصوصاً کسی ٹیم یا کھلاڑی کی حوصلہ افزائی کا نعرہ جو اسکول/ کالج میں اکثر سننے میں آتا ہے ؛ شاباش ؛ آفریں ۔

rah-rah, a. حوصلہ افزائی کا مستحق ؛ شاباشی کا مستحق ۔

raid, n. (عسکری) فضائی ، بری یا بحری راستے سے دشمن پر اچانک حملہ یا چھاپا ؛ کوئی بھی اچانک چھاپا یا دھاوا ؛ گرفتاری یا ضبطی کی غرض سے افسرانِ قانونی کی بلا اطّلاع اچانک آمد یا یورش ؛ کسی معاصر آجر کے اہم اجیروں کو اپنے ادارے میں بلانے کی کوشش جس میں لالچ کا عنصر بھی شامل ہو ؛ اپنے ہم مسابقت اداروں سے ملازموں کا توڑ لینا ۔ (مالیات) حصص کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے حِصّے داروں کا حصص فروخت کرنے کا متفقّہ فیصلہ ۔ (فعل متعدی) چھاپا مارنا ؛ دھاوا بول دینا ؛ یورش کرنا ۔ (فعل لازم) چھاپہ مارنے میں شریک ہونا ۔

raider, n. چھاپا مار ؛ یورش گر ؛ دھاوا بولنے والا ۔

rail, n. ریل ؛ پٹڑی ؛ لکڑی یا لوہے کی/چوبی سلاخ جو ایک تھم سے دوسرے تک لگی ہوئی ہو ۔ جیسے کسی جنگلے میں ؛ ریل ، ٹرام ، زیر زمین یا بالائے زمین ریل کی دو متوازی فولادی پٹڑیوں میں سے ایک ؛ ریل کی پٹری ؛ کسی بھی ڈھانچے یا تعمیر میں افقی شہتیر یا کڑی ؛ احاطے کے لیے کھمبوں یا بَلّیوں کا ایک سلسلہ جسے دوسرے رخ کی سلاخوں یا ڈنڈوں/چھڑیوں سے جوڑا گیا ہو ؛ جنگلا جیسے کسی سمندری جہاز کے عرشے پر ؛ ریل کی پٹڑی یا لائن ؛ کٹہرا ؛ باڑ ؛ روک ۔ (فعل متعدی) احاطہ بنانا یا جنگلا لگانا ؛ پٹڑی بچھانا ۔

ride out on a rail, سزا دینا ؛ عموماً غیر قانونی انداز سے کسی کا حقّہ پانی بند کر دینا ۔

rail; corn crake, n. آبچلیک ؛ اسی نام و جنس کے رطوبت خیز عادات کے حامل دلدلی پرندوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ،جن کے پر چھوٹے ہوتے ہیں اور پنجے دلدلی علاقوں میں دوڑنے کے لیے لمبے ہوتے ہیں ، خاص طور پر ورجینیا اور کلیپر پرندے ؛ اس قسم کا ایک ایشیائی پرندہ آبچلیک صحرائی (Crex crex) جو اجناس خوردنی کے کھیتوں میں پایا جاتا ہے ۔

rail, v.i. بُرا بھلا کہنا ؛ طعنہ زنی اور بے عزّتی کرنے والی زبان استعمال میں لانا ؛ دشنام دینا ؛ طعن و تشنیع یا زجرو توبیخ سے کام لینا ؛ شاکی ہونا ؛ طعنہ زن ہونا ؛ گالی دینا ۔ (فعل متعدی) کسی کو (کسی کام پر) مجبور کرنا مثلاً برا بھلا کہہ کر یا ڈانٹ ڈپٹ کر کام کرانا ۔

railer, n. طعن و تشنیع کرنے والا ؛ زجرو توبیخ کرنے والا ۔

railhead, n. زیر تعمیر ریل کی پٹڑی کا سب سے آخری مقام ؛ کسی ریل کی پٹڑی کا اختتامی مقام یا آخری اسٹیشن ۔ (عسکری) وہ مقام جہاں پر سامان ریل سے اُتار کر کسی اور ذریعۂ نقل و حمل سے لے جایا جائے ۔

railing, n. کٹہرا ؛ روک ؛ جنگلا ؛ باڑ ؛ آہنی یا چوبی جنگلا یا احاطہ جو کھمبوں اور بلّیوں سے بنا ہو ؛ (عام طور پر) کھمبے ، بَلّیاں ؛ جنگلے یا احاطے کا سامان ۔

raillery, n. مزاحیہ چھیڑ چھاڑ ؛ مزاحیہ زبان ؛

فقرے بازی ؛ جُگت بازی ؛ ظرافت ؛ چُہل ؛ مذاق ؛ دل لگی ۔

railroad, n. ایک یا زیادہ متوازی فولادی پٹڑی کے جوڑوں پر مشتمل مستقل راستہ جس پر (ریل) گاڑی چلتی ہو ؛ ریل کی پٹڑی ؛ ریلوے لائن ؛ اس ریل کی پٹڑی کے ساتھ وابستہ تمام زمین ، (ریل) گاڑیاں ، کارگزاری ، تعمیرات ، مشینیں ، حقوق اور دیگر اثاثے ؛ اِس قسم کے کسی ادارے (یعنی ریلوے لائن) کو چلانے والے منتظم اور مالک لوگ یا کمپنی ۔ (فعل متعدّی) ریل گاڑی کے ذریعے سازوسامان کی نقل و حمل کرنا/سامان بھیجنا ۔ (بول چال) بغیر سوچے سمجھے بس طاقت کے بل بوتے پر کچھ کر گزرنے کی کوشش کرنا خصوصاً کسی مقنّنہ سے کوئی بِل منظور کرانا ۔ (عوامی) کسی پر جھوٹا الزام لگا کے جیل میں بھجوانا ۔ (فعل لازم) کسی ریل کے ادارے میں کام کا ہونا ؛ ریل کا ملازم ہونا ۔

railroader, n. ریل کے محکمے کا ملازم ؛ ریل کا کارکُن ۔

railroad flat, n. ایک ایسا لمبا مگر کم چوڑا فلیٹ/گھر/مکان جس کے کمرے ایک دوسرے سے لیے سیدھے ہال (کمرے) سے جڑے ہوں ؛ پَتلمبَا مکان ۔

railroading, n. ریل سازی یا ریل کا انتظام و انصرام ؛ ریل کی ملازمت ۔

railroad worm, apple maggot, n. سیب کی سُنڈی ؛ پھلوں کے کیڑے ؛ 'ریگولیٹس پومونیلا' (Rhagoletis pomonella) کی ابتدائی شکل ، یہ کیڑا سیب اور دیگر بعض پھلوں میں کے سرنگ سی بنا ڈالتا ہے ؛ پھل سُنڈی ۔

rail-splitter, n. چوبی شہتیر چیر کر بلّیاں اور کھمبے بنانے والا ۔ (بڑے R سے) صدر امریکا ابراہام لنکن کی عُرفیت ۔

railway, n. ریلوے ؛ ریل کی پٹڑی خصوصاً جس پر عام ہلکے وزن کی ریل گاڑیاں چلتی ہوں (جیسے: a street railway) ۔ (برطانوی) کوئی سی بھی ریلوے لائن ؛ ریل کی پٹڑی یا پٹڑیاں جن پر کوئی بھی پہیّے والی گاڑی چلائی جا سکے ۔

raiment, n. کپڑے ؛ ملبوسات ؛ پُوشاک ؛ جامہ ۔

rain, n. بارش ؛ باراں ؛ برکھا ؛ جَھڑی ؛ مِینھ ؛ ہوا کی وہ نمی جو ٹھنڈی ہو کر قطروں کی شکل اختیار کرلیتی ہے ؛ ایسے پانی کے قطروں کا (فضا سے) نزول ؛ بوچھاڑ یا طوفان باراں ۔ (مجازاً) بارش کی طرح کسی بھی چیز کا زیادہ مقدار میں مسلسل گرنا (جیسے: a rain of tears) ۔ (جمع) موسمی بارشیں ؛ موسم برسات؛ بعض علاقوں جیسے پاکستان اور بھارت میں موسمی بارشیں ۔ (فعل لازم) بارش کا ہونا (عموماً it کے ساتھ ، جیسے: it rained all night)؛ بارش کی طرح ہونا ؛ بارش برسنا ۔ (فعل متعدی) بارش کی طرح بوچھاڑ سے گرنا ؛ بارش کی بوچھاڑ کے سے انداز میں برسانے کا سبب بننا (جیسے: to rain abuse) ۔

rain or shine, ہر قسم کے حالات میں ؛ ہر اچھے بُرے حالات میں ؛ ہر موسم میں ۔

rainbird, rain crow, n. لَم دُمی کوئل/کُوکُو ؛ لمبی دُم والی نازک امریکی کوئلوں کے عام ناموں میں سے ایک، اُنھیں یہ نام اس لیے دیا گیا ہے کیونکہ وہ جلدی جلدی ایک ہی سُر کو بار بار الاپتی ہیں جس سے بارش ہونے کی نشاندہی ہوتی ہے ۔

rainbow, n. قوسِ قُزح : منشوری رنگوں سے مرتب ایک قوس یا کمان جو سورج سے مخالف سمت کی فضا میں بارش کے قطرات میں روشنی کے انعکاس اور انعطاف کے نتیجے میں بنتی ہے ؛ دھنک ؛ کمان ؛ منشوری رنگوں کا اِسی انداز میں کسی دوسرے مقام پر قدرتی ظہور جیسے ایک آبشار میں ؛ بہت سارے شوخ رنگوں کی نمایش ۔

rainbow trout, n. دھنک رنگ ٹراؤٹ مچھلی ؛ شمالی امریکا کے مغربی پہاڑی علاقوں کی ندی نالوں میں پائی جانے والی ایک ٹراؤٹ مچھلی جس کا یہ نام اُس کے رنگوں کا باعث پڑ گیا ؛ 'سالمو گیرڈ نیرائیؔ (Salmo gairdnerii) نامی مچھلی ۔

rain check, n. التوائی ٹکٹ ؛ ایسا چیک/ٹکٹ/پاس جو بارش کے باعث رُک جانے والے بیس بال یا کسی اور بیرونِ خانہ کھیل کو مستقبل کے انعقاد کے وقت دیکھنے کے لیے جاری کیا جائے ؛ بعد کے کسی وقت کے لیے دی گئی دعوت یا پیشکش ۔

raincoat, n. برساتی ؛ بارانی ؛ بارش سے بچاؤ کے لیے پہنا جانے والا بن روک کپڑے کا کوٹ ؛ بن روک کوٹ ۔

rain crow, n. امریکا کی متعدّد کوئلوں یا برساتی پرندوں کے لیے عام مستعمل نام ۔

raindrop, n. بارش کا قطرہ ؛ قطرۂ نیساں ۔

rainfall, n. بارش بارش کی بوچھاڑ ؛ کسی مخصوص علاقے میں مخصوص/معیّن وقت میں ہونے والی بارش (جس میں) بارش کا ؛ پانی یا کسی قسم کی نمی شامل ہو ۔

rain forest, tropical rain forest, n. برساتی جنگل ؛ ایک گھنا استوائی جنگل جس میں مختلف اقسام کے بڑے اونچے درخت ہوں اور اکثر و بیشتر ان درختوں کے بالائی سروں پر پھول دار بیلیں اور نباتِ ہوائیہ موجود ہوں ، یہ درخت سالانہ ۱۰۰ انچ اوسط سے زیادہ بارش والے علاقوں میں پائے جاتے ہیں ۔

rain gauge, n. باراں پیما؛ مقیاس المطر ؛ کسی معیّنہ مقام پر ہونے والی بارش کی مقدار ناپنے کا آلہ ؛ بارش ناپ ۔

rainmaker, n. باراں گر ؛ بارش برسانے والا ؛ ایسا شخص ، خاص طور پر ریڈ انڈین قبائل کا کوئی شخص ، جو دعویٰ کرے کہ وہ بارش برسا سکتا ہے ؛ وہ شخص جو منتروں اور رسوم وغیرہ کے ذریعے بارش برسانے کی کوشش کرے؛ سائنسی ذرائع سے بارش برسانے والا شخص جیسے بادلوں پر سلور آیوڈائڈ کی قلمیں چھڑک کر بارش برسانے والا ۔

rainmaking, n. درجِ بالا کسی طریق سے بارش برسانے کا عمل ؛ باراں گری ۔

rainout, n. ایسا مظاہرہ یا مقابلہ جو بارش کے باعث رُک گیا ہو یا منسوخ کر دیا گیا ہو ؛ ترسیب/تہ نشینی کے باعث جوہری راکھ کی ریزش ؛ جوہری راکھ کی ترسیبی ریزش ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کا ملتوی یا منسوخ ہونے کا سبب بننا ؛ ملتوی یا منسوخ کرانا ۔

rainproof, a. بارش کو روکنے والا ؛ باراں روک ؛ ایسے جامہ/کپڑے کا جس میں سے بارش کا پانی نہ گزر سکے ؛ ترپال کا ؛ موم جامے کا ۔

rainstorm, n. طوفانِ باراں ؛ تیز بارش ؛ طوفانی بارش ۔

rain water, n. بارش کا پانی ؛ آبِ باراں ۔

rainwear, n. برساتی ؛ پن روک لباس ؛ موم جامے کا لباس ۔

rainy, a. بارش/باراں سے مخصوص ؛ بارانی ؛ بارش سے گیلا ؛ بارش لانے یا اُس کی خبر لانے والا ۔

rainily, adv. بارانی انداز سے ؛ گیلے پن سے ۔

raininess, n. بارش کا گیلا پن ؛ برسات ؛ سیر بارانی ۔

rainyday, n. (مجازاً) کسی چیز کی ضرورت کا وقت جو مستقبل میں آ سکتا ہو ؛ مستقبل کی ضرورت ؛ مستقبل میں مالی احتیاج کا وقت ؛ آڑا وقت ۔

raise, v.t. اُٹھانا ؛ سیدھا کرنا ، جیسے کسی اُلٹی ہوئی میز کو ؛ سیدھا کھڑا کرنا ؛ ایستادہ کرنا ؛ اٹھانا یا اُوپر کی جانب حرکت دینا ؛ اونچا کرنا یا ہونا ، جیسے کسی شخص کا یا کسی شخص کو ؛ دوبارہ زندہ کرنا (جیسے : to raise the dead) ؛ دوبارہ جان ڈالنا یا نئی روح پھونکنا ؛ خول/ڈربے میں سے باہر نکالنا ، جیسے کسی سُرخاب کو ؛ کسی عام حرکت/عمل کے لیے اُٹھانا ، جیسے حملے یا دفاع کے لیے ؛ حرکت میں لانا، جیسے کچھ کرنے کے لیے ؛ جوش میں لانا یا سراپا احتجاج بنانا ؛ قوّت عطا کرنا (جیسے : to raise his spirits) ؛ تعمیر کرنا یا بنانا، جیسے کوئی فلک بوس عمارت ؛ ڈھانچا کھڑا کرنا، جیسے کسی مکان کا ؛ اٹھانا یا بنانا، جیسے کوئی چھالا ؛ افزایش نسل کرنا، جیسے مویشیوں کی ؛ پرورش کرنا/پالنا پوسنا ، جیسے بچے کو ؛ افزایش یا نشوونما کرنے کا سبب بننا یا اُگانا ، جیسے پھول (وغیرہ) ۔ (بائیبل) ظاہر یا نمودار کرنا ، جیسے کسی شخص کو ؛ وجود یا عمل میں لانا (جیسے: to raise a commotion) ؛ شروع یا دائر کرنا، جیسے کسی قانونی دعویٰ کا ؛ پیش کرنا ، جیسے کوئی اعتراض ؛ اُٹھانا (جیسے : to raise a question) ؛ سبب بننا یا وجود میں لانا ، جیسے کسی جھگڑے کو ؛ بلند کرنا (جیسے : to raise one's hand)؛ اوپر کی جانب کرنا ، جیسے آنکھیں ؛ رتبے ، عزّت یا مرتبے میں بلند کرنا (جیسے : to raise to the peerage)؛ ترقی دینا ؛ ترویج دینا یا تشہیر کرنا ، جیسے اپنا فلسفۂ حیات ؛ اکٹھا کرنا یا جمع کرنا (جیسے: to raise money for charity, to raise an army.) ؛ ختم کر دینا (جیسے : to raise the siege) ؛ بلند کرنا (جیسے:to raise a road bed)؛ ہلکا بنانا ، جیسے ڈبل روٹی کو ؛ (رقم) بڑھانا ، جیسے کرائے کی یا قیمتوں کی؛ جعلسازی کے ذریعے مقرّرہ رقم بڑھانا ، جیسے کسی چیک میں ؛ (کسی جنس کی) قدر بڑھانا ؛ زیادہ شرط لگانا دوسرے کھلاڑی سے جیسے تاش کے کسی کھیل میں ؛ درجے یا قوّت میں بڑھانا ، جیسے شور اور حرارت ؛ بلند آواز سے (ہانک /چیخ) لگانا ؛ سنوانا یا شنوائی کرانا (جیسے: voices raised in opposition)۔ (جہازرانی) نزدیک آنے کے باعث نظر آ جانا؛ بینائی کی حدود میں آ جانا ۔ (فعل لازم) (بولی) بلند ہونا ؛ اونچا ہونا ۔ (اسم) بلندی ؛ چبوترہ ؛ بلند جگہ ، راستہ یا سڑک ؛ خصوصی کوششوں سے اجتماع کا انعقاد یا رقم کا حصول ؛ (قیمتوں یا مزدوری میں) اضافہ ؛ اِس قسم کے اضافے کی رقم ۔

raiser, n. بلند کرنے والا ؛ اٹھانے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ منتظم ۔

raised, a. سطح پر بلند ، جیسے کوئی نمونہ ، خاکہ یا نقش ۔ (طبّاخی) خمیری ؛ میٹھے سوڈے یا خمیری سفوف (بیکنگ پوڈر) ، کی بجائے خمیر مایہ سے تیار شدہ ۔

raisin, n. کِشمش ؛ منقیٰ ؛ میٹھی قسم کا انگور/ انگورِ شیریں جسے دھوپ میں یا مصنوعی طریقے پر سکھایا جاتا ہے اور پکوانوں میں استعمال کیا جاتا ہے، کچا بھی کھایا جاتا ہے ؛ کشمشی رنگ ۔

raison d'etat, n. جواز ؛ وجۂحال ؛ بنائے قانونی ۔

raison d'etre, n. علّتِ وجود ؛ علت غائی ۔

raj, n. [اردو] راج ؛ حکومت ؛ خودمختار مملکت ؛ خود مختاری ؛ سلطنت ۔

raja, n. دیکھیے : Rajah ۔

rajah, raja, n. [اردو ، ہندی] اعلیٰ مرتبے کے ہندوؤں کو دیا جانے والا/عطا کیا جانے والا ایک خطاب ؛ ایک ہندو شہزادہ یا سربراہ ؛ برصغیر اور ملایا میں سردار کا لقب ۔

Rajput, n. [اردو ، ہندی] راجپوت ؛ راجے کا بیٹا ؛ راجاؤں کی نسل ؛ برصغیرمیں ایک جنگجو قبیلہ اور اس کی ذات ۔

rake, n. چھکا ؛ جھانپا ؛ دندانوں یا دانتوں والا ایک زرعی آلہ جو گھاس پھونس یا پتّوں کو جمع یا زمین کی سطح توڑتا اور ہموار کرتا ہے ؛ اس سے ملتی جُلتی شکل کے مختلف آلات میں سے کوئی سا ایک جس میں شاخوں/دانتوں کی بجائے داندانہ دار یا سادہ پھل لگا ہو، جیسے خزانچی کی قماربازی کی میز پر رکھی ہوئی رقم جمع کرنے والی جھانپی ۔ (فعل متعدی) کسی دندانہ دار/دانتوں والے آلے سے (کسی چیز کو) جمع کرنا، کھینچنا یا ہٹانا ؛ جھانپا پھیرنا ؛ صاف کرنا جیسے کسی سلاخ یا چھڑی سے آگ کو ؛ محنت سے یا بھر پور طریقے پر ڈھونڈنا ؛ کُھرچنا ، رگڑنا یا چھیلنا ۔ (عسکری) کسی جگہ، سمندری جہاز یا فوجی دستے کا طولاً صفایا کر دینا ؛ آنکھ یا نظر سے جائزہ لینا ۔ (فعل لازم) دندانہ دار/دانتوں والا آلہ استعمال میں لانا ؛ اس قسم کے آلے سے کسی چیز کو ڈھونڈنا ۔

rake over, v.i. کسی جگہ کو صاف کر دینا یا کُھرچ دینا ۔

rake in, (عوامی) جمع کرنا یا اُٹھا لینا ، جیسے کوئی بڑا منافع یا جیت کی رقم ۔

rake up, (عوامی) کسی فراموش شدہ یا چُھپی ہُوئی چیز کو پھر سے یاد کرنا یا قابل ذکر بنانا ۔

raker, n. جمع کُنندہ ؛ صاف کنندہ ۔

rake, v.i. جُھکنا ؛ ڈھلوان ہونا ۔ (فعل متعدی) جھکانا ؛ ڈھلوان بنانا ؛ کج ہونا ؛ خم ہونا ۔ (اسم) جھکاؤ ؛ ڈھلوان ؛ کسی کاٹنے والے آلے کی دھار اور کاٹی جانے والی سطح کے مابین زاویہ ؛ کجی ؛ خم ؛ موڑ ۔

rake, n. عیّاش ؛ آوارہ ؛ اوباش ؛ شُہدا ؛ لفنگا ؛تماش بین؛شہوت پرست ؛ نفس پرست ؛ فاسق ؛ فاجر ؛ آزاد خیال ۔

rakehell, n. اوباش یا عیّاش شخص ؛ آوارہ ؛ بدچلن ؛ رند ۔ (صفت) عیّاشانہ ؛ آزادہ روی سے متعلق ؛ رندانہ ۔

rake-off, n. جگا ٹیکس ؛ ناجائز طور پر وصول کیا گیا حصّہ یا رقم ؛ غنڈہ ٹیکس ؛ (نفع کا) حصّہ ؛ چھوٹ/رعایت ۔

raki, rakee, n. راکی شراب ؛ جنوبی یورپ اور لیوانت کے علاقے میں اجناسِ خوردنی ، انگوروں یا آلوچوں/آلوبخاروں سے کشید کی گئی شراب ۔

rakish, a. وضع دار؛ پُر جوش ؛ البیلا/بانکا/ چھبیلا ۔ (جہازرانی) ایسا جھکاؤ جو تیز رفتاری کی طرف اشارہ کرے (جیسے : rakish masts) ۔

rakishly, adv. وضع دارانہ انداز سے ؛ پر جوش طریقے پر ؛ بانکپن سے ۔ (جہازرانی) جھکاؤ ظاہر کرتے ہوئے (بہ تعلّق رفتار) ؛ سبک روی سے ؛ تیزی سے ۔

rakishness, n. وضع داری ؛ جوشیلا پن ؛ البیلا پن ۔ (جہازرانی) جھکاؤ جو رفتار سے متعلق ہو ۔

rakish, a. عیاش مزاج ؛ اوباش ؛ آوارہ ؛ بدچلن ۔

rakishly, adv. عیاشانہ طورپر ؛ آوارگی سے ؛ بدقماشانہ ۔

rakishness, n. عیاشی ؛ آوارگی ؛ بدچلنی ؛ بدقماشی ۔

rale, n. (امراضیات) خرخرہ ؛ خس خس سینہ ؛ سانس لینے کی عام آواز کے ساتھ کسی اورقسم کی غیر معمولی آواز ، جیسے پھیپھڑوں کی کسی بیماری میں ۔

rallentando, a., adv. (موسیقی) ایسی لے سے متعلق جو بتدریج کم کی جانے والی ہو ؛ اُتار والی لَے ؛ اُترتی ہوئی لے ؛ واپس آتی ہوئی سپتک/سرگم ۔

ralliform, a. (طیوریات) دلدلی پرندوں/آبچلیک سے یا اُن سے مشابہت رکھنے والے پرندوں سے متعلق ۔

rally, v.t. دوبارہ مجتمع کرنا یا مرتب کرنا ، جیسے کسی بکھری ہوئی فوج یا تتّر بتّر گروہ کو ؛ (مدد دینے یا مل کر کوئی کام کرنے کے لیے) لوگوں کو بلانا یا جمع کرنا ؛ ارتکاز کرنا یا حیاتِ نو دینا جیسے اپنی طاقت یا جذبے کو ؛ ریلی منعقد کرنا ۔ (فعل لازم) پھر سے مجتمع ہو جانا یا مرتّب ہو جانا جیسے کسی جھگڑے کا نئے سرے سے زندہ ہونا ؛ یکجان ہو کر عمل کے لیے تیار ہو جانا؛ کسی شخص یا گروہ یا نظریے کی حمایت میں نکل آنا ؛ نئی طاقت یا قوّت حاصل کر لینا ؛ صحتیاب ہونا یا حیاتِ نو حاصل کرنا ؛ بیماری سے کچھ صحت پانا ۔ (ٹینس) دونوں کھلاڑیوں کا گیند کو گرائے بغیر ایک دوسرے کی طرف اچھالنے میں مصروف رہنا ۔ (بازار حصص) حصص کی قیمتوں میں کمی کے بعد ایک دم قیمتیں بڑھ جانا ؛ یکدم اضافہ ہو جانا ؛ بھاؤ بڑھ جانا (خلاف توقّع) ۔ (اسم) ریلی ؛ مجتمع کرنے/اکٹھا کرنے کا عمل ؛ بے ترتیبی سے ترتیب میں آنے کا عمل جیسے فوجوں کا ؛ مشترکہ عمل کے لیے افراد کا اکٹھے ہونا یا کیا جانا ؛ قوّت یا کارکردگی کی بحالی یا ازسرنو عمل ؛ بیماری کے دوران عارضی افاقہ ۔ (بازارحصص) بھاؤ کی کمی کے بعد اچانک اضافہ ؛ بھاؤ کے گرتے گرتے اچانک اچھے خاصے بڑھ جانے کا عمل ۔ (ٹینس) مسلسل کئی بار دونوں کھلاڑیوں کی گیند کی واپسی (گیند کے گرے بغیر) ؛ کاروں کی عام سڑکوں پر دوڑ ؛ تیز مقابلہ ۔

rally, v.t., v.i. ٹھٹھا کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ ستانا ؛ دِق کرنا ۔

ram, n. مینڈھا ؛ دُنبہ ؛ نر بھیڑ ؛ کسی چیز کو ضرب مارنے، کچلنے، دھکیلنے یا اُس پر زور لگانے کا کوئی آلہ ؛ ضرب مارنے والا دھموسا ؛ موسل ؛ کسی اہرن پر رکھی ہوئی چیز کو ضرب مارنے والی بھاری موگری ؛ ایک پسٹن، جیسے ماقوائی شکنجے کا ؛ ماقوائی دھموسا ؛ جنگی بحری جہاز کے مستک میں لگی ہوئی نوک یا پھالی جس سے دشمن کے جہاز کو توڑنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ کوبا ؛ دُرمٹ ؛ قلابہ ؛ موگری ؛ ایسی پھالی والا جہاز ۔ (بڑےR سے) برج حمل ؛ بُرجِ میکھ ۔ (فعل متعدی) بھاری ضربات سے کسی چیز کو ٹھوکنا/دبانا (جیسے : to ram piles into the earth) ؛ ضربات مار مار کر جامد بنا دینا ؛ پوری قوّت سے ضرب مارنا ؛ پوری قوت سے حملہ آور ہونا ؛ کسی چیز کو ٹھونسنا یا ٹھونس کر بھر دینا ؛ دھموسے/موگری/موسل یا دُرمٹ سے مارنا ۔

rammer, n. موگری ؛ دُرمٹ ؛ دھموسا؛ موسل ؛ بھاری ضرب مارنے والا ؛ دبانے والا ؛ یکجان بنانے والا ؛ ٹھونسنے والا ۔

Ramadan, n. [عربی] رمضان ؛ ماہ صیام ۔

ramble, v.i. مٹرگشت میں مشغول ہونا ؛ تفریح کے انداز میں اِدھراُدھر گھومنا ؛ بلا مقصد کسی بھی سمت میں گھومنا پھرنا ؛ اِدھر اُدھر مُڑتے ہوئے بے قاعدہ راستہ اختیار کر لینا ، جیسے کوئی ندی نالہ ؛ بے ترتیب یا بے قاعدہ نشوونما پانا ، جیسے بعض پودوں کا ؛ بے سوچے سمجھے اور بے ترتیب انداز میں بولتے چلے جانا یا لکھتے چلے جانا ؛ گشت لگانا؛ آوارہ پھرنا ؛ اناپ شناپ ہانکنا ۔ (فعل متعدی) اِدھر اُدھر گھومنا پھرنا ؛ بے ربط باتیں کرنا ؛ بہکنا ۔

ramble, n. بلا مقصد اور بے سمت سیر سپاٹا جو صرف تفریح یا خوشی کی خاطر کیا جائے ؛ مٹر گشت ؛ سیر ؛ ہرزہ گردی ؛ تفریحی دورہ ۔

rambler, n. بلا مقصد سیر سپاٹا کرنے والا/گھومنے پھرنے والا ؛ گلاب کی بیلوں میں سے کوئی ایک ، ان میں گچھوں کی شکل میں چھوٹے چھوٹے پھول لگتے ہیں ؛ جہاں گرد ؛ سیلانی ؛ سیّار ؛ ہرزہ گردہ ۔

rambling, a. گھومنے پھرنے والا ؛ آوارہ گرد ؛ سیلانی ؛ بے مقصد پھرنے والا ؛ پیچدار یا خمدار ؛ بے ترتیب پھیلا ہوا (جیسے : a rambling house) ؛ ایک موضوع سے دوسرے موضوع کی طرف بھٹکنے والا ، جیسے خیال ۔

ramblingly, adv. پیچدار انداز سے ؛ بھٹکتا ہوا ؛ بے ترتیب انداز سے ؛ بے ربطی یا بے قاعدگی سے ۔

Rambouillet, n. بڑی جسامت کی سخت جان بھیڑ جو پہلے فرانس میں پالی جاتی تھی ، اچھے گوشت اور عُمدہ اُون کے لیے مشہور ہے ۔

rambunctious, a. تُند و تیز ؛ پر آشوب/مضطرب ؛ شوروغل سے بھر پور ؛ ہنگامہ خیز ؛ بے قابو ۔

rambunctiously, adv. مضطربانہ ؛ ہنگامے سے بھر پور انداز سے ؛ پر آشوب انداز سے ۔

rambunctiousness, n. اضطراب ؛ ہنگامہ ؛ شوروغل ۔

rambutan, n. (نباتیات) رمبوٹان ؛ ملایا کے بیری نسل کے ایک درخت کا شوخ سرخ رنگ ،روئیں داربیضوی پھل جس کا گودا ہلکا سا تُرش خوشگوار ہوتا ہے ؛ یہ درخت ۔

ramekin, ramequin, n. پنیر کے کسی سالن کا علیٰحدہ پکا ہوا مختصر سا حصّہ ، خاص طور پر اس سالن کا جو کدوکش کیے ہوئے پنیر، ڈبل روٹی کے ٹکڑوں اور انڈوں سے بنتا ہے اور چھوٹی رکابی (قاب) میں پیش کیا جاتا ہے ؛ اِس قسم کے سالن میں استعمال ہونے والی رکابی/قاب ۔

ramentum, n. (نباتیات) کسی فرن/سرخس کے تنوں

یا پتّوں سے چمٹا ہوا باریک رُواں یا چھلکا یا خول ؛ خول قشر ۔

ramentaceous, a. روائیں دار ؛ چھلکوں والا ؛ قشری ۔

ramie, rehea, ramee, Chinese grass, n. چینی بچھوا (Boehmeria nivea) ؛ بچھوا نسل سے تعلّق رکھنے والی ایشیائی جھاڑی جس کا ریشہ پارچہ بافی ، قالین اور فرش فروش ، دھاگے اور کاغذ سازی میں کام آتا ہے ؛ اِس جھاڑی کا ریشہ ؛ چینی بچھوے کا ریشہ ۔

ramification, n. پیچیدگی ؛ شاخہ بندی ؛ الجھن ؛ نتیجہ یا مُوشگافی جیسے کسی مضمون کا اپنے تمام نتائج/موشگافیوں کے ساتھ مطالعہ ؛ نتیجے نکالنے/موشگافی کا عمل ، طریقہ یا انداز ؛ ایک شاخ ؛ بات سے نکلتی ہوئی بات ۔ (نباتیات) اصل تنے یا منبع سے نکلنے والی شاخ یا شاخ در شاخ ؛ اس قسم کی تقسیم کا عمل یا اس کی ترتیب ؛ اِنشعاب ؛ تفرع ۔

ramiform, ramal, a. شاخدار ؛ شاخ کی شکل جیسا ؛ شاخ ساں ؛ شاخ والا ؛ شاخ نما ۔

ramify, v.t., v.i. شاخہ بندی کرنا ؛ شاخوں میں یا حصوں میں تقسیم کرنا ؛ نئے پھیلاؤ کو جنم دینا یا نئی دستوری اقسام بنانا ؛ منقسم ہونا ؛ منشعب ہونا ۔

ramjet, ramjet engine, n. (طیرانیات) دوشاخہ جیٹ انجن ؛ جَیٹ اِنجن کی ایک قسم جو بنیادی طور پر دونوں جانب سے کھلی ہوئی نالی پر مشتمل ہوتا ہے ، اِس نالی میں تیز رفتار دھکیل پیدا کرنے کے لیے مسلسل ایندھن جلتا رہتا ہے ، اس میں نہ تو داب آلہ/کمپریسر ہوتا ہے اور نہ ہی چرخاب/ٹربائن ، انجن کے آگے بڑھتے رہنے کے باعث ایندھن جلنے کے لیے ہوا/آکسیجن ملتی رہتی ہے ۔

ramose, ramous, a. (نباتیات) کئی شاخ والا ؛ شاخ در شاخ پھوٹنے والا ؛ کثیر شاخہ ۔

ramp, n. ڈھلان ؛ ڈھال ؛ (کسی سڑک ، کھیل کے میدان/اسٹیڈیم ، عمارت وغیرہ میں) دو مختلف سطحات کا رابطہ جوڑنے کے لیے ایک ڈھلوان دار راستہ یا سطح ؛ ایک چھوٹا سا مُقعّر موڑ یا ایسی ڈھلان ، جیسے زینے کے اوپر والے اور نیچے والے جنگلے کا اختتامی موڑ یا خم ؛ ہوائی جہاز پر چڑھنے اور اس میں سے اترنے کے لیے قابلِ حرکت/قابلِ انتقال زینہ ؛ کوئی بھی ڈھلوان والی سطح یا سطح مائل ۔ (فعل متعدی) دو مختلف سطحوں کو ڈھلان دار سطح یا راستے کے ذریعے جوڑنا یا مختلف موڑوں کے ذریعے جوڑنا ؛ ڈھال پیدا کرنا ۔(فعل لازم) پچھلی دو ٹانگوں پر اٹھنا یا کھڑے ہونا ، جیسے کسی میمل کا ، خصوصاً خاندانی نشانات یا مجسمہ سازی میں شیر کے اس عمل کا دکھایا جانا ؛ (چھلانگ لگانے کے لیے) ذرا سا پیچھے کو ہٹنا ؛ غُصّے سے جست کا لگانا؛ شدت سے عمل کرنا ، غصہ دکھانا یا حملہ آور ہونا جیسے کسی آدمی کا ۔ (اسم) چھلانگ لگانے کے لیے کھڑے ہونے کا عمل ؛ ایستادگی ۔ (نقابت) چھلانگ لگانے کے لیے ایستادہ شیر کا انداز یا حرکت ۔

rampage, v.i. حملہ کرنا ، غصے سے بپھرنا یا آپے سے باہر ہونا ۔ (اسم) سخت جذباتی؛جھگڑالو حالت ؛ تشدد آمیز رویّہ ؛ متشددانہ رویہ ۔

rampageous, a. جذباتی ؛ غصیلا ؛ جھگڑالو ؛ متشدد ؛ غضب ناک ؛ تُند ؛ پُر طیش ؛ از خودرفتہ ۔

rampageously, adv. جذباتی انداز سے ؛ جھگڑالو پن سے ؛ متشددانہ ؛ بحالتِ غضب ۔

rampageousness, n. جذباتیت ؛ جھگڑالو پن ؛ تشدّد ؛ حالت غضب ۔

rampager, n. جذباتی ، جھگڑالو ؛ تشدّد پسند ؛ غضبناک ۔

rampant, a. متشدّد ، وحشیانہ ؛ بے روک ٹوک ؛ عمومی حدود سے متجاوز ؛ پچھلی ٹانگوں پر ایستادہ ، جیسے کوئی جانور ۔ (نقابت) کسی درندے کی نیم رُخ تصویر سے متعلّق ، جو پچھلی بائیں ٹانگ پر سیدھا کھڑا ہو اور جس کی اگلی ٹانگیں اُٹھی ہوئی ہوں ۔ (فنِّ تعمیر) ایک مقام سے دوسرے مقام تک اوپر کو اُٹھی ہوئی تعمیر ، جیسے محراب ۔

rampancy, n. تشدُد ؛ وحشی پن ؛ پچھلی ٹانگوں پر ایستادگی ؛ کثرت ؛ غلبہ ؛ شدت ۔

rampantly, a. بپھرتے ہوئے ، شدت سے ؛ وحشیانہ طور سے ۔

rampart, n. (قلعہ بندی) دمدمہ ؛ وہ جگہ جس کے ارد گرد دمدمہ یا پشتہ بنایا گیا ہو ؛ دمدمے سمیت فصیل ؛ دفاعی مورچہ ؛ دھس ؛ شہرپناہ ۔

rampart, v.t. دمدموں یا مورچوں سے قلعہ بند کرنا ؛ دھس بنانا ؛ پشتہ بنانا ۔

rampike, rampole, n. [کینیڈا] جلے ہوئے درخت کا ٹھنٹھ /ڈھانچا ۔

rampion, n. (نباتیات) یورپی عشق پیچاں ؛ ایک یورپی جَرَسی پھول Campanula rapunculus جس کی گول جڑ سلاد میں استعمال کی جاتی ہے ؛ اسی خاندان کی 'فائٹو ما' نسل کا کوئی بھی پودا ۔

ramrod, n. بندوق کا گز ؛ سُمبا ؛ نالی والے کسی اسلحے (جیسے توپ وغیرہ) میں گولہ بارود ڈالنے/بھرنے کے لیے ایک سلاخ/گز ؛ عام طور پر کسی بھی آتشیں اسلحے کی نالی صاف کرنے کی سلاخ یا اس کام کے لیے مستعمل گز ؛ سخت گیر (افسر وغیرہ) ۔ (فعل متعدی) کسی پر دباؤ ڈالنا ، جیسے اختیارات کے بل پر ۔

ramshackle, a. ٹُوٹا پھوٹا ؛ خراب یا بے پروائی سے تعمیر ہونے کے باعث خستہ حال ؛ ٹیڑھا میڑھا ؛ کاجو بوجو ؛ بودا ؛ کمزور ؛ نا پائدار ؛ متزلزل ؛ خراب ۔

ram's horn, n. دیکھیے : Shofar ۔

ram's horn, n. ایک مُردار خور گھونگا جسے اکثر و بیشتر مچھلی گھروں میں رکھا جاتا ہے ۔

ramson, n. لہسن کی ایک قسم Allium ursinum جس کے پتّے چوڑے اور پوتھی بلب نُما ہوتی ہے ، اسے ذائقے کے لئے کھایا جاتا ہے اور سلاد میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

ramtil, n. رام تِل ؛ غذائی مقاصد کی خاطر برصغیر کے بہت سے حصّوں میں بویا جانے والا مرکب النسل افریقی الاصل پودا 'گزوٹیا ابی سینکا' (Guizotia abyssinica) جس سے حاصل کردہ تیل کھانے اور صابن سازی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

ramulose, ramulous, a. (حیاتیات) کئی چھوٹی چھوٹی شاخوں والا ؛ شاخ دار ۔

ramus, n. (حیاتیات ، تشریح الاعضا) ڈنڈی ؛ ڈالی ؛ ٹہنی ؛ فرع ؛ چھوٹی سی شاخ ، جیسے کسی پودے ، شریان یا ہڈی

کی ۔

ranch, n.
مویشی خانہ ؛ جانوروں کا باڑا ؛
مویشی پالنے اور ان کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایک
قطعۂ زمین یا ادارہ ، خصوصاً امریکا کے مغربی حصوں میں ؛ بہت بڑا
زرعی رقبہ جیسے پھل اگانے کے لیے مخصوص ؛ ثمرکِشت ؛ پھل
رقبہ ۔ (فعل لازم) زرعی یا مویشی پال رقبے میں کام کا ہونا، ا سکا
مالک ہونا یا منتظم ہونا؛ مویشی خانہ چلانا ۔

rancher, ranchman, n.
زرعی یا مویشی پال رقبے کا مالک
یا ملازم ۔

ranchero, n.
امریکا کے جنوب مغربی حصّوں
اور ہسپانوی امریکا میں زرعی یا مویشی پال رقبے میں کام کرنے
والا/اس رقبے کا مالک یا منتظم ؛ چھوٹا کسان ؛ گلہ بان ؛ گڈریا ۔

ranch house, n.
بھینی ؛ باڑہ ؛ زرعی یا مویشی پال
رقبے میں مالک کا مکان یا اہم ترین عمارت ؛ عموماً (دیہاتی قسم کے
علاقوں میں پایا جانے والا) یک منزلہ نیچی چھت کا مکان جو باضابطہ
رہایش کے لیے نہ ہو ۔

rancho, n.
(ہسپانوی امریکی علاقوں میں مستعمل لفظ)
زرعی یا مویشی پال رقبے میں کارکنوں کے لیے بنائی گئی جھونپڑی یا
جھونپڑیاں ؛ زرعی یا مویشی پال رقبہ ۔

rancid, a.
متعفّن ؛ بدبُودار ؛ سڑاند یا
بدبو رکھنے والا ؛ تیل ، چکنائی یا مکھن کے سڑ جانے/خراب ہو جانے پر
اُٹھنے والی بساند/سڑاند/بو کا حامل ۔

rancidity, rancidness, n.
سڑاند ؛ بساند ؛ بد بو ؛ تعفن ۔

rancidly, adv.
بدبو کے انداز سے ؛ سڑاند/بساند
کے انداز سے ۔

rancor,(Brit.)rancour, n.
تلخی ، بد دلی یا دشمنی ؛ بد نیّتی ؛
تعصُّب ؛ نفرت ۔

rancorous, a.
تلخ ، بد دل یا دشمن جیسا ؛
بدنیّت ؛ متعصّب ۔

rancorously, adv.
تلخی سے ؛ بددلی یا بدنیتی سے ؛
متعصّبانہ ۔

rancorousness, n.
تلخی ، بددلی یا دشمنی ؛ بدنیّتی ؛ تعصّب ؛
عناد ؛ عداوت ۔

random, n.
اتفاقی ؛ اٹکل پچّو ؛ انٹ شنٹ ؛
سمت ، اصول یا طریقِ کار کی کمی ؛ بے سمتی ؛ بے مقصدیت ؛ بے
نشانہ ؛ بے ترتیبی ؛ بے سروپائی ؛ بے قاعدگی ۔ (صفت) بے سمت ؛ بے
اصول ؛ بے طریقہ ؛ بے مقصد ؛ بے نشانہ ؛ قسمت/اتفاق سے ؛ اوٹ
پٹانگ ۔

at random,
بے ترتیبی سے ؛ قسمت سے ؛ اتفاقاً ؛
اٹکل پچو ؛ بے سوچے سمجھے ۔

randomly, adv.
بے ترتیبانہ ؛ بغیر کسی نشانے کے ؛ انٹ
شنٹ طور پر ؛ اٹکل پچّو ۔

randomness, n.
بے اصولی ؛ بے نشانہ ہونے کاعمل ؛
بے مقصدیت ؛ بے سمتی ؛ بے قاعدگی ؛ بے ترکیبی ۔

R and R, n.
(عسکری) آرام و بحالی (صحت) ؛
آرام و تفریح (جیسے: He was flown to Hawaii for a period of R and
(R. ۔

randy, a.
پُر شہوت ؛ عیّاش ۔ (برطانوی اسکاٹ لینڈ)
گُستاخ ؛ گنوار ؛ بدتہذیب ؛ ہڑدنگا ؛ چلبلا ۔

range, v.t.
صف بندی کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛
قطار/قطاروں میں ترتیب دینا ؛ ایک انداز سے ترتیب دینا ؛ منقسم کرنا ؛
درجہ بندی کرنا ؛ کسی جگہ سیر سپاٹا کرنا/گھومنا پھرنا ؛ آوارہ گردی
کرنا ؛ (مال مویشی وغیرہ کو چرنے کے لیے) کسی علاقے/سبزہ زار میں
چھوڑ دینا ۔ (فعل لازم) ایک ترتیب یا تنظیم میں کسی خاص مقام پر
ہونا ؛ آراستہ ہونا ؛ کسی پابندی کے بغیر اِدھر اُدھر گھومنا
پھرنا/مٹرگشت میں ہونا ؛ کسی خاص سمت میں جانا/جانے کا رجحان
رکھنا ؛ وسعت دینا ؛ وسعتِ عمل رکھنا ؛ ایک نکتے سے دوسرے نکتے
پر چلے جانا، جیسے بات چیت میں ؛ مارا مارا پھرنا؛ اُتار چڑھاؤ ہونا ،
جیسے قیمتوں میں ؛ ایک مخصوص حدّ عمل رکھنا ، جیسے کسی
ہتھیار کا ؛ (پودوں یا مویشیوں کا) کسی علاقے میں مل جانا/پایا جانا ؛
ترتیب دیا جانا ۔ (اسم) چیزوں کا ایک قطار میں سلسلہ ؛ قطار ؛ درجہ ؛
سلسلہ (جیسے : a range of mountains) ؛ مقدار ، درجے یا خاصیت میں
تبدیلیوں کی حد/حدود (جیسے: the range of sizes) ؛ حدود یا دائرۂ
عمل (جیسے a wide range of thought the whole range of religion) ؛
مال مویشی چرانے کے لیے ایک کُھلا قطعۂ اراضی ؛ چراگاہ ؛ شکارگاہ ؛
ایک ہتھیار سے اُس کے نشانے تک کا فاصلہ ؛ چاند ماری کی مشق
کے لیے مخصوص قطعۂ اراضی/بٹ ؛ بمباری کی مشق کے لیے
مخصوص قطعۂ اراضی ؛ کسی ہوائی جہاز ، سمندری جہاز، کار یا کسی
گاڑی میں ایندھن کے خاتمے تک سفر کرنے کی گنجایش (جیسے : the
helicopters range is 1000 miles) ؛ اِدھر اُدھر گھومنے پھرنے/مٹرگشت
کا عمل ؛ حدّ ؛ (کھانا) پکانے کا ایک چُولھا ؛ کسی بنیادی طول بلد کے
مشرق اور مغرب میں مخصوص طول بلد تک اور پیمایش/سروے کے
بنیادی خط کے شمال اور جنوب میں ایسی حد تک واقع آبادیوں کی
واحد قطار جن میں سے ہر ایک کا رقبہ ۳۶ مربع میل ہو ۔ (شماریات)
تغیّر پذیر/متغیّر مقداروں کے ایک سلسلے کی سب سے بڑی اور سب
سے چھوٹی مقدار کا درمیانی فرق ۔ (موسیقی) کسی ساز یا آواز کے
سُروں کی حدیں ۔ (حیوانیات) ایسا حلقہ یا علاقہ جہاں ایک مخصوص
پودا یا جانور عموماً پایا جاتا ہو ۔

range finder, n.
فاصلہ پیما ؛ کسی شے کا حلقہ
یا فاصلہ ناپنے کے مختلف آلات میں سے کوئی سا ایک آلہ جیسے رائفل
میں ٹھیک ٹھیک نشانہ لینے کے لیے لگا ہوا زد نُما یا مکّھی ۔

range paralysis, n.
پرندوں کا برص ؛ پرندوں کو ہونے والا برص
جس کی مخصوص علامت یہ ہے کہ ان کے پر اور ٹانگیں فالج زدہ
ہو جاتی ہیں ۔

ranger, n.
رینجر ؛ گشتی محافظ ؛ امینِ جنگلات ؛
سیر سپاٹا کرنے والا ؛ گشت کرنے والی/نگہداشت کرنے والی پولیس یا
کسی اور اس قسم کے گروہ کا ایک فرد ؛ جنگل میں گشت کرنے والا
نگران ؛ کمانڈو/گوریلا/چھاپہ مار سپاہی ۔

rangy, a.
پتلا/دُبلا اور لمبے اعضا والا ؛
گشت کرنے /ادھر ادھر گھومنے پھرنے کا عادی ؛ لمبے اور دبلے جسم والا
(جیسے کوئی آدمی یا حیوان) ؛ جہاں گشت ہو سکے ، جیسے کوئی
علاقہ ؛ کُھلا (علاقہ) ؛ پہاڑی (علاقہ) ۔

ranginess, n. ڈُبلا اور طویل ہونے کا عمل ۔ دبلا پن اور طوالت ؛ وسعت ؛ کوہی ۔

rani, ranee, n. [اردو ، ہندی] رانی ؛ ملکہ ؛ راجا کی بیوی حکمران ملکہ یا شہزادی ۔

rank, n. درجہ ؛ عہدہ ؛ صف ؛ ترتیب ؛ لوگوں یا چیزوں کی ایک قطار ۔ (عسکری) سپاہیوں کی صف ؛ لوگوں کی بالخصوص سپاہیوں کی ایسی صف جس میں ایک دوسرے کے پیچھے قطار میں کھڑے ہونے کی بجائے ایک دوسرے کے سامنے یا پہلو بہ پہلو کھڑے ہوتے ہیں ۔ (جمع) عام سپاہیوں کا سلسلہ (جیسے: to reduce an officer to the ranks)؛ کسی سماجی یا معاشی درجہ بندی میں افسروں کا طبقہ ، مقام یا درجہ (جیسے : ranks of management)؛ عزّت ، وقار، شہرت یا مہارت کا درجہ ؛ مقابلتاً یا نعم البدل کے طور پر کوئی جگہ یا مقام (جیسے : a writer of the first rank) ؛ اعلیٰ سماجی/معاشرتی مقام ؛ امتیاز یا سرفرازی (جیسے: a man of rank) ۔ (شطرنج) بساط پر خانوں کی افقی قطار ۔ (فعل متعدی) درجہ بندی یا صف میں آمنے سامنے کھڑا کرنا ؛ کسی خاص طبقے ، درجے یا جماعت میں (کسی کو) رکھنا ؛ کسی کو درجے میں بڑھانا ؛ صف آرا کرنا ۔ (فعل لازم) درجہ بندی ہونا جیسے کسی خاص جماعت ، درجے یا طبقے میں شامل ہونا، کوئی امتیاز رکھنا ؛ درجہ بندی میں اعلیٰ ترین ہونا ؛ ممتاز ترین ہونا ؛ صف یا زمرے میں جگہ پانا ؛ صف آرا ہونا ۔

pull rank on, (عوامی) اپنے ماتحتوں سے اطاعت اور ادب کے مطالبے میں اپنے اعلیٰ منصب کا فائدہ اٹھانا ۔

rank, a. کثرت سے نشوونما پانے والا ؛ کثیر النمو ؛ بہت زیادہ نشوونما دینے والا ؛ مکروہ ؛ بدبودار ؛ متعفن ؛ بدذائقہ ؛ سڑا ہوا ؛ سیر حاصل ؛ مکمل طور پر (جیسے: rank nonsense) ؛ بھدّا یا کُھردرا ؛ نفرت انگیز ۔

rankly, adv. بہت زیادہ ؛ بے حد ؛ شدت سے ؛ افراط سے ؛ بھدے طور پر ؛ مکروہ طریقے سے ۔

rankness, n. افراط ؛ بہتات ؛ کراہیت ؛ بد ذائقہ پن ؛ بدبو ۔

rank and file, n. کسی گروہ ، معاشرے یا تنظیم کے عام کارکن بمقابلہ افسران یا لیڈران ؛ سپاہیوں کی قطار اور صف ۔

ranker, n. صف آمدہ؛ درجہ حاصل کرنے والا ؛ امتیاز حاصل کرنے والا ؛ ممتاز ۔ (برطانوی) عام سپاہیوں میں سے ایک ؛ عام سپاہی سے افسر بننے والا شخص /فوجی ؛ رینکر ۔

Rankine, a. (طبیعیات) مطلق درجۂ حرارت کی ایک پیمایش سے متعلّق ، جس میں درجات کے مابین وقفے فارن ہائیٹ پیمایش کے برابر ہوتے ہیں ؛ فارن ہائیٹ درجۂ حرارت جمع ۴۶۰ درجے ۔ دیکھیے : Kelvin ۔

ranking, a. ممتاز ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ اپنی درجہ بندی میں دوسروں سے آگے بڑھا ہوا ؛ سب سے اعلیٰ اعزاز یا مقام حاصل کرنے والا (جیسے : The ranking officer in a military force) ۔

rankle, v.i. ذہن میں تلخی یا خلش پیدا کرنا ؛ مسلسل ستانا یا ٹیس اٹھانا ؛ (زخم یا پھوڑے کا) پک جانا یا پیپ سے بھر جانا ؛ کھٹکنا ؛ چبھنا ؛ کھلنا ؛ خلش ہونا ۔ (فعل متعدی) متورم کرنا ؛ خارش پیدا کرنا ؛ تلخی پیدا کرنا ۔

ransack, v.t. مکمل تلاشی لینا ؛ تباہ کر دینا ؛ تباہ و برباد کر کے مفلس بنا دینا ؛ غارت کرنا ۔

ransacker, n. متلاشی ؛ تلاش کُنندہ ؛ تباہ و برباد کر دینے والا ؛ غارت گر ۔

ransome, n. تاوان ؛ فدیہ ؛ ڈنڈ ؛ زر ِستگاری ؛ زر مخلصی ؛ کفارہ ؛ جزیہ ؛ کسی دشمن کے قبضے یا اس کی قید یا غلامی سے کسی فرد کو چھڑانے کے لیے ادا کی جانے والی رقم ؛ اس قسم کی رہائی یا دشمن کے ہاتھوں ضبط شدہ سامان کی قیمت جو ادا کی جائے ؛ گناہوں کی معافی/تلافی کے لیے ادا کی جانے والی رقم ۔ (فعل متعدی) فدیہ یا تاوان دینا/کفارہ دینا ؛ گرفتاری سے رہائی دلانا ؛ غلامی یا سزا سے رہائی/ چھٹکارا دلانا ؛ فدیے/تاوان کی رقم لے کر رہا کر دینا ؛ معاف کر دینا (جیسے گناہوں کی) ۔

ransomer, n. تاوان ادا کُنندہ ؛ کفارہ دَہندہ ۔

rant, v.i. زور دار آواز میں بولنا ،احتجاجی طور پر یا مبالغہ آمیزی سے گفتگو کا ہونا ؛ بڑ ہانکنا ؛ باتیں بتانا ؛ شیخی بگھارنا ۔ (فعل متعدی) وحشیانہ یا غیر مہذب انداز میں (کچھ) کہنا ۔ (اسم) زور دار یا مبالغہ آمیز اعلان ؛ مجذوب کی بڑ ؛ بک جھک ؛ بے سروپا باتیں ؛ ہرزہ گوئی ۔ (برطانوی اوراسکاٹ لینڈ بولی) مے نوشوں کی ہلڑ بازی ۔

ranter, n. مبالغہ آمیز گفتگو کا عادی ؛ بڑ ہانکنے والا ؛ شیخی باز ؛ بے سرو پا باتیں کرنے والا ؛ رائی کا پہاڑ بنانے والا ؛ بکّی ؛ جھکّی ؛ ہرزہ گو ۔

rantingly, adv. مبالغہ آمیزی کے ساتھ ؛ چیخ پکار کر کے ؛ بڑ ہانکنے کے انداز میں ۔

ranula, n. تانتوا ؛ تندوا ؛ زبان کے نیچے ایک سلعہ (جھلّی) جو غدود کی رکاوٹ اور بعد ازاں اس کے متورم ہو جانے کے باعث بن جاتا ہے ۔

ranunculus, crow foot, n. گل اشرفی ؛ گُل دار پودا ؛ جد واریہ ؛ ایک بڑی اور مختلف النوع جد وار نسل (Ranunculus) کا کوئی بھی پودا جس میں متبادل طور پر یا گچھوں کی شکل میں پتے اور پھول لگے ہوتے ہیں ، پھول عموماً زرد اور پنج سبا ہوتے ہیں ۔

rap, v.t. جلدی سے تیز ضرب مارنا ؛ کھٹکھٹانا ، کھڑکا کرنا ۔ (فعل لازم) جلدی سے مارنا ؛ دستک دینا ۔ (عوامی) بات چیت کرنا ، گپ شپ لگانا (جیسے : to have a cup of coffee and rap awhile) ۔ (اسم) کھڑکا ؛ کھٹکا ؛ تھپڑ؛ تھپک ؛ سرزنش ؛ تیز زور دار ضرب ؛ دستک ؛ ضرب یا دستک کی آواز ۔ (عوامی) کسی کام ، خاص طور پر کسی جرم کا الزام ، ذمے داری یا اس کی سزا ؛ جرم کا الزام ۔

rap out ایک دم یا زور دار انداز سے کچھ کہنا ، حکم دینا (جیسے : to rap out a command) ۔

beat the rap, (عوامی) کسی جرم کی سزا سے بچ نکلنا ؛ کسی جرم کے الزام سے بریت ۔

bum rap, (عوامی) کسی نا کردہ جُرم یا بدعملی کا الزام اپنے سر لے لینا یا اس کی فرد جرم کو تسلیم کر لینا یا سزا پانا ۔

rap session, (عوامی) دوستانہ گپ شپ یا بحث مباحثہ ۔

take the rap, (عوامی) کسی نا کردہ جُرم کا الزام یا اس کی سزا اپنے سر لے لینا یا سزا پانا ۔

rap, n. ذرّہ برابر ؛ پرکاہ (جیسے : It is n't worth a rap) ؛

اٹھارہویں صدی میں آئرلینڈ میں زیر گردش جعلی ہاف پینی یا آدھے پنس کا جعلی سِکّہ ۔

rapacious, a. غارت گر ؛ لٹیرا ؛ قزاق ؛ غارت گری کا عادی ؛ ظُلم /تشدُّد کے ذریعے (کسی کی)جائیداد کا قبضہ لینے/چھیننے والا یا اس عمل کا خُوگر ؛ ڈاکو ؛ چوری سے شکار میں پکڑے ہوئے/شکار کردہ جانوروں پر گزارا کرنے والا ؛ شکاری ؛ چڑی مار ؛ لالچی ؛ حریص ۔

rapaciously, adv. غارت گری سے ؛ لٹیرے پن سے ؛ چوری سے شکار کر کے ؛ حریصانہ طور پر ۔

rapaciousness, rapacity, n. ڈاکا ؛ غارت گری ؛ لُوٹ ؛ لالچ ؛ حرص ؛ شکار ؛ طمع ۔

rape, n. زنا بالجبر ؛ کسی خاتون کے ساتھ اس کی مرضی کے بغیر جنسی فعل کرنے کا جرم ؛ عصمت دری ۔ (قدیم) طاقت یا تشدد کے زور پر چھین لینے یا چھین لے جانے کا عمل ؛ استحصال جبری ؛ غصب کر لینے کا عمل/جرم ۔ (فعل متعدی) زنا بالجبر کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا غارت گری کرنا ، جیسے جنگ میں ۔ (قدیم) طاقت کے بل بوتے پر چھین لینا/چھین لے جانا ۔ (فعل لازم) زنا بالجبر کا ہونا ۔

rapist, n. زنا بالجبر کرنے والا ؛ عصمت دری کرنے والا ۔

rape, n. تلّی ؛ گوآر ؛ توریا ؛ سرسوں کی نسل (Brassica) کی موسمی بوٹی جو بھیڑ بکریوں اور مویشیوں کے چارے اور تیل نکالنے والے/روغنی بیجوں کے حصول کے لیے عام کاشت کی جاتی ہے ۔

rape, n. انگور پھوک ؛ شراب سازی کے لیے انگوروں کا رس نکالنے کے بعد باقی ماندہ پھوک جسے سرکہ ساز چھاننے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ انگوروں کا پھوک ۔

rape oil, rapeseed oil, colza oil, n. میٹھا تیل ؛ بھوری مائل زرد رنگت کا تیل جسے توریا کے بیجوں سے دباؤ کے ذریعے نکالا جاتا ہے اور چمک ، چکنائی کے لیے اور ربڑ کے متبادلات بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ تلّی کا تیل ۔

rapeseed, n. توریے /تلّی کے بیج ؛ توریے/تلی کا پودا (بذات خود) ۔

raphe, rhaphe, n. (تشریح الاعضا) ایک عضو کے دو حصّوں کے مابین بخیہ نُما جوڑ ۔ (نباتیات) بعض بیجوں میں چھلکے کے اوپر ایک ابھری ہوئی دھاری؛ صوف البحر /عصیوی کائی/سمندری کائی کے ایک حصے پر درمیانی لکیر ۔

raphia, n. دیکھیے : Raffia ۔

raphide, n. (نباتیات) خار نما/سوزنی شکل کی قلم جو پودوں کے خلیوں میں پائی جاتی ہے اور عموماً کیلسیم آگزلیٹ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

rapid, a. بہت تیز یا تیز رفتار ؛ تیز رفتاری سے آگے حرکت کرنے/بڑھنے والا ؛ نشونما/ترقی میں تیز رفتار (جیسے : rapid growth) ؛ تیز رفتاری یا تیزی کے لیے نمایاں (جیسے : a rapid knitter) ؛ تیز قدم ۔

rapids, n. دریا کے نشیب میں جاتے وقت تیز بہاؤ والا دھارا ۔

rapidly, adv. تیزی سے ؛ تیز رفتاری سے ؛ جلدی سے ۔

rapidness, n. تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ سُرعت ۔

rapid-fire, a. (عسکری) تیز فائر ؛ تیز رفتاری سے/ تیزی سے مسلسل فائر کرنے والا ؛ ایسی درمیانے درجے کی توپوں سے متعلق یا ان کے بارے میں جن سے تیز رفتاری سے گولے پھینکے جا سکتے ہوں ؛ تیزی سے عمل میں آنے سے متعلق یا اس قسم کی صفت والا (جیسے : گفتگو میں ، مثلاً .rapid-fire questions and replies) ۔

rapid fire, n. پستولی فائر ؛ چھوٹے اسلحے کا درمیانی رفتار سے فائر کرنے کا عمل ۔

rapidity, rapidness, n. تیزی یا تیز رفتاری کی کیفیت یا صفت ؛ طرارّی ؛ پھرتی ؛ عجلت ۔

rapid transit, n. عاجلانہ نقل و حمل ؛ کسی شہر یا اس کے مضافات میں چلنے والا زیر زمین یا بالائے زمین ریل کا نظام ۔

rapier, n. دو دھاری خنجر ؛ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں استعمال ہونے والی تلوار جس میں لمبا دو دھاری پھل ہوتا تھا اور اسے گھونپنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ دو دھاری کٹار ؛ نیمچہ ۔

rapine, n. تباہی بربادی ؛ طاقت کے بل بوتے پر چھین لینے یا لے جانے کا عمل ؛ غارت گری ؛ تاراجی ۔

rappee, n. نسوار ؛ ناس ؛ سونگھنے کے لیے تیز ، بو دار سفوف جو گہرے اور تیز تمباکو سے بنایا جاتا ہے ۔

rappel, n. کسی عمودی ڈھلان سے اترنے کا عمل جس میں ایک رسّے کو ران کے نیچے سے جسم کے اوپر سے اور دوسرا مخالف شانے پر سے گزارا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) رسے کی مدد سے عمودی ڈھلان سے اترنا ۔

rapper, n. دروازے پر دستک دینے کے لیے لگا ہوا کڑا ؛ دستک دینے والا/کھٹکھٹانے والا (آدمی یا کوئی بھی شے) ۔

rapport, n. مناسبت ؛ نسبت ؛ تعلّق ؛ رابطہ ؛ ہم آہنگی ؛ علاقہ ؛ واسطہ ؛ پسندیدگی ؛ میل جول ؛ بے تکلفی ؛ دوستانہ ۔

rapprochement, n. مفاہمت ؛ کسی معاہدے کے تحت آنا یا لانا ؛ مصالحت ؛ متناسب تعلقات کا مقام ۔

rapscallion, n. بے کار شخص ؛ پاجی ؛ بدمعاش ؛ آوارہ شخص ؛ بدذات ؛ شریر ۔

rapt, a. محو ؛ مکمل طور پر جذب ؛ جذباتی کیف میں ؛ کیف کے عالم میں ؛ وجدانی کیف میں ؛ مستغرق ؛ سرمست ؛ بیخود ؛ منہمک ۔

raptly, adv. محویت سے ؛ کیف و مستی سے ؛ وجدانی عالَم میں ۔

raptness, n. محویت ؛ جذب ہونے کا عمل ؛ کیف و مستی ؛ وجدانیت ۔

raptorial, a. شکاری پرندے کا ؛ شکاری طیور (Raptores) سے متعلق یا ان کا ؛ شکاری طیور کی نسل سے ، جیسے شاہین ، باز اور گدھ ؛ دوسرے جانوروں کے شکار پر زندہ ؛ شکاری ؛ شکار کے لیے موزوں جیسے کسی پرندے کے پنجے یا اس کی چونچ ۔

rapture, n. بے خودی ؛ سرمستی ؛ حال ؛ وجد ؛ مسرّت و انبساط کی کیفیت یا وجدانی کیفیت ؛ سرخوشی ۔ (فعل متعدی) (شاعری) جوش و جذبے سے بھر دینا ؛ مست بنانا ۔

raptures, n. مسرّت و انبساط یا وجد کا اظہار۔

rapturous, a. کیف سے بھرپور ؛ وجد آور ؛ سرمستانہ۔

rapturously, adv. بیخودی سے ؛ وجد آور انداز سے ؛ کیف و مستی سے ؛ مستانہ وار ؛ وجد کے عالم میں۔

rapturousness, n. کیف و مستی ؛ جذب و شوق ؛ محویت ؛ وجد۔

rara avis, n. غیر معمولی یا نادر شخص یا شے ؛ انوکھا ؛ طرفہ معجون ؛ ''شے''؛ عجیب و غریب ؛ نادر و کمیاب ؛ عنقا۔

rare, a. وقت کے اعتبار سے بہت دیر بعد آنے یا واقع ہونے والا ؛ شاذونادر نظر آنے/واقع ہونے والا ؛ غیر معمولی ؛ نادر ؛ کمیاب ؛ عجیب ؛ طُرفہ ؛ تُحفہ ؛ خاص الخاص ؛ غیر معمولی طور پر عمدہ یا اعلیٰ ؛ کسی سطح یا علاقے میں ہلکا سا پھیلا ہوا ، لطیف ؛ رقیق ؛ باریک ؛ پتلا:جس کے اجزائے ترکیبی بہت نزدیک نہ ہوں جیسے ہوا یا گیسیں۔

rareness, n. خصوصیت ؛ لطافت ؛ نُدرت ؛ کمیابی۔

rare, a. جو پوری طرح پکا ہوا نہ ہو ؛ نیم پخت ؛ خام ؛ ادھ پکا۔

rarebit, n. برطانوی علاقے ویلز کا خرگوش۔

rare earth, n. (کیمیا) نادر خاکی دھاتوں میں سے کسی ایک کا کشتہ ؛ کوئی ایک نادر خاکی دھات۔

rare-earth metal, rare-earth element, n. (کیمیا) لینتھینائیڈ کے سلسلے کے ۱۵ نادر خاکی دھاتی عناصر میں سے کوئی ایک جو کیمیائی خواص میں ایک دوسرے سے بہت مشابہ اور ناقابل علیحدگی ہیں اور زیادہ تر بھرتوں میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

raree show, n. جھانکی ؛ جھانک کر دیکھنے والا تماشا ؛ چلتا پھرتا تماشا ؛ گلی محلے میں دکھایا جانے والا تماشا ؛ بارہ من کی دھوبن ؛ بکس تماشا۔

rarefaction, n. تزکیہ ؛ تلطیف ؛ لطیف بنانے کا عمل یا حالتِ لطافت ؛ اجزائے ترکیبی میں فاصلہ کر کے پھیلاؤ یا خالص کرنے کا عمل۔

rarefactional, rarefactive, a. لطافت یا تہذیب سے متعلق۔

rarefied, a. بلند ؛ اعلیٰ و ارفع ؛ باطنی ؛ کسی مختصر یا منتخب گروہ سے متعلق یا اس گروہ کی دلچسپی کا مرکز ؛ لطیف کردہ ؛ رقیق کردہ۔

rarefy, v.t. رقیق بنانا ؛ لطیف ، پتلا ، مسام دار یا کم گھنا/ گاڑھا بنانا ؛ اجزائے ترکیبی میں فاصلہ کر کے پھیلانا۔ (مجازاً) لطیف بنانا ؛ مہذب بنانا ؛ تزکیہ کرنا۔ (فعل لازم) پتلا یا کم گھنا/گاڑھا ہونا/ہو جانا ؛ رقیق ہونا۔

rarely, adv. کبھی کبھار ، شاذونادر ؛ بہت زیادہ طور پر ؛ بہت اعلیٰ طور پر ؛ عمدہ طور پر۔

rareripe, a., n. اگیتا ؛ جلد تیار ہو جانے والا پھل یا سبزی۔

rarity, n. نُدرت ؛ نایاب یا غیر معمولی ہونے کی حالت ؛ نایابی ؛ کوئی شخص یا شے جو نایاب یا نادر ہو ؛ ایسی چیز یا ایسا شخص جس کی کمیابی یا عمدگی کے باعث قدر کی جاتی ہو ؛ لطافت۔

rasbora, n. سیم ماہی ؛ اس نام کی نسل کی کوئی بھی استوائی/حارّی مچھلی ، جن میں سے بعض اقسام مچھلی گھروں میں رکھی جاتی ہیں۔

rascal, n. بدذات ؛ پاجی ؛ بد دیانت ؛ بدقماش ؛ ایک گھٹیا یا بد دیانت شخص ؛ بدمعاش شخص یا شریر جانور کو مزاحیہ طور پر دیا گیا نام۔ (قدیم) عوام الناس یا عوام الناس میں سے کوئی ایک۔ (صفت) بدمعاشی سے ؛ شرارت سے ، بددیانتی سے۔ (قدیم) عوام الناس سے متعلق یا عوامُ الناس۔

rascality, n. بدمعاشی ؛ شرارت آمیز رویہ ؛ بدمعاشی کا کام یا رویہ ؛ پاجی پن ؛ حرام زدگی ؛ دغا بازی۔

rascally, a., adv. بدمعاشی سے ؛ بدمعاشی سے متعلق یا اس کے ضمن میں ؛ شرارت سے ؛ بد دیانتی سے۔

rase, v.t. دیکھیے : Raze۔

rash, a. احتیاط یا غوروفکر کے بغیر عمل یا گفتگو ؛ جلد بازی کا ؛ پھرتی سے یا بے دھڑک بولا ہوا یا کیا گیا ؛ ناعاقبت اندیشانہ۔

rashly, adv. جلد بازی سے ؛ بے دھڑک ؛ ناعاقبت اندیشانہ طور پر۔

rashness, n. جلد بازی ؛ ناعاقبت اندیشی ؛ بے باکی ؛ اجڈ پن ؛ تہوُر۔

rash, n. دھپڑ ؛ ددوڑا ؛ احتراق یا التہابِ خون ؛ چھپاکی ؛ پِت ؛ پتّی ؛ سرخ بادہ ؛ چکتّے ؛ جلد پر ابھار عموماً لال دھبوں کی شکل میں ؛ جھپاکا ؛کسی مخصوص وقت میں غیر معمولی طور پر زیادہ واقعات۔

rasher, n. سؤر کے گوشت کا قتلہ ؛ سور کے گوشت یا سور کی ران کا پکانے/بھوننے کے لیے اتارا گیا قتلہ یا کھانے میں پیش کیے گئے اس طرح کے ٹکڑے یا قتلے۔

rasher, n. سُرخ مچھلی ؛ ماہیِ احمر ؛ بحر الکاہل کے ساحلی علاقے کی مچھلی۔

raskolnik, n. منحرف ؛ غیر مقلّد ؛ روسی کلیسا سے روگردان شخص۔

rasorial, a. زجاجی پرندہ ؛ منقاری پرندہ ؛ پرندوں کی اس جنس سے متعلق جو اپنی چونچ سے دانہ چگتے ہیں ؛ چگنے والے پرندوں سے متعلق۔

rasp, v.t. ریتنا یا ریتی کرنا ؛ کسی کھردرے آلے سے رگڑنا یا گھسنا ؛ کھردرے پن سے رگڑنا یا ملنا ؛ کدوکش کرنا ؛ برہم کر دینا ؛ گھس کر اتار دینا یا ہٹا دینا ؛ گھسنے کی سی آواز میں کچھ بولنا ؛ جھنجھلا دینا۔ (فعل لازم) گھسنا یا کدوکش ہونا ؛ گھسنے کی سی آواز کا نکلنا ؛ رگڑ کا ہونا ؛ تکرار ہونا ؛ برا معلوم ہونا۔ (اسم) ریتی ؛ ناہموار سی ریتی یا آری ؛ ریتنے کا عمل ؛ ریتی یا کدوکش سے پیدا ہونے والی آواز ؛ سوہان۔

rasper, n. ریتنے والا شخص یا آلہ

raspingly, adv. گھستے ہوئے ؛ برہم انداز سے۔

raspberry, razzberry, n. [اردو] رس بھری ؛ توت فرنگی ؛ سرخ رنگ والی ''ریوبس'' نسل کی مختلف جھاڑیوں/پودوں کے سرخ ، سیاہ یا زرد رنگ پھل جو چھوٹے چھوٹے(رس بھرے)گٹھلی دار ہوتے ہیں ، ان پر محدبی شکل کی الگ ہو جانے والی ٹوپی سی ہوتی ہے ؛

رس بھری کا پودا ؛ گلابی یا گلابی نما سرخ رنگ ۔ (عوامی) ہونٹ اور زبان کو تھرتھرا کر نفرت انگیز/چڑانے والی آواز ؛ برونکسی ہاہُو/ہلاّگُلا ؛ اظہارِ بیزاری ۔

raspy, a. رگڑ کھاتا ہوا ، سخت ؛ کھردرا/ ناہموار ؛ چڑچڑا/غصیلا ؛ تند ۔

raster, n. (ٹیلی وژن) منفیری نلی (Cathoderay Tube) کی اسکرین پر الیکٹرون (برقیہ) شعاعوں کی لکیروں کا مخصوص نمونہ ۔

rasure, n. رگڑنے یا مٹانے کا عمل ؛ ربڑ ؛ مٹانے والا ۔

rat, n. چُوہا ، مُوش ؛ گھونس ؛ جنگلی چوہا ؛ بڑا چوہا ؛ چوہوں کی نسل کے لمبی دم والے کُترنے والے جانوروں میں سے ایک ، چھچھوندر سے ذرا بڑے ہوتے ہیں اور ان کے دانت بھی ذرا مختلف انداز کے ہوتے ہیں ؛ اس نسل سے ملتا جلتا کوئی بھی جانور ۔ (عوامی) طوطا چشم ؛ ایسا شخص جو خاص طور پر مصیبت کے وقت اپنے ساتھیوں یا گروہ کو چھوڑ جائے ؛ غدار ؛ بے وفا ؛ غیر ہڑتالی شخص ؛ مخبر ؛ بالوں یا اس قسم کی کسی اور چیز کی وہ گدّی جسے خواتین جوڑے کو بڑا بنانے کے لیے اپنے بالوں کے اندر لگا لیتی ہیں ۔ (فعل لازم) چوہے پکڑنا یا ان کا متلاشی ہونا ۔ (عوامی) طوطا چشم ہونا ؛ اپنے ساتھیوں سے ضرورت/مصیبت کے وقت علیحدہ ہو جانا ؛ ہڑتال کے وقت ہڑتالی نہ ہونا ؛ مخبر ہونا ۔

smell a rat, دال میں کچھ کالا ہونا ؛ کسی گڑبڑ کا شبہ ہونا/کرنا ؛ بُو پانا ؛ بھید پانا ؛ کان کھڑے کرنا ۔

ratlike, a. جنگلی چوہے جیسا ؛ چوہا سا ۔

ratable, rateable, a. قابلِ محصول/ قابل ٹیکس ؛ متناسب ۔ (برطانوی) محصولات یا مقامی محصولات کی ادائیگی کے قابل ۔

ratability, ratableness, n. قابلِ محصول ہونے کا عمل ؛ محصول پذیری ؛ تناسب ۔

ratably, adv. محصول پذیرانہ ؛ قابل محصول ہونے کے انداز سے ؛ متناسب طور پر ۔

ratafia, ratafee, n. میٹھی تیز خوشبو دار شراب/خمر شیریں/ شراب شیریں جس میں چیری ، خوبانی ، شفتالو اور بادام کی گریاں ملائی جاتی ہیں ؛ بادام کی گریوں والا میٹھا بسکٹ ؛ بادامی بسکٹ ۔

ratany, n. دیکھیے : Rhatany ۔

rataplan, n. ڈھول بجنے کی/بجنے کی سی آواز ؛ طبلے کی تھاپ ۔

rataplan, v.t. v.i. ڈھول کی سی آواز پیدا کرنا ؛ ڈھول بجانا ؛ طبلہ بجانا ۔

ratatat, rát-a-tat, rat-a-tat-tat, n. دستک کی آواز ؛ کھڑکا ؛ کھٹکا ؛ کھڑکھڑاہٹ ۔

rat bite fever, n. (امراضیات) چوہا بخار ؛ ایسے جنگلی/ بڑے چوہے کے کاٹنے سے پھیلنے/لگ جانے والا مرض جس کے جسم میں ''سپائی ریلم مائنس'' (Spirillum minus) نامی جرثومے موجود ہوں ، اس مرض میں بخار بار بار چڑھتا ہے ، جلد پر زخم ہو جاتے ہیں اور عضلات درد کرتے ہیں ۔

ratch, n. دیکھیے : Ratchet ۔

ratchet, n. روک دار دندانے ؛ روک کھٹکا ؛ کُتّا ؛ دندانہ دار سلاخ جس میں متعلقہ روک دار بیرم پھنستی ہے ؛ اس کے ساتھ استعمال ہونے والی روک دار بیرم ؛ دندانے دار سلاخ یا پہیے اور روک دار بیرم پر مشتمل مشینی جزو/حصّہ ۔

ratchet wheel, خمدار دندانوں والا پہیّہ جس میں روک دار بیرم بیٹھ جاتی ہے یا پھنس جاتی ہے تا کہ اُلٹی حرکت کو روکا جا سکے یا دو طرفہ حرکت کو مدور/گول حرکت میں تبدیل کیا جا سکے ۔

rate, v.t., v.i. طعنے تشنے دینا ؛ طعنہ زنی کرنا یا سہنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ ڈانٹنا ؛ جھڑکنا یا لتاڑنا ۔

rate, n. نرخ ؛ شرح ؛ قیمت ؛ مول ؛ بھاؤ ؛ دَر ؛ محصول ؛ کسی قدر یا معیار کی مخصوص اکائی سے متناسب/متعلق کوئی دی ہوئی مقدار یا قدر (جیسے : typing at the rate of 60 words per minute) ؛ نسبت یا تناسب ؛ متناسب قدر یا مقدار ؛ کسی معیار کے مطابق مقرر کی گئی قیمت یا مقدار (جیسے : long distance telephone rates) ؛ درجہ ، مرتبہ یا معیار ؛ جائیداد کے ٹیکس کے تعین کی شرح ؛ کسی گھڑی کے (دیے ہوئے وقت/مقررہ وقت) میں آگے یا پیچھے ہونے کی مقدار/شرح ۔ (برطانوی) مقامی محصولات کے لیے جائیداد کا اندازہ لگانے کا عمل ۔ (فعل متعدی) قدر ، مرتبہ ، درجہ یا شرح مقرر کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ متناسب شرح ، پیمانہ ، درجہ یا اُمتیاز مقرر کرنا ؛ تخمینہ لگانا یا سوچنا ۔ (بول چال) حق دار ہونا (کسی شے کا) ۔ (فعل لازم) کسی درجے ، مرتبے یا امتیاز کا ہونا ۔

at any rate, کم از کم ؛ بہر حال ؛ خواہ کیسے بھی حالات کیوں نہ ہوں ؛ بہر کیف ۔

ratel, n. افریقی بِجّو ؛ گھونس ؛ افریقہ اور ہندوستان میں پائی جانے والی نسل ''میلی وورا'' (Mellivora) کے گوشت خور میمل جانور ۔

ratepayer, n. (برطانوی ، کینیڈا) مقامی محصولات کا ادا کُنندہ ؛ ٹیکس دہندہ ۔

rater, n. حسابی ؛ شرحوں ، اقدار یا درجوں کا تعیُّن کُنندہ ؛ بیان کردہ معیار کے مطابق شخص یا شے : اس لفظ کو مرکب شکل میں استعمال میں لایا جاتا ہے (جیسے : first-rater) ۔

rathe, rath, a. (قدیم) اگیتا ؛ جلد باز ؛ دوسروں سے یا عام وقت سے پہلے آ جانے والا ؛ نو فصلی ؛ سرآغازی ؛ پیش رسیدہ ۔

ratheness, n. اگیتا پن ؛ جلد بازی ؛ وقت سے/اوروں سے پہلے آمد ۔

rather, adv. قدرے ؛ کسی حد تک ؛ بلکہ ؛ زیادہ خُوشی سے یا رضامندی سے ؛ ترجیح یا پسندیدگی کے ساتھ ؛ عقلی طور پر بہتر انداز سے ؛ زیادہ مناسب طور پر ؛ زیادہ صحیح طور پر کہتے ہوئے ؛ جو کچھ کہا گیا ہے ، اس کے برعکس ؛ کچھ نہ کچھ (قدرے) (جیسے : rather pretty) ۔ (برطانوی ، بول چال) یقیناً ؛ بے شک ؛ یقینی طور پر ؛ فیصلہ کن طور پر ؛ کسی سوال کے مثبت جواب میں فجائیہ کے طور پر یعنی حرف ندا و نُدبہ کے طور پر مستعمل ۔

rathskeller, n. جرمنی میں کسی ٹاؤن ہال/بلدیہ کے دفتر کے نیچے واقع تہ خانہ جسے اکثر شراب خانے یا ریستوران کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ تہ خانے میں بنا ہوا جرمن قسم کا کوئی بھی ریستوران یا آرام گاہ/طعام گاہ ۔

raticide, n. چوہے مار زہر ؛ دوبی بھی چوہے مار دوا یا زہر ۔

ratify, v.t. تصدیق کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ جائز قرار دینا ؛ مان لینا ؛ توثیق کرنا ؛ منظوری دینا ، کسی باقاعدہ حرکت/عمل سے منظوری دینا ۔

ratification, n. توثیق ؛ منظوری ؛ تصدیق ؛ تعیُّن ؛ تقرُّر ؛ استقرار ۔

ratifier, n. توثیق کُنندہ ؛ منظوری دینے والا ۔

ratine, ratine, n. روئیں دار کپڑا ؛ بُردار کپڑا ؛ موٹی بنائی کا کوئی بھی ایسا کپڑا جس پر رواں یا بُر ہو یا جس کی سطح کھردری ہو ؛ دری ؛ کھیس ۔

rating, n. شرح بندی ؛ درجہ بندی ؛ کسی درجے یا طبقے میں درجہ بندی کرنے کا عمل ، خصوصاً برّی یا بحری فوج کے عملے کی درجہ بندی ؛ (معاشرے میں) مقام /حیثیت ؛ اندازہ لگانے یا قدر متعین کرنے کا عمل ؛ ذاتی یا کاروباری قرض کے تخمینہ کا تعیّن ؛ ہارس پاور یا وزن یا کلوواٹ میں کسی مشین کی کارکردگی کی حدود کا بیان ۔ (برطانوی) بحری فوج میں بھرتی شُدہ شخص ۔

rating bureau, n. (بیمہ کاری) ایسا ادارہ جو کسی ایک علاقے/ حلقے میں خطرات/نقصانات کے امکان سے متعلق اعداد و شمار/تفصیلات جمع کرتا ہے اور اس کے متناسب بیمے کی شرحیں متعین کرتا ہے ۔

ratio, n. نسبت ؛ ایک جیسی دو مقداروں کے درمیان وہ نسبت جو اس حوالے سے متعین ہو کہ پہلا عدد مکمل طور پر یا جزوی طور پر دوسرے عدد کو کتنی بار اپنے اندر سموئے ہوئے ہے جیسے ۵ نسبت ۲ ، اسے ایسے بھی لکھا جا سکتا ہے ۵ : ۲ یا ۵/۲ ؛ کسی ملک میں سکے کے قوانین کے تحت مقرر شدہ سونے اور چاندی کی اضافی/گھٹتی بڑھتی قیمتیں ۔

ratiocinate, v.i. استدلال کرنا ؛ منطقی اصولوں کے مطابق گفتگو ہونا/نتائج نکالنا ؛ استنباط کرنا ۔

ratiocination, n. استدلال ؛ استدلال کی مثال ؛ منطقی گفتگو/ نتائج خیزی ؛ استنباط ۔

ratiocinative, a. مدلّل ؛ منطقی لحاظ سے درست ؛ استدلالی ؛ استنباطی ۔

ratiocinator, n. مدّلل گفتگو کرنے والا ؛ منطقی لحاظ سے درست بات چیت کرنے والا ۔

ration, n. خوراک ؛ راتب ؛ راشن ؛ سپاہیوں اور ملاّحوں/ بحری سپاہیوں کو ضروریات زندگی کی روزانہ ملنے والی مقدار ؛ کوئی بھی طے شُدہ مقدار ؛ حصّہ ، بخرا ۔ (فعل متعدی) راشن مہیا کرنا ؛ مقرر شُدہ مقدار دینا ؛ (کسی کو) ضروریات زندگی مہیا کرنا/جاری کرنا ؛ (کسی شے کی) راشن بندی کرنا یعنی اس کے استعمال کو محدود کر دینا یا اس پر پابندی لگا دینا ۔

rations, n. دال دلیہ ؛ ضروریاتِ زندگی ؛آزوقہ ؛ خوراک ۔

rational, a. ذی عقل ؛ ذی شعور ؛ شایستہ ؛ سمجھ دار ؛ معقول ؛ اچت ؛ ذی ادراک ؛ استدلالی ؛ سوچ بچار کا مادّہ رکھنے والا ؛ عقل سے متصف ؛ عقلی لحاظ سے پسندیدہ ؛ عقل سے متعلق یا اس کے مطابق عمل کرنے والا ؛ باعقل ؛ صائب الرّائے ۔ (ریاضی) واضح اصطلاحات میں کسی رقم کے متعلق ۔ (کلاسیکی عروض) جسے ارکان (کی تعداد) کے حساب سے ناپا جا سکے جیسے بحر ۔ (اسم) ناطق عدد ؛ واضح عدد یا رقم ۔

rationally, adv. عقلی طور پر ؛ شعوری طور پر ؛ استدلالی طور پر ۔

rationalness, n. ذی عقلیت ؛ شعور کی موجودگی ۔

rationale, n. دلیلِ اساسی ؛ بُرہان ؛ بنائے منطقی ؛ وجوہات کا بیان ؛ کسی عمل ، واقعے یا اعتقاد کے اصولوں کا بیان یا اظہار ؛ کسی چیز کی بنیاد یا اس کا بنیادی سبب ؛ عِلّتِ غائی ؛ سبب عقلی ۔

rationalism, n. عقلیت ؛ وِجدان یا الہام کے برعکس تعقل پسندی/ استدلال عقلی سے رائے کا قیام ۔ (فلسفہ) یہ نظریہ کہ سچائی کا معیار اور علم کا منبع حسی ادراک نہیں بلکہ عقل ہے ۔ (الہیات) مذہبی سچائیوں کے منبع کے طور پر الہام یا کسی اور مافوق الفطرت عنصر کی بجائے عقل کو تسلیم کرنا ؛ عقلیت پسندی ۔

rationalist, n. عقلیت پسند ؛ عقلی دلائل کا معتقِد ؛ استدلال پسند ؛ حکیم ؛ تعقل پسند ۔

rationalistic, a. عقلیت پسندانہ ؛ استدلالی ؛ عقلی ۔

rationalistically, adv. عقلیت پسندانہ طور پر/انداز سے ؛ عقلی طور پر ؛ استدلالی طور سے ۔

rationality, n. عقلیت پسندی ؛ باشعور ہونے کی کیفیت ؛ عقل کے مطابق باتوں کو تسلیم کر لینے کا عمل یا صفت ؛ معقولیت ۔

rationalities, n. عقل پر مبنی عمل یا ایمان ۔

rationalize, v.t. تشریح کرنا یا درست ثابت کرنا ؛ عقل کے مطابق قرار دینا ۔ (نفسیات) دیگر اور بعض اوقات نامعلوم محرّکات کی بنا پر سرزد ہونے والے اعمال کو منطقی یا قابل یقین محرکات سے متصف کر دینا ۔ (ریاضی) ناطق یا غیر اصم بنانا ، جیسے کسی مساوات وغیرہ کو ۔ (برطانوی) جدید بنانا یا جدید خطوط پر استوار کرنا ، جیسے کسی صنعت کو ۔ (فعل لازم) کسی عمل/رویے کے لیے قرینِ قیاس مگر غلط محرکات کا معلوم ہونا ۔

rationalization, n. تاویل ؛ تصویب ۔

rationalizer, n. تاویل کُنندہ/تاویل کار ؛ تصویب کُنندہ/تصویب کار ۔

rational number, n. (ریاضی) ناطق یا غیر اصم مقدار ؛ دو صحیح اعداد کی نسبت کی شکل میں ظاہر کیا جانے والا کوئی عدد ؛ ناطق عدد ۔

ratite, a. فراخ سینہ ؛ بے پرواز پرندے سا ؛ طائر بے پرواز سا ؛ غیر مائل بہ گولائی فراخ سینہ ، جیسے شتر مرغ ؛ فراخ سینہ نسل کے کسی بھی پرندے جیسا ، جس میں بے پرواز پرندے شامل ہیں مثلاً شتر مرغ ، ایمو (آسٹریلوی شتر مرغ) ، کیسووری (پیل مرغ) اور ریا (امریکی شتر مرغ) ۔ (اسم) درج بالا نسل کا کوئی سا بے پرواز پرندہ ؛ شتر مرغ وغیرہ ۔

ratline, ratlin, rattling, n. (جہاز رانی) رسّی کا زینہ ؛ بادبان کے ساتھ افقی انداز کی رسیاں جو زینہ بناتی ہیں ۔

ratoon, rattoon, n. اِیکھ ؛ کسی پودے کی جڑ (یا تنے) سے پھوٹنے والی شاخ ، خاص طور پر گنے کا کن سؤا ، ایکھ کا پھیڑ ؛ اِیکھ بونے کے بعد اس کے پھوٹنے کا عمل ۔ (فعل لازم) پھوٹنا ، خاص طور پر اِیکھ کا پھوٹنا ۔ (فعل متعدی) ایکھ کی طرح کہ کوئی فصل

اگانا ؛ کن سوؤں سے فصل اگانا ؛ جڑ یا تنے کا حصہ بو کر کوئی فصل اگانا ، جیسے گنا/ایکھ ۔

rat race, n. (عوامی) بھیڑ چال ؛ زندگی کا کوئی بھی پرجوش مگر عموماً بے کار کام یا انداز ، خاص طور پر جس میں مسابقت بھی ہو ؛ دنگے فساد کا مقام یا منظر ۔

ratsbane, n. سم الفار ؛ سنکھیا ؛ چوہوں کے لیے ایک زہریلا مادہ خاص طور پر آرسینک ٹرائی آکسائڈ ۔

rat snak, n. دیکھیے : Chicken snake ۔

rattail, rat-tail, n. دیکھیے : grenadier ۔

rat-tail cactus, n. چوہا دُم ناگ پھنی ؛ ناگ پھنی کی بیل ؛ Aporocactus flagelliformis کا ایک بیل نما پودا جس کی شاخیں لمبی اور پتلی ہوتی ہیں اور پھول سرخ ، اسے عموماً کھڑکیوں کے باہر بکسوں میں اُگایا جاتا ہے ۔

rattan, ratan, n. رتن کھجور بیل ؛ کھجور کی اس نسل سے متعلق مختلف ایشیائی اقسام کے لمبے (بیل نما) تنوں کا تجارتی نام ، ان سے ہلکاپھلکا فرنیچر ، ٹوکریاں اور چھڑیاں بنائی جاتی ہیں ۔

ratter, n. چوہے پکڑنے والا شخص یا آلہ ؛ چوہے مار ؛ چوہے دان ۔ (عوامی) طوطا چشم ؛ غدار ؛ ایسا شخص جو اپنے ساتھیوں یا گروہ کو چھوڑ جائے ۔

rattle, v.i. کھڑکھڑانا یا کھڑکھڑہونا ؛ بار بار، جلدی جلدی تیز آوازیں پیدا ہونا 'جیسے دو سخت اشیا کے آپس میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہیں ؛ شوروغل مچانا ؛ کھڑکھڑاہٹ یا شوروغل کے ساتھ کوئی کام ہونا یا کہیں جانا ؛ جلدی جلدی جوش کے ساتھ تیز تیز بولنا ؛ بک بک ہونا ۔ (فعل متعدی) کھڑکھڑاہٹ یا شوروغل کا سبب بننا ؛ تیز آواز کا بار بار نکالنا ؛ جلدی جلدی/تیز رفتاری سے گفتگو یا عمل کرنا یا خدمات انجام دینا ۔ (بول چال) پریشان کر دینا یا گڑبڑا دینا ۔ (اسم) کھڑکھڑاہٹ ؛ تیز اور کھڑکھڑاہٹ والی آوازوں کا بار بار آنے/پیدا ہونے کا عمل ؛ کھڑکھڑاہٹ پیدا کرنے والا کوئی آلہ جیسے کسی شیرخوار بچے کا کھلونا/جُھنجھنا ؛ تیز رفتاری سے اونچی آواز میں بات چیت ؛ زور زور سے بے روک ٹوک بولنے والا ؛ کھڑکھڑیا/ٹٹیریا مارزنگی کی دم پر نکلا ہوا سینگ نما عضو ؛ موت کی خرخراہٹ ؛ غرغرۂ مرگ ؛ جھنجھناہٹ ؛ غل غپاڑہ ؛ شوروغوغا ؛ یاوہ گوئی ۔

rattlebrain, n. بدحواس ، ناعاقبت اندیش ؛ باتونی شخص ؛ کُوڑھ مغز شخص ؛ گاؤدی آدمی ؛ تہی مغز ۔

rattlebrained, a. بدحواس ؛ ناعاقبت اندیش ؛ کُوڑھ مغز ؛ گاؤدی ۔

rattler, n. کھڑکھڑانے والا ؛ ٹٹیریا ؛ کھڑکھڑیا/ ٹٹیریا سانپ ۔ (عوامی) مال گاڑی ۔

rattlesnake, n. چکّی ناگ ؛ کھڑکھڑیا/ٹٹیریا سانپ ؛ امریکی زہریلے سانپوں میں سے کوئی سا ، جن کی دم کے سرے پر ڈھیلے جڑے ہوئے سینگ نما ٹکڑے یا چھلے ہوتے ہیں جو ہلنے پر چکی جیسی کھڑکھڑاہٹ کی آواز پیدا کرتے ہیں ۔

rattlesnake plantain, n. کھڑکھڑیا پودا ؛ شمالی منطقۂ معتدلہ میں پایا جانے والا ثعلب مصری کی قسم کا ایک چھوٹا پودا جس کے پتّے سنجدی طرز (checkered) کے ہوتے ہیں ۔

rattlesnake root, n. تریاق بُوٹی ؛ انجبار ؛ ایک پودا جس کی جڑوں یا گنٹھیوں کو کبھی مارگزیدگی یعنی سانپ کاٹے علاج سمجھا جاتا تھا ۔

rattle snakeweed, n. گھنڈی تریاق بُوٹی ؛ مشرقی شمالی امریکا کی باز بوٹی جس کے پتوں اور جڑوں کو کھڑکھڑئیے /ٹٹیریے سانپ کے کاٹے کا تریاق تصور کیا جاتا تھا ؛ گاجر کے خاندان Eryngium کی ایک بوٹی ۔

rattletrap, n. انجر پنجر ؛ کوئی کمزور ہلتی ڈُلتی ، کھڑکھڑاتی شے ، جیسے چھکڑا کار۔

rattling, a. کھڑکھڑاہٹ پیدا کرنے والا ؛ بار بار اونچی آواز میں کھڑکھڑ کرنے والا ۔ (بول چال) زندہ دل ؛ تیز طرّار ؛ بہت عمدہ/اچھا ۔

rattlingly, adv. کھڑکھڑ کرتے ہوئے ؛ شور و غل کرتے ہوئے ۔

rattly, a. وہ جو کھڑکھڑ کرے ؛ کھڑکھڑاہٹ کی آواز پیدا کرنے والا یا رکھنے والا ۔

rattrap, n. چُوہے دان ؛ چوہے پکڑنے کا پنجرہ ۔ (مجازاً) بہت مشکل یا مایوس کن صورت حال ؛ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن ۔ (بول چال) خراب و خستہ حال عمارت ؛ کھڑکھڑیا ؛ کاٹھ کباڑ۔

ratty, a. چوہے سے متعلق یا چوہے کی خصوصیات والا ؛ چوہوں سے بھرا ہوا ۔ (عوامی) گھٹیا ، خستہ حال، خراب حال ؛ کمینہ ؛ ذلیل ۔

rat unit, n. (حیاتیات) کسی غذا یا دوا وغیرہ کی وہ کم سے کم خوراک جو کسی تجربہ گاہ میں چوہوں کے کسی گروہ پر ردِعمل مرتب کرے ۔

raucous, a. بھرائی ہوئی ، بیٹھی ہوئی (آواز) ؛ گلا بیٹھی ہوئی (آواز) ؛ گلو گرفتہ ؛ اُودھم مچانے والا اور غیر مُنظّم ۔

raucously, adv. بھرائے ہوئے ، گلو گیر انداز سے ؛ تیزی و تندی سے ؛ غیر منظم طریقے سے ۔

raucousness, raucity, n. بدانتظامی ؛ خراب گلا ؛ گلوگرفتگی ؛ بھاری پن (گلے کا) ۔

raunchy, a. (عوامی) بے ڈھنگا ؛ لاپرواہ ؛ پھوہڑ/ بدسلیقہ/لاابالی ؛ ناقابل ؛ پرانا یا پھٹا پرانا ؛ فحش ؛ نازیبا ؛ عیاش ؛ اوباش ۔

rauwolfia, n. کُچلہ یا ''ڈاگ بین'' (dogbane) نامی خاندان کی ''راولفیا'' نسل کی کوئی بھی جھاڑی یا درخت ، جس سے ''ریسربین'' نامی دوا حاصل کی جاتی ہے ۔

ravage, n. تشدد کے ذریعے پامالی یا تاراجی ؛ تباہی یا بربادی ۔

ravage, v.t. ضائع کر دینا ؛ تباہ کر دینا ؛ پامال کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ لوٹ لینا ؛ اُجاڑنا ۔ (فعل لازم) نقصان ہونا ؛ تباہ کن ہونا ۔

ravager, n. تباہ کُنندہ ؛ غارت گر ۔

rave, v.i. بے عقلی کی باتیں ہونا ؛ ہذیانی کیفیت میں مبتلا ہونا ؛ وحشت یا غصے میں ہونا ؛ بے انتہا زور و شور/جوش و جذبے سے گفتگو کا ہونا ۔ (فعل متعدی) وحشیانہ انداز سے یا جوش و جذبے سے بولنا ؛ نعرہ زنی کرنا ؛ بڑ مارنا ۔ (اسم) غضبناکی ؛ پُرجوش تبصرہ ۔

raver, n. غضبناک ؛ پُرجوش ؛ ہذیان میں مبتلا ۔

ravel, v.t.
(پیچ) کھولنا ؛ ادھیڑنا ، جیسے کسی بنے ہوئے
سویٹر وغیرہ کو ؛ الجھنا ؛ پیچیدہ بنانا ؛ پھنسنا ؛ سلجھانا ؛ ادھیڑنا ؛ عقدہ
کھولنا (out کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) (کپڑے وغیرہ کا) گھس کر تار تار
ہو جانا ؛ ادھڑنا ۔ (اسم) الجھاوا ؛ خراب یا الجھا ہوا دھاگا ؛ پیچ ؛ گِرہ ؛
گانٹھ ۔

raveler,(Brit.) raveller, n.
اُدھیڑنے والا ؛ کھولنے والا ؛
سلجھانے والا ۔

ravelment, n.
اُلجھاؤ ؛ گڑبڑ ؛ پیچیدگی ؛ ادھڑن ۔

raven, n.
(طیوریات) زاغ ؛ غُراب ؛
پہاڑی کوا ؛ پربت کاگ ؛ کوّے کی نسل Corvus corax کا ایک بڑا
پرندہ جس کے پر سیاہ چمکیلے ہوتے ہیں جن پر قزحی رنگ جھلکتے
ہیں ، گردن کے پر روئیں دار ہوتے ہیں اور آواز کرخت ہوتی ہے ، یہ
نصف کرّہ شمالی کے جنگلی علاقوں میں رہتا ہے ۔ (صفت) چمکیلے سیاہ
رنگ کا ؛ چمکیلا سیاہ ؛ زاغی ؛ غرابی ۔

raven, ravin, n.
شکار ؛ تباہی بربادی ؛ غارت گری ۔
(فعل لازم) حرص یا تشدُد سے شکار کیا جانا ؛ حریصانہ طور پر کھایا
جانا ۔ (فعل متعدی) ہڑپ کر لینا ؛ شکار کو جھپٹ لینا ؛ شکار کر لینا ؛
لوٹنا ؛ غارت گری کرنا ۔

ravener, n.
شکاری ؛ لالچی ؛ حرص و ہوس کا مارا ہوا ۔

ravening, a.
وحشیانہ انداز میں شکار کھیلنے والا ؛
ہڑپ کر جانے والا ۔ (اسم) شکار کا رجحان ۔

raveningly, adv.
وحشیانہ انداز سے ؛ ہوسناکی سے ۔

ravenous, a.
حریص ؛ لٹیرا ؛ بے حد بھوکا/جنم جنم
کا بھوکا ؛ ندیدہ ؛ سیری کے لیے بے تاب ۔

ravenously, adv.
حریصانہ طور پر ؛ بھوکوں کے انداز سے ؛
ندیدے پن سے ۔

ravenousness, n.
حرص ؛ ندیدہ پن ؛ بے انتہا بھوک ۔

ravine, n.
گھاٹی ؛ تنگ وادی ؛ بہتی ندی کی بنائی
ہوئی تنگ پہاڑی گزرگاہ ؛ نالا ؛ کھالا ۔

ravioli, n.
مربع شکل کی کچوری جس میں پنیر بھرا ہوا
ہوتا ہے اور جسے چٹنی یا بغیر چٹنی کے کھایا جاتا ہے ۔

ravish, v.t.
اغوا کر لینا ؛ (کسی عورت کو) زبردستی
اٹھا کر لے جانا ؛ زنابالجبر/عصمت دری کرنا ؛ تشدد کرنا ؛ تاخت و تاراج
کرنا ، جیسے کسی شہر کو ؛ کیف و مستی کے عالَم میں آنا ؛ عالَم وجد
میں آنا ۔

ravisher, n.
اغوا کُنندہ ؛ زنا بالجبر کا مرتکب ؛
غارتگر ؛ وجد میں آیا ہوا شخص ۔

ravishing, a.
مسرت انگیز ؛ وجد آور ۔

ravishingly, adv.
مسرت انگیز طور پر ؛ وجد آور انداز سے ۔

ravishment, n.
مسرت ؛ مسرت انگیز فعل ؛
غارت گری ؛ وجد ؛ کیف ؛ زنا بالجبر ۔

raw, a.
کچّا ؛ خام ؛ جسے پکا کر اپنی اصلی/
قدرتی شکل سے تبدیل نہ کر دیا گیا ہو ؛ جسے کسی صنعتی یا مشینی
ذرائع سے گزارا نہ گیا ہو ؛ ان بنا (جیسے : raw silk, raw hides) ؛ غیر
آمیزش شدہ یا جو ہلکا نہ کیا گیا ہو (جیسے : raw spirits) ؛ جو قدرتی
خول سے پوشیدہ/ڈھکا ہوا نہ ہو ؛ جس کا گوشت نظر آ رہا ہو/کھال
چھلا ؛ دکھتا ہوا ؛ سخت ؛ کھردرا ؛ بھدّا ؛ نفاست سے عاری ؛ تازہ تازہ
مکمل شدہ (جیسے : raw work) ؛ نا تجربہ کار (جیسے : raw soldier) ؛
ٹھنڈا ؛ اداس ؛ سرد مرطوب (جیسے : a raw day) ۔ (اسم) کھلی ہوئی ،
چھلی ہوئی یا دکھتی ہوئی جگہ ، جیسے کسی گھوڑے کے جسم میں ۔
(عوامی) عریاں ؛ ننگا ۔

in the raw,
ناپختہ کار ؛ نفاست سے عاری ۔

rawly, adv.
اناڑی پن سے ؛ نا تجربہ کاری سے ۔

rawness, n.
اناڑی پن ؛ ناتجربہ کاری ؛ ناپختگی ؛
کچّاپن ۔

rawboned, a.
استخوانی ؛ جس کی ہڈیوں پر گوشت کم ہو ؛
پتلا ؛ دبلا ؛ لاغر ؛ سُوکھا ہوا ؛ سوکھا مارا ۔

raw deal, n.
(عوامی) بہت غیر منصفانہ یا ظالمانہ سلوک ۔

rawhide, n.
کچا چمڑا ، مویشی کا بغیر کمایا ہوا چمڑا ؛
اس قسم کے چمڑے سے بنایا گیا رسّہ یا کوڑا ۔

rawhide, v.t.
کچّے چمڑے کے کوڑے سے مارنا ؛
بے رحمی سے مارنا ۔

rawinsonde, n.
لاسلکی آلات لگے موسمی غبارے سے موسم اور
آب و ہوا کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا طریقہ اور اس کے
وصول کرنے اور پتہ لگانے کے آلات ؛ لاسلکی آلات یا ایسے آلات لگا
غبارہ جو اس طریق کار میں استعمال ہوتا ہے ۔

raw material, n.
خام مال ؛ کوئی بھی ایسا مواد جو
اپنی اصلی/فطری حالت میں موجود ہو اور (اس حالت میں) کسی خاص
تیار شکل میں صنعت کاری یا پیداواری (مقاصد) کے لیے مناسب ہو ۔

ray, n.
کِرن ؛ شعاع ؛ جوت ؛ کسی روشن شے/
تابندہ شے سے بظاہر نکلتی ہوئی روشنی کی سیدھی لکیروں میں سے
کوئی سی ایک ؛ روشنی کی باریک سی کرن ؛ اشعاع ؛ کسی چیز کی
کرن یا شعاع جیسی لکیر مثلاً رنگ کی (لکیر) ؛ مدوّر شکل میں ترتیب
شدہ کوئی سا نظام ۔ (مجازاً) تابندگی/چمک دمک ، سراغ یا تھوڑا سا
اظہار (جیسے : a ray of hope) ۔(ریاضی) ایک نقطے سے گزرنے والی
سیدھی لکیروں میں سے کوئی سی ایک ۔ (طبیعیات) اشعاعی
قوت/توانائی کے پھیلاؤ میں لہروں کے سامنے کوئی بھی عمودی لکیر ؛
مادی ذرات کا بہاؤ جیسے کسی تابکار عنصر سے پیدا ہونے والا ۔
(حیوانیات) ستارہ مچھلی کے بازو یا حصوں میں سے کوئی سا ایک ؛
مچھلی کے پروں کو پھیلا کر رکھنے والے جڑے ہوئے ، نرم ، شاخ دار بال ،
(بمقابلہ پشت ماہی) ۔ (نباتیات) کرن پھول ؛ (پھول کی) چھتر کی رگ
شعاعی ۔ (فعل لازم) شعاع ریز ہونا ؛ کرنیں پھینکنا ؛ کرنوں یا نصف
قطروں کی مانند پھیلنا ؛ کرنوں یا شعاعی کرنوں سے آراستہ ہونا ۔ (فعل
متعدی) کسی پر لہریں/کرنیں ڈالنا ؛ منور کرنا ؛ کرنوں کے عمل کا
معمول بنانا ؛ (تابکاری وغیرہ میں) کرنوں/شعاعوں سے علاج کرنا ۔

ray, n.
ستارہ ماہی ؛ راتیہ ماہی ؛
شعاعیہ مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، جس کی مشہور مثال سکیٹ
مچھلی/لقمہ ماہی ہے جس کا بدن چپٹا ہوتا ہے اور سینے پر چپٹے فلس
ہوتے ہیں ۔

ray flower, ray floret, n.
(نباتیات) سورج مُکھی یا اس
قسم کے دیگر مرکب پھولوں میں اصل پھول کے بصلی دائرے کے ارد
گرد/ حاشیے میں لگی پتیوں میں سے کوئی ایک ۔

rayless, a. بے کِرن ؛ بے پتیّا پھول ؛ اشعاعی عمل نہ کرنے والا ؛ سیاہ یا غمگین/اداس ؛ تاریک ؛ بے شعاع ؛ بے نور۔

raylessness, n. بے کرنی ؛ بے شعاعی ؛ بے اشعاعیہ کیفیت ؛ سیاہی یا اداسی۔

rayon, n. ریون ؛ مصنوعی ریشم ؛ نقلی رُیشم ؛ ایک مصنوعی ریشہ/دھاگا جیسے نیم مائع خلوی مادے/سیلولوس کو باریک روزن دار دھاتی چادر میں سے دبا کر نکالنے سے بنایا جاتا ہے اس ریشے سے بنا ہوا کپڑا یا دھاگا۔

raze, rase, v.t. توڑ دینا ، گرا دینا یا زمین کی سطح کے ساتھ ملا دینا ؛ ڈھا دینا ؛ پامال کرنا ؛ منہدم کرنا۔

razer, n. توڑنے والا ؛ ڈھانے والا ؛ منہدم کرنے والا۔

razee, n. جریمہ ؛ بے عرشے کا لکڑی کا کم بلند جہاز خاص طور پر جنگی جہاز ؛ ایسا لکڑی کا جہاز جس کا عرشہ بلندی کم کرنے کی خاطر اتار دیا گیا ہو۔ (فعل متعدی) کاٹ کر چھوٹا کر دینا ، جیسے جہاز کا عرشہ اتار کر ؛ چھاٹنا ؛ کم کرنا ؛ کترنا۔

razor, n. مُو تراش ؛ استرا ؛ موسیہ ؛ ایک تیز دھار آلہ جو ڈاڑھی مونڈنے یا شیو بنانے اور بال کاٹنے وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

razor back, n. موسیہ پُشت ؛ امریکا کے جنوب مشرقی حصّوں میں پایا جانے والا اونچی کمر والا نیم جنگلی سور/خنزیر ؛ اونچی کمر والی وھیل مچھلی ؛ تنگ پتلی چوٹی والا پہاڑ۔

razorbacked, a. موسیہ پشت ؛ پتلی ، اونچی ، سخت کمر والا۔

razor-billed auk, razorbill, n. (طیوریات) موسیہ منقار ؛ تنگ منقار آک ؛ شمالی بحراوقیانوس کے ساحل پر پایا جانے والا ایک کالا سفید مرغ آبی ، ''ایلکا ٹورڈا'' (Alca torda) جو بطخ نما ہوتا ہے لیکن اس کا سر بھاری ، گردن موٹی اور چونچ چپٹی ہوتی ہے جس کے بیچوں بیچ ایک سفید نشان بنا ہوتا ہے۔

razor clam, jackknife clam, n. موسیہ صدفیہ ؛ ''سولین'' (Solenidae) خاندان کے دو صمامی صدفیوں میں سے کوئی ایک جس کا خول تنگ اور لمبا ہوتا ہے۔

razz, n. دیکھیے : Ras berry ۔ (فعل متعدی) (عوامی) ستانا ؛ تنگ کرنا ؛ مذاق اڑانا۔

razzle-dazzle, n. (عوامی) گڑبڑ ، حیرانی ؛ ہلاّ گُلاّ ۔ (فٹ بال) فریب کاری کا کھیل ؛ پرجوش ، رنگین لیکن لمحاتی/عارضی /مختصر کارروائی یا تفریح ۔ دیکھیے : razzmatazz

razzmatazz, n. (عوامی) رنگین مگر مختصر کارروائی یا تفریح ؛ عارضی ہلاّ گُلاّ ؛ گھما گھمی۔

r-color, n. (صوتیات) بعض حروف علّت کو زبان موڑ کر ادا کرنے کا عمل۔

r-colored, a. زبان موڑ کر حروف علّت ادا کرنے سے متعلق۔

re, n. (موسیقی) ہشت سُری سرگم/سپتک کا دوسرا سُر ؛ ''رے'' نامی سُر ؛ ''رے'' کا سُر۔

re, prep. کے معاملے میں ؛ بحوالہ (بیشتر اوقات اس معنی کو ظاہر کرنے کے لیے اس لفظ کے ساتھ n کا سابقہ لگاتے ہیں ۔ (قانون) بمعاملہ ؛ بمقدمہ۔

reach, v.t. رسائی حاصل کرنا یا پہنچنا ؛ پھیلے ہوئے بازو یا کسی پھیلائی ہوئی یا پھینکی ہوئی چیز سے (کسی شے کو) چھونا یا پکڑ لینا (جیسے : to reach a book on a highshelf) ؛ ہاتھ یا کسی ایسی ہی چیز کو کوشش کر کے پھیلا کر (کوئی چیز) لے لینا یا لے آنا ؛ مارنا یا ضرب مارنے میں کامیابی حاصل کرنا ، جیسے کسی ہتھیار یا میزائل سے ؛ حملہ کرنے یا مکافات میں پراثر کام یابی ہونا (جیسے : to seek to reach the instigators of a crime) ؛ اثر رسوخ ڈالنے ، دلچسپی پیدا کرنے یا (اپنی بات) منوانے میں کامیاب ہونا (جیسے : to reach a person through his vanity, to reach a desired class of customers) ؛ جا پہنچنا اور اثر کرنا (جیسے : to reach one's audience) ؛ چھونے یا ملنے کے لیے پھیلانا یا وسعت دینا (جیسے : the book case which reaches the ceiling) ؛ پہنچنا یا حرکت ، سفر یا جانے میں ممکنہ حد تک رسائی پانا (جیسے : The boat reached the shore,) ؛ (عام طور پر) پہنچنا (جیسے : sound reaches the ear) ؛ کسی ترقی یا کارگزاری کے کسی مرحلے پر آنا یا پہنچنا (جیسے : to reach a conclusion by reasoning,) ؛ حاصل کرنا (جیسے : to reach an age, rank or condition,) ؛ حاصل جمع ہونا یا برابر پہنچنا (جیسے : The cost will reach millions,) ۔ (متروک) تفہیم میں کامیابی حاصل کرنا ۔ (بول چال) پکڑے جانے کے لیے پھیلانا یا ہاتھ پھیلا کر کسی شے کو کسی تک پہنچانا (جیسے : Please reach me the salt) ۔ (فعل لازم) ہاتھ یا بازو کا دراز ہونا ؛ حرکت یا کوشش کا ہونا ، جیسے کسی چیز کو چھونے یا گرفت میں لینے کی (جیسے : to reach for a weapon) ؛ ہاتھ ، بازو یا کسی اور چیز کو ایک خاص لمبائی تک پھیلانا ؛ دائرہ کار یا دائرہ اثر کا پھیلانا (جیسے : news reaching to the homefront.) ؛ خلامیں پھیلنا یا (کسی) سمت ، طوالت یا فاصلے تک پہنچنا ؛ (بعض اوقات) وقت کا طول طویل ہونا (جیسے : Elizabeth's reign reached into the 17th century) ؛ کسی خاص جگہ ، شخص یا نکتے تک آنا یا پہنچنا (اکثر اس کے بعد to آتا ہے) ؛ کسی خاص رقم تک میزان کا پہنچنا (جیسے : sums reaching to a considerable total,) ۔ (جہازرانی) جہاز کا مقررہ راستے پر سفر میں ہونا ؛ تنگ راستے میں موڑنا یا رُخ بدلنا ؛ ہوا کے رخ پر جہاز کا چلنا ۔ (اسم) احاطہ ؛ زیر نگاہ حصّہ ؛ قدرت ؛ مقدور ؛ رسائی ؛ پہنچنے کا ایک یا مخصوص عمل (جیسے : to make a reach for a weapon,) ؛ پہنچنے کا فاصلہ یا رسائی کی حد (جیسے : the reach of the arm, grapes above one's reach, out of reach,) ؛ مؤثر عمل ، قوّت یا گنجایش کا دائرہ کار یا اس کی حدود ؛ فکر یا فہم کی ذہنی حد یا گنجایش ؛ کسی شے کا مسلسل پھیلاؤ یا اس کی وسعت (جیسے : a reach of woodland) ؛ دو موڑوں کے درمیان دریا کا حصّہ ؛ دو بندوں کے درمیان نہر کا ہموار حصّہ ؛ کسی گاڑی کے پچھلے اور اگلے (پہیّوں کی) گراریوں/گیئروں کو جوڑنے والی سلاخ ۔ (جہازرانی) وہ فاصلہ جو ایک حرکت میں طے ہو جائے ؛ ہوا کے رُخ کا راستہ ؛ وہ راستہ جہاں ہوا جہاز کے رُخ پر چل رہی ہو۔

reachable, a. قابل دسترس ؛ رسائی میں ؛ پہنچ یا زد میں۔

reacher, n. پہنچنے والا ؛ دسترس یا رسائی والا ؛ پہنچ والا۔

reachless, a. نارسا ؛ جس کی کوئی رسائی/دسترس/پہنچ نہ ہو۔

reach-me-down, n. (برطانوی) پُرانا کپڑا ؛ اُترن ۔ (صفت) (برطانوی) استعمال شدہ ؛ پرانا۔

react, v.i. ردّعمل ظاہر ہونا ؛ کسی کے زیر اثر جوابی عمل کا ہونا ؛ پلٹنا ؛ کسی مخصوص مہیّج یا ترغیب کے نتیجے میں حرکت

پذیر ہونا ؛ کسی اثر یا قُوّت کی مخالفت میں عمل ہونا ؛ الٹ انداز یا طریقے سے حرکت میں آنا/عمل پذیر ہونا ۔ (کیمیا) تعامل سے گزرنا ؛ ایک مادّے کا دوسرے مادّے پر عمل ہونا ؛ متأثر ہونا ۔

re-act, v.t. نئے سرے سے کام/عمل کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ اثر کرنا ؛ اثر قبول کرنا ؛ جوابی حملہ کرنا ؛ پلٹ کر حملہ کرنا ؛ باز عمل کرنا ۔

reactance, n. (برق) متعاملیت؛ اے ۔ سی بجلی کے کسی بھی سرکٹ/دائرہ عمل/دائرہ کار میں امالے اور گنجایش کے باعث ہونے والی مقاومت ۔

reactant, n. کوئی شخص یا شے جو ردّعمل ظاہر کرے ۔ (کیمیا) ایک کیمیائی تعامل میں کوئی بھی ایسی شے جو کیمیائی طور پر تبدیل ہونے کا خاصہ رکھتی ہو۔

reaction, n. ردعمل ؛ تعامل ؛ کوئی بھی جوابی عمل ؛ اُلٹ عمل ؛ رجعت پسندی ؛ برعکس یا ایسا عمل جو کسی پہلے عمل /پہلی حالت کی طرف رجوع پذیر ہو ؛ جوابی تحریک/حرکت یا جوابی عمل ، خاص طور پر کسی سابقہ سماجی /معاشرتی یا سیاسی نظام کی طرف مراجعت ؛ سیاسی قدامت پسندی کی طرف رُجحان ۔ (فعلیات) حرکت منعکسہ ، جیسے کسی عضلے یا عصبیے میں ۔ (طِب) کسی عضو یا نظام الاعضا میں کسی بیرونی عنصر کے دخول کا مخصوص اثر ؛ ضرورت سے زیادہ جوش و خروش یا ہیجان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی مایوسی یا تھکن ؛ مایوسی کے بعد کارکردگی میں اضافہ ۔ (نفسیات) کسی ذاتی تجربے یا صورت حال کے نتیجے میں خلاف معمول رویہ ۔ (طبیعیات) کسی جسم پر کسی اور جسم یا نظام کا وہ ردعمل جس کا مظہر مخالف سمت میں لگائی گئی قُوّت کے برابر کام ہوتا ہے ۔

reactionary, a. رجعت پسند ؛ لکیر کا فقیر ؛ رجعت پسندانہ ؛ کسی ردعمل سے متعلق ، اس کی حمایت میں یا اس سے پیدا شدہ ۔ (اسم) وہ شخص جو لکیر کا فقیر ہو ؛ رجعت پسند شخص ؛ ایسا شخص جو سماجی اور سیاسی تبدیلیوں کا مخالف ہو ؛ ترقی کا مخالف ؛ سیاسی یا سماجی تبدیلیوں کا مخالف ۔ نیز : reactionist ۔

reaction engine, n. تعاملی انجن ؛ جیٹ انجن ؛ ایسا انجن جو جلے ہوئے ایندھن کی اخراجی قُوّت کے تعامل سے پیدا ہونے والی دھکیل کی طاقت سے چلے ۔

reactivate, v.i., v.t. باز فَعّال بنانا ؛ دوبارہ عمل پذیر ہونا یا ہونے کے قابل بنانا ۔

reactivation, n. باز فعالی ؛ دوبارہ سرگرم عمل ہونے یا کرنے کا عمل ؛ دوبارہ سرگرمی ۔

reactive, a. تعاملی ؛ جس کا رُجحان ردّعمل کی طرف ہو ؛ ردّعمل کے نتیجے میں پیدا/حاصل شدہ ؛ کسی مہیّج کے لیے ردّعمل ظاہر کر سکنے والا ؛ متعامِل ۔

reactively, adv. متعاملانہ ؛ ردّعمل کا رجحان ظاہر کرتے ہوئے ؛ ردِّعمل کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہوئے ۔

reactiveness, reactivity, n. تعاملیت ؛ ردعمل کی جانب رُجحان کی موجودگی ؛ جوابی عمل کے طور پر وجود میں آنے کا عمل ؛ رجعت پذیری ۔

reactor, n. تعامل گر ؛ ردِّعمل (ظاہر) کرنے والا کوئی شخص یا مادہ۔(برق) اے ۔ سی بجلی کے کسی سرکٹ میں مزاحمت پیدا کرنے کا ایک آلہ ۔ (حیاتیات) ایسا شخص یا جانور جو کسی بیرونی عنصر کے دخول پر مثبت ردعمل ظاہر کرے ۔ (کیمیا) کسی کیمیائی تعامل کے لیے کوئی چھوٹا ٹب وغیرہ ، خاص طور پر صنعتوں میں ۔ (طبیعیات) کسی تابکار مادّے کے خود خیز انتشار کا آغاز یا اسے قابو میں رکھنے والا سازوسامان ؛ جوہری تعامل گر ، اسے "Atomic pile" یا "pile" یا "nuclear reactor" بھی کہتے ہیں ۔

read, v.t. پڑھنا ؛ مُطالعہ کرنا ؛ (کسی تحریر یا طبع شدہ مواد کے) مفہوم کو سمجھنا ؛ پڑھنا ، جیسے کسی خط یا کتاب کو ؛ زور زور سے پڑھنا ؛ (کسی تحریری یا طبع شدہ مواد کو) تقریر میں بیان کرنا/بولنا ؛ کسی زبان کا ایسا عِلم رکھنا کہ اس زبان میں لِکّھی ہوئی چیزوں کو پڑھ/سمجھ سکیں ؛ جائزے یا مشاہدے کے ذریعے ماہیت/اہمیت کو سمجھ لینا (جیسے : to read the sky) ؛ پیش گوئی یا پیش بینی کرنا ، جیسے کسی کے مستقبل کے بارے میں ؛ معنی سمجھنا یا دریافت کرنا/تعبیر بتانا ، جیسے کسی خواب کی یا معمّے/چیستان کا حل بتانا ؛ کسی شخص کے کردار کا اس کے ظاہری اطوار سے اندازہ لگا لینا ؛ کسی پڑھی ہوئی یا تفہیم شدہ چیز میں وہ چیز بتانا جو اس میں بلاواسطہ طور پر ظاہر نہ کی گئی ہو (جیسے : to read hostility into a person's remarks) ؛ بین السطور میں جھانکنا ؛ کسی پڑھی ہوئی یا مشاہدہ کی ہوئی چیز کو کسی مخصوص انداز میں سمجھنا ؛ کسی عبارت میں کسی لفظ کی جگہ دوسرا لفظ پڑھنا یا پڑھوانا (جیسے : For 'fail' a misprint, read 'fall') ؛ مطالعہ یا مطالعۂ کتب کرنا (جیسے : to read philosophy) ؛ دیکھ کر سیکھنا یا تفہیم حاصل کرنا (جیسے : to read another's thoughts.) ؛ پڑھتے پڑھتے کسی خاص حالت کو پہنچنا یا پہنچانا (جیسے : to read a child to sleep)؛ کسی تھرمامیٹر یا دیگر آلے کا ناپنا یا ظاہر کرنا ؛ (کسی مخصوص شکل میں) حاصل کردہ معلومات کا مطلب نکالنا ؛ کسی جمع شدہ/محفوظ شدہ چیز سے معلومات حاصل کرنا ، جیسے کمپیوٹر کے پنچ کارڈ یا ٹیپ سے ۔ (فعل لازم) تحریری یا غیر تحریری اشاروں یا حروف کا جائزہ لینا اور انھیں سمجھنا ؛ تحریر یا طباعت شدہ/مطبوعہ مواد کا جائزے یا مطالعے میں آنا ؛ زیر جائزہ مواد کا زور زور سے پڑھا یا بولا جانا ؛ تحریر یا طباعت میں لایا جانا ؛ کسی جلسے میں پڑھا جانا ؛ سنجیدگی سے پڑھائی یا مطالعے میں مصروف ہونا ؛ کسی چیز کے بارے میں مطالعے کے ذریعے علم کا حاصل ہونا ؛ کسی چیز کے پڑھے جانے کا اقرار ہونا، خاص طور پر مناسب انداز سے یا عمدہ طور پر (جیسے : This paragraph reads well) ؛ مخصوص الفاظ میں ہونا ؛ مطلب لیے جانے یا سمجھے جانے کے قابل ہونا (جیسے : a sentence that reads two different ways) ۔ (صفت) مطالعے سے حاصل شُدہ عِلم رکھنے والا ؛ عالم ؛ پڑھ کر خوب معلومات حاصل کرنے والا (خاص طور پر مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے. ، جیسے : "well read") ۔ (اسم) (بول چال) مطالعہ ؛ مطالعے کا عمل ؛ مطالعے میں گزرا ہوا وقت ؛ مطالعے کا دورانیہ ۔

read between the lines چُھپا ہوا ، خفیہ ، پوشیدہ مطلب سمجھ لینا ؛ بین السطور پڑھنا ۔

read in, کسی کمپیوٹر میں اعداد و شمار/معلومات داخل کرنا ۔

read out, نکال دینا ، جیسے کوئی پارٹی یا تنظیم

عوامی اعلان کے ذریعے کسی کو اپنی جماعت سے نکال دے ؛ کسی کمپیوٹر سے (جمع شدہ/داخل شدہ) اعداد و شمار/معلومات حاصل کرنا ۔

readable, a. قابلِ مطالعہ ؛ خوانا ؛ ایسا جو پڑھا جا سکے ؛ پڑھنے میں آسان یا دلچسپ ؛ خواندگی پذیر ؛ مطالعہ پذیر ۔

readability, readableness, n. قابلِ مطالعہ ہونے کا عمل ؛ سہولت/دلچسپی سے مطالعے کا عمل ؛ مطالعہ پذیری ۔

readably, adv. مطالعہ پذیرانہ/قابلِ مطالعہ انداز سے ۔

reader, n. قاری ؛ ناظِر ؛ عالِم ؛ ریڈر ؛ پڑھنے والا ؛ مطالعہ کُنندہ ؛ مطالعے اور یاد کرنے کے لیے مدرسے کی ایک کتاب ؛ شائع ہونے کے لیے پیش شدہ مسودوں کو ان کی خوبیوں کی جانچ پڑتال کرنے کے لیے پڑھنے والا ملازم ؛ تصحیح کے لیے پروف پڑھنے والا شخص ؛ پروف خوان ؛ گرجا میں باضابطہ طور پر تقریر کرنے والا/خطاب کرنے والا شخص ؛ کسی پروفیسر/استاد/مُعلّم کا نائب جو طلبہ کی درجہ بندی (امتحانی پرچوں اور تحریروں کی مدد سے) کرتا ہو ۔ (برطانوی) مقرّر ؛ ایسا شخص جو سامعین/ناظرین کے سامنے نظم و نثر پڑھے ؛ کتاب خواں ؛ نقّاد ؛ مِسل خواں ۔

readership, n. مطالعہ ؛ پڑھنے والے شخص کی کیفیت یا اس کا پیشہ ؛ وہ لوگ جو کسی مخصوص کتاب کو پڑھیں ؛ دائرۂ مطالعہ (جیسے : The magazine has a wide readership) ؛ ناظر یا نائب پروفیسر کا عہدہ ۔

readily, adv. جھٹ پٹ ؛ تیزی سے ؛ فوراً ؛ پھرتی سے ؛ رضا مندی سے ؛ خوشی خوشی ؛ آسانی سے ؛ بلاتاخیر ؛ جلدی سے ۔

readiness, n. تیّار ہونے کی صفت یا کیفیت ؛ تیاری ؛ آمادگی ؛ رجحان؛ تیزی/پھرتی ؛ خوشی ؛ برجستہ کاری ؛ رضامندی ؛ مستعدی ۔

reading, n. پڑھائی ؛ خواندگی ؛ قرات ؛ خوش خوانی ؛ مطالعہ ؛ کسی پڑھنے والے کا عمل یا اس کی عادت ؛ حد مطالعہ ، کہ کسی نے کتنا کچھ پڑھ لیا ہے ؛ کتابی علم ؛ تحریر شدہ/صوتی طور پر محفوظ شدہ الفاظ کا زور سے پڑھنا ؛ کسی کتاب/تحریر میں ایک مخصوص عبارت ؛ کسی ڈائل یا درجے دار آلے پر موجود نشانات ؛ کسی بھی چیز کی دی گئی کوئی تعبیر (جیسے : her reading of the situation) ؛ کسی ڈرامے کے حصے یا غنائیہ میں (اپنے حصے کی) ادائیگی ۔

reading desk, n. مطالعے کی میز ؛ خصوصاً کسی ایستادہ شخص کے لیے پڑھنے کی میز ؛ گرجا کا منبر ؛ کتاب چوکی ؛ رحل ۔

reading rate, n. (تعلیم) شرحِ مطالعہ ؛ رفتارِ مطالعہ کی پیمایش جو عموماً الفاظ فی منٹ میں بیان کی جاتی ہے ۔ (کمپیوٹر) کسی خاص وقت میں (جیسے فی منٹ) حروف ، کارڈ یا الفاظ کے زیر عمل آنے کی رفتار ۔

readjust, v.t. باز تسویہ کرنا؛ دوبارہ مُرتّب کرنا یا طے کرنا ؛ ترتیب نو سے آراستہ کرنا ؛ از سرنو موافق یا متوازن کرنا ؛ اصلاح کرنا ۔

readjustment, n. ترتیبِ نو ؛ تشکیلِ نو ؛ تسویۂ نو ؛ باز تسویہ ۔

readout, n. (کمپیوٹر) ایسی مشین جو جمع شدہ معلومات کو ہندسوں کی صورت میں سامنے لے آئے ؛ ایسی مشین/کمپیوٹر سے حاصل شدہ اعداد و شمار یا معلومات ۔

ready, a. تیّار ، مستعد ؛ آمادہ ؛ لیس ؛ فوری استعمال کے لیے موجود ؛ ادراک میں تیز یا مستعد ؛ رضامند ؛ خواہشمند ؛ مناسب ؛ فوری حاضر ؛ مہیا ؛ کمر بستہ ؛ سہل /آسان/باسہولت ؛ آخری کنارے تک (to کے ساتھ ، جیسے : ready to begin)۔ (فعل متعدی) تیار کرنا ؛ مستعد رکھنا ۔ (اسم) تیاری/مستعدی کی کیفیت یا حالت ؛ بندوق بدستی یعنی بندوق/رائفل نشانے کے لیے تیار کر لینے کا عمل ۔ (بول چال) حاضر رقم ؛ نقد رقم۔

ready-made, a. بنا بنایا ؛ (کوئی شے) استعمال یا فروخت سے پہلے جمع/تیار شدہ (جیسے : ready-made clothes) ؛ رسمی ؛ عام۔ (اسم) بنی بنائی کوئی شے ، جیسے سلے سلائے کپڑے۔

ready room, n. حاضر کمرا ؛ وہ کمرا جہاں فضائی عملہ پرواز سے قبل اپنے احکام اور ہدایات وصول کرتا ہے ۔

ready-to-wear, a. بنا بنایا ؛ سلا سلایا ، جیسے ملبوس ۔

ready-to-wear, n. بنا بنایا ملبوس ؛ سلا سلایا کپڑا ؛ بنی بنائی کوئی شے جیسے سلے سلائے کپڑے ،پہننے کے قابل۔

ready-witted, a. حاضر جواب ؛ طبّاع ؛ ذہین ؛ تیز فہم ؛ زُود فہم ۔

reagent, n. (کیمیا) عامِل ؛ کوئی بھی ایسے شے یا مادہ جو اپنی اثر پذیری کے باعث کیمیائی تجزیے میں استعمال کیا جائے ؛ مؤثِر ؛ اثر پذیر شے یا قُوّت ؛ اثر آفریں ؛ معمول ۔

real, a. اصلی ؛ حقیقی ؛ سرسری یا بہ ظاہر (شے) کے مقابلے میں سچی (بات) جیسے کسی عمل کا سبب ؛ حقیقی وجود کا حامل ؛ تصوراتی ، مثالی ، افسانوی کے برعکس اصلی/حقیقت پر مبنی جیسے حالات ؛ تصوراتی طور پر نہیں ، بلکہ حقیقی طور پر معروضی وجود کا حامل ؛ نام نہاد طور پر نہیں بلکہ سچ مچ جیسے (حقیقی) فتح ؛ اصلی (نقلی کے برعکس) ؛ غیر مصنوعی ؛ غیر جعلی ؛ وفادار یا مخلص ۔ (فلسفہ) موجود ، اصل ، وجود رکھنے والا بمقابلہ امکانی یا ممکنہ کے ، ذہنی یا فکری طور پر آزادانہ وجود رکھنے والا ؛ رئیسانہ ؛ شاہانہ ؛ امیرانہ ۔ (قانون) غیر منقولہ جائیداد سے متعلق یا اس کے بارے میں جیسے زمین،جائیداد ؛ منقولہ جائیداد کے برعکس ۔ (بصریات) شعاعوں کے حقیقی سمٹاؤ سے نمودار ہونے والے عکس کے متعلق ، جیسا عکس کیمرے میں نمودار ہوتا ہے ۔ (ریاضی) فرضی نہیں بلکہ حقیقی صحیح یا غیر صحیح اعداد بطور مقدار یا عدد کے ۔ (متعلق فعل) (بول چال) سچ مچ ؛ بہت زیادہ ؛ اصلاً ۔ (اسم) حقیقت . کوئی حقیقی چیز یا حقیقی وجود (عموماً the پہلے آتا ہے) ؛ صحیح عدد ۔

for real, (عوامی) سچ مُچ ؛ واقعی ؛ موجود ۔

realness, n. حقیقت ؛ سچ مُچ موجود ہونے کا عمل ؛ اصلیت ۔

real estate, n. جائیدادِ غیر منقولہ ؛ زمین اور جو کچھ قدرتی طور پر یا مصنوعی طور پر زمین سے متعلق ہو جائے یا کر دیا جائے جیسے درخت ، عمارات ؛ زمین کی مِلکیت یا زمین کی بصورتِ جائیداد موجودگی ۔

realgar, n. راہج الفار ؛ لال ہڑتال ؛ آرسینک سلفائڈ ، جو قدرتی طور پر نارنجی رنگ کی معدنی شکل میں ملتا ہے ، مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے ، آتش بازی میں کام آتا ہے ۔

realia, n. حقائق ؛ ایسی اشیا یا ایسا کام (یا اس سے متعلق) جو کمرۂ جماعت کی صورت حال کو حقیقی زندگی سے جوڑ کر درس و

تدریس میں استعمال ہو ۔

realism, n. حقیقت بینی ؛ حقیقت شناسی ؛ حقیقتِ کُلّیات ؛ حقیقت پسندی ؛ حقیقت نگاری ؛ حقیقی شے سے تعلق یا اس کی طرف توجُّہ ؛ اشیا کو مثالی یا رومانوی انداز کے برعکس حقیقی انداز سے دیکھنے کا رُجحان ؛ ادب یا فن میں حقیقت سے گہری مشابہت ؛ ایسا انداز نگارش جو تفصیلات کے ،فطرت یا روزمرہ زندگی کے مطابق ، حقیقی/سچا ہونے پر زور دے ، اکثر و بیشتر ایسی تفصیلات ناخوشگوار ہوتی ہیں ۔ (فلسفہ) یہ نظریہ کہ اشیا/کائناتی اشیا ذہن سے باہر حقیقی اور معروضی وجود رکھتی ہیں ۔

realist, n. حقیقت پسند ؛ حقیقت نگار ۔ (فلسفہ) اشیا کو حقیقی اور معروضی وجود سے مُتّصف ماننے والا ۔

realistic, a. حقیقت پسندانہ ؛ حقیقت نگارانہ ۔ (فلسفہ) نفس الامری ۔

realistically, adv. حقیقت پسندانہ انداز سے ۔

reality, n. حقیقت ؛ اصلیت ؛ نفس الامر ؛ حقیقی/اصلی ہونے ، حقیقی وجود رکھنے یا حقیقت میں واقع ہونے کی کیفیت ؛ ایک اصلی/حقیقی چیز یا سچائی ؛ وہ جو اصلی/حقیقی ہو ، تصوُّراتی یا صرف ظاہری کے برعکس ۔ (فلسفہ) قائم بِالذّات/وجود مطلق جس میں سے باقی موجودات وجود پائیں ۔

in reality, درحقیقت ؛ سچ مُچ ؛ واقعیت میں/واقعی ؛ اصلاً ۔

realization, n. حُصُول ؛ وصولیابی ؛ عمل پذیری ؛ شعور و فہم ؛ حقیقت بنانے یا بننے کا عمل یا اس کی کیفیت ؛ کسی تصوُّراتی شے یا منصوبہ بندی کی گئی شے کو عملی جامہ/حقیقی جامہ پہنانے کا عمل ؛ کسی شے کی حقیقت/ماہیت کے بارے میں واضح تصور بنانے کا عمل یا ایسا واضِح تصوُّر (بذات خود) ؛ چیک/ہُنڈی کی رقم کا حُصُول ۔

realize, v.t. گرفت میں لے لینا یا واضح طور پر/ صاف صاف سمجھ لینا ؛ (خوابوں یا خوف کو) حقیقت بنا دینا یا حقیقی جامہ پہنا دینا ؛ حقیقت یا زندگی کے مطابق بنانا جیسے کسی بیان کو یا کسی تصویر کو ؛ حقیقی ہونے کی کیفیت کو سمجھنا یا اس کا ادراک کرنا ؛ نقدی یا روپے پیسے میں تبدیل کرنا ؛ تجارت یا کوشش کے ذریعے اپنے لیے حاصل کرنا یا فائدہ اٹھانا ؛ (جائیداد کے بارے میں) نفع لانا یا حاصل کرنا ، جیسے فروخت یا سرمایہ کاری سے ۔ (فعل لازم) کسی جائیداد یا دیگر قیمتی شے کا نقد رقم یا دولت میں تبدیل ہو جانا ۔

realizable, a. حقیقی جامہ پہننے یا پہنائے جانے کے قابل ؛ نفع دینے کے قابل ؛ وُصُولی کے قابل ؛ عمل پذیر ۔

realizer, n. منصوبوں/خوابوں کو حقیقت بنانے والا ؛ جائیداد وغیرہ بیچ کر رقم کھری کرنے والا ۔

realizing, a. وہ جو حقیقی جامہ پہنائے ؛ تفہیم میں واضح ۔

realizingly, adv. حقیقت بنانے کے انداز میں ؛ سمجھتے ہوئے ۔

really, adv. سچ مُچ ؛ واقعی ؛ حقیقتاً ؛ بے شک ؛ فی الحقیقت ؛ اصل میں ؛ فی الواقع ؛ بالتّحقیق ۔

realm, n. سلطنت ؛ دائرۂ اثر ؛ حلقۂ اقتدار ؛ مملکت ؛ ممالک محروسہ ؛ بادشاہت ؛ قلمرو ؛ اقلیم ؛ کِشوَر ؛ حلقہ ؛ میدان ۔

real number, n. (ریاضی) حقیقی عدد ؛ صحیح عدد ؛ ایسا عدد جو فرضی نہ ہو ؛ ناطق یا غیر ناطق عدد ۔

Realpolitik, n. (بعض اوقات چھوٹے r سے) حقیقت پسندانہ یا عملی سیاست ؛ مثالی یا نظریاتی سیاست کے برعکس ؛ قوّت یا طاقت کی حمایت کا نظریہ ۔

real presence, n. (اکثر بڑے R سے) (الٰہیات) عینیّت مسیح (علیہ السلام) ؛ یہ اعتقاد/ایمان کہ عَشائے ربّانی میں مسیح حاضر ناظر ہوتے ہیں ۔ دیکھیے : consubstantiation اور trans-ubstantiation ۔

real time, n. (کمپیوٹر) اصل وقت ؛ کمپیوٹر کی شماریات کے حصول اور ان شماریات کے کرنے کے طبعی عمل کے مابین اضافی وقت ۔

Realtor, n. ریالٹر ؛ جائیداد کی خرید و فروخت کے کاروبار میں ایک دلّال یا کوئی ایسا شخص جو امریکی ادارے نیشنل ایسوسی ایشن آف ریئل اسٹیٹ بورڈ کا سرگرم رُکن اور اس کے قواعد و ضوابط کا پابند ہو ۔ (تجارتی نشان) ۔

realty, n. (قانون) غیر منقولہ جائیداد ؛ زمین وغیرہ ؛ اٹل دھن ۔

real wages, n. وہ اشیا /اجناس اور خدمات جو کسی کارُکن کی مزدوری میں خریدی جاسکتی ہوں ؛ مزدوری جسے ادا شدہ رقم میں نہیں بلکہ (اُس رقم کی) قوّتِ خرید سے ناپا جائے ۔ تقابل کے لیے دیکھیے : nominal wages ۔

ream, رِیم ؛ رِم ، بیس دستہ گڈّی ؛ کاغذ کا رِم جس میں بیس دستے کاغذ یعنی ۵۰۰ تختے کاغذ ہوتا ہے ؛ رزمہ ۔

short ream, چھوٹا رِم ؛ ۴۸۰ تختوں والا رِم ۔

long ream, بڑا رِم ؛ ۵۱۶ تختوں والا رِم نیز : printer's ream, perfect ream, ۔ (جمع) (بول چال) بہت زیادہ تعداد ، ڈھیر (جیسے : reams of information.) ۔

ream, v.t. برمے وغیرہ سے بڑا کرنا جیسے کسی سوراخ کو یا توپ کی نالی کو ؛ مخروطی انداز کی شکل دینا یا سلامی دینا جیسے برمے سے سوراخ کی ؛ برمے کے ذریعے کسی نقص/خرابی وغیرہ کو دُور کرنا ؛ کسی پھل کا رس نکالنا برمے سے ۔

reamer, n. برما ؛ روزن/سوراخ بنانے کے لیے ایک گول گھومنے والا آلہ ؛ ''لیموں نچوڑ'' کی قسم کا کوئی آلہ جسے پھل کا رس نکالنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کوئی بھی روزن کرنے/رس نکالنے والا شخص یا آلہ ؛ رس کش ۔

reanalysis, n. تجزیۂ مکرّر ۔

reanalyze, v.t. دوبارہ تجزیہ کرنا ۔

reanimate, v.t. جِلانا ؛ دوبارہ زندگی دینا ؛ حیات نو دینا ؛ دوبارہ سانس دلانا ؛ زندگی یا حرکت بحال کرنا ؛ نئی قوّت یا حوصلہ بھردینا ؛ احیا کرنا ؛ تازہ کرنا یا ہونا ۔

reanimation, n. جلا ؛ حیاتِ نو ؛ نیا حوصلہ ؛ نئی قوّت ؛ نئی زندگی ؛ ہمّت افزائی ؛ تازہ دلی ؛ احیا ؛ نو دمی ۔

reannex, v.t. دوبارہ الحاق کرنا جیسے کسی علیحدہ علاقے کا ۔

reannexation, n. اِلحاقِ مکرّر ؛ دوبارہ الحاق ۔

reap, v.t. درانتی ، تیز دھار آلے یا مشین سے فصل وغیرہ کاٹنا ؛ غلّے کی فصل کو اکٹھا کرنا یا کاٹنا ؛ تلافی یا بدلے کے طور پر حاصل کرنا (جیسے: to reap the benefits or other results of an act or deed.) ۔ (فعل لازم) کاٹنے کے عمل کو سرانجام دینا ؛ اپنی محنت یا کارکردگی کے نتائج کا حاصل ہونا ؛ نتیجہ پانا ؛ پھل پانا ۔

reaper, n. (فصل) کاٹنے والا ؛ (فصل) کاٹنے والی مشین ؛ درانتی ۔

reaping machine, n. فصل کاٹنے کی مشین ؛ گھوڑے/بیل یا ٹریکٹر سے چلائی جانے والی فصل کاٹنے والی مشین جس میں اکثر و بیشتر کٹی ہوئی فصل کو دبانے ،بنڈل بنانے اور باندھنے کے لیے بھی آلات ہوتے ہیں ۔

reappear, v.i. باز نمود ہونا ؛ دوبارہ یا نئے سرے سے ظاہر/نمودار ہونا ؛ ظہورِ ثانی کرنا ؛ نمایشِ مکرّر کرنا ۔

reappearance, n. باز نمود ؛ ظُہورِثانی ؛ دوبارہ ظاہر ہونے کا عمل ؛ نمودِ نَو ؛ نمایش مکرّر ۔

reapply, v.t., v.i. باز درخواست کرنا ؛ دوبارہ درخواست دینا/گزارنا ؛ نئے سرے سے درخواست دینا/گزارنا ۔

reapplication, n. باز درخواست ؛ دوسری درخواست ؛ نئے سرے سے دی گئی درخواست ۔

reappoint, v.t. باز تقرُّر کرنا ؛ دوبارہ تقرُّر کرنا ۔

reappointment, n. باز تقرُّر ؛ دوبارہ تقرُّر ؛ نئے سرے سے تقرُّر ۔

reapportionment, n. باز تقسیم ؛ کسی چیز کی تقسیم/حصّہ رسانی کو بدلنے کا عمل یعنی دوبارہ تقسیمی عمل ؛ کسی مقنّنہ میں نمائندوں کی تقسیم نو/تقسیم مکرّر ۔

reapportion, v.t. باز تقسیم کرنا یا نئے سرے سے یا دوبارہ بانٹنا/حصّہ رسانی کرنا ۔

reappraise, v.t. باز تعیین کرنا ؛ نئے سرے سے/دوبارہ اندازہ لگانا یا قدر کا تعیُّن کرنا ۔

reappraisal, n. باز تعیین؛ نیا اندازہ ؛ تعیینِ نَو ؛ تَعیینِ مکرَّر ؛ اندازۂ ثانی ۔

rear, v.t. پالنا پوسنا ؛ بُلوغت تک کے لیے پرورش کرنا ؛ امداد کرنا یا حفاظت کرنا (جیسے :to rear children) ؛ پالنا یا دیکھ بھال کرنا ؛ نشوونما کرنا یا تعلیم دینا ؛ (مویشیوں کی) افزایشِ نسل کرنا ؛ (پودے) اُگانا ؛ تعمیر کے ذریعے بنانا یا بلند کرنا ؛ سیدھا کھڑا کرنا ؛ اُٹھانا یا اُٹھائے رکھنا ؛ سربلند کرنا/بلند کرنا ؛ پروان چڑھانا ۔ (فعل لازم) پچھلی ٹانگوں پر کھڑے ہونا ، جیسے گھوڑے یا کسی اور جانور/مویشی کا ؛ اُوپر اٹھنا یا سربلند ہونا ؛ الف ہونا ؛ چراغ پا ہونا ؛ ایستادہ حالت میں ہونا ؛ اونچا ہونا جیسے کسی عمارت کا ؛ غصّے یا اظہارِ نفرت میں اُٹھ کھڑے ہونا (عموماً up کے ساتھ ، جیسے : the Crew reared up against the Captain.) ۔

rear, n. پچھواڑا ؛ عقب ؛ پُشت یا سامنے کے حصّے کے برعکس ؛ پیٹھ ؛ کسی چیز کے پیچھے یا پُشت /پیٹھ کی طرف کوئی جگہ یا حالت ؛ متاخَّر ؛ پسِ منظر ؛ سُرین ۔ (عسکری) کسی جنگ یا محاذِ جنگ سے دُور ترین کوئی بھی علاقہ ، فوج کا حصّہ یا بحری بیڑا ۔ (صفت) پچھلا ؛ پشت کا ؛ کسی بھی چیز کے عقب/عقبی حصّے سے متعلّق یا وہاں پر واقع ؛ دنبالے کا ۔

rear admiral, n. رئیر ایڈمرل ؛ معاون نائب امیرالبحر ؛ بحریہ کا ایک کمیشن یافتہ افسر جو کپتان سے بڑا اور وائس ایڈمرل سے چھوٹا ہوتا ہے ؛ نائب امیرالبحر سے کمتردرجے کا افسر ۔

rear echelon, n. (عسکری) عقبی ترتیب ؛ محاذِ جنگ کے عقب میں واقع رسد گاہ اور انتظامی صدر دفتر ۔

rear guard, n. (عسکری) عقبی محافظ ؛ سپاہ عقب ؛ پس لشکر ؛ اصل فوج سے علیحدہ کیا ہوا وہ دستہ جو عقبی حصّے کو آگے لانے اور اس کی حفاظت پر مامور ہوتا ہے یا اس کی پسپائی کے وقت حفاظت کرتا ہے ؛ مؤخر الجیش ۔

rearguard action, n. اقدام مؤخَّر الجیش ؛ اقدامِ عقبی محافظ ؛ تاخیر کے لیے یا دفاعی انداز کی وہ لڑائی جس میں کسی فوج کے عقبی محافظ/مؤخَّر الجیش حصہ لیں ؛ سخت غیر موافق حالات کے باوجود موجودہ صُورتِ حال کے دفاع اور برقراری کے لیے کی جانے والی کوئی بھی کوشش ۔

rearm, v.t. دوبارہ مسلّح کرنا ؛ نئے یا بہتر اسلحے سے لیس کرنا ۔

rearmament, n. از سرِ نو مسلّح کرنے/ہونے کا عمل ؛ از سرِ نو اسلحہ بندی ۔

rearmost, a. عقب میں سب سے پیچھے/ پچھلا ؛ سب سے آخری ؛ انتہائی مؤخّر ۔

rearmouse, n. دیکھیے : Reremouse ۔

rearouse, v.t. دوبارہ جگا دینا یا حیاتِ نو بخش دینا ؛ عمل نو کے لیے اُکسانا یا ترغیب دینا ؛ دوبارہ روشن کرنا ۔

rearousal, n. بیداریٔ نَو ؛ حیاتِ نَو ؛ نشاۃِ ثانیہ ۔

rearrange, v.t. دوبارہ ترتیب دینا ؛ پھر سے مناسب ترتیب میں لانا/رکھنا ؛ دوبارہ جمانا ؛ دوبارہ تنظیم کرنا ۔

rearrangement, n. ترتیبِ نو ؛ دوبارہ تنظیم ۔

rearrest, v.t. مکرّر گرفتار کرنا ؛ کسی مفرور شخص /مجرم کو وارنٹ کے بغیر دوبارہ گرفتار کر لینا ۔

rearward, rearwardly, rearwards, a. عقبی ؛ آخری ؛ پچھلا ۔ (متعلق فعل) پیچھے کی طرف یا عقب میں ؛ پچھلی طرف ۔

rearward, n. آخری یا عقبی مقام ۔

rearwardness, n. عقبیت ؛ آخری یا عقبی ہونے کا عمل یا اس قسم کی کیفیت/حالت ۔

reason, n. باعث ؛ موجب ؛ عِلّت ؛ سبب ؛ وجہ ؛ کسی اعتقاد/ایمان یا عمل کی وجہ یا اس کا مقصد ؛ کسی اعتقاد/ایمان یا عمل کی تشریح یا تائید میں بیان ؛ عقل ؛ ذہن کی عام یا صحتمندانہ قُوّت ؛ عقلمندی ؛ اچّھی قُوّتِ فیصلہ یا عمدہ شعور ؛ باہوش گفتگو یا مشورہ ۔ (منطق) کسی استدلال کی بُنیاد ؛ دلیل ، بالخصوص مُقدّمۂ صُغریٰ جب اُسے نتیجے کے بعد رکّھا جائے ۔ (فعل لازم) عقل یا استدلالی قُوّت کو استعمال میں لانا ؛ حقائق یا قضیات /مُقدّمات سے نتائج کا اخذ کرنا ؛ منطقی انداز سے بحث و استدلال میں شریک ہونا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے بارے میں بحث کرنا یا اُسے زیرِ بحث لانا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ بحث و استدلال سے کسی کو راغب کرنا ۔

reason out, منطقی انداز سے سوچنا/غوروفکر کرنا (جیسے : to reason out a problem.) ؛ نتیجہ نکالنا یا استنباط کرنا ؛ دلائل یا بحث سے منوانا ۔

bring to reason, (کسی شخص کو) مناسب اندازِ فکر کی طرف راغب کرنا/لے آنا ۔

by reason of, کے سبب ؛ کی وجہ سے ؛ کے باعث ۔

in reason, عقل (و شعور) کے مطابق ؛ مناسب طور پر ؛ منصفانہ انداز سے ؛ عقلی حدود کے اندر ۔

stand to reason, معقول ہونا ۔

with reason, معقول سبب والا ۔

reasoner, n. معقول گُفتگو کرنے والا ؛ مدلّل گفتگو کا

عادی؛ باشعور ؛ عقلمند ۔

reasonability, n. عقلمند/مدلّل ہونے کی صفت / کیفیت ؛ معقولیت ؛ عقلمندی ۔

reasonable, a. معقول ؛ صائبُ الرّائے ؛ عقلمند ؛ ذی ہوش ؛ سلجھا ہوا؛ انصاف پسند؛ شایستہ ؛ ارزاں ؛ واجبی ؛ عقل یا درست اندازے کے مطابق (جیسے : a reasonable supposition) ؛ عقلی ؛ درست اندازے والا ؛ عقلی حدود کے اندر یا ان سے غیر متجاوز ؛ مناسب ، جیسے قیمتیں یا مزدوری ۔

reasonableness, n. معقولیّت ؛ صحیح اندازہ لگانے کی صلاحیت/کیفیّت ؛ اصابتِ رائے ؛ اعتدال ؛ واجبیت ؛ معقول پسندی ؛ وجوب ۔

reasonably, adv. معقول طور پر ؛ صحیح اندازے کے مطابق ۔

reasoning, n. اِستدلال ؛ دلائل دینے والے/استدلال کرنے والے کا عمل یا طریق اِستدلال ؛ حقائق یا قضیّات /مقدّمات سے نتائج کے حصول کا عمل ۔

reasonless, a. بے عقل ؛ بے شُعُور ؛ جسے عقل/شُعُور عطا نہ ہوا ہو ؛ (ایسی بات یا ایسا عمل) جو عقلمندی/معقولیت پر مبنی نہ ہو ؛ نا معقولیت ۔

reasonlessly, adv. نامعقولیت سے ؛ بے عقلی سے ؛ بے شعوری سے ؛ بے وقوفی سے ۔

reassemble, v.t. دوبارہ جمع کرنا یا جوڑنا ؛ باز یکجا کرنا ۔ (فعل لازم) دوبارہ یکجا ہونا یا جُڑ جانا ۔

reassembly, n. باز یکجائی ؛ دوبارہ اجتماع ؛ اجتماعِ نو ؛ اجتماعِ تازہ ؛ اجتماعِ مُکرّر ۔

reassert, v.t. دوبارہ دعویٰ کرنا ؛ دوبارہ حتمی طور سے کہنا ؛ اپنی بات پر پھر سے زور دینا ؛ پھر سے یقین دلانا ۔

reassertion, n. دعویِٰ نَو ؛ دوبارہ حتمی طور سے کہنے کا عمل ؛ پھر سے زور دے کر بات کہنے کا عمل ۔

reassess, v.t. دوبارہ تعیُّن کرنا ؛ دوبارہ جانچنا؛ تشخیص مکرّر کرنا ؛ پھر سے آنکنا ۔

reassessment, n. تشخیصِ نَو ؛ دوبارہ جانچ ؛ باز تشخیص ۔

reassociate, v.t., v.i. تجدیدِ تعلّق کرنا ؛ دوبارہ ملانا ؛ دوبارہ تعلّق قائم کرنا یا شریکِ کار بنانا/بننا ۔

reassociation, n. تجدیدِ تعلّق ؛ دوبارہ ملاقات ؛ تجدیدِ تعلّقات ؛ تجدیدِ شراکت ۔

reassort, v.t., v.i. دوبارہ ترتیب دینا ؛ دوبارہ درجہ بندی کرنا یا درجہ وار ہونا ۔

reassortment, n. ترتیبِ نَو ؛ نئی درجہ بندی ۔

reassume, v.t. باز اختیار کرنا ؛ دوبارہ فرض کرنا ؛ دوبارہ اختیار کر لینا ؛ پھر روپ بھرنا ؛ پھر سے لے لینا ۔

reassumption, n. باز اختیاری ؛ دوبارہ اختیار کر لینے کا عمل ؛ نیا رُوپ ؛ پھر سے لینے کا عمل ؛ مفروضۂ نو ۔

reassure, v.t. ڈھارس بندھانا ؛ حوصلہ بحال کرنا ؛ خود اعتمادی کو پھر سے بحال کرنا ؛ دل بڑھانا ؛ پھر سے یقین دلانا ۔

reassurance, n. حوصلے اور خود اعتمادی کی بحالی ؛ دل کا بڑھاوا ؛ مکرّر یقین دہانی ۔

reassuringly, adv. پھر سے حوصلہ دلانے/دل بڑھانے والے انداز میں ؛ مکرّر یقین دہانی کے انداز میں ؛ تسکین آمیز طریقے سے ؛ اطمینان دلاتے ہوئے ۔

reata, riata, n. دیکھیے : lariat ۔

reattack, v.t. نئے سرے سے حملہ کرنا ۔ (فعل لازم) نئے حملے کا آغاز ہونا ۔

reattain, v.t. نئے سرے سے حاصل کرنا ۔

reattainment, v.t. حُصُولِ نو ۔

reattempt, v.t. نئے سرے سے کوشش کرنا ؛ از سر نو سعی کرنا ؛ سعیِ مُکرّر کرنا ۔ (فعل لازم) نئی کوشش کا آغاز ہونا ؛ سعیِ مُکرّر ہونا ۔

Reaumur, a. رومر ؛ فرانس کے ابتدائی اٹھارھویں صدی کے ماہرِ طبیعیات رینے اینتونی فرشال دی رومر کے ایجاد کردہ مقیاس الحرارت (تھرمامیٹر) کی درجہ بندی بتانے والا یا اس سے متعلّق ، جس میں پانی کا نقطۂ انجماد عام فضا میں صفر درجے اور پانی کا نقطۂ کھولاؤ اسّی درجے پر ہوتا ہے ، اس درجے بندی کو مختصراً R سے ظاہر کیا جاتا ہے ۔

reauthorize, v.t. باز مجاز ٹھہرانا ؛ دوبارہ مجاز بنانا ؛ دوبارہ منظوری دینا یا مختار بنانا ۔

reb, n. (بول چال) باغی ، خاص طور پر مرکزی/اجتماعی فوج کا کوئی سپاہی ۔

rebaptize, v.t. دوبارہ بپتسمہ دینا ؛ اصطباغِ نو کرنا ؛ مکرّر اصطباغ دینا ۔

rebaptism, n. نیا/دوسرا بپتسمہ ؛ اصطباغِ نَو ؛ مکرّر اصطباغ ۔

rebarbative, a. کراہیت یا بیزاری پیدا کرنے والا ؛ دفع کرنے والا/دافع ؛ مکروہ ؛ ناگوار ۔

rebate, v.t. تخفیف کرنا ؛ چُھوٹ دینا ؛ کم کرنا یا مختصر کرنا ؛ واپس کرنا ؛ کسی بِل کی رقم میں سے رعایت منہا کرنا ؛ گھٹانا ؛ کٹوتی کرنا ۔ (اسم) رقم کی واپسی ؛ قیمت میں رعایت ؛ چُھوٹ ؛ منہائی / کمی ؛ مجرائی ؛ کسر ؛ بٹّا ۔

rebater, n. تخفیف دہندہ ؛ چھوٹ دینے والا ؛ رقم واپس کرنے والا ؛ قیمت میں رعایت دینے والا ؛ منہا کرنے والا ۔

rebate, n., v.i., v.t. دیکھیے : Rabbet ۔

rebato, n. دیکھیے : Rabato ۔

rebec, rebeck, n. ستار ؛ بربط ؛ رباب ؛ عہدِ وسطیٰ کا وائلن سے مشابہ تاروں والا آلۂ موسیقی جس کی شکل ناشپاتی جیسی ہوتی ہے اور کمان جیسی مضراب سے بجایا جاتا تھا ۔

rebel, n. سرکش ؛ نافرمان ؛ منحرف ؛ باغی ؛ وہ شخص جو اُس حکومت کے خلاف بغاوت کرے جس سے وفاداری کا اس نے عہد کیا تھا ؛ ایسا شخص جو کھلّم کھلا مخالفت کرے اور کسی حکومت یا بااختیار ادارے کو ختم کرنے کی کوشش کرے ؛ گردن کش ۔ (صفت) باغیانہ ؛ باغیوں سے متعلّق ؛ مخالف ؛ سرکشانہ ۔ (فعل لازم) اپنی ہی حکومت کے خلاف ہونا یا اُس کے خلاف ہتھیار اُٹھا لینا ؛ کسی حکومت ، روایت یا ادارے کی اطاعت کرنے سے مُنکر ہونا ؛ نفرت یا کھچاؤ کا ہونا ؛ سرکَش ہونا ؛ باغی ہونا ۔

rebellion, n. سرکشی ؛ بغاوت ؛ بغاوت کا عمل ؛ مسلّمہ حکومت

rebuttal, n. استرداد ؛ استرداد کا عمل ؛ غلط ثابت کرنے کا عمل ؛ خطاوار ثابت کر دینے کا عمل ؛ ابطالِ دعویٰ ؛ تردید ۔

rebutter, n. تردید کرنے والی کوئی چیز یا ردّ کرنے والا شخص ۔ (قانون) مدعی کے دعوے کے جواب میں مدعا علیہ کا جواب دعویٰ ۔

recalcitrant, a., n. ضدّی ؛ ضابطے یا اقتدار کے خلاف مزاحمت کرنے والا ؛ منحرف ؛ جسے آسانی سے قابو نہ کیا جا سکے ؛ جس کا انتظام آسانی سے نہ کیا جا سکے ۔

recalcitrance, recalcitrancy, n. سرتابی ؛ مزاحمت ؛ انحراف ؛ بے قابو ہونے کی کیفیت ؛ ضدّی پن ؛ کٹ حجّتی ؛ ضد ۔

recalculate, v.t. مکرّر حساب کرنا ؛ دوبارہ جمع کرنا یا حساب کتاب لگانا ، خاص طور پر کسی غلطی کی نشاندہی کے لیے ۔

recalculation, n. حسابِ مکرّر ؛ دوبارہ حساب کتاب یا دوبارہ جمع بندی ؛ باز شماری ۔

recalesce, v.i. باز افروز ہونا ؛ دوبارہ گرم ہو جانا یا تاؤ کھانا خصوصاً ٹھنڈا ہوتے ہوئے لوہے کے بارے میں کہا جاتا ہے جو بعض درجۂ حرارت سے گزرتے ہوئے تیزی سے چمکنے لگتا ہے ۔

recalescence, n. (لوہے کی) تابندگیٔ نو ؛ بازتپیدگی ؛ باز افروزی ۔

recall, v.t. واپس بلانا یا لانا ؛ واپسی کا حکم دینا ؛ (کوئی حکم) واپس لے لینا یا منسوخ کر دینا ؛ ذہن میں تازہ کرنا ؛ پلٹانا ؛ باز طلبی کرنا ۔ (اسم) یاد آوری ؛ دوبارہ آنے والی یاد ؛ یاد آوری یا دوبارہ یاد کرنے کی قوّت/صلاحیّت ؛ عوامی رائے کے نتیجے میں کسی اہلکار کی اُس کے عہدے سے سبکدوشی ؛ باز طلبی ؛ معزولی ؛ تنسیخ ۔

recallable, a. قابلِ منسوخی ؛ عود پذیر ہونے کے قابل ؛ یاد رکھنے کے قابل ۔

recant, v.t., v.i. توبہ کرنا/باز آنا ؛ واپس آ جانا ؛ واپس ہونا ؛ اَن کہی کر دینا ؛ پہلے دیے ہوئے بیان کا رسمی استرداد کرنا یا اس سے منکر ہونا یا چھوڑ دینا ۔

recantation, n. توبہ/واپسی ؛ پہلے بیان کا رسمی استرداد ؛ پہلے بیان کو واپس لے لینے کا عمل ؛ دستبرداری ؛ ترک ۔

recap, v.t. مرمّت کرکے نئے جیسا بنا دینا ؛ پھر سے نیا جیسا بنانا ، جیسے کاروں وغیرہ کے ٹائر کو گھسے ہوئے مقام پر ربڑ کی ایک تیار شدہ پٹّی سے سانچے میں ڈال کر حرارت اور دباؤ سے یکجان بنا دینا ۔ (اسم) پھر سے نیا بنایا ہوا ٹائر ؛ نئے جیسا ٹائر ؛ مرمّت شدہ ٹائر ۔

recappable, a. جسے پھر سے نیا جیسا بنایا جا سکے ؛ قابلِ مرمّت ؛ نیا بن جانے کے لائق ۔

recap, v.t. (بول چال) خلاصہ بیان کر دینا ؛ خلاصہ کرنا ۔ (اسم) (بول چال) خلاصہ ؛ تلخیص ؛ اختصاریہ ۔

recapitalization, n. کسی کاروباری ادارے (کارپوریشن) کی تنظیم سرمایہ کاری کی ترمیم شدہ شکل ؛ سرمایہ کاری پر نظرِ ثانی کرنے کا عمل ؛ باز سرمایہ کاری ؛ نو سرمایہ کاری ۔

recapitalize, v.t. سرمایہ کاری کی تنظیم کو نئے سرے سے منظّم کرنا ؛ پھر سے/نئے انداز سے سرمایہ کاری کی تنظیم کرنا یا اس پر نظرثانی کرنا ۔

recapitulate, v.t. دہرانا یا خلاصہ بیان کرنا/خلاصہ بنانا ، جیسے

کے خلاف ہتھیار اُٹھانے کا عمل ؛ غدر ؛ قانونی حاکمِ مجاز کی کھلے عام نافرمانی یا مزاحمت ؛ مقابلہ ۔

rebellious, a. باغیانہ ؛ بغاوت میں مصروف یا اس سے متّصف ؛ بغاوت آمیز ؛ قانونی حاکمِ مجاز کے خلاف مزاحمت والا ؛ سرکش ۔

rebelliously, adv. باغیانہ طور پر ؛ باغیانہ انداز سے ؛ سرکشی سے ۔

rebelliousness, n. باغی پن ؛ بغاوت ؛ آمادگی ؛ تمرّد ۔

rebirth, n. نوزائیدگی ؛ نئی پیدایش ؛ نیا جنم ؛ حیاتِ نو ؛ ظہورِ ثانی ؛ بعثِ نو ۔

reboant, a. گونج دار ؛ زور دار باز گشت کرتا ہوا ؛ گونجتا ہوا ؛ زور سے گونجنے والا ۔

reborn, a. نوزائیدہ ؛ نوپیدا شدہ ؛ حیاتِ نو یافتہ ۔

rebound, v.i. زور سے پلٹنا ؛ اُچٹنا ؛ اُچٹ آنا ؛ واپس اُچھلنا یا کودنا ؛ کسی دوسری چیز کو چھو کر قوّت سے واپس ہونا ؛ ردِّعمل ہونا ۔ (فعل متعدی) پلٹانا یا واپس اُچھال دینا ۔ (اسم) باز گشت ؛ پلٹ ؛ دوسرے جسم/دوسری چیز کو چھُوکر قوّت سے واپسی کا عمل ؛ لچک ؛ محرومیّت کے بعد کوئی جذباتی ردِّعمل ، پہلے on اور the آتا ہے (جیسے : He married on the rebound after his divorce) ۔

rebozo, n. [ہسپانوی] ربوزو ؛ چادر ؛ مفلر ؛ ہسپانوی امریکی اور ہسپانوی خواتین کی سر اور شانوں کو ڈھانپنے والی چادر یا شال یا لمبا مفلر/گلوبند ۔

rebroadcast, v.t., v.i. نشرِ مکرّر کرنا ؛ دوبارہ نشر کرنا/ہونا ؛ کسی دوسرے ریڈیو یا ٹیلی وژن اسٹیشن سے وصول شدہ پروگرام کو دوبارہ نشر/ریلے کرنا یا اس کا دوبارہ نشر ہونا ۔ (اسم) نشرِ مکرّر ؛ دوبارہ نشر شدہ پروگرام ۔

rebuff, n. جھڑکی ، دھتکار ؛ پیچھے دھکا دینے کا عمل ؛ ایک دم رکاوٹ ؛ جھٹکا ؛ انکار ؛ درخواست/التجا کی نامنظوری ؛ گھُرکی ؛ زجر ۔ (فعل متعدی) پیچھے کو دھکّا دینا ؛ اچانک مزاحمت کرنا ؛ پیش قدمی کو روکنا ؛ جھڑک/گھُرکی دینا ؛ دھتکار دینا ؛ ٹھکرا دینا ۔

rebuild, v.t. تعمیرِ نو کرنا ؛ باز تعمیر کرنا ؛ دوبارہ تعمیر کرنا ؛ ڈھانے کے بعد تعمیرِ نو کرنا ؛ تعمیرِ مکرّر کرنا ۔

rebuke, v.t. تادیب کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ زجرو توبیخ کرنا ۔ (اسم) بلاواسطہ اور سخت تادیب/ڈانٹ ڈپٹ ؛ سرزنش ؛ تنبیہ ۔

rebuker, n. تادیب کنندہ ، سرزنش کار ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ۔

rebus, n. حرفِ معمّا ؛ نقشِ معمّا ؛ معمّائے شکلی ؛ معمّا ؛ ایسی اشیا کی تصاویر یا خاکوں پر مبنی الفاظ کا مجموعہ جن کے نام اُن الفاظ یا اُن کے اجزائے ترکیبی/صوتی اجزا سے آواز میں ملتے ہوں ؛ ایسی تصاویر یا خاکوں پر مشتمل ایک معمّا ؛ تصویری معمّا ۔

rebut, v.t. ردّ کر دینا ، جیسے جوابی شہادت کے ذریعے ؛ مخالفت کرنا ۔ (قانون) کسی استدلال ، بیانِ صفائی یا مخالفانہ ثبوت کے ذریعے مخالفت کرنا ؛ اُلٹنا ؛ پیچھے دھکیلنا ۔

rebuttable, a. قابلِ استرداد ؛ قابلِ مخالفت ؛ قابلِ تردید ؛ قابلِ ابطال ۔

کسی گزشتہ گفتگو میں زیر بحث اہم نکات کا ۔ (حیاتیات) جنین میں آبائی ارتقائی مراحل کا دُہرانا ۔ (موسیقی) موسیقی میں اہم سُروں کا اعادہ کرنا، خاص‌طور پر (مغربی موسیقی کے کلاسیکی) ''سوناٹا'' میں ۔ (فعل لازم) پہلے بیان شدہ باتوں کو مختصراً دہرا دینا یا ان کا خلاصہ بیان کر دینا ۔

recapitulation, recap, n. خُلاصہ سازی ؛ خُلاصہ یا اہم مختصر نکات ۔ (حیاتیات) کسی ذی حیات کی جنینی نشوونما میں آبائی ارتقائی مراحل کے دہرائے جانے کا عمل ۔ (موسیقی) کسی موسیقی میں اہم سُر/نکات کا اعادہ،خاص طور پر (مغربی موسیقی کے کلاسیکی) ''سوناٹا'' میں ؛ سالانہ لگان یا مالیہ ؛ ٹاٹر کو پھر سے نیا بنانے کا عمل ؛ تکرار ؛ بازخوانی ۔

recapture, v.t. مکرّر قبضہ کرنا ؛ فتح کرنا یا پھر سے قبضہ حاصل کر لینا ؛ قبضے کے ذریعے پھر سے حاصل کر لینا ؛ (حکومت کا) قبضہ حاصل کر لینا/پھر سے حاصل کر لینا ؛ باز تسخیر کرنا ۔ (اسم) دوبارہ حصول یا قبضہ ؛ باز تسخیر ؛ جملہ آمدنی کا مقرر کردہ حصّہ جو جائیداد کی کُل قیمت کے کچھ فی صد سے زیادہ ہو جسے حکومت وصول کرتی ہے جیسے ریلوے سے ؛لینے کا یا دوبارہ پا لینے کا عمل ۔ (بین الاقوامی قانون) کسی قبضے کا قانُونی حُصُول ۔

recast, v.t. دوبارہ ڈھالنا یا بنانا ؛ پھر سے بنانا یا لکھنا جیسے کسی تقریر کو ؛ نئی شکل دینا/نئی شکل میں لانا ۔ (اسم) ترتیبِ نو ؛ تعمیرِ نَو ؛ نئی شکل ؛ ترمیم شدہ شکل ۔

recede, v.i. پیچھے کو ہٹنا ؛ پسپا ہونا ؛ واپس آ جانا/ہٹ جانا ؛ زیادہ فاصلے پر ہو جانا ؛ پیچھے کی جانب خمیدہ یا ڈھلوان ہونا یا مُڑا ہوا ہونا؛ وعدے یا عہد کو واپس لے لینا؛ سمٹنا ؛ سُکڑنا ۔ (فعل متعدی) پیچھے کو ہٹ جانا؛ کسی سابقہ قابض کے حوالے کر دینا/سپرد کر دینا؛ رجعتِ قہقری کرنا ؛ دست کش ہونا ۔

receipt, n. رسید ؛ وصولی ؛ وصول کرنے کا عمل ؛ وصول شدہ (شے) ۔ (عموماً جمع) وصول شُدہ رقم یا سامان کی تحریری رسید ؛ نُسخہ ؛ قبض الوصول ۔ (فعل متعدی) کسی چیز (کی وصولیابی) کی رسید دینا ۔ (فعل لازم) رسید کا تیار ہونا ۔

receivable, a. قابلِ وُصُولی ؛ ایسی شے جو وصول کی جائے (جیسے : accounts receivable) ؛ واجب الادا ۔

receivables, n. قابلِ وصول اثاثہ جات ؛ اثاثے جو بقایا کے طور پر مندرج ہوں ۔

receive, v.t. قبول کرنا ؛ لینا یا حاصل کرنا ؛ ادا شدہ ، دی گئی یا ارسال شدہ چیز کو وصول کرنا ؛ سرکاری سطح پر آنے دینا ؛ خوش آمدید/استقبال کرنا ، پیشوائی کرنا ، جیسے کسی مہمان کی ؛لیے رکھنا ، تسلیم کرنا ، پاس رکھنا یا گنجایش رکھنا جیسے چندے کے لیے کسی صندوقچے کا رکھنا ؛ مقصودہونا؛مبتلا ہونا ؛ تجربہ کرنا ؛ جانتے ہوئے بھی چور سے چُرائی ہوئی چیز لے لینا ۔

receiver, n. وُصُول کُنندہ ؛ کسی فرم کی تنظیمِ نو یا زیرِ دیوالیہ ہونے پر منتظم بنایا گیا شخص؛ امین؛ مُتولّی ؛ وہ شخص جو چور سے چرائی ہوئی چیز جانتے ہوئے خریدے ۔ (کیمیا) کشید کی گئی شے کو حاصل کرنے اور رکھنے کے لیے ظرف یا برتن ؛ گیس جمع کرنے کے لیے برتن ؛ ایسا برقناطیسی آلہ یا طریقِ کار جو لہروں کے اشارات کو قابلِ دید حسّی اشکال میں تبدیل کرے ؛ گیرندہ ؛ آواز گیر ۔

receivership, n. تولیّت ؛ امین گری ؛ وقف ، تنظیمِ نو یا زیرِ دیوالیہ قرار پانے کے مقاصد کی خاطر کسی عدالت کے دائرہ کار میں آنے والے کسی ادارے کی قانونی حیثیت/حیثیت عرفی ؛ کسی چیز کی وصول کنندہ کے پاس ہونے کی کیفیت ؛ کیفیّت وصولی/وصولیابی ۔

recension, n. تنقیح ؛ تہذیب ؛ کسی متن پر ایک مدیر کی تنقیدی نظرِ ثانی ؛ اِس قسم کی نظرِ ثانی کے نتیجے میں کوئی ادارت شدہ متن/ترجمہ ۔

recent, a. حالیہ ؛ جدید ؛ تازہ ؛ (نسبتاً) بعد کی پیدایش/بعد کا واقعہ یا وجود ؛ نیا؛ غیرقدیم ؛ جو کسی قدیم تاریخ یا پرانے انداز کا نہ ہو ۔ (بڑے R سے) (ارضیات) جدید دور سے متعلّق ، جو برفانی دور کے بعد وجود میں آیا ؛ برفانی دور کے بعد معرضِ وجود میں آنے والا ۔

recently, adv. حال ہی میں ؛ تازہ تازہ ؛ قریبی زمانے میں ۔

recency, recentness, n. تازگی ؛ جدیدیت ؛ قربِ زمانہ؛ تأخر ؛ قریبُ العہدی ۔

receptacle, n. ذخیرہ ؛ مجوف؛ ظرف ، سوراخ ، خلا ، جگہ یا برتن جس میں کوئی شے لی اور رکھی جائے؛ خانہ/گودام ۔ (نباتیات) سریرِ گُل؛ ایک ایسی شاخ کا سرا جس پر پھول ، بیج ، پھل یا پودا لگتا ہو ؛ طبق ۔ (برق) بجلی کے منبع سے مربوط ایک ایسا ساکٹ جس میں کسی (برقی) آلے کا پلگ لگاتے ہیں ۔

reception, n. وُصُولی؛ تحصیل ؛ اخذ ؛ درک ؛ پیشوائی ؛ استقبال ؛ کسی شخص یا چیز کے استقبال کی کیفیت (جیسے : a favorable reception) ؛ سرکاری سطح کے اشخاص یا مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لیے ایک رسمی موقع یا تقریب ؛ استقبالیہ ؛ پیشوائی ؛ کسی رائے یا نظریے کی قبولیت یا اس پر اعتقاد/ایمان ۔ (ریڈیو ، ٹیلی وژن) پروگراموں/نشریوں یا ریڈیائی لہروں کی وصولیابی کا عمل یا طریقِ کار ۔

receptionist, n. استقبال کُنندہ ؛ ایسا شخص جو کسی ادارے میں آنے والوں کے استقبال کے لیے ملازم ہو ، خصوصاً کاروباری ادارے میں؛ پذیرائی یا پیشوائی کرنے والا ۔

receptive, a. ادراک پذیر ؛ تأثّر پذیر ؛ تأثّرات ، خیالات یا تعلیمات کو بے تامّل قبول کرلینے والا ؛ لینے ، گرفت میں رکھنے یا لیے رکھنے والا؛ وصول کُنندہ سے متعلّق ؛ اخّاذ ؛ آخذ ۔

receptively, adv. تأثر پذیر انداز سے ؛ تاثر پذیری سے ؛ آخذانہ ۔

receptiveness, receptivity, n. تاثّر پذیری ؛ قبول کرنے کی صلاحیت ؛ ادخالیت پذیرندگی ؛ اخذیت ؛ قبولیت ۔

receptor, n. درآور ؛ حساسہ ؛وصول کنندہ ۔ (فعلیات) در آور عصبیہ کا وہ سرا جو مہیّجات کو وصول کرکے اعصابی نظام کے دیگر حصّوں کو ارسال کرتا ہے ۔ (طِب) آخذہ ۔

recess, n. تعطیل ؛ مہلت ؛ چُھٹی ؛ تفریح ؛ وقفہ ؛ ایسا وقت یا وقفہ/عرصہ جس میں عام کارکردگی کو (وقتی طور پر) روک دیا جائے ۔ (عموماً جمع) تنہائی یا راز داری کی جگہ ؛ کسی مسطّح جگہ پر جوف ، جِھری ، درز ، گڑھا یا کسی دیوار میں چپ/گڑھا ؛ طاق ؛ گوشہ ۔ (فعل لازم) جِھری/خانہ/درز بنانا یا اس میں رکھنا ۔

(فعل متعدی) وقفہ/تعطیل کرنا ؛ جوف رکھنا ، طاق بنانا ، خانے چھوڑنا ۔

recession, n. واپسی ؛ پس روی ؛ رجعت ؛ دست برداری ؛ علیحدگی ؛ پسپائی ؛ مراجعت ؛ پیچھے ہٹنے کا عمل ؛ واپسی کا سفر ؛ واپس آجانے کا عمل ؛ رُخصتی یا اختتام ، جیسے کسی مذہبی تقریب کے آخر میں پادریوں کی جلوس کی شکل میں رُخصتی ۔ (معاشیات) عمومی کاروباری ترقی کے دوران تنزُّل ۔

recessionary, a. رجعت پسند ؛ تنزُّل کی کیفیت والا ؛ پس رو ۔

recession, n. پس گردی ؛ پس روی ؛ علیحدہ ہو کر کسی سابق مالک کے پاس جانے کا عمل ؛ گھر کو واپسی ؛ مراجعت ۔

recessional, a. رُخصتی ، پسپائی یا تنزُّل سے متعلّق (جیسے : a recessional hymn) ؛ وقفے سے متعلّق جیسے کسی مقننہ کی تعطیل کے بارے میں ۔ (اسم) کسی مذہبی تقریب یا پروگرام کے آخر میں بجائی گئی موسیقی یا گایا گیا گیت ۔

recessive, a. رُخصتی/پسپائی کے رُحجان والا ؛ پیچھے کو ہٹتا ہوا ؛ راجع ۔ (صوتیات) تلفّظ/لہجے سے متعلّق ، کسی لفظ کے آخری حصّے کی بجائے پہلے حصّے کی طرف آنے کا رُحجان ظاہر کرنے والا ۔ (جینیات) کسی واضح خاصیت کے برعکس کسی پوشیدہ خاصیّت کے اظہار سے متعلّق ۔ (اسم) راجع اجسام ؛ رجعت پسندانہ کردار یا رجعت پسندی ظاہر کرنے والے اجسام ۔

recessively, adv. رجعت پسندانہ انداز سے ؛ واپس جانے کے انداز میں ۔

recessiveness, n. رجعت پسندی ؛ تنزُّل ۔

recharge, v.t., v.i. مکرّر بار دینا ؛ کسی بیٹری وغیرہ میں دوبارہ برقی قوّت پیدا کرنا ؛ بیٹری کو پھر سے چارج کرنا ؛ دوبارہ بھرنا ۔ (اسم) دوسرا یا اضافی بار ۔ (برق) باز برقاؤ ۔ (اسلحہ) دوبارہ بھرائی ۔

rechauffe, n. گرم شُدہ باسی سالن ؛ کسی بھی پرانی چیز کو نیا کرکے پیش کرنا جیسے کسی ادبی تحریر کو ۔

recherche, a. زیادہ عُمدہ یا نہایشی ؛ منتخب ؛ نادر ؛ لاجواب ؛ دُور از کار ؛ چیدہ ۔

recidivism, n. تکرارِ جُرم ؛ جرم یا غیر سماجی رویّے کا بار بار یا عادتاً اپنانے کا عمل ؛ مجرمانہ زندگی کی طرف عود ۔

ricidivist, n. وہ شخص جو بار بار جُرم کرے یا غیر سماجی رویّہ اپنائے ؛ عادی مُجرم ۔

recidivistic, recidivous, a. عادتاً مجرمانہ ۔

recipe, n. نُسخہ؛ ترکیب پکوان ؛ کسی خاص پکوان/سالن کے بنانے/پکانے کے لیے مکمل ہدایات ۔ (طِب) ڈاکٹر کا نُسخہ ۔

recepient, n., a. وصول کُنندہ ؛ تاثّر پذیر ؛ وصول کرنے والی شخصیت یا شے ؛ گیرندہ ؛ یابندہ ۔

recepience, recepiency, n. وصولیابی یا وُصول کرنے کا عمل ۔

reciprocal, a. جوابی ؛ معکوسی ؛ باہمی ؛ علی الترتیب آگے اور پیچھے جانے والا ؛ بدلے میں دیا/کیا/محسوس کیا جانے والا ؛ ہر ایک کا دوسرے کو دیا یا محسوس کیا جانے والا (جیسے : reciprocal affection) ؛ مطابق یا مؤثر ؛ اُلٹی مطابقت والا ؛ اُلٹ ؛ بالعوض ؛ بالمقابل ؛ ملزوم ؛ متلازم ۔ (گرامر) ایک دوسرے کا باہمی رشتہ/تعلق ظاہر کرنے والا ، جیسے ضمیر each other یا one another کے الفاظ ۔ (اسم) جوابی یا اُلٹ شے ؛ بدلہ ؛ برابر کا بدلہ ؛ برابر کا حصّے دار ؛ جوڑی دار ۔ (ریاضی) ایسا عدد جس سے مقررّہ عدد کو ضرب دی جائے تو حاصل ایک سا ہو ۔

reciprocality, n. جوابیت ؛ ادلہ بدلہ ؛ باہم دگری ۔

reciprocally, adv. جواباً ؛ متلازماً ؛ باہم دگر ؛ دونوں طرف سے ۔

reciprocate, v.t. جوابی عمل کرنا ؛ بدلے میں کوئی کام کرنا ؛ بار بار آگے پیچھے ہلانا ؛ بدلے میں دینا یا محسوس کرنا ؛ ادلہ بدلہ کرنا (جیسے : to reciprocate favor) ؛ آپس میں بدل لینا/تبادلہ کر لینا ؛ جوابی عمل کرنا ۔ (فعل لازم) بار بار آگے پیچھے ہونا ؛ کسی دی ہوئی چیز کے جواب میں کچھ دینا ؛ تبادلہ کا ہونا ؛ جوابی عمل کرنے کے لیے تیار/مائل ہونا ؛ متکافی ہونا ۔

reciprocating engine, n. متکافی انجن ؛ ایسا انجن جس میں سلنڈر کے اندر پسٹن آگے پیچھے سیدھا حرکت کرتا ہے ۔

reciprocation, n. متکافی یا دو طرفہ حرکت ؛ جوابی عمل یا حقیقت ؛ آگے پیچھے حرکت ؛ کسی چیز کے بدلے میں کُچھ کرنے کا عمل ؛ باہمی لین دین ؛ معاملۂ متقابلہ ؛ مبادلہ ۔

reciprocative, a. متکافی؛ جوابی؛ آگے پیچھے متحرک ؛ باہمی لین دین سے متعلّق ۔

reciprocity, n. مقابلہ ؛ باہم دگری ؛ متبادل ہونے کا عمل ؛ متبادل ذمّے داری یا حق ؛ برابری کے حقوق یا فوائد ، جیسے دو ممالک باہم دگر برابر کے تجارتی حقوق یا فوائد حاصل کریں ۔

recision, n. منسوخی ؛ قطع ؛ تراش ۔

recital, n. ترتیل ؛ قرأت ؛ حفظ پڑھنے کا عمل ؛ بیان یا رُوداد ؛ تفصیلی بیان ؛ اظہارِ فن ، کسی ایک یا کئی ایک الگ الگ فنکاروں کا (جیسے : an organ recital) ۔

recitation, n. تلاوت ؛ ترتیل ؛ کسی حفظ شدہ چیز کا بیان ؛ عوام کے سامنے ادب خوانی ؛ مطالعے کے بعد اُستاد کے کہنے پر کمرۂ جماعت میں اونچی آواز سے پڑھنے کا عمل ؛ پڑھی گئی کوئی شے ؛ تلاوت شُدہ حصّہ ؛ خوانی ۔

recitative, recitativo, n. (موسیقی) نثر کو لحن سے پڑھنے کا عمل ؛ لحنیہ ؛ نغمہ سرائی ؛ ایسی گلوکاری جو کسی خاص/مخصوص تال اور سُر میں نہ ہو یا زبردستی گھڑی ہوئی کوئی گلوکاری ؛ موسیقی یا گلوکاری کا مقابلہ یا اظہارِ فن ۔ (صفت) لحنیہ سے متعلّق ؛ مقابلۂ گلوکاری/موسیقی یا اظہارِ فن سے متعلّق ۔

recite, v.t. خوش خوانی کرنا ؛ ترتیل سے پڑھنا یا تِلاوت کرنا ؛ حافظے کی مدد سے کسی رسمی انداز میں الفاظ کو پڑھنا/ادا کرنا ؛ سامعین کے سامنے نظم یا نثر پڑھنا ؛ حقیقت یا واقعات کو بیان کرنا ؛ گنوانا ۔ (فعل لازم) حافظے کی مدد سے کسی چیز کا سُنانا یا دہرانا ؛ اُستاد کے سامنے سبق یا سق کا کوئی حصّہ (زور زور سے) پڑھنا یا پڑھا جانا ۔

reciter, n. قاری ؛ پڑھنے والا (بہ آواز بلند) ۔

reckless, a. بے پروا ؛ بے دھڑک ؛ من چلا ؛ عاقبت نااندیش ؛ جو کسی کی نہ سُنے ؛ ناپُختہ کار ؛ (نتائج کی) پروا نہ کرنے والا ، عموماً of کے ساتھ مستعمل ہے (جیسے : reckless of consequences) ۔

recklessly, adv. بے پروائی سے ؛ نتائج کی پروا نہ کرتے ہوئے ؛ عاقبت نا اندیشی سے ۔

recklessness, n. بے پروائی ؛ ناپُختہ کاری ؛ (نتائج سے) بے نیازی/بے رُخی ،عاقبت نا اندیشی ۔

reckon, v.t. گننا ؛ شمار کرنا ؛ کسی تعداد یا مقدار کو گننا یا اُس کا حساب لگانا ؛ سمجھنا یا خیال کرنا (جیسے : to be reckoned a fool) ۔ (بول چال/بولی) خیال کرنا ؛ فرض کرنا ۔ (فعل لازم) گِننا ؛ جمع تفریق کرنا/حساب کتاب لگانا ؛ حساب چکانا جیسے کسی شخص کے ساتھ ؛ (عموماً on کے ساتھ مستعمل ہے) توقّع ہونا ؛ انحصار ہونا ۔

reckon with, نبٹنا جیسے کسی چیز کے ساتھ ۔

reckoning, n. گِنتی ؛ شُمار ؛ معاملہ فہمی/حساب فہمی ؛ حساب کتاب یا حساب کتاب کا عمل ؛ جمع تفریق/گننے/حساب کرنے کا عمل ؛ حساب کتاب طے کرنے/چکانے کا عمل ، جیسے اداروں کے مابین ؛ واجب الوصول رقم کا گوشوارہ یا بِل ؛ وصول شدہ چیزوں یا کیے گئے کام کا حساب کتاب (جیسے : a day of reckoning) ۔ (جہازرانی) ؛ صحیح تعیین مقام ۔

re-claim, v.t. باز دعویٰ کرنا ؛ دوبارہ مانگنا/مطالبہ کرنا ؛ نئے سرے سے/پھر سے دعویٰ کرنا یا مطالبہ کرنا ۔

reclaim, v.t. غیر آباد یا خراب یا دلدلی زمین کو قابلِ کاشت یا قابلِ استعمال بنانا ؛ ضائع شدہ مادّوں یا استعمال شدہ اشیا سے ایسے مادوں کو حاصل کرنا جو خالص ہوں یا قابلِ استعمال ہوں (جیسے : to reclaim rubber) ؛ گناہوں/خرابیوں سے کسی کو واپس لے آنا ؛ سُدھارنا ؛ اصلاح کرنا ۔

reclaimable, a. قابلِ اصلاح ؛ سُدھارے جانے کے قابل ۔

reclaimer, n. اِصلاح کُنندہ ؛ سُدھارنے والا ۔

reclamation, n. بحالی ؛ بازیابی ؛ مزروعہ سازی ؛ زمین کو قابلِ کاشت بنانے کا عمل یا انسان کی اصلاح کا عمل ؛ اصلاح کی کیفیت/حالت ؛ غیر آباد ، صحرا یا دلدلی زمین کو یا سیم زدہ زمین کو قابل کاشت بنانے کا عمل ؛ بے کار اشیا یا ضائع شدہ مادّے سے قابلِ استعمال چیزیں نکالنے/بنانے کی صنعت یا اس کا طریق کار ۔

reclame, n. عوامی توّجُہ ؛ اپنے مُنھ میاں مٹھو ؛ اپنی شہرت آپ کرنے کا عمل ؛ بدنامی ۔

reclinate, a. (نباتیات) نیچے کو جُھکا ہوا ؛ نیچے کو خمیدہ ؛ سرنگوں ۔

recline, v.i. تکیہ لگانا ؛ ٹیک لگا کے لیٹنا/بیٹھنا ؛ جُھکنا یا ٹیک لگانا ؛ ٹیک لگا کے آرام کرنا ۔ (فعل متعدی) تکیہ یا ٹیک لگوانا ؛ کسی سہارے سے ٹکا دینا ؛ ٹیک کے سہارے رکھنا ۔

recliner, n. کسی ٹیک یا سہارے سے لیٹنے/بیٹھنے والا ؛ سہارا کار ۔

recluse, n. عزلت گزیں شخص ؛ معتکف شخص ؛ تارک الدنیا شخص ؛ سنیاسی ؛ تیاگی ؛ ایسا شخص جو تنہا رہتا ہو/الگ تھلگ رہتا ہو ؛ مذہبی گوشہ نشین شخص ۔ (صفت) مرتاض ؛ سنیاسی ؛ تیاگی؛ گوشہ نشین ؛ دُنیا سے الگ تھلگ رہنے والا یا گوشہ نشینی کی زندگی گُزارنے والا ؛ عزلت گزیں ۔

reclusion, n. گوشہ نشینی/عزلت گزینی ۔

recognition, n. معرفت ؛ آگہی ؛ شناخت ؛ قدرشناسی ؛ پہچان ؛ پہچاننے یا پہچانے جانے کا عمل ؛ ایک حکومت کا دوسری حکومت کو تسلیم کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کو درست تسلیم کرنے یا اُس کے تسلیم کرنے کے قابل ہونے کا عمل ؛ کسی مہربانی ، خدمت یا خوبی کو تسلیم کرنے یا اس کی علامتی تعریف کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کے بارے میں یہ ادراک کہ اِسی جیسی کوئی اورچیز پہلے دیکھی ہے یا ذہنی پہچان ؛ کسی چیز کے وجود یا اُس کی سچائی/حقیقت کا ادراک ۔

recognitive, recognitory, a. پہچان سے متعلق ؛ شناخت کے بارے میں ۔

recognizance, n. پہچان ؛ شناخت ۔ (قانون) اِقرارنامہ ؛ مچلکہ ؛ کسی مجسٹریٹ کے سامنے یا عدالت میں طے شدہ اقرار نامہ جس کی رُو سے کوئی کام کرنے کی ضمانت دی جائے ؛ زرِ مچلکہ یا زرِ ضمانت ؛ ایسی رقم جو اقرار شدہ کام کے نہ کرنے پر ضبط کی جا سکے ۔

recognize, Brit. recognise, v.t. پہچاننا ؛ شناخت کر لینا ؛ دوبارہ جان لینا یا کسی پرانی دیکھی/جانی ہوئی شے کا پھر سے ادراک کر لینا ؛ ظاہری علم یا کردار سے پہچان جانا ؛ کسی کے وجود یا اُس کی سچّائی کا ادراک کرنا ؛ محسوس کرلینا ؛ درست تسلیم کر لینا یا سمجھنا ؛ وجود کو رسمی طور پر تسلیم کر لینا یا قابلِ غور سمجھنا (جیسے : one government recognizes another,) ؛ کسی خاص وقت پر کسی خاص مقرّر کا حقِ تقریر تسلیم کرنا ؛ تقریر کی اجازت دینا جیسے کسی مقنّنہ میں ؛ جان پہچان کا اظہار کرنا ، جیسے سلام کرکے ؛ کسی کی قدر افزائی کرنا ، جیسے انعام یا خراجِ تحسین پیش کرکے ؛ اقرار کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ قائل ہونا ؛ معترف ہونا ؛ واقف ہونا ؛ پیش نظر رکھنا ۔ (قانون) سچائی کی تلاش کے لیے جائزہ لینا ؛ مچلکے سے پابند کرنا ۔

recognizability, n. شناخت پذیری ؛ قبولیت ؛ قبول پذیری ؛ شناخت ہونے کی اہلیت/صلاحیت ۔

recognizable, a. شناخت پذیر ؛ قبول پذیر ؛ قابل قبول ؛ جو پہچانا جا سکے ؛ قابلِ شناخت ۔

recognizably, adv. شناخت کے طور پر ؛ پہچانے جانے کے انداز سے ؛ قبول کرتے ہوئے ۔

recognizer, n. پہچاننے والا ؛ شناخت کُنندہ ۔

recoil, v.i. پیچھے ہٹنا ؛ پلٹنا ؛ پیچھے کو گِر پڑنا ؛ آگے بڑھنے کے بعد اچانک پیچھے کی طرف ہونا ؛ دھکیل کی قوّت یا طاقت کے ردّعمل میں واپس ہونا ، جیسے کسی توپ/بندوق کا ؛ چونکنا یا پیچھے کو ہٹ جانا/اِبا کرنا ، جیسے کسی ناقابلِ نفرت یا خطرناک چیز سے ؛ پیچھے کو سکڑنا/سمٹنا ؛ جھجکنا ؛ پسپا ہونا ۔ (اسم) دھکّا ؛ دھکیل ؛ پلٹ ؛ توپ/بندوق کا فائر کے بعد پیچھے کو ہٹنے کا عمل ؛ سُکڑنے/سمٹنے کا عمل ؛ بازجست ۔

recoilless, a. بے بازجست ؛ پیچھے کو نہ دھکیلنے والی ؛ جھٹکے/دھچکے/دھکّے کو روک لینے والی ، جیسے بندوق/رائفل وغیرہ ۔

recoin, v.t. دوبارہ گھڑنا ؛ دوبارہ بنانا/ڈھالنا ؛ بازتسکیک کرنا ۔

recoinage, n. بازتسکیک ؛ دوبارہ گھڑائی یا ڈھلائی ۔

re-collect, v.t. دوبارہ اکٹھا یا جمع کرنا، جیسے کسی مُنتشِر شے کو ؛ اپنے حواس کو مجتمع کرنا (جیسے : to re-collect oneself) ۔

re-collection, n. دوبارہ اجتماع ؛ اجتماعِ مکرّر ؛ حواس قابو میں لانے کا عمل ۔

recollect, v.t. واپس لے آنا یا بُلا لینا ؛ یاد کرنا ؛ ذہن یا حافظے میں پھر سے لے آنا ۔ (فعل لازم) کسی چیز یا بات کا یاد آنا ۔

recollection, n. یاد آوری ؛ یاد آنے کا عمل ۔

recollected, a. ٹھنڈے مزاج کا ؛ یاد آوردہ ؛ ہوشمند ۔

recombination, n. (جینیات) بازترکیب ؛ تخفیفی تقسیم میں پیوندکاری یا بارآوری کےوقت ،ملاپ کاری کے عمل کے ذریعے سے ، نئے جین کی تشکیل ۔

recommend, v.t. سفارش کرنا ؛ تجویز کرنا ؛ کسی اور کے سامنے تعریف کرنا (کسی کی) ؛ کسی کے حوالے کرنا ؛ سونپنا؛ کسی کی تعریفی نمایندگی کرنا ؛ کسی کو قابلِ قبول بنانا ؛ کسی کے لیے حمایت حاصل کرنا ؛ نصیحت کرنا ، جیسے کسی عمل ، طریقۂ عمل ، طریقِ کار یا علاج کے بارے میں؛ مناسب کہہ کر پیش کرنا ۔

recommendable, a. قابلِ سفارش ؛ قابل تعریف ؛قابلِ تجویز ۔

recommendatory, a. قابلِ تعریف/قابل سفارش انداز سے یا انداز کا ؛ سفارشی ۔

recommender, n. سفارش کرنے والا ؛ تعریف کرنے والا ۔

recommendation, n. سفارش ؛ تجویز؛ تعریف ؛ قابلِ تعریف نمائندگی ؛ سفارش کرنے والا یا حمایت حاصل کرنے/کرانے والا یا اچھا استقبال کرانے والا ؛ کسی اور کے لیے تعریفی/سفارشی خط ۔

recommit, v.t. تجدید عہد کرنا ؛ باز سپرد کرنا ؛ ارتکاب مکرّر کرنا ؛ دوبارہ ارتکاب کرنا ؛ دوبارہ کسی کمیٹی/مجلس کے حوالے کرنا ؛ پھر سے عہد/وعدہ کرنا ۔

recommitment, recommittal, n. تجدیدِ عہد ؛ تجدید وفا ؛ ارتکابِ نو ؛ کسی مجلس کے دوبارہ حوالے کرنے/ہونے کا عمل ؛ بازسپُردگی ؛ ارتکابِ مُکرّر۔

recompense, v.t. تلافی کرنا ؛ کسی کی خدمات/نقصان وغیرہ کے لیے کچھ ادا کرنا یا بدلے میں خدمات انجام دینا ؛ انعام دینا ؛ زرِ تلافی دینا ؛ برابر کا بدلہ چُکانا ؛ ادلے کا بدلہ دینا ؛ مکمل تلافی کر دینا ۔

recompense, n. تلافی ؛ بدلہ ؛ انعام ؛ معاوضہ ، مکافات ؛ برجانہ ؛ کسی دی ہوئی شے، کیے ہوئے عمل یا اُٹھائی ہوئی تکلیف کا برابر کا بدلہ ۔

recompose, v.t. دوبارہ بنانا؛ دوبارہ تشکیل کرنا ؛ دوبارہ ترتیب دینا ؛ پُر سکون بنانا یا قویٰ بحال کرنا ؛ دوبارہ جوڑنا ؛ امتزاج کرنا ۔

recomposition, n. دوبارہ تعمیر ؛ ترتیبِ نو ؛ بحالیٔ صحت ؛ سکون ؛ بازترتیب ۔

reconcilable, a. قابلِ تجدیدِ تعلقات ؛ تجدید پذیر (تعلقات) ؛ قابلِ مفاہمت ؛ دوبارہ دوستانہ احساسات پیدا کرنے یا ہونے کے قابل ؛ راضی نامے کے قابل ؛ قابلِ اُستواری ؛ قابل ہم آہنگی ؛ قابل تطبیق ۔

reconcilability, reconcilableness, n. تجدید پذیری ؛ قابل مفاہمت یا قابلِ راضی نامہ یا قابلِ استواری ہونے کی صلاحیّت ؛ صلح پذیری ؛ تطبیق پذیری ؛ مصالحت پذیری ۔

reconcilably, adv. تجدید پذیری کے طور پر ؛ مفاہمانہ انداز سے ؛ رضا مندانہ طور پر ؛ اُستواری یاباہم آہنگی سے ۔

reconcile, v.t. تجدیدِ تعلقات کرنا ؛ مفاہمت نو کرنا ؛ مل جانا ، صُلح کر لینا ؛ لڑائی کے بعد پھر سے اتحاد یا دوستی کو بحال کرنا ؛ (لڑائی جھگڑے یا اختلافات وغیرہ) طے کرنا ؛ ،ماننا یا راضی برضا ہونا (جیسے : to reconcile one self to affliction) ؛ ہم آہنگ کرنا ، اُستوار کرنا (to یا with کے ساتھ) ؛ ظاہری اختلاف کو ہٹا دینا؛ ہم آہنگ ہو جانا ۔ (فعل لازم) مفاہمت میں آ جانا ؛ ہم آہنگ ہو جانا؛ ایک ہونا ۔

reconcilement, n. تجدیدِ تعلقات ؛ مفاہمتِ نو ؛ باز ہم آہنگی ؛ نو اُستواری ؛ رضامندی ۔

reconciliation, n. تجدید تعلقات ؛ موافقت نو ؛ مصالحت ؛ مِلان ؛ ملاپ ؛ معاند گروہوں کے مابین مفاہمت ؛ اجنبیت یا دُشمنی کے بعد دوستی کی تجدید ؛ ہم آہنگی یا اُستواری (کا عمل) ؛ ظاہری طور پر مخالف یا غیر استوار اشیا کی ہم آہنگی/اُستواری/ایک جگہ جمع ہونے کا عمل ۔

reconciliatory, a. تجدیدانہ ؛ مفاہمانہ ؛ دوستانہ ؛ تجدیدِ تعلقات کے متعلق ۔

recondite, a. عمیق ؛ دقیق ؛ ادراک یا تفہیم سے ماورا/ پوشیدہ ؛ مبہم؛ مشکل؛ مشکلات یا دقیق اشیا سے متعلّق ؛ مغلق ؛ پیچیدہ ۔

reconditely, adv. پوشیدگی سے ؛ دقیق طور پر ؛ مشکل انداز میں ۔

reconditeness, n. پوشیدگی ؛ اشکال /مشکل ہونے کا عمل ؛ مشکل پسندی ؛ پیچیدگی ؛ مشکل نویسی ۔

recondition, v.t. باز دُرُست کرنا ؛ اچھی یا تسلّی بخش حالت میں لانا ؛ دوبارہ چالو کرنا/بنانا ، جیسے کسی کار یا مشین کو مرمّت وغیرہ کرکے ؛اصلاح کرنا ؛ ٹھیک کرنا ۔

reconfirm, v.t. توثیق نو کرنا ؛ زیادہ مستحکم کرنا (جیسے : to reconfirm one's opinion with additional evidence) ۔

reconfirmation, n. توثیقِ نَو ؛ استحکام نو ؛ استحکامِ تازہ ۔

reconnaissance, n. ابتدائی معائنہ ؛ جاسوسی ؛ کسی علاقے کی خصوصیات کے بارے میں ابتدائی یا سرسری معائنہ یا جانچ پڑتال ۔ (عسکری) زمینی دستوں یا ہوائی جہاز کی مدد سے (خصوصاً دشمن کے) علاقے کا معائنہ یا جانچ پڑتال یا مشاہدہ ؛ قراولی ؛ دیکھ بھال ۔

reconnoiter, Brit. reconnoitre, v.t. کسی خطّۂ ارض کا فوجی ، ارضیاتی یا انجینئری نقطۂ نظر سے جائزہ لینا ؛ کسی خطّے کا ابتدائی ارضی معائنہ کرنا ؛ قراولی کرنا ۔ (فعل لازم) کسی خطۂ ارض کے معائنے کے کام کو جاری رکھنا یا اس کا مکمل ہونا ۔

reconnoiterer, n. قراولی کار ؛ قطعۂ اراضی کا معائنہ کُنندہ ۔

reconquer, v.t. دوبارہ فتح کر لینا ؛ جنگ کے ذریعے دوبارہ حاصل کر لینا ۔

reconsider, v.t. دوبارہ غور و خوض کرنا ؛ ذہن میں دوبارہ زیر غور لانا ؛ پھر سے غور کرنا عموماً کسی پُرانے عمل یا فیصلے کو منسوخ کرنے کے لیے ۔ (فعل لازم) کسی طے شدہ امر/مسئلے کو از سرِ نو زیرِ غور لانا ۔

reconsideration, n. دوبارہ غور و خوض ؛ دوبارہ تفکّر و تدبّر (عموماً برائے نظرثانی) ۔

reconstitute, v.t. پھر سے /نئے سرے سے بنانا ، جیسے

on record, ریکارڈ پر؛ عوام کے علم میں لائے جانے کے لیے موزوں ؛مندرج ؛ قلم بند ۔

record changer, n. جدید گراموفون ؛ گراموفون ریکارڈ بجانے کا جدید ترین آلہ جس میں ریکارڈ ایک پلیٹ پر اکٹھے رکھے جاتے ہیں جو خود کار طریقے پر باری باری بجتے رہتے ہیں ؛ ریکارڈ چینجر ؛ چینجر ؛ خود کار گراموفون ۔

recorder, n. نویسندہ ؛ شمار نما ؛ صوت نگار مشین ؛ اہل مد ؛ کسی سرکاری کارروائی کا محرّر ؛ اندراج کا آلہ ؛ عدالتی کارروائی میں محدود اختیارات کا حامل ایک مجسٹریٹ /مُنصف ۔ (موسیقی) ایک پُرانی بانسری جس میں آٹھ سوراخ /روزن ہوتے تھے ؛ تار یا ٹیپ/فیتے پر موسیقی ، آواز یا اِس قسم کی کوئی شے محفوظ کر لینے کا آلہ ؛ قلمبند کرنے والا ۔

recording, n. تدوین ؛ صوت بندی ؛ ضابطۂ تحریر یا کسی اور طریقے پر ریکارڈ کرنے کا عمل یا طریقِ کار ؛ منضبط یا ریکارڈ شدہ چیز ؛ گراموفون/صوتی ریکارڈ یا ٹیپ/فیتہ ؛ ریکارڈ بنانے یا ٹیپ کر لینے کا عمل ۔

record player, n. گراموفون مشین ؛ گراموفون ریکارڈ بجانے کی مشین جو ریکارڈ کی تھالی/پلیٹ، مکبرالصّوت (لاؤڈاسپیکر) اور دیگر پُرزہ جات پر مُشتمل ہوتی ہے ۔

re-count, v.t. دوبارہ گننا ؛ دوبارہ گنتی کرنا ۔ (اسم) دوبارہ شُمار ؛ دوبارہ گنتی ، جیسے اِنتخابات میں رائے پرچیوں کی دوبارہ گنتی ؛ باز شماری ۔

recount, v.t. تفصیلی بیان کرنا ؛ ترتیب وار انداز سے سُنانا یا بیان کرنا ؛ گنوانا؛ حافظے کی مدد سے کوئی قصّہ وغیرہ سنانا یا بیان کرنا ؛ رام کہانی سنانا ۔

recoup, v.t. کم کر لینا ؛ وضع کر لینا ؛ (نقصان) بھرنا ؛ تلافی کرنا ؛ کسی گُم شدہ یا ترک کردہ شے کے برابر (رقم کا) حاصل کرنا ؛ ہرجانہ دینا ؛ جُرمانہ یا تاوان دینا ۔ (قانون) کسی قانونی واجب الادا رقم وغیرہ میں سے قانونی بُنیاد پر ہی کُچھ حِصّہ روک لینا تاکہ کسی جوابی مطالبے کی ادائیگی کی جا سکے ۔ (فعل لازم) کسی گم شدہ یا ترک کردہ شے کے برابر (کسی رقم یا چیز کا) حاصل ہونا ۔ (قانون) کسی قانونی واجب الادا رقم میں سے کسی جوابی مطالبے کی ادائیگی کی خاطر کُچھ حِصّہ روکنے کی تجویز کا پیش کیا جانا ۔

recoup, n. تلافی ؛ ہرجانہ ۔ (قانون) جوابی مطالبے کے لیے رقم روک رکھنے کا عمل ۔

recoupable, a. قابلِ تلافی ۔ (قانون) جوابی مطالبے کے لیے رقم کے روکے جانے سے متعلّق ۔

recoupment, n. تلافی ۔ (قانون) جوابی مطالبے کے لیے رقم کے روکے جانے کی کارروائی ۔

recourse, n. استعانت ؛ پناہ ؛ استمداد ؛ رجوع ؛ (کسی کے پاس) مدد یا پناہ کی خاطر جانے کا عمل ؛ وہ شخص یا شے جو مدد کرے ، پناہ دے/حفاظت کرے یا (کچھ) مہیّا کرے ؛ کسی ہنڈی ، چیک ، بینک ڈرافٹ کے بدلے میں طالب کا حقّ ادائیگی ۔

recover, v.t. بازیافت کرنا ؛ گُم کرنے کے بعد پالینا ؛ صحت یاب ہو جانا ، بیماری ، بیہوشی یا کسی تکلیف سے ؛ تلافی کرنا ؛ کمی پورا کرنا ؛ ذرائع یا وسائل کو دوبارہ قابلِ استعمال بنانا ؛ جان

سُوکھے دودھ سے پھر مائع دودھ بنانا؛ تعمیرِ نو کرنا ؛ دوبارہ بنانا ؛ مکرّر ترتیب دینا ۔

reconstitution, n. تعمیرِ نو/تازہ ترکیب۔

reconstruct, v.t. دوبارہ بنانا؛ باز تعمیر کرنا۔

reconstruction, n. تعمیرِ نو ؛ نو تعمیر شُدہ شے ؛تشکیلِ نو؛ تشکیلِ جدید؛ باز تعمیر ؛ تجدید ۔ (بڑے R سے) (امریکی تاریخ) خانہ جنگی کے بعد علیحدہ ہونے والی ریاستوں کی حکومتی تنظیمِ نو ۔

reconstructionism, n. (اکثر بڑے R سے) نظریہ تنظیمِ نو/تشکیلِ جدید ؛ عقیدہ تعمیرِ ثانیہ ؛ خانہ جنگی (امریکا) کے بعد نیم وفاقی/اتحادی ریاستوں کی تنظیمِ نو کی حمایت ۔ (عموماً بڑے R سے) امریکی یہودیت کی بیسویں صدی میں اُٹھنے والی تحریک جو اس بات پر زور دیتی ہے کہ موجودہ زندگی کو یہودی ورثے اور روایات کے مطابق گُزارا جائے ۔

reconstructionist, n. پیروِ تنظیمِ نو ؛ خانہ جنگی کے بعد نیم وفاقی/اتحادی ریاستوں کی تنظیمِ نَو کا حامی ۔

reconvene, v.t. بازطلب کرنا ؛ دوبارہ بلا لینا یا اکٹھا کرنا ۔ (فعل لازم) دوبارہ یکجا ہونا یا اکٹھے ہونا ؛ بازطلب ہونا ۔

reconvert, v.t. رجوع کرلینا ؛ پرانی حالت پر واپس لے آنا ؛ پرانے مذہب پر کسی کو واپس لے آنا ۔ (قانون) پُرانی معدلت یا برابری پر واپس کر دینا ؛ پرانی مساوات کو تسلیم کر لینا ۔

reconversion, n. واپسی ؛ رُجُوع ؛ رجعت ۔

reconvey, v.t. (کسی چیز کو) پرانی جگہ پر واپس لے جانا ؛ پرانے مالک کے پاس واپس پہنچا دینا ۔

reconveyance, n. پرانے مقام پر واپسی ؛ پرانے مالک کے پاس واپسی ؛ مراجعت ۔

record, v.t. قلمبند کرنا ؛ محفوظ کرلینا ؛ ضابطۂ تحریر میں لانا ؛ (شہادت محفوظ کرنے کے لیے) لکھنا ، تحریر کرنا ، ہاتھ سے یا مشین/آلے سے ؛ مستقل شکل میں لکھنا ؛ اندراج کر لینا؛ ظاہر کرنا ؛ لکھنا ؛ درج کرنا ،مخصوص نشانات یا مقناطیسی ارتعاشات یا شگافوں کے ذریعے تاکہ بعد میں کسی صوتی آلے یا ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے اُسے پھر سے ظاہر کیا جا سکے یا سُنا جا سکے ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو حیطۂ تحریر میں لانا ؛ اندراج کرنا ؛ محفوظ شکل میں لے آنا ۔ (اسم) تحریر ؛ ریکارڈ ؛ کسی بات/چیز کے ضبط تحریر میں لانے کا عمل یا حقیقت ؛ حقائق و واقعات کے علم یا اَن کے بارے میں یادداشت کا تحریری یا کسی مشینی/میکانی شکل میں بیان ، خاص طور پر حقائق و واقعات کے بارے میں سرکاری تحریر /روداد ؛ کسی عدالتِ انصاف کی کارروائی کی باضابطہ یا سرکاری تحریری روداد ؛ کسی تحریر کی باضابطہ یا سرکاری نقل ؛ گراموفون ریکارڈ جس پر آواز صوت بند کی گئی ہو اور بعد میں جسے سنا جا سکے ؛ اعمال یا کارگزاریوں کی روداد ؛ فہرست یا مکمل جائزہ ، جیسے کسی شخص ، ادارے ، گھوڑے یا سمندری جہاز وغیرہ کے بارے میں ؛ کسی چیز کے حصول کا قابل ذکر درجہ ، خاص طور پر اعلیٰ ترین مصدّقہ سند کا حصول ؛ ریکارڈ جیسے کھیلوں ، امتحانوں میں ۔ (صفت) ریکارڈ قائم کرنے والا ؛ حصول کا اعلیٰ ترین معیار (جیسے : a record year for sales) ۔

off the record, غیرسرکاری طور پر؛ عوام کو بتائے جانے کے ناقابل ؛ عوام سے پوشیدہ ؛ ورائے قلمبندی ؛ ورائے اندراج ۔

بچانا ؛ (بعض کھیلوں میں) کسی نمایاں مقام یا فائدے کا مطالبہ یا دوبارہ مطالبہ کرنا ۔ (قانون) بطور زرِ تلافی معاوضہ/تاوان وصول کرنا ؛ زخم یا قرض کے بدلے میں وصول کرنا ؛ کسی عدالت کے فیصلے کے نتیجے میں حق ملکیّت حاصل کرنا ؛ معاوضہ لینا ۔ (فعل لازم) بازیافت ہونا ؛ بیماری کے بعد صحت یاب ہو جانا ؛ پھر سے پہلے جیسی حالت حاصل ہو جانا ، جیسے بدقسمتی یا ذہنی عدمِ توازن کے بعد ؛ بعض کھیلوں میں کسی نمایاں حیثیت یا فائدے کا طلب گار ہونا ۔ (قانون) کسی مقدمے میں کامیاب ہونا ۔

recoverable, a. بازیافتنی ؛ قابلِ وصول ؛ مُمکنُ الحُصُول ؛ قابلِ صحت یابی ؛ قابلِ کامیابی/فتح ، جیسے کوئی مقدمہ ۔

re-cover, v.t. دوبارہ ڈھانپ لینا ؛ دوبارہ ڈھک دینا ۔

recovery, n. بازیافت ؛ وصولی ؛ صحت یابی ؛ بحالی ؛ بازیابی ؛ پھر سے حاصل کرنے کا عمل یا اس کی طاقت ؛ بیماری ، بیہوشی یا بدقسمتی کے بعد بحالی یعنی صحت یابی یا شفا یابی ۔ (قانون) عدالتی حکم کے تحت کسی شے کا حق دار/مالک بن جانے کا عمل ۔

recovery room, n. کمرۂ بحالیٔ صحت ؛ عملِ جرّاحی کے بعد مریض کو زیرِ مشاہدہ رکھنے کا کمرہ جس میں ضروری ہنگامی دیکھ بھال کے آلات موجود ہوتے ہیں ؛ ہسپتال کا وہ کمرہ جہاں عملِ جرّاحی کے بعد مریض کو ہوش میں آجانے تک رکھا جاتا ہے ۔

recreant, a. غدّار ؛ دشمن کے ساتھ جا مِلنے والا ؛ بُزدل ؛ بے وفا ؛ جھوٹا ؛ نامرد ؛ دوں ہمت ؛ کمزور ؛ بودا ۔ (اسم) شکست ماننے والا ؛ رحم کی درخواست کرنے والا شخص ؛ بے وفا ، بدعہد شخص ؛ غدّار/منکر/مُرتد/بھگوڑا شخص ۔

recreancy, n. غدّاری ؛ بے وفائی ؛ بُزدلی ؛ ارتداد ۔

recreantly, adv. غدّارانہ طور پر ؛ بے وفائی سے ؛ بُزدِلانہ طریقے پر ۔

re-create, v.t., v.i. بازتخلیق کرنا ؛ نئے سرے سے تخلیق کرنا ، جیسے اپنے ذہن میں کسی شے/واقعہ کو تازہ کرنا ۔

re-creation, n. تخلیقِ نو ؛ باز تخلیق ۔

recreate, v.t. تفریح کرنا ؛ سخت کام یا محنت کے بعد کسی تفریح یا مشغلے میں لگ کر پھر سے تازہ دم ہو جانا ؛ (کسی کام کے لیے) پھر سے تازہ دم/تازہ دل ہو جانا ۔

recreative, a. تفریحی ۔

recreation, n. تفریح ؛ تازگی ؛ ایسی تفریح یا مشغلہ جو لُطف فراہم کرے ؛ محنت وغیرہ کے بعد قُوّتِ عمل اور جذبے کی تازگی ؛ کوئی بھی ایسی شے جس سے تفریح اور سکون حاصل ہو ؛ تفریحی عمل ۔

recreational, a. تفریحی طور پر ؛ فرحت بخشانہ طور پر ۔

recriminate, v.i., v.t. ایک الزام کا جواب دوسرے الزام سے دینا ؛ الزام لگانے والے پر الزام لگانا ؛ جوابی الزام لگانا ۔

recrimination, n. الزامی جواب ؛ اُلٹی تہمت ؛ جوابی الزام لگانے کا عمل ؛ ایک الزام کا جواب دوسرے الزام سے ؛ کسی کو بدلے میں الزام دینے کا عمل ۔ (قانون) ملزم کا مدعی کے خلاف اُسی الزام کو انھی واقعات کی بنا پر لگانے کا عمل جو اس پر لگایا گیا ہے ۔

recriminative, recriminatory, a. جوابی الزام لگانے سے متعلّق ؛ صفت میں جوابی الزام جیسا ۔

recrudesce, v.i. پھر سے پُھوٹ پڑنا ، جیسے کسی بیماری یا زخم کا (ٹھیک ہو جانے کے بعد) ؛ دوبارہ نمودار/ظاہر ہو جانا ؛ دوبارہ سرگرمِ عمل ہو جانا ؛ زخم کا پھر سے ہرا ہو جانا ؛ بیماری عُود کر آنا ۔

recrudescence, recrudescency, n. دوبارہ پُھوٹ پڑنے ، (زخم) ہرا ہو جانے یا سرگرمِ کار ہو جانے کا عمل ؛ تمدّدِ مرض ۔

recrudescent, a. پھر سے سرگرمِ عمل ؛ پھر سے پھوٹ پڑنے والی (بیماری) ؛ پھر سے ہرا ہو جانے والا (زخم) ۔

recruit, n. رنگروٹ ؛ نیا نیا بھرتی شدہ سپاہی ؛ کسی ادارے یا گروہ کا نیا کارکن/ممبر ۔ (فعل متعدی) ضرورت کے لیے بھرتی کرنا ؛ نئے لوگ مہیّا کرنا ؛ تازگی بخشنا ؛ تازہ خون مہیّا کرنا ؛ نَو بر نَو کرنا جیسے صحت ، جذبات یا قوّت کو ۔ (فعل لازم) نئے سپاہیوں کا بھرتی ہونا ؛ رنگروٹ بننا ؛ صحت یاب ہونا یا نئے جوش کا حاصل ہونا ؛ ضائع شدہ یا ضرورت کی کسی چیز کا پھر سے مہیّا ہو جانا/مِل جانا ۔

recruiter, n. بھرتی کرنے والا ؛ بھرتی کار ۔

recruitment, n. نئی بھرتی ؛ داخلہ ؛ ریکروٹمنٹ ۔

recrystallize, v.t. دوبارہ قلمیں بنانا ۔ (فلزیات) مختلف طریقوں سے بِلّور کی بناوٹ تبدیل کرنا ۔

recrystallization, n. باز قلماؤ ؛ مکرّر قلماؤ ؛ بازبِلوریّت ۔

rectal, a. (تشریح الاعضا) مستقیمی ؛ مِقعد کے نزدیک یا اس سے متعلق ؛ امعائے مستقیم کے بارے میں ۔

rectally, adv. مقعدانہ ؛ مستقیمی طور پر ؛ مِقعد سے متعلق کسی امر/کام سے تعلّق رکھتے ہوئے ؛ امعائے مستقیم کے نزدیک کسی عمل سے متعلّق ۔

rectangle, n. مُستطیل ؛ کوئی بھی قائم الزّوایا متوازی الاضلاع ؛ ایسی چوگوشہ شکل جس کے آمنے سامنے کے اضلاع متوازی اور مساوی ہوں اور چاروں زاویے قائمہ (یعنی ۹۰ درجے کے) ہوں ۔

rectangular, a. مستطیلی ؛ قائمۃ الزّوایا ؛ ایسی شکل جس کا ایک یا سارے زاویے قائمہ یعنی ۹۰° کے ہوں ؛ مستطیل نُما ؛ علی القوائم ۔

rectangularity, n. مستطیل پن ؛ مستطیلیت ؛ قائمۃ الزّوایا ہونے کا عمل ۔

rectangularly, adv. مستطیلانہ طور پر ؛ مستطیلیت سے ؛ قائمۃ الزّوایا انداز سے ۔

rectangular coordinate, n. (ریاضی) محدّد علی القوائم ؛ کسی سطح پر واقع ایک نقطے کا دو عمودی لکیروں میں سے ہر ایک تک کم سے کم فاصلہ ؛ وہ چھوٹے سے چھوٹا فاصلہ جو خلا میں واقع کسی نقطے اور تین باہم دگر عمودی سطحوں کے مابین ہوتا ہے ؛ خطوط مُرَتَّبہ علی القوائم ۔

rectifier, n. آلۂ کشید ؛ درست کُنندہ ؛ وہ جو ٹھیک کرے ؛ بار بارکشید/کشید مکرّر سے خالص بنانے والا ؛ اے ۔ سی بجلی سے ڈی ۔ سی بجلی حاصل کرنے کا ایک آلہ ؛ تخلیص کار ۔

rectify, v.t. دُرست یا صحیح کر دینا ؛ غلطی ، خرابی یا جُھوٹ کو ٹھیک کر دینا ؛ ترمیم کر دینا ؛ مکرّر کشید سے چیز کو

خالص تر بنانا ؛ اے ۔ سی بجلی سے ڈی ۔ سی بجلی بنانا ؛ کسی مشاہدے یا حساب کتاب میں کسی امکانی غلطی (کو دُور کرنے) کے لیے گُنجایش رکھنا/تطبیق کرنا ۔

rectifiable, a. قابلِ دُرُستی ؛ قابلِ تصحیح ؛ قابلِ تخلیص ؛ (ایسی شے) جسے ابھی مزید خالص بنایا جا سکتا ہو ؛ اصلاح پذیر۔

rectification, n. دُرُستی ؛ تصحیح ؛ تخلیص ؛ اے ۔ سی بجلی سے ڈی ۔ سی بجلی بنانے کا عمل ؛ خالص تر بنانے کا عمل ۔

rectilinear, a. مستقیم ؛ راستِ خطی ؛ سیدھا ؛ سیدھے خطوط کی حدود میں محدود ؛ مستقیم الاضلاع ۔

rectilinearly, adv. سیدھے انداز سے ؛ مستقیمانہ طور پر ؛ سیدھے خُطوط میں محدود انداز سے ۔

rectitude, n. راستی ؛ اُصول یا عمل کی راستی ؛ دیانتداری ؛ نیکی ؛ صدق ؛ درست فیصلہ ؛ دُرُستی ؛ اصلاح ؛ راست بازی ؛ راست روی ۔

recto, n. کھلتا صفحہ ؛ دائیں ہاتھ والا صفحہ ، جیسے کسی کُھلی کتاب کا ؛ یمین ؛ صفحۂ راست (Verso کے برعکس) ۔

rector, n. ریکٹر ؛ ناظم ؛ متولیٔ کلیسا ؛ پرنسپل ؛ وائس چانسلر ؛ پروٹسٹنٹ ایپسکوپل کلیسا کا وہ پادری جو ایک کلیسائی حلقے کا ذمہ دار/انچارج ہو ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) وہ پادری جو عبادات میں 'اِمام' بنے یا کسی مذہبی ادارے جیسے کسی مدرسے یا خانقاہ/مذہبی مدرسے کا منتظم ہو ۔ (انگلستانی کلیسا) وہ پادری جو کسی کلیسائی حلقے کا ذمّہ دار/اِنچارج ہو اور عشر کی وصولی اور دیگر حقوق رکھتا ہو ؛ کسی اسکول، کالج یا یونیورسٹی کا سربراہ یا مُنتظمِ اعلیٰ ۔

rectorate, n. پادری کا دفتر ؛ کسی اسکول ، کالج یا یونیورسٹی کے سربراہ یا مُنتظمِ اعلیٰ کا دفتر یا عہدہ ۔

rectorial, a. (پادری کے) کلیسائی حلقے کے انتظام سے متعلّق ؛ کسی تعلیمی ادارے کے انتظام کے بارے میں ۔

rectory, n. ریکٹری ؛ ایک کلیسائی حلقے کا گرجا ؛ ایک پادری کا اپنا گرجا ؛ پادری کی جائے رہایش ؛ خانۂ پادری ؛ پادری یا ریکٹر کی سرکاری قیامگاہ ۔

rectrix, n. پرندوں کی پرواز میں سمت بدلنے والا، دُم کے لمبے پروں میں سے ایک ۔

rectricial, a. پرندوں کی سَمتِ پرواز بدلنے والے دم کے لمبے پروں سے متعلّق ؛ سمتِ پرواز سے متعلّق ۔

rectum, n. (تشریحُ الاعضا) اَمعائے مُستقیم ؛ بڑی آنت کے آخری چھ سے آٹھ انچ تک کا حصّہ جو مقعد پر ختم ہوتا ہے ؛ سرم ؛ بڑی انتڑی کا آخری حِصّہ یا نِچلا حِصّہ ؛ سیدھی آنت ۔

rectus, n. (تشریحُ الاعضا) عضلۂ مستقیم ؛ سیدھے عضلات میں سے کوئی سا، جیسے شکم ، ران یا آنکھ کے عضلات میں سے کوئی عضلہ ۔

recumbent, a. خمیدہ ؛ جُھکا ہوا ؛ چِت (لیٹا ہوا) ؛ لیٹواں ؛ افتادہ ؛ حالتِ آرام میں ؛ بے عملی کی حالت میں ۔ (حیاتیات) کسی بھی خمیدہ یا دوسرے پر جُھکے ہوئے حصّے سے متعلق ۔

recumbency, n. جھکاؤ ؛ خمیدگی ؛ اُفتادگی ؛ استراحت ۔

recumbently, adv. خمیدہ انداز سے ؛ جُھکے ہوئے ؛ لیٹے ہوئے ۔

recuperate, v.i. بیماری یا تھکن سے بحال ہو جانا؛ مالی حالت کا بہتر ہو جانا ؛ سنبھل جانا ۔ (فعل متعدی) کسی بھی گُم شُدہ/ضائع شُدہ چیز کی بازیابی کر لینا جیسے صحت یا مالی حالت؛بحال ہو جانا/کر لینا ، جیسے ہوش و حواس ۔

recuperation, n. بحالی ؛ بازگیری ؛ بازیابی ؛ تندرُستی ؛ مالداری (بعد از غُربت) ؛ قُوّت یابی ۔

recuperative, recuperatory, a. بازگیرانہ ؛ صحت یا دولت بحال کر دینے والا یا ان کی بحالی میں مدد دینے والا (کوئی عُنصر) ۔

recur, v.i. دوبارہ ہونا ؛ بار بار ہونا ؛ مناسب یا مخصوص وقفے کے بعد کسی کام کا مکرّر ہونا ؛ اپنے خیالات کی طرف پِھر مائل ہونا ۔

recurrence, n. بازگردی ؛ تکرار ؛ بار بار ہونے کا عمل ؛ مناسب/مخصوص وقفے سے بار بار ہونے کا عمل ۔

recurrent, a. بازگرد ؛ مکرّر الوقوع ؛ بار بار پلٹنے/پلٹ آنے والا ؛ بار بار ہونے والا ۔ (تشریح الاعضا) اپنے متعین مقام و عمل پر واپس آ جانے والا جیسے کوئی عصبیہ یا شریان/ورید ۔

recurrently, adv. بازگردی سے ؛ مکرّر طور پر ؛ بار بار مُڑنے/پلٹنے سے متعلّق ؛ واپس مُڑ جانے کے انداز میں ۔

recurring decimal, n. اعشاریۂ متوالیہ ؛ کسورِاعشاریہ ؛ اعشاریہ کے بار بار آنے کا عمل ؛ بار بار آنے والا اعشاریہ ؛ اعشاریے کی تکرار ۔

recurvate, a. مُڑا ہوا ؛ خمیدہ یا پیچھے کو خمیدہ ؛ برگرداں ۔

recurve, v.t., v.i. مڑنا ؛ پیچھے کو مُڑنا/موڑنا ؛ جُھکنا/جُھکانا ۔

recusant, a. نافرمان ؛ سرکش ؛ انکار پر جما ہوا ؛ کسی مسلّمہ حکومت کو تسلیم نہ کرنے والا ؛ منحرف ؛ منکر ؛ رمیدہ ۔ (اسم) نافرمان شخص ؛ سرکش شخص ؛ جو عام رائے یا عوامی عمل کے ساتھ نہ چلے ؛ اِنگلستان کی تاریخ میں سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی کے دوران وہ شخص/فرد یا خاص طور پر رومن کیتھولک عیسائی جو چرچ آف انگلینڈ میں شامل ہونے سے انکاری تھا جبکہ اس زمانے میں قانونی طور پر چرچ آف انگلینڈ میں شامل ہونا ضروری قرار دیا گیا تھا ۔

recusancy, n. نافرمانی ؛ سرکشی ؛ انکار ؛ قانونی طور پر ضروری شے میں شمولیت سے انکار؛ انحراف ؛ تمُرد۔

red, a. لال ؛ سُرخ ؛ احمر ؛ قرمزی ؛ خوں رنگ/لہورنگ ؛ سُرخی مائل یا بھڑکیلا سُرخ؛ سُرخ رنگ کا کوئی سا رُوپ/درجہ/رنگت ۔ (اکثر بڑے R سے) کمیونسٹ نظام سے متعلّق ؛ اشتراکیت والا ؛ انقلابی ؛ سماجی تبدیلی کا حامی ؛ اشتراکی ؛ سُرخ پوش ۔ (اسم) سرخ/لال رنگ ؛ احاطۂ بصارت میں آنے والے رنگوں کے طیف میں سب سے نیچے کا بُنیادی رنگ ؛ خون/لہو جیسا رنگ ؛ وہ رنگ یا جزوِ رنگ جو کسی شے کو سُرخ/لال بنا دے ؛ سُرخ روشنی کا اشارہ ، جس کا مطلب ہے ، 'رُک جائیے' یا ''خطرہ'' ؛ کھاتہ داری میں 'جمع' صفحہ ، جس میں سرخ روشنائی سے اعداد و شمار لِکھے جاتے ہیں ۔(اکثر بڑے R سے) کمیونسٹ؛ اشتراکی ؛ انقلابی شخص ۔

in the red, (بول چال) مقروض ؛

قرض میں پھنسا ہوا ۔

paint the town red, (عوامی) بلّے گلّے / دُھوم دھڑکے سے کوئی جشن منانا ۔

see red, (بول چال) غصّے میں آنا ؛ غصّے میں لال پیلا ہونا ۔

redness, سرخی ؛ لالی ۔

redact, v.t. تیّار کرنا ، جیسے کسی تحریر کا اشاعت کے لیے ؛ نظرِثانی کرنا ؛ مرتّب کرنا ؛ ترتیب دینا/تحریر کرنا، جیسے کوئی بیان یا اعلان وغیرہ ۔

redaction, n. نظرِثانی یا مرتّب کرنے کا عمل ؛ نظرثانی ؛ ترتیب ؛ مرتّب شدہ/نظرِثانی شدہ (کوئی کام)؛ تدوین ؛ نو ترمیم نُسخہ ۔

redactional, a. متعلّق بہ ترتیب و تدوین ؛ متعلّق بہ نظرثانی ۔

redactor, n. مرتّب ؛ مؤلّف ؛ نظرثانی کُنندہ ؛ مدّون ۔

red alert, n. (عسکری) ہنگامی اشارہ ؛ ہوشیار/خبردار کرنے کے لیے سب سے آخری/ہنگامی/ضروری اِشارہ جو اُس وقت دیا جاتا ہے جب دُشمن کا حملہ ناگزیر دکھائی دے ۔

red alga, n. سُرخ کائی ؛ سرخ کائیوں (Rhodophyta) سے تعلّق رکھنے والی کوئی بھی سُرخ ، سُرخی مائل ، سرخی مائل بھوری سمندری کائی یا جڑی بُوٹی ۔

redan, n. (قلعہ بندی) مثلّثی دمدمہ ؛ اِس قسم کے بنے ہوئے مٹّی کے دو مورچے یا دمدمے جو واضح زاویہ بناتے ہوں اوراس دمدے کا رُخ دُشمن کی جانب ہو۔

red ant, n. (حشریات) سُرخی مائل/بھوری چیونٹیوں میں سے کوئی سی ؛ ایک سرخ/لال/بھوری چیونٹی ۔

red birch, river birch, n. سرخ غان ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا ایک درخت سیاہ بھوج پترہ (Betula nigra) جو دریائی وادیوں میں خود رو اگتا ہے ، اس کی چھال سُرخی مائل بھوری ہوتی ہے اور کاغذ کی دھجّیوں کی طرح ورق دار طور پر اُترتی ہے ، غلط العام طور پر اس لفظ کو زرد بھوج پتر (Betula lutea) اور شیریں بھوج پتر (Betula lenta) کے کٹے ہوئے شہتیروں یا کاٹھ کباڑ کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

red bird, cardinal, n. سُرخ چڑیا ؛ شمالی امریکا میں پایا جانے والا ایک پرندہ Richmondena cardinalis جو چونچ پر ایک سیاہ حلقے کے سوا باقی سارا سُرخ رنگ کا ہوتا ہے ، اس کی کلغی چمکدار/شوخ سرخ رنگ کی اور آواز سیٹی کی طرح تیز ہوتی ہے ۔

red blood cell, red blood corpuscle, n. سُرخ خُلیۂ خون ؛ خُلیۂ احمر ؛ خُون کا سُرخ خلیہ/جسیمہ ؛ ایسا خلیہ/جسیمہ جو ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کے خون کو سرخ رنگ مہیّا کرتا ہے ۔

red-blooded, a. سرخ خون والا ؛ سرخ و سفید ؛ صحت اور طاقت والا ؛ طاقتور ؛ بہادر ؛ قوّتِ مَردمی والا ؛ مردانہ ۔

red-bloodedness, n. احمریتِ خون ؛ خون سرخ ہونے کا عمل یا اس کی کیفیت ؛ سرخی خون ؛ صحت و طاقت ، بہادُری ؛ قوّتِ مردمی ؛ مردانگی ۔

red bone, n. سُرخی مائل بُھورا شکاری کُتّا ؛ درمیانی جسامت کا ایک امریکی شکاری کُتّا جس کا جسم سرخ یا سرخ اور بھورے رنگ کا ہوتا ہے ؛ سرخی مائل بھوری جلد کا امریکی کُتّا ؛ سُرخ اور بھورے رنگ کے بالوں والا امریکی کُتّا ۔

redbreast, n. (طیوریات) لال بجرتی چڑیا (Turdus migratorius) ؛ امریکا اور یورپ میں پائی جانے والی ایک قسم کی سُرخ چڑیا ؛ غلط العام طور پر یہ لفظ ایسے پرندوں کے لیے بھی مستعمل ہے جن کا سینہ سرخ ہوتا ہے ؛ مشرقی امریکا میں پائی جانے والی تازہ پانیوں کی سورج مچھلی (leponis auritis) ۔ نیز : red breasted bream ۔

redbud, Judas tree, n. درختِ ارغواں ؛ پھلی دار نسل کے درختوں میں ایک چھوٹا درخت Cercis canadensis جس پر موسمِ بہار میں پتّے آنے سے پہلے تنے یا شاخوں کے بالکل ساتھ ساتھ گُلابی رنگ کے بے تحاشا پُھول لگتے ہیں ۔

redcap, n. قُلی ، خاص طور پر ریلوے اسٹیشن کا کوئی قُلی ۔ (برطانوی بول چال) فوجی پولیس والا ۔ (بول چال) 'کارڈولس کارڈولس' (Carduelis carduelis) نامی یورپی سنہری چڑیا ۔

red carpet, n. سُرخ قالین ؛ استقبالیہ قالین ؛ قالین کا لمبا اور کم چوڑا ٹُکڑا جو اہم لوگوں اور معززین کے لیے گاڑی سے اُترتے یا سوار ہوتے وقت یا کسی عمارت میں داخل ہونے یا وہاں سے باہر آنے کے لیے ان کی راہ میں احتراماً بچھایا جاتا ہے ؛ معززین کے استقبال وغیرہ کے لیے کیے گئے کوئی بھی اہم اور رسمی/پر تکلف اقدامات ۔ (صفت) بہت شان و شوکت والا ؛ طمطراق والا ۔

red carpet treatment, n. (مجازاً) شاندار ، پُرجوش استقبال یا مہمان نوازی ؛ گرمجوشی کا سلوک ، بہ طورِ خاص مہمانوں کے ساتھ ۔

red cedar, n. صندلِ سُرخ ؛ لال چندن ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقے کا صنوبری نسل کا ایک درخت ، ورجینیا کا صنوبر (Juniperus virginiana) جس کی لکڑی سیسے کی پینسلیں ، الماریاں اور تختوں کی سجاوٹ بنانے کے کام آتی ہے ؛ امریکا کے مغربی علاقے میں اُگنے والا اسی نسل کا ایک اور درخت ، ان درختوں کی لکڑی نرم ، ہموار اور مہکیلی ہوتی ہے جسے گُھن نہیں لگتا ۔ دیکھیے : cedar

red cent, n. سُرخ سینٹ ؛ ایک سینٹ کا امریکی سکّہ ؛ ڈالر کا ۱/۱۰۰ حِصّہ ۔ (مجازاً) پرکاہ ؛ برائے نام ؛ ذرا سی بات ، خاص طور پر منفی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے (جیسے : not worth a red cent) ۔

Red Chamber, n. (کینیڈا) کینیڈا کے ریاستی ایوان کا ایک معروف نام ، اس لیے کہ اس میں سب کُچھ سرخ رنگ کا ہے ۔

red clover, n. سرخ گھاس ؛ کھیتوں میں اور سڑک کے کناروں پر اُگنے والی عام گول سرے والی گلابی/سرخ رنگ کی تپتیا گھاس ؛ ورمونٹ ریاست کا سرکاری/قومی پھول جسے چارے کے طور پر بکثرت کاشت کیا جاتا ہے ۔

redcoat, n. لالکرتی (گورا) ؛ اٹھارھویں صدی کا انگریز سپاہی ؛ کینیڈا کی پولیس کا سپاہی ۔

red coral, n. سُرخ مُونگا ؛ مرجان ؛ مُونگے کی نسل Corallium کا گلابی یا سُرخ ڈھانچے کا موتی ،خصوصاً نادر مونگا (Corallium nobile) جو زیوراتِ سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

Red Cross, n. صلیبِ احمر ؛ انجمن صلیبِ احمر ، ایک بین الاقوامی انسان دوست تنظیم جس کا نشان سفید زمین پر سرخ

(یونانی انداز کی) صلیب ہے ؛ اِس تنظیم سے ملحق کوئی ذیلی تنظیم ، جیسے ہلالِ احمر ۔ (چھوٹے r سے) سینٹ جارج کی سُرخ صلیب ، انگلستان کا ایک قومی نشان؛ جینیوا کی صلیب یا صلیبی نشان ۔

redd, n. ریڈّ؛ مختلف مچھلیوں کا انڈے دینے کا علاقہ یا مقام ۔

redd, v.t. (بولی) صفائی کرنا (عموماً up کے ساتھ) ؛ ترتیب سے رکھنا/ترتیب دینا ؛ صاف سُتھرا کر دینا ۔

red deer, n. بارہ سنگا ؛ احمریں آہو؛ سُرخ ہرن ؛ ہرن کی ایک قسم Cervus elaphus جو یورپ اور ایشیا میں پایا جاتا ہے اور پہلے انگلستان میں بہ افراط ہوتا تھا ؛ امریکی سفید دُم ہرن Odocoileus virginianus کھال کے گرمائی رنگ میں ۔

redden, v.t. سُرخ کرنا ؛ لال بنانا ؛ سرخ کر دینا ۔ (فعل لازم) سرخ ہو جانا ؛ شرم و حیا سے سُرخ ہو جانا ؛ لال ہو جانا ۔

reddish, a. سُرخی مائل ؛ لال سا ؛ کسی قدر سُرخ ؛ سرخ آسا ؛ گلگوں ۔

reddishness, n. سُرخی ؛ لالی ؛ گلگونی ۔

reddle, n. گیرو ؛ سُرخ رنگ کی کھریا مٹّی ؛ لوہے کے کاربونیٹ کی کچ دھات جسے سرخ رنگنے اور بھیڑوں پر نشان لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) گیرو سے نشان لگانا یا رنگنا ۔

reddleman, n. گیرو والا ؛ گیرو کا کاروبار کرنے والا ۔

rede, v.t. مشورہ دینا یا نصیحت کرنا ؛ بیان کرنا یا بتانا ؛ سمجھانا ؛ حل کرنا ۔ (اسم) مشورہ یا نصیحت ؛ منصوبہ ، تجویز یا خاکہ ؛ بیانیہ ، کہانی وغیرہ ۔

redecorate, v.t., v.i. دوبارہ یا نئے سرے سے سجنا یا سجانا؛ آراستہ ہونا یا کرنا ۔

redecoration, n. دوبارہ یا نئی سجاوٹ ؛ آرایشِ نَو ؛ مُکرّر سجاوٹ؛ تزئینِ مُکرّر ۔

rededicate, v.t. دوبارہ منسوب کرنا ؛ دوبارہ معنون کرنا ؛ دوبارہ خود کو کسی کام کے لیے وقف کرنا ۔

rededication, n. انتسابِ نَو ؛ نئے سرے سے خود کو کسی کام کے لیے وقف کرنے کا عمل ۔

redeem, v.t. چُھڑا لینا ؛ کسی چیز کو رقم ادا کرکے خریدنا یا چھڑانا (جیسے: to redeem a mortgage) ؛ کسی گروی/ رہن شُدہ شے کو ادائیگی کرکے یا کسی اور اطمینان بخش ذریعے سے چھڑانا ؛ فکِ رہن کرانا ؛ نوٹ دے کر سکّے لینا ؛ سکّوں میں تبدیل کرنا جیسے زر کاغذی کو ؛ ڈنڈ بھرنا ؛ کسی عہد یا وعدے کو نبھانا یا پُورا کرنا؛ تلافی کرنا ؛ تاوان وغیرہ ادا کر کے کسی کو قید سے آزاد کرانا یا سابقہ حیثیت پر بحال کرانا ؛ جان بچانا یا نجات دلانا ۔ (الہٰیات) گناہگار کا قربانی دے کر اپنے آپ کو گناہ اور اُس کے عواقب سے آزاد کرا لینا ؛ کفّارہ ادا کرکے گناہ بخشوا لینا ۔

redeemable, redemptible, a. انفِکاک پذیر ؛ کفّارہ پذیر ؛ قابلِ کفارہ ؛ قابلِ فک ؛ قابلِ تلافی ؛ قابلِ معافی (گناہ) ؛ چھڑائے جانے کے قابل (جیسے : bonds redeemable in 1998) ؛ میعادی ۔

redeemer, n. معافی دینے والا ؛ برجانہ/جرمانہ لے کر کسی قیدی یا غلام کو آزاد کر دینے والا ؛ نجات دہندہ ۔ (بڑے R سے) یسوع مسیح (عیسائیت میں) ۔

redefine, v.t. تعریف نو کرنا ؛ نئے سرے سے تعریف متعیّن کرنا ؛ پرانی تعریف کو تبدیل کر دینا ۔

redefinition, n. نئی تعریف ؛ تعریفِ نَو ۔

redeliver, v.t. نئے سرے سے ادا کرنا یا دے دینا ؛ واپس دے دینا ؛ واپس دینا ؛ دوبارہ نجات دلانا ؛ (ڈاک کا) پھر سے تقسیم کرنا ۔

redelivery, n. (ڈاک کی) تقسیمِ نَو ؛ نئی ادائیگی ؛ واپسی ؛ نجاتِ مکرّر ۔

redemand, v.t. (دی ہوئی چیز) واپس مانگ لینا ؛ طلب نو کرنا ؛ دوبارہ مانگ لینا؛ نئے سرے سے پھر مانگ لینا/مطالبہ کرنا ۔

redemandable, n. مطالبۂ نَو کے قابل ؛ مطالبۂ مکرّر کے قابل ؛ نو طلبِ پذیر ۔

redemption, n. انفکاک ؛ فک الرہن ؛ آزادی ؛ تلافی ؛ فک (رہن) ؛ (کسی بیچی ہوئی چیز کو) واپس لینے کا عمل یا واپسی؛ ادا شُدہ رقم کی واپسی جیسے گروی یا رہن شدہ چیز کو چھڑانے کے لیے ؛ کسی بعد میں قابلِ ادائیگی چیز (بونڈ وغیرہ) کو چُھڑانا ؛ نوٹ دے کر سکّے لینے کا عمل ۔ (الہٰیات) عیسائیت میں یسوع مسیح کی قربانی سے گناہوں اور ان کے عواقب سے نِجات ؛ مکمل نجات (اُخروی) ؛ شفاعت ۔

redemptional, a. متعلّق بہ نجات ؛ متعلّق بہ فکِ (رہن) ؛ متعلّق بہ آزادی/تلافی ۔

redemptioner, n. تلافی کُنندہ ؛ اٹھارھویں اور انیسویں صدی کا وہ تارکِ وطن جو یورپ سے امریکا جانے کے لیے سمندری جہاز کے کپتان کو کرائے کی رقم کے بدلے کچھ/مخصوص/مناسب عرصے کے لیے اپنی خدمات کسی کو بھی مستعار دینے کا یا اپنی حاصل کردہ آمدنی حوالے کرنے کا حق دے دیتا تھا ۔

redemptive, redemptory, a. متلافی ؛ تلافی کرتا ہوا ؛ متعلق بہ تلافی/نجات/فک ۔

Redemptorist, n. [بمعنی متبرّک ترین نِجات دہندہ کا اجتماع] Congregation of the most Holy Redeemer نامی تنظیم کا ایک کارکُن ، رومی کیتھولک عیسائیوں کی یہ تنظیم ۱۷۳۲ء میں نیپلز کے سینٹ الفانسولغوری نے غُربا کی خدمت کرنے کے لیے قائم کی تھی ۔

redeploy, v.t., v.i. (عسکری) نئی پرا بندی کرنا ؛ کسی دوسری جگہ یا دوسرے محاذِ جنگ پر فوجی دستوں یا سامانِ رسد وغیرہ کا منتقل کرنا ۔

redeployment, n. (عسکری) نئی پرا بندی ؛ کسی دوسری جگہ یا دوسرے محاذِ جنگ پر دستوں یا سامان رسد کی منتقلی ۔

redeposit, v.t. دوبارہ جمع کرانا ؛ (رقم) واپس لینے کے بعد پھر جمع کرا دینا ۔

redesign, v.t. نئے سرے سے خاکہ/منصوبہ تیار کرنا ؛ (کسی شے مثلاً آلے/مشینری کی) ظاہری شکل و شباہت ، کارکردگی ، اندرونی اشیا کو تبدیل کر دینا یا اُن میں تبدیلی لے آنا ۔

redetermine, v.t., v.i. دوبارہ کسی فیصلے پر پہنچنا ؛ دوبارہ تحقیق/تفتیش کے نتیجے میں پتا چلانا/چلنا ۔

redetermination, n. عزم نو؛ دوبارہ فیصلہ ؛ نئی شہادتوں کی روشنی میں حاصل شدہ عِلم ؛ تعیینِ نو۔

redevelop, v.t. دوبارہ ترقی دینا ۔ (عکّاسی) کسی تصویر کو دوبارہ کیمیاوی مسالے سے دھونا تاکہ عکس واضح تر ہو جائے ۔ (فعل لازم) دوبارہ ترقی ہونا ۔ (عکّاسی) واضح تر تصویر کے لیے کیمیاوی مسالے سے پھر دُھلنا ۔

redeveloper, n. باز اُجاگر کار ؛ دوبارہ ترقی دینے والا ؛ عکس /فوٹو کو دوبارہ کیمیاوی/مسالے سے دھونے والا ۔

redevelopment, n. بازاُجاگری ؛ دوبارہ ترقی؛ ترقیِ نَو ؛ ترقی مکرّر ؛ عکس/فوٹو کا دوبارہ کیمیاوی مسالے سے دھوئے جانے کا عمل ۔

redeye, n. سُرخ چشم ؛ سُرخ آنکھوں والی ایک مچھلی ؛ سرخ ماہی ؛ لال مچھلی ۔ (عوامی) تیز شراب/وِھسکی کی ایک سستی اور گھٹیا قسم ۔ (ریلوے) اشاراتی ضابطے میں خطرے کا اشارہ ۔

redfin, n. سُرخ مہپیر؛ شمالی امریکا کے مشرقی اور وسطی علاقوں کی بہت سی چھوٹی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً سیم ماہی (Notropis Cornutus) جو تازہ پانی کی مچھلی ہے اور جس کے کھپرے سُرخ رنگ کے ہوتے ہیں ۔

red fire, n. کوئی بھی ایسی احتراق پذیر/جلنے والی شے ، جیسے اسٹرونشیم نائیٹریٹ سے مُرکّب کوئی شے ، جو تیز سُرخ رنگ میں جلتی ہے اور جسے آتش بازی کے مظاہروں یا (روشنی کے) اشاروں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

redfish, n. شمالی بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی مختلف مچھلیوں میں سے کوئی سی مچھلی جو غذائی لحاظ سے کارآمد اور رنگ میں سُرخی مائل ہوتی ہے ، جیسے سالمن مچھلی، گلابی مچھلی یا نیل پُشت مچھلی ۔

red fox, n. سرخ لومڑی ؛ لومڑی کی ایک قسم جس کی کھال سرخ ہوتی ہے ؛ سُرخ لومڑی کی پشم/سمُور ۔

Red Guard, n. سرخ محافظ ؛ اشتراکی چین کی فوج کا سپاہی ؛ سُرخ پوش چینی سپاہی ۔

red gum, n. سرخ سفیدا ؛ سفیدے کی نسل کا کوئی درخت، خاص طور پر ''یوکلپٹس کمالڈولینسس'' (Eucalyptus Camaldulensis) جس کو یہ نام سرخ رنگ کا گوند نکلنے کی وجہ سے دیا گیا ہے ؛ شیریں گوند یا مائع عنبر درخت ۔

red-handed, a. رنگے ہاتھوں ؛ کسی جُرم میں 'عین' ملوّث ، اُس وقت کہا جاتا ہے جب مجرم کو دورانِ جرم پکڑ لیا جائے ؛ جرم کا پکّا مرتکب ۔

red-handedly, adv. رنگے ہاتھوں ؛ ارتکابِ جُرم کے دوران ۔

red-handedness, n. مجرم کا رنگے ہاتھوں/ارتکابِ جُرم کے دوران پکڑے جانے کا عمل ۔

red head, n. سرخ بالوں والا شخص ۔ (طیرانیات) شمالی امریکا کی ایک غوطہ خور بطخ 'ایتھیا امیریکانا' (Aythya americana) جو سلیٹی/مٹیالے رنگ کی ہوتی ہے، اس کی کلغی سیاہ اور سر گول سرخی مائل بھورا ہوتا ہے، بعض اوقات اسے اور 'کینوس بیک' نامی بطخ کو غلطی سے ایک سمجھ لیا جاتا ہے ؛ پُرانے وقتوں کی سُرخ سر بطخ (Netta rufina) ۔

red-headed, redheaded, a. سُرخ سَر ؛ سرخ بالوں والا ؛ سُرخ سر (بطخ) ۔

red heat, n. انتہائی تیز گرم (لال انگارہ) شے کا درجۂ حرارت ؛ کسی شے کی انگارہ کیفیت ۔

red herring, n. سُرخ ہیرنگ ؛ بُھنی ہوئی نمکین خار ماہی/ ہیرنگ مچھلی؛ سخن ساز جس کا مطلب یہ ہو کہ اصل مسئلے سے توّجہ ہٹائی جا سکے ۔ (مالیات) اِس قسم کے حصص/بونڈ/تمسکات کا اجرا جس پر سرخ رنگ کی روشنائی سے یہ اطلاع چھپی ہونا ضروری ہے کہ اِس پیشکش کی منظوری ابھی 'سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن' یعنی مالیاتی مجاز ادارے کے زیرِ غور ہے ۔

red-hot, a. حرارت سے گرم شدہ ؛ لال انگارہ ؛ تیز گرم؛ لال بھبھوکا ؛ بہت جوش میں ؛ بہت جذبے میں ؛ پُرتشدّد یا گرما گرم (جیسے : a red-hot debate) ؛ تازہ بہ تازہ یا نئی جیسے کوئی خبر ۔

redingote, n. اٹھارھویں صدی میں پہنا جانے والا بڑا کوٹ جس کے بڑے دامن سامنے کی طرف کو ڈھانپے ہوئے ہوتے تھے ؛ خواتین کا ایسا کوٹ جو سامنے سے کھلا ہوتا ہے تاکہ اندر پہنے ہوئے کپڑے نظر آتے رہیں ۔

redintegrate, v.t. تکمیل نَو کرنا ؛ دوبارہ صحیح سالم بنانا ؛ پھر سے نیا بنانا ؛ بحال کرنا ۔ (نفسیات) جب بھی کسی ابتدائی پیچیدہ مہیّج کے کسی حصّے کو دہرایا جائے تو اس کے جواب میں پہلے والا ہی ردِّعمل دہرانا ؛ دوبارہ اتّحاد کرنا ۔

redintegration, n. نو تکمیل؛ نواتمام ؛ نَو بہ نَو ؛ تازہ بہ تازہ ؛ بحالی ؛ کسی ابتدائی پیچیدہ مہیّج کے کسی حصّے کو دُہرانے پر جواباً وہی ردِّ عمل ظاہر کرنے کا عمل ؛ اتّحادِ نَو ۔

redirect, v.t. دوبارہ یا نئے سرے سے حکم دینا ، نصیحت کرنا ، سیدھا راستہ دکھانا وغیرہ ؛ باز ہدایت کرنا ۔ (صفت) (قانون) جرح کے بعد کسی گواہ سے ،بلانے والے کی جانب سے، مزید گواہی لینے کے عمل سے متعلق ۔

redirection, n. نئی ہدایت ؛ نیا حکم ؛ نئی نصیحت ؛ نئی سمت ۔ (قانون) جرح کے بعد کسی گواہ سے ،بلانے والے کی جانب سے' مزید گواہی لینے کا عمل ۔

rediscount, n. (کاروبار) تجارتی کاغذ پر دوسری رعایت/ دوبارہ چھوٹ ۔ (عموماً جمع) دوبار رعایت/چھوٹ والا کاغذ ۔ (فعل متعدی) دوبارہ رعایت/چھوٹ دینا ۔

rediscountable, a. دوبار چھوٹ کے قابل ؛ جس پر دوبارہ رعایت/چھوٹ دی جائے ۔

redistill, v.t. دوبارہ کَشید کرنا ؛ دو آتشہ بنانا ۔

redistillation, n. دوبارہ کَشید؛ کشیدِ نو ۔

redistribute, v.t. پھر سے/نئے سرے سے بانٹنا ؛ دوبارہ تقسیم کرنا ؛ دوبارہ مختص کرنا ۔

redistribution, n. نئی تقسیم ؛ نئی تخصیص ؛ نئی بانٹ ۔

redistributive, a. نو تقسیم ؛ نو تخصیص ؛ متعلق بہ تقسیم/ تخصیص نو ۔

redistrict, v.t. انتظامی یا انتخابی مقاصد کے لیے نئی حلقہ بندی/ضلع بندی کرنا ۔

redivivus, a. [لاطینی] حیات نو والا ؛ پھر سے زندہ ہو

جانے والا ؛ نئے جنم والا ؛ نئی زندگی پانے والا ۔

red jasmine, frangipani, n. سُرخ چنبیلی ؛ کچلہ نسل سے تعلق رکھنے والا استوائی زیبایشی پودا پلومیریا ربرا (Plumeria rubra) جس کے سِروں پر گلابی سے لے کے سرخی مائل ارغوانی رنگ تک کے خوشبودار پھولوں کے بہت سارے گچھے لگتے ہیں ۔

red lead, minium, n. سیندور ؛ تیز نارنجی سرخ رنگ کا سیسے کا کُشتہ (آکسائڈ) ، جسے شیشہ بنانے ، صیقل کرنے ، ذخیرہ برق (بیٹری) کے حصے بنانے اور رنگ و روغن کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

red-letter, a. یادگار یا انتہائی خوشی والا (جیسے : a red-letter day in one's life) ؛ سرخ حروف/ہندسوں میں ظاہر کیے گئے جیسے گرجا کے تقویم میں تہواروں کے دن ؛ جشن کا ؛ آزادی کا ۔

red light, n. سُرخ روشنی/بتی، جس سے رکنے کا یا خطرے کا اشارہ دیا جاتا ہے، جو خاص طور پر ٹریفک/آمدورفت کو باضابطہ بنانے کے لیے مستعمل ہے ۔ (صفت) سرخ، لال رُکنے کا (اشارہ)؛ خطرے کی نشان دہی کرنے والا ۔

red-light district, n. شہر کا وہ حصّہ جہاں قحبہ خانے ہوں ؛ شہر کا چکلہ ، یہ نام اس لیے پڑا کہ طوائفوں کے گھروں پر لال بتی لگانے/لگوانے کا رواج تھا ۔

red mulberry, n. تُوتِ سرخ ؛ شہتوت ۔ دیکھیے : mulberry ۔

redneck, n. (عوامی) جنوبی امریکا کے علاقوں میں کام کرنے والا سفید نسل غریب دیہاتی مزدور ۔

redo, v.t. دوبارہ کرنا ؛ دوبارہ آراستہ کرنا ؛ زیبایش نو کرنا ؛ پھر کرنا؛ نئے سرے سے کرنا ۔

red oak, n. سُرخ شَاہ بلوط ؛ شمالی امریکا کے دو درختوں کرکس بوری آلِس (Quercus borealis) یا کرکَس ربرا (Quercus rubra) میں سے کوئی سا جو اپنی سرخ رنگ والی سخت لکڑی کی وجہ سے قیمتی سمجھا جاتا ہے ؛ سرخ شاہ بلوط گروہ کا کوئی سا درخت جن میں ایک مشترکہ صفت یہ ہوتی ہے کہ ان کے پتے بال نما (نوکیلے ، سوئی جیسے) ہوتے ہیں ۔

red ocher, n. گیرو؛ سرخ رنگ کی ایسی مٹّی جس میں لوہے کا آکسائڈ/زنگ موجود ہوتا ہے اور جسے رنگنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

redolent, a. خوشبو دار؛ معطّر؛ مہک دار ؛ عطر افشاں ؛ کسی کی یاد دلانے والا (اکثر with کے ساتھ) ؛ کسی شخص یا چیز سے مشابہت رکھنے والا ۔

redolence, redolency, n. یاد آوری ؛ معطر پن ؛ خوشبو ؛ عطر بیزی ، مہکنے کا عمل ؛ عطریت ۔

redolently, a. خوشبو لیے ہوئے ؛ یادیں تازہ کرتے ہوئے ۔

redouble, v.t. اضافہ کر دینا ؛ دو چند کرنا ؛ چند در چند کرنا ؛ پھر دگنا کر دینا ؛ دوبارہ تہ کر دینا ۔ (برج) برج نامی کھیل میں مخالف کے ڈبل کے جواب میں ڈبل کر دینا ۔ (فعل لازم) پھر دوگنا ہو جانا ؛ اضافہ ہو جانا ؛ چند در چند ہونا ۔ (اسم) (برج) برج نامی کھیل میں مخالف کے ڈبل کے جواب میں ڈبل کرنے کا عمل ۔

redoubt, n. (قلعہ بندی) ایک چھوٹا عارضی احاطہ بند مورچہ ؛ مزید استحکام کے لیے قلعہ کے اندر بنا ہوا حفاظتی مورچہ ؛ گڑگج (مُثمّن یا مربع) ۔

redoubtable, redoubted, a. زبردست ؛پُرہیبت ؛ پُروقار ۔

redoubtably, adv. زبردستی سے ؛ پُرہیبت انداز سے ؛ باوقار طور پر ۔

redoubtableness, n. ہیبت ؛ وقار ۔

redound, v.i. منتج ہونا ؛ بڑھانا ؛ سوا کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ پلٹ آنا ؛ کسی آدمی یا چیز پر فائدے یا نقصان کے لحاظ سے اثر پذیر ہونا (to کے ساتھ) ؛ میسر آنا یا کسی کے لیے نتیجہ نکلنا ؛ واپس آنا یا الٹنا ، کسی شخص پر (جیسے : Disgrace redounds upon one caught stealing) ۔

redox, n. (کیمیا) تحویل تکسیدی عمل (oxidation reduction) کا مرخم ۔

red-pencil, v.t. نظرثانی کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا یا تصحیح کرنا ؛ احتساب کرنا ؛ سنسر کرنا ۔

red pepper, n. سُرخ مرچ ؛ لال مرچ ؛ مرچ (Capsicum frutescens) کی مختلف کاشت کی جانے والی اقسام میں سے ایک جس پر لال پھلی لگتی ہے اور جسے چٹخارے /مرچیلے ذائقے پیدا کرنے کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے ۔

redpoll, n. (طیوریات) زقیقیہ ؛ متعدد بھوری اور سفید دھاری دار ننھی چڑیوں/برقشوں/سہروں میں سے کوئی ایک ، خاص طور پر ''اکانتھس فلیمیا'' (Acanthis flammea) جس کی پیشانی شوخ سرخ اور ٹھوڑی کالی ہوتی ہے ، یہ چڑیا قطب شمالی کے جنوبی علاقے میں پیدا ہوتی ہے اور موسم سرما امریکا کے شمالی علاقوں میں گزارتی ہے ۔

Red Poll, Red Polled, n. سینگ بریدہ، سرخ مُو مویشی ؛ انگلستان میں گوشت کے لیے پالے جانے والے بے سینگ سرخ کھال والے مویشی ۔

redraft, n. تجدید ہنڈی ؛ دوسری ہنڈی ، دوسرا ڈرافٹ یا دوبارہ رقم نکلوانے کا عمل ۔ (تجارت) کسی واپس کردہ ہنڈی/ڈرافٹ کی رقم مع برجہ خرچہ کے برابر رقم کا نیا ڈرافٹ جو اسی اسامی کو دینا ہوتا ہے ؛ باز تسوید ؛ باز تحریر ۔

redress, v.t. علاج کرنا یا درستی کرنا ، جیسے کسی غلطی کی ؛ مرہم پٹی کرنا، جیسے کسی زخم کی ؛ آرام دینا جیسے کسی تکلیف سے ؛ تلافی کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ تلافیٔ مافات کرنا ۔

redress, n. خرابی ، زخم یا ظلم و ستم سے نجات/ آرام ؛ غلطی کی تصحیح ؛ درستی ؛ کفارہ ؛ تلافی ؛ چارہ سازی ؛ حق رسی ؛ داد رسی ۔

redresser, redressor, n. تصحیح کنندہ ؛ سہولت بہم پہنچانے والا ؛ علاج کرنے والا ؛ سکون دہندہ ؛ کفارہ/تلافی کرنے والا ۔

red ribbon, n. سُرخ ربن ؛ کسی مقابلے میں دوسرے نمبر پر آنے والے کو دیا جانے والا سرخ اور عموماً نشان زدہ فیتہ/ربن ؛ دوم انعام ۔

redroot, n. سُرخ جڑا ؛ شمالی امریکا کا ایک پودا Lachnanthes tinctoria جس کے پتے تلوار نما اور پھول زرد مخملی اور جڑ سرخ ہوتی ہے ،جسے پہلے رنگنے کے کام میں لایا جاتا تھا ؛

لے آنا (to کے ساتھ ، جیسے : reduce someone to despair) ؛ ترتیب میں لے آنا ؛ کمزور/پتلا یا ہلکا بنا لینا جیسے شراب کو ۔ (ریاضی) آسان ترین شکل یا نچلی قسم میں لے جانا لیکن قدروقیمت بدلے بغیر ۔ (فلزیات) کچ دھات سے اصل دھات کو جدا کرنا ۔ (جرّاحی) اتری ہوئی یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کو مناسب جگہ اور مناسب حالت پر بحال کر دینا ؛ جوڑ بٹھانا ۔ (کیمیا) کسی چیز میں سے آکسیجن کا کچھ حصہ نکال لینا ؛ کسی ایٹم/جوہر وغیرہ کے الیکٹران/برقیے بڑھا کر اس کی مثبت گرفت کم کرنا ؛ تحویل کرنا ۔ (فعل لازم) چھوٹا ، کم یا نیچا ہو جانا ؛ وزن گھٹانا ؛ مٹاپا کم کرنا ۔ (حیاتیات) تخفیفی تقسیم کے ذریعے منقسم ہونا ۔

reducer, n. تخفیف کُنندہ ؛ تقسیم کنندہ ؛ چھوٹا ، کم یا نیچا کرنے/ہونے والا ؛ (وزن) گھٹانے والا ؛ خستہ حال بنا دینے والا ؛ کم مرتبہ یا حقیر کر دینے والا ۔

reducibility, n. تخفیف پذیری ؛ چھوٹا ، کم ، نیچا یا تقسیم ہو سکنے کی صلاحیت ؛ (وزن) کم ہونے کی صلاحیت ؛ کم مرتبہ یا حقیر بنانے کی اہلیت ۔

reducible, a. تخفیف پذیر ؛ قابل تحقیر ؛ قابل خستگی/خستہ حالی ؛ (وزن) کم کر سکنے والا ؛ چھوٹا/کم/تقسیم ہو سکنے والا ؛ قابلِ تخفیف ۔

reducibly, adv. کم ہونے کے انداز سے ؛ خستہ حالت کے انداز سے ؛ (وزن) گھٹانے کے حساب سے ۔

reducing agent, n. (کیمیا) تحویلی عامل ؛ ایسا مادہ جو دوسرے مادے کے الیکٹران/برقیے بڑھا کر اس کی مثبت گرفت کم کر دے ؛ مکسّر عامل ۔

reductase, n. (حیاتی کیمیا) تحویلی خمیر ؛ ایسا کیمیائی خمیر/خامرہ جو عمل انگیزی کے ذریعے تحویل کرے ۔

reductio ad absurdum, n. [لاطینی] استرداد قضیہ بہ ثبوت حماقت ؛ کسی قضیے/مسئلے کا اس کے منطقی نتائج تک پہنچانے سے ظاہر ہو جانے والی حماقت کی بنا پر استرداد ۔

reduction, n. تخفیف ؛ تقلیل ؛ کمی ؛ منہائی ؛ چھوٹائی ؛ چھوٹا/کم کرنے کا عمل ؛ چھوٹی شکل میں لانے کا عمل ؛ صغیریت ؛ محکومیت ؛ چھوٹے سائز میں کسی نقشے وغیرہ کی نقل بنانا ۔ (ریاضی) کسی مقدار کی قدر تبدیل کیے بغیر اسے سادہ ترین یا نچلی قسم میں لے جانا ۔ (فلزّیات) کچ دھات سے اصل دھات کی تخلیص ۔ (جرّاحی) اتری ہوئی یا ٹوٹی ہوئی ہڈی کو صحیح مقام پر بحال کرنے کا عمل ۔ (کیمیا) تکسیر ؛ آکسیجن کی کمی ، کسی مادے میں سے ؛ مثبت گرفت کی کمی ، جیسے کسی جوہر میں الیکٹران/برقیے بڑھا کر ۔ (حیاتیات) تخفیفی تقسیم کے ذریعے عملِ تقسیم ۔

reductional, a. متعلق بہ تخفیف/تحقیر/تقلیل/تخلیص وغیرہ ۔

reductive, a. تخفیف/تحقیر/تقلیل/تخلیص والا یا ان اعمال کے قابل ۔

redundancy, n. اعادۂ کثیر ؛ زیادتی ؛ کثرت ؛ زیادہ یا فالتو ہونے کی حالت ؛ بہت کثرت یا غیر ضروری دہرائی ، بالخصوص الفاظ وغیرہ کی ؛ فالتو یا کثیر ۔

redundant, a. کثیر ؛ فالتو ؛ قدرتی سطح یا ضرورت سے

سرخ جڑ والے دیگر پودوں میں سے کوئی سا ، جیسے مہندی (Alkanna inctoria) اور سدا بہار امرنت (Amarantus retroflexus) ۔

red salmon, n. سرخ سالمن مچھلی ؛ ماہی سلیمانی احمر ۔ دیکھیے : Sockeye ۔

redshank, n. (طیوریات) سرخ پاچہا ؛ پرانی دنیا کا لمبی ٹانگوں والا ٹٹیری نسل کا پرندہ جس کی چونچ ، ٹانگیں اور پنجے سرخ ہوتے ہیں ، خاص طور پر ''ٹوٹانس'' (Totanus totanus) اور ایری تھروپس (Totanus erythropus) ۔

red shift, n. (فلکیات) سرخ تبدُل ؛ وہ طبعی اثر جس کی وجہ سے کسی دور دراز کہکشاں یا اور کسی دور ہوتے ہوئے جرم فلکی سے نکلنے والی روشنی زمین سے فاصلہ بڑھتے جانے پر اور زیادہ سرخ نظر آتی ہے ۔

red siskin, سرخ سہرہ ؛ عنابی اور سیاہ رنگ کی چڑیا/برقش/سہرہ ''کارڈولس کوکولاٹا'' (Carduelis cucullata) جو جنوبی امریکا کے شمالی علاقوں میں پائی جاتی ہے اور اسے شوق سے پنجروں میں پالا جاتا ہے ۔

redskin, n. ریڈ انڈین ؛ شمالی امریکا کا قدیم باشندہ ؛ شمالی امریکا کا پرانا باسی ۔

red snapper, n. ''لوجانس'' (Lutjanus) ؛ نسل کی کھارے پانی کی سرخی مائل خوردنی مچھلی جو فلوریڈا کے ساحل کے ساتھ ساتھ اور خلیج میکسیکو میں پائی جاتی ہے ۔

red spider, red spider mite, n. سُرخ مکڑی ؛ سرخ تیلا ؛ بعض فصلوں کو تباہ کر دینے والے چھوٹے کیڑوں میں سے کوئی سا ۔

red squill, n. عنصل احمر ؛ پیاز جیسا یورپی پودا ''ارجینیا میری ٹیما'' (Urginea maritima) جسے چوہے مار ادویات/زہر بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

redstart, brantail, n. گُلدُم ؛ سرخ دم ؛ شوخ رنگوں والا امریکی پرندہ سیٹوفاگا رُوٹی سلا (Setophaga ruticilla)، نر پرندہ زیادہ تر سیاہ ہوتا ہے جس کے پروں اور دم پر نارنجی رنگ کے چتّے ہوتے ہیں اور یہ اپنی دُم کو پنکھے کی شکل میں پھیلائے رکھتا ہے ؛ یورپ کی ایک ننھی سی چڑیا بلبل (Phoenicurus phoenicurus) جس کی دُم اور سینے پر سرخ رنگ ہوتا ہے ۔

red tape, n. سُرخ فیتہ ؛ دفتری تضیع اوقات ؛ طویل اور سخت دفتری دستُورالعمل جس میں کام دیر سے ہوں یا نہ ہوں ، جیسے نوکر شاہی میں ۔

redtapism, n. سرخ فیتے کا نظام ؛ دفتری تضیعِ اوقات کی روایت یا اس کا عمل ۔

red tide, n. موج احمر ؛ ننھے ننھے سمندری پودوں خاص طور پر ''ڈائنو فلیجلیٹس'' (dinoflagellates) کی زیادتی/کثرت کے باعث سمندری پانی کا سرخ رنگ ۔

redtop, fiorin, n. مرغزاروں اور گھروں کے صحن میں اگانے والی ایک گھاس ایگروسٹِس البا (Agrostis alba) جو سرخی مائل گچھوں کی شکل میں ہوتی ہے ؛ سُرخ گھاس ۔

reduce, v.t. تخفیف کرنا ؛ گھٹا دینا ؛ قد ، مقدار یا قدر میں کم کردینا ؛ حقیر یا چھوٹا کر دینا ، جیسے طاقت یا درجے میں ؛ [illegible] حالت میں لے آنا ؛ ماتحت/زیر تسلط کر دینا ؛ کسی بتائی گئی حالت پر

زیادہ ؛ بہت زیادہ ؛ بوجھل الفاظ سے ثقیل ؛ حشو و زوائد ؛ وافر ؛ فراواں ۔

redundantly, adv. کثرت سے ؛ زیادہ ؛ بوجھل الفاظ سے ؛ بھرپور طریقے پر۔

reduplicate, v.t. پھر سے دہرانا ؛ باز تکراری کرنا/پھر سے دگنا کرنا ؛ ضرب دینا ؛ دہرانا ۔ (گرامر) دہرانا ، جیسے کسی لفظ کے ابتدائی ٹکڑے یا مصدر کو بعض اوقات ماضی کی نشاندہی کے لیے ؛ تکرار حرفی کرنا ۔ (فعل لازم)(گرامر) دہرایا جانا یا دوگنا ہو جانا ؛ دہرائی کے عمل سے گزرنا ۔ (صفت) دوگنا ؛ دہرا ؛ دہرا کیا گیا/کیا جانے والا ۔ (نباتیات) ایسی کلی سے متعلق جس کی پتیاں باہر کو مڑی ہوئی ہوں اور ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی نہ ہوں ۔

reduplication, n. باز تکراری ؛ دگنا کر کے حاصل شدہ شے یا دگنا کرنے کا عمل ۔ (گرامر) دہرائی ، اعادہ کسی لفظ کے ابتدائی ٹکڑے یا مصدر کا ، تھوڑی بہت تبدیل کے ساتھ ، دہرانے سے بننے والی نئی صورت ۔ (علمِ بیان) جوش خطابت میں کسی لفظ کو دہرانے کا عمل ۔

reduplicative, a. دوگُنا کرنے والا ؛ دوگنے ہونے سے متعلق ؛ مکرّر ۔

reduplicatively, adv. دوگُنا کرنے کے انداز سے ؛ دہرائے جانے کے انداز سے۔

redwing, n. سرخ پر والی کلچڑی ؛ ایک طوطی Turdus musicus جس کا بدن سرخی مائل بھورا اور سفید ہوتا ہے اور بازوؤں کے اندرونی پر سرخ رنگ کے ہوتے ہیں ؛ سرخ پر والی طوطی ۔

red-winged black bird, redwing, n. سرخ پر کلچڑی ؛ ایک کلچڑی ''ایجی لائس فونی کس'' (Agelaius phoeniceus) جس کے نر پرندے کے بازوؤں کے خم پر قِرمزی رنگ کے دھبے ہوتے ہیں ۔

red wood, California red wood, n. سُرخ چوب ؛ مجیٹھ ؛ شمالی کیلے فورنیا کا صنوبری نسل کا ایک درخت جس کا گھیر بہت زیادہ ہوتا ہے اور اونچائی ۲۰۰ فٹ سے لے کر ۳۰۰ فٹ سے زیادہ تک ہوتی ہے ؛ شمالی کیلے فورنیا کے صنوبری درخت کی قیمتی خاکستری سرخ رنگ کی لکڑی ؛ کوئی بھی سرخ رنگ کی لکڑی ؛ سُرخی مائل رنگ کی لکڑی والا کوئی سا درخت ؛ بقم ۔

red worm, n. سرخ/لال کیچوا ۔

reecho, v.t. گونج کا واپس آنا ؛ بار بار گونج کا پیدا ہونا ؛ گونج در گونج ہونا ۔ (فعل لازم) گونجنا ۔ (اسم) گونج کی گونج ؛ گونج در گونج ؛ ارتعاشِ باز گشت ۔

reed, n. نرسل ؛ سرکنڈا ؛ کلک ؛ نے کی پتی ؛ پپیّا ؛ کسی بھی طویل القامت گھاس کا سیدھا تنا ، خاص طور پر ''ٹرائکون ' (Trichoon) اور ''آرنڈو'' (Arundo) کا جو دلدلی علاقے میں اُگتی ہیں ؛ یہ پودا بذات خود ؛ مجموعی طور پر ایسے تنے یا پودے ؛ اس کے تنے سے یا اس سے ملتی جلتی شے سے بنی ہوئی مختلف چیزوں میں سے کوئی چیز جیسے تیر یا ناوک ؛ ایک قدیم پیمایش جو لمبائی میں چھ ہاتھ کے برابر ہوتی تھی ۔ (موسیقی) چرواہوں یا دیہاتیوں کی بانسری ، نے یا مُرلی جو نرسل یا کسی اور پودے کے کھوکھلے تنے سے بنی ہوتی ہے ؛ ایک پتلا خم دار پترہ یا لکڑی یا دھات کی باریک پٹی جو ہوا پُھکنے سے بجنے والے آلات موسیقی کے مُنھ پر لگی ہوتی ہے اور ہوا کی لہر سے تھرتھرا کر آواز پیدا کرتی ہے ؛ اس قسم کے نظام والا کوئی ساز ۔ (پارچہ بافی) کنگھی ؛ متوازی کھپاچیں یا تار جو تانے کے تاروں کو اوپر کرتے ہیں اور بانا ڈالنے کے لیے ان تاروں کو علیحدہ کرتے ہیں ۔ (فن تعمیر) کوئی بھی محدّب/خم دار ڈھلی ہوئی چیز ؛ نالی ، دھاری ۔

reedbird, n. صفاریہ ؛ امریکا کے جنوبی علاقوں میں پایا جانے والا ایک سریلی آواز کا پرندہ ، خاص طور پر موسم خزاں میں جنوبی دلدلوں میں رہنے والا جس کا رنگ زرد اور کمر پر تیز (سیاہ) دھاریاں ہوتی ہیں ۔

reed buck, n. ''ریڈنکا'' (Redunca) نسل کا افریقی زردی مائل بھورا ہرن جو زیادہ تر دلدلی علاقوں میں رہتا ہے ، نر کے سینگ مرغولی اور سامنے کو خمیدہ ہوتے ہیں ۔

reeding, n. نرسل سے مشابہ پتلی خمیدہ/محدّب نیم مدّور نالی ؛ اس قسم کی نالیوں کا کسی ستون وغیرہ پر بنانے کا عمل ؛ اس قسم کی دھاریوں سے سجاوٹ ؛ سِکّے کے کناروں پر بنی ہوئی باریک کگریں ۔

reed organ, n. (موسیقی) ایسا سپتک دار آلۂ موسیقی/ساز جس میں ہوا کی لہر سے دھاتی پتریاں تھرتھرا کر آواز پیدا کریں ، جیسے ہارمونیم ، پیانو وغیرہ میں ۔

reed pipe, n. بانسری ؛ نَے ؛ ہوا سے تھرتھرانے والی پتری لگا ہوا نالی نما ساز ؛ ترئی ۔

reed stop, n. پپیّا ؛ نالی نما ساز میں سُر کو قابو میں رکھنے کے لیے لگا ہوا بٹن یا کوئی اور روک/پردہ ۔

reeducate, v.t. نئے سرے سے یا دوبارہ تعلیم دینا ؛ تعلیم کے ذریعے بحال کرنا ؛ تعلیمِ نو دینا ۔

reeducation, n. تعلیمِ نو ؛ بحالی بذریعہ تعلیم ۔

reducative, a. متعلق بہ تعلیمِ نو؛ تعلیم کے ذریعہ بحالی سے متعلق ۔

reedy, a. سرکنڈوں/نرسلوں سے بھرپور ؛ سرکنڈے/نرسل جیسا ؛ بانسری جیسی تیز سریلی آواز والا ۔

reef, n. ساحلی سنگستان ؛ ترائی ؛ ریتی ؛ پتھریلا ساحل ؛ شعب البحر ؛ پتھروں یا کوئلے کی ایسی چٹان جو سمندر میں پانی کی سطح کے بالکل قریب واقع ہو ۔ (کان کَنی) وہ درز یا شگاف جس میں کچ دھات ہوتی ہے ؛ رگِ زر۔

reef, n. (جہاز رانی) ہوا کی کمی کے لیے کھلے بادبان میں سے موڑا یا لپیٹا جانے والا مخصوص حصہ ؛ بادبان کا مخصوص حصہ لپیٹنے کا عمل ؛ بادبانچہ ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) بادبان کا سائز اس کے ایک حصے کو موڑ کر یا لپیٹ کر کم کر دینا ۔

reefer, n. (جہاز رانی) بادبان کو لپیٹنے/موڑنے والا شخص/ملّاح ؛ بادبانچی ؛ مضبوط کپڑے کی تنگ جیکٹ ؛ موٹی دوہری صدری ۔

reefer, joint, n. (عوامی) چرس بھرا سگریٹ ؛ حشیش بھرا سگریٹ ۔

reefer, n. (عوامی) ریفریجریٹر ، خاص طور پر تجارتی سطح پر استعمال کیا جانے والا ؛ مال بردار کار ؛ بحری جہاز یا ٹرک جس میں ریفریجریٹر لگا یا نصب ہو۔

reef knot, n. بادبانچہ ؛ پال پردہ ؛ ریف گرہ ؛ چوکور گرہ جو ملّاح لوگ بادبان کو مختصر کرنے کے لیے لگاتے ہیں ؛ دو گرہوں پر مشتمل ایک گرہ جس میں پہلی گرہ کے الٹے رخ پر دوسری

reenact, v.t. کسی قانون کو پھر سے بنا دینا ؛ وضع کرنا ؛ پھر سے کرنا ، جیسے کسی کردار کو۔

reenactment, n. پھر سے/دوبارہ قانون سازی۔

reenforce, v.t. نئی تقویت دینا ؛ پھر سے قُوّت عطا کرنا ؛ دوبارہ طاقتور بنانا ؛ (کسی قانون کو) پھر سے نافذ کرنا۔

reenforcement, n. قوّتِ مکرّر ؛ نئی طاقت یابی ؛ پھر سے نفاذ ؛ باز تقویت ؛

reenlist, v.t., v.i. پھر سے بھرتی کرنا یا ہونا ؛ دوبارہ بھرتی کرنا یا ہونا۔

reenlistment, n. تازہ بھرتی ؛ دوبارہ بھرتی کی میعاد ؛ دوبارہ بھرتی شُدہ شخص۔

reenter, v.t. پھر سے آنا یا داخل ہونا۔ (کاروبار) کسی حساب کتاب میں پھر سے شامل ہونا۔ (کَندہ کاری) گہرا کھودنا ، جیسے کسی چادر پر جھریاں بنانا۔

reentrance, n. پھر سے آمد/دخول ؛ باز آمد۔ (تجارت) پھر سے کسی حساب کتاب میں آمد۔ (کندہ کاری) گہری کھدائی۔

reentrant, a. منعکسہ ، جیسے زاویہ منعکسہ؛ اندر کو پھیلا ہوا؛ در گرداں ؛ جس کا رخ اندر کی طرف ہو۔ (اسم) پھر سے در آنے والا شخص یا آنے والی شے ، جیسے کوئی حصہ یا منعکسہ زاویہ یا کوئی سیاسی امیدوار۔ (مساحت) درگرداں قطعۂ زمین۔

reentry, n. مکرّر اندراج ؛ باز آمد ؛ نیا یا دوبارہ داخلہ ؛ نئی یا دوبارہ آمد ؛ خلائے (بسیط) سے زمین کی فضا میں کسی راکٹ ، خلائی گاڑی وغیرہ کی آمد/واپسی۔ (قانون) جائیداد کے سابقہ انتقال میں محفوظ حقوق کی رو سے زمین کا دوبارہ قبضہ یا دوبارہ حصول۔ (برج) ساتھی کے ہاتھ میں موجود رنگ کے پتے سے بڑا پتا اپنے ہاتھ میں ہونا ، جیسے اعلان کنندہ کی طرف سے اصلی یا نقلی ''شو'' کے لیے استعمال کیا جانے والا پتا۔

reestablish, v.t. نئے سرے سے قائم کرنا ؛ نئے سرے سے بنیاد ڈالنا/رکھنا ؛ از سرنو مقرر کرنا ؛ پھر مامور کرنا ؛ پھر بحال کرنا۔

reestablishment, n. نئی بُنیاد ؛ نیا قیام ؛ تنظیم نو (جیسے کسی مجلس وغیرہ کی) ؛ بحالیٔ نو۔

reevaluate, v.t. پھر سے ؛ قدروقیمت کا نئے سرے سے تعیُّن کرنا ؛ پھر سے زیر غور لانا ؛ پرچوں کا دوبارہ جانچا جانا۔

reevaluation, n. تعیینِ نو ؛ دوبارہ زیر غور لانے کا عمل ؛ پرچوں کی مکرّر جانچ پڑتال ؛ قدروقیمت کی نئی تعیین۔

reevaporation, n. تبخیر نو ؛ تبخیر مکرّر۔

reeve, n. انگلستان میں قدیم زمانے میں کسی ضلعے یا قصبے میں بادشاہ کا نمائندہ اہلکار ؛ قُرون وسطیٰ کے انگلستان میں قرق امین ، اہلکار یا نگران ؛ کینیڈا کے بعض علاقوں/حصوں میں قصبے کی کونسل کا منتخب سربراہ ؛ میر بلدیہ۔

reeve, v.t. (جہاز رانی) کسی روزن/سوراخ/حلقے جیسی کسی چیز میں سے رسّے کو گزارنا ؛ (رسّے کو) بیچ میں سے گزار کر یا ارد گرد لپیٹ کر کس دینا ؛ رسہ گزارنا ، جیسے کسی کنڈے کے اندر سے۔

reeve, n. طوطیِ طوق دار؛ یلوہ ؛ زمار الرمل کی مادہ ؛ ٹٹیری نسل کا ایک مادہ پرندہ۔

گرہ لگائی جاتی ہے۔

reek, v.i. بھبکا چھوڑنا ؛ بساند دینا ؛ بدبو آنا ؛ تیز اور ناخوشگوار بدبو چھوڑنا ؛ کسی ناخوشگوار یا کراہت آمیز/مکروہ چیز میں لت پت ہونا ؛ دھواں ، بھاپ یا بخارات چھوڑنا ؛ پسینہ آنا یا پسینے میں شرابور ہونا ، جیسے حرارت یا سخت محنت کے نتیجے میں ؛ خون میں لتھڑنا یا خون کی طرح کسی شے سے لت پت ہونا (جیسے : The alters reek of gore)۔ (فعل متعدی) دھواں یا بخارات چھوڑنا ؛ دھوئیں کا اثر ہونے کے لیے کھلا پڑا ہونا۔ (اسم) تیز بدبو ؛ بخارات یا دھواں ؛ دُخان۔

reeker, n. دھواں دار شے ؛ بدبو دار شے۔

reekingly, adv. لت پت ہو کر ؛ لتھڑا ہوا ؛ خون/بدبو/دھوئیں میں لت پت ہو کر۔

reeky, a. بدبو دار ؛ دھواں دار ؛ پُردخان۔

reel, n. پھرکی ؛ چکری ؛ ریل ؛ ایسی مشین جس پر دھاگا نلکیوں/پھرکیوں/ریلوں میں بھرا جاتا ہے ؛ کسی بھی لچکدار شے کو گول گھمانے /بھرنے کے لیے گول گھومنے والا کوئی آلہ ؛ مچھلی پکڑنے کے کانٹے کے ساتھ لگی گِھرّی/گراری ؛ متحرک تصویر کی فلمی ریل ؛ گِٹی ؛ اٹیرن ؛ چرخک۔ (فعل متعدی) پھرکی/گراری/ریل پر لپیٹنا /اٹیرنا (in کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ چرخی پر لپیٹ کر کھینچنا۔

reel off, جدوجہد کے بغیر کوئی چیز بنانا/پیدا کرنا۔

reelable, a. جسے پھرکی/ریل پر لپیٹا/کھولا جا سکتا ہو۔

reeler, n. پھرکی پر کوئی چیز لپیٹنے والا یا اس پر سے کوئی چیز کھولنے والا۔

reel, v.i. گھومنا یا چکر کھانا ؛ کسی ضرب ، دھکّے یا دباؤ کے زیر اثر ڈولنا ، جھولنا یا گھومنا ؛ سرچکرانے ، شراب پینے یا (ویسے) بے ہوش ہونے کی وجہ سے کھڑے ہونے یا چلنے میں ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ؛ جھولنا ؛ جھکولے کھانا ؛ جھٹکے پانا ؛ بے قابو ہونا ؛ افتاں و خیزاں ہونا۔ (فعل متعدی) گھمانا ؛ جھلانا ؛ کسی چیز کے سہارے سے چلنا/لڑکھڑانا۔ (اسم) لڑکھڑاہٹ ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لغزش ؛ گردش ؛ ڈگمگاتی اور چکراتی ہوئی حرکت۔

reel, n. ایک زندہ دلانہ/پرجوش اجتماعی رقص ؛ اس رقص کے لیے تیار کی گئی موسیقی جو چار ، چار یا چھ ، آٹھ کی تال میں ہوتی ہے۔

reelect, v.t. دوبارہ منتخب کرنا۔

reelection, n. دوسری میعاد کے لیے انتخاب ؛ دوبارہ انتخاب۔

reemphasize, v.t. دوبارہ زور دینا ؛ زور دے کر دہرانا ؛ زور دار لہجے/انداز میں بولنا ؛ دوبارہ طاقتور/زور آور بنانا ؛ دوبارہ مرکوز کرنا۔

reemphasis, n. دوبارہ زور دینے کا عمل ؛ نیا زور/ دوبارہ زور ؛ ارتکاز مکرر۔

reemploy, v.t. دوبارہ ملازم رکھنا ؛ دوبارہ خدمات مستعار لینا ؛ پھر/کسی دوسرے موقع پر کسی کی خدمات سے فائدہ اٹھانا؛ دوبارہ/پھر سے ملازمت دینا۔

reemployment, n. مکرّر ملازمت ؛ دوبارہ نوکری مل جانے کا عمل ؛ پھر سے ملازمت مل جانے کا عمل۔

مصالحت کرانا ؛ مصالحت ہونا ؛ ثالثی/فیصلہ ہونا ۔

reference, n. حوالہ ؛ حوالہ دینے کا عمل ؛ تفویض ؛ تحویل ؛ مشورہ طلبی ؛ اشارہ کرنے کا عمل ؛ بلاواسطہ اشارہ یا حوالہ ؛ احترام یا تعلق (جیسے : with reference to his letter) ؛ محُولہ شخص یا شے ؛ کسی تحریر میں کسی اور عبارت یا کتاب کا حوالہ ؛ ایسا شخص جس سے کسی اور کے ذاتی کردار یا قابلیت کے بارے میں معلومات مل سکیں ؛ کسی کے ذاتی کردار یا شخصیت کے بارے میں کوئی تحریری بیان یا خط ؛ اعتراف خدمات کا جلسہ ۔ (فعل متعدی) حوالہ جات مہیا کرنا ؛ حوالہ جات دینا ۔

referendum, n. استصواب ؛ استصواب عامہ ؛ کسی نمائندہ قانون ساز ادارے کی جانب سے مجوزہ یا منظور شدہ اقدامات کو آخری صاد یا استرداد کے لیے رائے عامہ کے سامنے پیش کرنے کا عمل ؛ اس قسم کی حاصل کی جانے والی رائے ۔ دیکھیے : initiative ۔

referent, n. زیر حوالہ لفظ یا شخص یا خیال ۔ (منطق) کسی قضیے میں ابتدائی اصطلاح جس کا بعد میں آنے والی اصطلاحات حوالہ دیں/کریں ۔

referential, a. زیر حوالہ ؛ حوالے کے طور پر قابل استعمال ؛ ایک یا زیادہ حوالے رکھنے والا ؛ استشہادی ۔

referentially, adv. حوالہ جاتی طور پر ؛ حوالہ جاتی انداز سے ۔

referral, n. حوالے دینے کی مثال یا حوالہ دینے کا عمل ؛ زیر حوالہ کوئی بھی شخص یا شے ۔

refight, v.t. دوبارہ جنگ کرنا یا لڑائی کرنا ، خصوصاً ذہن یا تصور ہی تصوُر میں ۔

refigure, v.t. دوبارہ شکل بنانا ؛ دوبارہ متشکل کرنا ؛ دوبارہ حساب کرنا ، دوبارہ تصور کرنا ۔

refill, v.t. دوبارہ بھرنا ؛ باز پُری کرنا۔ (اسم) دوبارہ بھرائی ؛ باز پُری ؛ دوبارہ بنوائی ؛ جیسے کسی ڈاکٹری نسخے کی ؛ دوبارہ پیشکش ، جیسے کسی مشروب کی ؛ کسی دوبارہ بھرے جا سکنے والے برتن/ڈبے کے لیے دوبارہ بھری جانے والی شے کا ڈبہ/پیکٹ/لفافہ ؛ باز بھرت ۔

refillable, a. دوبارہ بھرے جانے کے قابل ۔

refilm, v.t. نئے سرے سے فلم بنانا ؛ دوبارہ عکس بندی کرنا ۔

refilter, v.t. دوبارہ/نئے سرے سے/ایک مرتبہ پھر چھاننا ۔

refinance, v,t, نئی شرائط پر ایک اور/دوسرا قرضہ دینا ؛ دوبارہ قرضہ دینا یا مالیاتی انتظامات کی تشکیل نو کرنا ؛ باز سرمایہ کاری کرنا ۔

refine, v.t. باریک ، عُمدہ یا خالص بنانا ؛ آلایش سے پاک کرنا ؛ دیگر دھاتوں یا بھرت سے علیحدہ کرنا ؛ خرابیوں یا نقائص وغیرہ سے پاک/صاف کرنا ؛ شاندار ، مہذب یا شایستہ یا باذوق بنانا ، جیسے عادات و اطوار کو ؛ مختصر یا زیادہ لطیف بنانا ؛ پُراثر بنانا ؛ نفیس بنانا ؛ نستعلیق بنانا ۔ (فعل لازم) باریک یا خالص ہونا ؛ زیادہ خوش نما اور مُہذّب ہوجانا ؛ خیال یا زبان میں نفاست یا اعلیٰ امتیازی وصف برتنا ؛ صیقل ہونا ۔

refinable, a. صیقل پذیر ؛ جسے بہتر/زیادہ صاف/خالص/باذوق/مہذّب بنایا جاسکے ۔

refiner, n. بہتر/زیادہ صاف/خالص/باذوق/مہذب

reevoke, v.t. پھر سے اکسانا ؛ پھر سے ابھارنا ؛ پھر سے ترغیب دینا ۔

reexamine, v.t. پھر سے معائنہ کرنا یا نظرثانی کرنا ۔ (قانون) جرح کے بعد کسی گواہ سے (مزید) شہادت لینا ، خاص طور پر جرح کے نتیجے میں منظر عام پر آنے والے نکات کے بارے میں ۔

reexamination, n. مکرّر معائنہ ؛ امتحانِ مکرّر ؛ معائنہ نو ۔ (قانون) جرح کے نتیجے میں سامنے آنے والے نئے نکات پر نئی شہادت ۔

reexchange, n. دوبارہ یا نئے سرے سے تبادلہ ؛ دوبارہ یا نیا ادل بدل ؛ باز مبادلہ ۔

reexport, v.t. باز برآمد کرنا؛ دوبارہ برآمد کرنا ؛ درآمد کرنے کے بعد کسی شے کو برآمد کرنا ۔ (اسم) دوبارہ برآمد کی ہوئی کوئی شے ؛ دوبارہ برآمد کرنے کا عمل ؛ دوبارہ برآمد ۔

reexportation, n. باز برآمدی مال ۔

reexporter, n. باز برآمد کنندہ ؛ مکرّر برآمد کنندہ ؛ کسی شے کو درآمد کرنے کے بعد اسے برآمد کرنے والا ۔

reface, v.t. ٹیپ ٹاپ کرنا ؛ کَ سی عمارت وغیرہ کی پیشانی یا اوپری سطح کو بحال کرنا ، مرمت کرنا یا نیا بنانا ؛ کسی کپڑے وغیرہ کو پھر سے نئے انداز کا بنانا/سینا ۔

refashion, v.t. جدید بنانا ؛ دوبارہ تعمیر کرنا ؛ نئے سرے سے بنانا ؛ ترمیم/تبدیلی کرنا ۔

refect, v.t. (قدیم) بھوک یا تھکن سے نڈھال شخص کو تازہ دم کرنا ، خصوصاً کھا پی کر تازہ ہو جانا ۔

refection, n. استراحت ؛ ناشتا ؛ آرام ؛ تفریح ؛ سکون ؛ تھکن یا بھوک کے بعد کھا کر/آرام کر کے تازہ دم ہو جانے کا عمل ۔

refectory, n. کمرۂ طَعام ؛ ناشتہ خانہ ؛ رسوئی ؛ کالجوں ، اسکولوں وغیرہ میں کھانے کا کمرہ ؛ ڈائننگ ہال ؛ آرام گاہ ؛ عیش منزل ؛ طعَام گ.۔

refectory table, n. طعام کی میز ؛ قینچی دار ٹانگوں والی پتلی لمبی میز ۔

refer, v.t. حوالہ دینا ؛ مدد ، اطلاع یا فیصلے کے لیے کسی کو کہیں بھیجنا یا روانہ کرنا ؛ حوالے کرنا ، جیسے علاج یا فیصلے کے لیے کسی کو کسی کے حوالے کرنا ؛ کسی کے پاس بھیجنا (جیسے : to refer a matter to a third party) ؛ تفویض کرنا جیسے کسی قسم ، نسل ، عہد یا طبقے کو ؛ سبب ، منبع یا مقصد سے منسوب کرنا ۔ (فعل لازم) تعلق ہونا ؛ رسائی ہونا ؛ مستفید ہونا (جیسے : to refer to one's notes)؛ اشارہ کرنا ؛ توجہ کش ہونا ۔

referable, referrable, referrible, a. قابلِ حوالہ ؛ جس کا حوالہ دیا جا سکتا ہو ؛ رجوع شدنی ۔

referrer, n. حوالہ دینے والا ۔

referee, n. ریفری ؛ ثالث ؛ منصف ؛ حَکَم ؛ پنچ ؛ وہ شخص جس کے سامنے کوئی جھگڑا/مسئلہ فیصل ہونے کے لیے پیش کیا جائے ؛ فٹ بال یا دیگر کئی کھیلوں میں ریفری یا فیصلہ ساز مجاز افسر ۔ (قانون) ثالثی یا مصالحتی عدالت ؛ ایسی عدالت جس کو اس لیے بنایا گیا ہو کہ وہ جھگڑے /مسائل سنے اور ان کے بارے میں سفارشات پیش کرے ۔

referee, v.t., v.i. فیصلہ کرنا ؛ ثالثی کرانا ؛

بنانے والا ؛ صیقل گر۔

refined, a. خالص ؛ مُصفّا ؛ ملاوٹ سے پاک ؛ کردار کا مہذّب اور نفیس ؛ شایستہ ؛ ٹھیک ٹھیک یا بالکل درست۔

refinement, n. نفاست ؛ عادات و اطوار یا زبان و بیان کی نفاست ؛ احساسات یا ذوق کی لطافت ؛ تہذیب ؛ اعلیٰ ذوق ؛ لطیف ذوق ؛ اطوار یا احساسات کی مثال ؛ اعلیٰ یا لطیف استدلال ؛ نازک نکتہ یا لطیف امتیاز ؛ کسی چیز کی ترقی یافتہ ، بہتر یا اعلیٰ شکل ؛ نفاست یا نفیس ہونے کی حالت ؛ خالص بنانے کا عمل ؛ شستگی۔

refinery, n. کارخانۂ صاف گری ؛ مٹی کا تیل صاف کرنے کا کارخانہ ؛ چینی ، دھات یا تیل صاف کرنے کی جگہ یا اس کا سازوسامان۔

refinish, v.t. نئی سطح پیدا کرنا ، جیسے لکڑی یا دھات پر ؛ سطح ہموار کرنا، لکڑی یا دھات کی۔

refinisher, n. لکڑی یا دھات کی سطح نئے سرے سے ہموار کرنے والا۔

refit, v.t. بٹھانا ؛ جمانا ؛ مہیا کرنا ؛ دوبارہ درست کرنا ؛ کسی چیز (مثلاً سمندری جہاز) کو بحال کرنا ، اس کی مرمت کرنا یا پھر سے نیا بنا دینا۔ (فعل لازم) مرمت کرکے ، مہیّا کر کے یا بنا کے پھر سے تیار کرنا ؛ پھر سے درست ہونا ؛ دوبارہ ٹھیک ہونا۔ (اسم) اس قسم کی مرمت یا بحالی وغیرہ کا عمل ؛ مرمت ؛ بحالی ؛ باز درستی ؛ باز فراہمی۔

refix, v.t. دوبارہ چپکانا یا جوڑنا ؛ دوبارہ مرمت کرنا۔

reflect, v.t. عکس ڈالنا ؛ انعکاس کرنا؛ موڑنا ؛ منعکس کرنا ؛ کسی سطح پر پڑنے والی روشنی ، حرارت یا آواز کو منعکس کرنا ؛ عکس کو منعکس کرنا ؛ نقل اتارنا ؛ شیشہ/آئینہ دکھانا (جیسے : To reflect another's attitude or opinion) ؛ نتیجے کے طور پر ظاہر کرنا یا عکاسی کرنا (جیسے : His courtesy reflects credit on his up bringing) ؛ ظاہر کرنا یا کھول دینا (جیسے : His act reflects his true feelings on the matter.)۔(فعل لازم) لہریں یا کرنیں وغیرہ واپس بھیجنا ؛ اپنے خیالات کو کسی نکتے پر واپس لے آنا ؛ غور و خوض کرنا یا سنجیدگی سے سوچنا ؛ ذہن میں معاملوں کو کھنگالنا ؛ بدنامی کر دینا ؛ الزام دینا یا نکتہ چینی کرنا؛ کوئی تأثر ظاہر کرنا۔

reflectance, n. (طبیعیات) کسی سطح پر وصول ہونے والی کسی چمک/دمک/روشنی کے انعکاس کی اضافی شدت ؛ شرح انعکاس ؛ انعکاس پذیری۔

reflecting telescope, n. انعکاسی دُوربین ؛ ایک ایسی دوربین جس میں ماسکی عدسے کے طور پر مقعر آئینہ استعمال کیا جاتا ہے ؛ انعطافی دوربین کے برعکس۔

reflection, Brit. reflexion, n. انعکاس ؛ پرتو ؛ عمل انعکاس یا منعکس ہونے کی حالت ؛ کسی منعکس کُنندہ سطح پر سے لوٹایا گیا عکس ؛ برابر کا ساتھی/ہمزاد ؛ بہت زیادہ یا مسلسل غور و فکر ، سوچ بچار یا انہماک ؛ اس قسم کے غوروفکر کا ماحصل یا نتیجہ ؛ بدنام کرنے والی گفتگو ؛ لعنت ملامت ؛ بُرے الفاظ۔ (طبیعیات) انعکاس ؛ کسی منعکس کرنے والی سطح سے حرارت ، آواز یا روشنی کا انعکاس ؛ واپس شدہ یا منعکسہ روشنی۔ (تشریح الاعضا) اپنے اوپر خود خمیدہ یا مڑی ہوئی/تہ شُدہ ، جیسے کوئی جِھلّی۔

reflectional, a. منعکسہ ؛ عکسی ؛ انعکاسی ؛ انعکاس سے متعلق ؛ مڑی ہوئی ؛ خمیدہ ؛ غوروفکر سے متعلق۔

reflective, a. عکس انداز ؛ صورت نما ؛ معکوس (ضمیر) ؛ عاکس ؛ غوروفکر والا ؛ انعکاسی ؛ لہریں ، کرنیں یا اس قسم کی چیزوں کو واپس بھیج سکنے کے قابل ؛ منعکسہ ؛ غوروفکر کا شوقین ؛ پُرفکر ؛ پُرغور۔

reflectively, adv. انعکاسی طور پر ؛ غوروفکر سے۔

reflectiveness, reflectivity, n. انعکاسیت؛ غور و فکر ؛ تفکُّر ؛ تفکُّر پسند ی ؛ سنجیدگی۔

reflectometer, n. انعکاس پیما ؛ اجسام یا سطحات کے انعکاس کی قُوّت/شرح ناپنے کا آلہ۔

reflector, n. عاکس ؛ انعکاس کُنندہ ؛ عکس انداز ؛ انعکاس کے لیے کسی دھات یا دیگر مناسب چیز کی چمک دار سطح جو روشنی ، آواز یا حرارت کو مطلوب سمت میں موڑے ؛ انعکاسی دُوربین۔ (طبیعیات) ایک جوہری متعاملہ/جوہری ری ایکٹر میں تعامل/ردعمل کو قابو میں رکھنے والا امتناعی مادہ۔

reflectorize, v.t. (کسی چیز کو) اس طرح بنانا کہ وہ روشنی کو منعکس کر سکے ؛ عکس انداز بنانا۔

reflex, n. انعکاس ، جیسے روشنی کا ؛ منعکسہ روشنی یا اس سے منتج ہونے والا رنگ ؛ روشن سطح سے کسی تاریک سطح پر انعکاس شدہ روشنی ؛ کسی چیز کا عکس یا تصویر ، جیسی کہ آئینے وغیرہ میں نمودار ہوتی ہے ؛ نقل ، جیسی کہ آئینے میں ہو ؛ نقل یا تصرّف ۔ (فعلیات) عمل/حرکت منعکسہ ؛ اضطراری حرکت۔ (لاسلکی فون) بے تار برقی/ریڈیائی لہروں کا وصول کُنندہ آلہ یا مشین۔

reflex, a. منعکس؛ مڑا ہوا ؛ خمیدہ یا واپس مڑا ہوا ؛ مُڑی ہوئی یا انعکاس شدہ ، جیسے روشنی ؛ اضطرار ؛ ذہن یا ذہنی رویے پر طاری ، جیسے کوئی ذہنی عمل ؛ اس قسم کے ذہنی عمل کے مطابق یا اس سے متعلق ؛ ردعمل کے طور پر واقع ہونے والا یا منعکسہ۔ (فعلیات) کسی غیر فکری نوعیت کے عمل یا حرکت کے مطابق یا اس سے متعلق جس میں کسی درآور عصبیے کے ذریعے ہیجان کسی مرکز اعصاب میں بھیجا جاتا ہے اور وہاں سے کسی برآور عصبیے کے ذریعے منعکس ہو کر کسی عضلاتی یا دیگر عمل کا باعث بنتا ہے۔ (حرکت) منعکسہ ؛ انعکاسی۔ (لاسلکی فون) کسی ایسے ریڈیائی/بے تار برقی وصول کُنندہ آلے سے متعلق جس میں ایک حِصّہ دو کام کرتا ہے ؛ اس قسم کے آلے یا مشین سے متعلق۔

reflexly, adv. انعکاسی طور پر ؛ منعکسہ طور پر ؛ خمیدہ انداز سے ؛ سوچ بچار کر کے۔

reflex arc, n. قوس انعکاس ؛ حرکتِ منعکسہ میں کسی ہیجان کا درآور عصبیے سے درمیانی عصبیوں کی معرفت (واپس) برآور عصبیے تک جانے کا راستہ ؛ اعصابی نظام کے عمل/کارکردگی کی بنیادی اکائی۔

reflex camera, n. انعکاسی عکس ساز ؛ انعکاسی کیمرہ ؛ ایک ایسا کیمرہ جس میں عکس ایک آئینے یا منشور سے منعکس ہو کر ایک دودھیا شیشے پر ماسکہ/فوکس بناتا ہے اور پھر اسی یا ایک علیحدہ عدسے کی مدد سے اسے فلم پر اتار لیا جاتا ہے۔

reflexive, a. (گرامر) متعلق بہ فعل ، جب اس فعل کا فاعل
اور مفعول ایک ہی ضمیر ہو (جیسے He cut himself میں cut) ؛
متعلق بہ ضمیر ، جب وہ ضمیر بطور فاعل بھی ہو اور بطور مفعول بھی
ہو (جیسے : He cut himself میں himself) ؛ خمیدہ یا مڑا ہوا ؛ قابل
انعکاس ؛ منعکسہ ؛ مؤثر ردّعمل دینے والا ؛ اضطراری ۔ (اسم)
منعکسہ فعل یا ضمیر ۔

reflexively, adv. انعکاسی انداز سے ؛ خمیدہ طور پر ۔

reflexiveness, reflexivity, n. انعکاس پذیری ؛ عکس اندازی ؛
انعکاسیت ؛ خمیدہ ہونے کا عمل ۔

refloat, v.t., v.i. دوبارہ تیرنا یا سطح آب پر آنا ؛
دوبارہ کسی شے جیسے کشتی وغیرہ کو سطح آب پر لے آنا ؛ دوبارہ
بہانا یا تیرنا ۔

reflorescence, n. باز گُل برآوری ؛ باز تزہر ؛
نئے سرے سے پھول آنا ؛ دوبارہ پھول آنا ۔

refluent, a. جَزری ؛ واپس بہنے والا یا لہروں کی
واپسی سے متعلّق ؛ بھاٹا والا ؛ اُتار والا ؛ اُلٹا بہنے والا ۔

refluence, n. جزر ؛ بھاٹا ؛ اتار ؛ باز روی ؛ الٹا بہاؤ ۔

reflux, n. جزر ؛ بھاٹا ؛ اتار
(جیسے : the flux and reflux of the tides) ؛ الٹا بہاؤ ۔

refocus, v.t., v.i. پھر سے مُاسکہ پر لانا ؛ پھر سے فوکس کرنا ۔

reforest, v.t. پھر سے درخت لگانا ؛ شجر کاری کرنا ۔

reforestation, n. باز جنگل کاری ؛ جنگلات میں پھر سے درخت
لگانے کا عمل ؛ مکرر جنگلات کاری/شجر کاری ۔

reforge, v.t. باز ڈھلائی کرنا ؛ پھر سے ڈھالنا ؛ پھر سے بنانا ؛
پورا کرنا ۔

reform, v.t. اصلاح کرنا ؛ سُدھار کرنا ؛ بدتر سے بہتر کرنا ؛
بہتری کرنا ؛ بری حالت سے اچھی حالت میں لے آنا ، جیسے کسی
شخص کو ؛ کسی چیز کو بہتر چیز کے لیے ہٹا دینا/ختم کر دینا ۔ (فعل
لازم) برائی چھوڑ کر اچھائی /نیکی کی طرف لوٹ آنا ؛ اپنے رویے میں
درستی لانا ۔ (اسم) ایسی ترتیبِ نو یا تعمیرِ نو جس سے بہتری پیدا ہو ؛
اصلاح/سدھار ، جیسے کسی کے رویے میں ؛ کسی خراب ، برے ،
خستہ حال یا بدچلن شخص یا اس قسم کی چیز کو بہتر بنانا/سدھارنا ؛
درستی ؛ اصلاح ؛ سُدھار ۔

reformable, a. اصلاح پذیر ؛ قابلِ اِصلاح ؛ سدھار
کے قابل ۔

re-form, v.t., v.i. نئے سرے سے یا دوبارہ بنانا ؛
پہلے جیسی یا نئی ترتیب دینا یا منظم کرنا (جیسے : to reform troops
that have been scattered) ۔

re-formation, n. نئے سِرے سے بنانے کا عمل ؛ تشکیلِ نو ۔

Reformation, n. اجتہاد ؛ تجدّد ؛ مذہب کی تشکیلِ نو ؛
اصلاحِ کلیسا ؛ سولھویں صدی عیسوی کا مذہبی انقلاب جس میں
رُومی کیتھولک کلیسا میں پھوٹ پڑ گئی تھی اور اس میں سے
پروٹسٹنٹ کلیسا الگ ہو گیا تھا ۔ (چھوٹے r سے) اصلاح کا عمل یا
اصلاح کیے جانے کی حالت ؛ درستی ؛ تہذیبِ دین ؛ مذہب کا سدھار ۔

reformatory, reform school, n. دارالاصلاح ؛
تادیب گاہ ؛ چھوٹے موٹے جرائم کا ارتکاب کرنے والے نوعمر مجرموں کی
اصلاح کا ادارہ ؛ تادیب خانہ ۔

reformatory, reformative, a. متعلق بہ اصلاح ؛ اصلاحی ؛
تجدیدی ؛ تادیبی ۔

reformed, a. اصلاح شدہ ؛ ترمیم شدہ ؛ اچھی
حالت میں بحال شدہ ؛ بری عادات کا تارک (جیسے : a reformed
profligate) ۔

Reformed, a. (بڑے R سے) پروٹسٹنٹ کلیسا کا یا اس سے
متعلق ، خاص طور پر مارٹن لوتھر کے نظریات کی بجائے کیلون کے
نظریات و خیالات کا پیروکار ۔

reformed spelling, n. اصلاح یافتہ ہجّے ؛ ہجے کا وہ طریقہ
جس میں انگریزی الفاظ میں سے خاموش/بے صوت حروف کو نکال
کر انھیں بہتر/زیادہ صوتی یکسانیت دی جائے ۔

reformer, n. مصلح ؛ اصلاح کُنندہ ؛ وہ شخص جو سیاسی
یا سماجی اصلاح کا بیڑا اٹھائے ، اس میں تعاون کرے یا اسے پایۂ تکمیل
تک پہنچائے ۔ (بعض اوقات بڑے R سے) تحریک اصلاحِ کلیسا میں
حصہ لینے والا کوئی راہنما ؛ مُصلح کلیسا ؛ مجتہدِ دین ؛ مُصلح مذہب ۔

reformist, n. اصلاح کا حمایتی/طرف دار ؛ اصلاح پرست ۔

reformism, n. حمایتِ اصلاح ؛ اصلاح کی طرف داری ؛
اصلاح پرستی ۔

Reform Judaism, n. تجددِ یہودیت ؛ اصلاحی یہودیت ؛
یہودیت کی ایک شکل جس میں رسوم ، اطوار اور رواج وغیرہ کو اس
طرح سے جدید بنایا گیا ہے کہ وہ شعوری اور حالات کے عین مطابق
ہو گئے ہیں یعنی قدیم کٹڑ رسوم و رواج کی پابندی کی بجائے یہودیت
کے مذہبی کردار اور اخلاقیات پر زیادہ زور دیا جاتا ہے ۔

reform school, n. دارالاصلاح ؛ تادیب گاہ ۔

refract, v.t. (بصریات) منعطف ہونا ، جیسے روشنی کی شعاع
ایک مناظری واسطے سے مختلف کثافت کے دوسری مناظری واسطے
سے گزرتے ہوئے کسی خاص زاویے پر منعطف ہو ؛ کسی کرن کا ایک
واسطے میں سے دوسرے واسطے میں جاتے وقت ایک زاویے
پر مڑ جانا ؛ قُوّت انعطاف معلوم کرنا ۔

refracting telescope, n. انعطافی دُوربین ؛ ایسی دوربین
جس میں کرنیں اس کے خارجی شیشے سے منعطف ہو جاتی ہیں اور
اس شیشے کے ماسکے پر سے انھیں محدب عدسے سے دیکھا جاتا ہے ؛
انعکاسی دوربین کے برعکس آلہ ۔

refraction, n. انعطاف ؛ عملِ انعطاف ؛ انعطافی عمل
یا حالتِ انعطاف ۔ (طبیعیات) روشنی یا حرارت کی لہروں کے راستے
کی وہ تبدیلی یا انعطاف جو ایک شفّاف واسطے سے مختلف کثافت والے
دوسرے واسطے میں جاتے وقت ہوتی ہے ، جیسے ہوا سے پانی میں جاتے
ہوئے یا ایسے واسطے سے گُزرتے ہوئے جس کی کثافت یکساں نہ ہو ،
جیسے فضا میں ۔ (بصریات) آنکھ میں داخل ہو کر پردۂ بصارت پر
عکس بنانے والی روشنی کی شعاعوں کا انعطاف ۔ (فلکیات) فضا میں
ترکیب پائی ہوئی اَجرامِ فلکی سے آنے والی روشنی کی لہروں کا
جھکاؤ/انعطاف ۔

refractive, a. انعطافی ؛ منعطف ؛ متعلق بہ انعطاف ؛
انعطافی قُوّت رکھنے والا ؛ عاطف ۔

refractively, adv. انعطافی انداز سے ؛ انعطافانہ طور پر ۔

refractiveness, refrectivity, n. انعطافیت ۔

refractive index, n. (بصریات) انعطاف نما ؛ اشاریۂ انعطاف ؛ انعطافی شماریہ ؛ شماریۂ انعطاف ۔

refractometer, n. (بصریات) انعطاف پیما ؛ روشنی کا انعطافِ نور ظاہر کرنے اور اس کی پیمایش کرنے کا آلہ ۔

refractometric, a. (بصریات) انعطاف نور کے ظہور یا اس کی پیمایش سے متعلق ۔

refractometry, n. (بصریات) پیمایشِ نُور ؛ روشنی کے انعطاف اور اس کی پیمایش کا عِلم ؛ انعطافیات ؛انعطاف پیمائی ۔

refractor, n. انعطاف کُنندہ ؛ انعطافی دُوربین ؛ عاطف ؛ شعاع کَش ؛ عدسیہ ۔

refractory, a. سرکش ؛ گردن کَش ؛ متمرّد ؛ کڑا ؛ نافرمان ؛ ضدی ؛ بے قابو ؛ عام علاج کے خلاف مزاحم ، جیسے کوئی بیماری یا جیسے کوئی دھات جسے پگھلانا/اس کی بھرت بنانا آسان نہ ہو ۔ (اسم) متمرد اشیا ؛ کٹر یا ضدی شخص ؛ ایسی اینٹ یا ظروف سازی کا ایسامادہ/ظروف جو سخت حرارت کا مزاحم ہو یا گھل مل نہ سکے/خراب نہ ہو سکے ۔

refractorily, adv. اکھڑ پن سے ؛ ضد بازی سے ؛ سختی سے ؛ سخت حرارت کے خلاف مزاحمانہ ۔

refractoriness, n. ضد ؛ سختی ؛ کٹر پن ؛ تمرُّد ؛ سرکَشی ؛ سخت حرارت کے خلاف مزاحمت ؛ عسیر العلاجی ۔

refrain, v.i. رکنا ؛ کسی بات کے کہنے ، کرنے یا کوئی احساس کرنے سے باز رہنا ؛ برداشت کرنا ؛ باز رہنا ؛ پرہیز کرنا (اکثر بعد میں from کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

refrainment, n. پرہیز ؛ باز رہنے کا عمل ؛ (کسی چیز سے) بچنے کا عمل ۔

refrain, n. ٹیپ کا مصرع ، شعر یا بند ؛ ایسا شعر یا الفاظ کا مجموعہ جسے کسی گیت یا نظم میں بار بار استعمال کیا جائے یا خاص طور پر ہر بند کے آخر میں استعمال ہو ؛ اس قسم کے شعر یا الفاظ کے مجموعے کی طرز یا موسیقی ۔

refrangible, a. قابلِ انعطاف ؛ مؤثّر بہ انعطاف ، جیسے روشنی کی کرنیں ؛ انحراف پذیر ؛ انتشار پذیر ۔

refrangibility, refrangibleness, n. قابلیتِ انعطاف ؛ صلاحیتِ انعطاف ؛ انعطاف پذیری ؛ قدرِ انعطاف ۔

refresh, v.t. تازگی بخشنا ؛ بحال کرنا ؛ جان میں جان ڈالنا ؛ دوبارہ تازہ/تازہ دم یا طاقتور بنا دینا ؛ (کسی کو) نئی قوت یا توانائی عطا کرنا ؛ نیا جوش دلانا ؛ تھکن ، ضرورت ، درد ، تکلیف وغیرہ کے بعد کسی کو تفریح دینا/قوت بخشنا یا پھر سے تازہ دم کرنا ؛ حیات نو عطا کرنا ؛ دیکھنے میں تازہ/تازہ دم کر دینا یا نگاہوں کو تازہ کر دینا ۔ (فعل لازم) تفریح کرنا ؛ جان میں جان آنا ؛ دوبارہ تازہ دم ہو جانا ؛ حیات نو پانا ۔ نیز : refreshen ۔

refresher, n. تازہ کُن ؛ تازہ دم ہو جانے والا یا تازہ دم کرنے والی چیز ۔ (برطانوی) وہ اضافی فیس جو مؤکّل اپنے وکیل کو اس وقت دیتا ہے جب مقدمہ عدالت کی ایک نشست سے دوسری نشست پر یا ایک معیادکار سے دوسری میعادکار پر ملتوی ہو جائے ۔

refresher course, تازہ کُن مطالعہ ؛ تجدیدی نصاب ؛ اعادی نصاب ؛ علمی ، تجارتی یا تکنیکی مضمون کا پہلی بار کامیاب مطالعے کے بعد کبھی بھی دوبارہ مطالعہ/جائزہ ؛ ریفریشر کورس ۔

refreshment, n. تفریح ؛ تازہ دلی ؛ فرحت بخشی ؛ نُقل ؛ فواکہ ؛ تازگی کا عمل یا اس کی حالت/کیفیت ؛ تازہ کرنے والا ؛ وہ چیز جو تازہ طاقت اور قوت عطا کرے ، جیسے غذا یا مشروب ، ہلکا پھلکا کھانا یا آرام ۔ (جمع) طعام یا مشروب ، جیسے ہلکی غذا ۔

refresco, n. تازگی بخش (خوراک) ؛ ٹھنڈا مشروب ۔

refringerant, a. بارِد ؛ ٹھنڈا کرنے والا ؛ حرارت یا بخار کو ہٹا دینے والا ۔ (اسم) مبرد ؛ باردہ ؛ ٹھنڈا کرنے والی کوئی بھی شے ؛ برف ؛ ریفریجریٹر میں استعمال کی جانے والی گیس جیسے امونیا ؛ بخار کم کرنے کی کوئی دوا ؛ ٹھنڈائی ۔

refrigerate, v.t. ٹھنڈا کرنا ؛ خنک کرنا ؛ ٹھنڈا رکھنا ؛ (خوراک وغیرہ کو) محفوظ رکھنے کے لیے یخ بستہ کرنا / جما دینا ؛ بارد کرنا ۔

refrigeration, n. انجماد کاری ؛ غذائی اشیا کو محفوظ رکھنے کے لیے یخ بستہ کرنے کا عمل ؛ یخ بستگی ؛ تبرید ؛ خنک سازی ۔

refrigerator, n. ریفریجریٹر ؛ فِرج ؛ خنک ساز ؛ وہ مشین/شے جو ٹھنڈا کرے ، ٹھنڈا رکھے یا یخ بستہ بنا دے ؛ ایسی پیٹی یا صندوق یا ڈبہ جو برف کی مدد سے یا سلفر ڈائی آکسائڈ یا امونیا جیسی مائع گیس کی تبخیر سے اشیا مثلاً غذا وغیرہ کو ٹھنڈا رکھے ؛ وہ سامان جو عمل کشید کے دوران گرم مائع جات یا بخارات کو ٹھنڈا کرے ؛ تبریدی مشین ؛ انجماد خانہ ۔

refringent, a. عاطِف ؛ انعطافی صلاحیت کا مالک ؛ انعطافی ۔

refringence, refringency, n. انعطاف ؛ انعطافیت ۔

refuel, v.t. دوبارہ/پھر سے ایندھن [illegible] کرنا (جیسے : to re[illegible]el an airplane) ۔ (فعل لازم) دوبارہ ایندھن لینا ۔

refuge, n. پناہ ؛ مامن ؛ آسرا ؛ ملجا ؛ [illegible]سی خطرے یا پریشانی سے حفاظت یا پناہ ؛ وہ جو خطرے ، پریشانی یا مصیبت/عذاب سے بچائے ؛ ایسی جگہ جہاں آدمی خطرے یا برائی سے محفوظ رہے ؛ حفاظت خانہ ؛ پناہ گاہ ؛ محفوظ شکار گاہ ۔

refugee, n. مہاجر ؛ پناہ گزین ؛ ایسا شخص جو پناہ کی تلاش میں ہجرت کرے ؛ ایسا شخص جو ظلم و ستم ، سیاسی انتشار/افراتفری وغیرہ کے باعث اپنا مُلک چھوڑ کر کسی غیر ملک میں پناہ گزین ہو جائے ۔

refulgent, a. تیز روشنی پھینکنے والا ؛ روشن ؛ چمک دار ؛ آب و تاب والا ؛ درخشاں ؛ تاباں ؛ منوّر ۔

refulgently, adv. آب و تاب سے ؛ تابندہ طور پر ؛ روشن انداز سے ۔

refulgence, refulgency, n. روشنی ؛ آب و تاب ؛ چمک دمک ؛ تابندگی ؛ درخشانی ۔

refund, v.t. کسی لی گئی شے کے بدلے یا تلافی میں رقم واپس کرنا یا ہرجانہ دینا ؛ رقم واپس دینا ؛ بحال کر دینا ؛ لی ہوئی رقم واپس کرنا ؛ بے باق کرنا ۔ (فعل لازم) تلافی کرنا ؛ ہرجانہ دینا ۔ (اسم)

refundable, a. بازادائی ؛ واپس شدہ رقم ؛ واپسی ۔
قابلِ بازادائی ؛ واپس دیے جانے کے قابل ؛ قابلِ واپسی ۔

refund, re-fund, v.t. نئے سرے سے سرمایہ کاری کرنا ؛ پھر سے روپیہ پیسہ لگانا ۔

refurbish, v.t. دوبارہ چمکانا یا نئے سرے سے چمکانا ؛ نیا کر دینا ؛ صاف ستھرا کر دینا ۔

refurbishment, n. نئے سرے سے چمکانے کا عمل ؛ صفائی ستھرائی ۔

refurnish, v.t. از سر نو سجانا ؛ نئے سرے سے مہیّا کرنا ؛ نئے سرے سے آراستہ/پیراستہ کرنا ، جیسے نئے یا مختلف فرنیچر وغیرہ کی مدد سے ؛ نئے سرے سے سجانا ۔

refusal, n. صاف جواب ؛ نامنظوری ؛ ناپسندیدگی ؛ اِنکار ؛ کسی طلب کردہ ، درخواست کردہ یا پیش کردہ شے کی قبولیت سے اِنکار ؛ لینے یا خریدنے کا اختیار ؛ مزاحمت ۔

refuse, v.t., v.i. ماننے سے انکار کرنا ، جیسے درخواست ، مطالبہ ، دعوت یا حکم ؛ کرنے یا کسی چیز کا عطا کرنے سے انکار کرنا (جیسے : He refused to give me the book) ؛ قبول کرنے سے انکار کرنا ؛ رد کرَ دینا/مسترد کر دینا (جیسے : to refuse an office) ؛ کسی کو ''نہیں'' کہنا (جیسے : I could not refuse him)؛ کورا جواب دینا ۔

refuser, n. منکر ؛ انکار کرنے والا ۔

refuse, n. بے کار یا فضول شے ؛ وہ چیز جسے بے قیمت یا بے کار سمجھ کر پھینک دیا جائے ؛ کوڑا کرکٹ ؛ کباڑ ؛ گند بلا ؛ کچرا ؛ آخور ؛ ردی ۔ (صفت) مسترد شدہ ؛ بے قیمت ہونے کے باعث پھینکا جانے والا (جیسے : refuse matter,) ۔

refutation, refutal, n. تغلیط ؛ تردید ؛ کاٹ ؛ استرداد ؛ ابطال ؛ (کسی شے کو) غلط یا غلطی والا ثابت کرنے کا عمل ؛ استدلال کے ذریعے غلط ثابت کرنے کا عمل ؛ بطلان ۔

refute, v.t. دلیل ، شہادت یا خلاف ثبوت کے ذریعے ابطال کرنا یا مسترد کرنا ؛ غلط یا جھوٹا ثابت کرنا ؛ استرداد کرنا ؛ غلطی میں مبتلا ثابت کرنا ۔

refuter, n. ابطال کُنِندہ ؛ استرداد کُنِندہ ؛ جھوٹا/غلط ثابت کرنے والا ؛ بطلان کرنے والا ۔

refutable, a. قابلِ استرداد ؛ ابطال پذیر ؛ قابل ابطال ؛ جو غلط/جھوٹا ثابت کیا جا سکنے والا ہو ۔

refutably, adv. ابطالی طور پر ؛ استردادانہ ؛ جھوٹا ثابت کرنے کے انداز میں ۔

regain, v.t. دوبارہ/نئے سرے سے حاصل کرنا ؛ گم شدہ چیز کا دوبارہ حاصل کر لینا ؛ دوبارہ رسائی حاصل کر لینا (جیسے : He regained the shore) ۔

regal, a. شاہی ؛ شاہانہ ؛ پرعظمت ؛ شان دار ؛ متعلق بہ شاہ ؛ خسروی ؛ سلطانی ؛ بادشاہی ؛ مالکانہ ۔

regally, adv. خسروانہ ؛ شاہانہ طور پر ؛ پُرعظمت انداز سے ؛ شاندار طریقے سے ۔

regale, v.t. بہت پُرتکلّف یا اچھے/پسندیدہ انداز سے خاطر تواضع کرنا ؛ دعوت/ضیافت کرنا ؛ کسی خوشگوار چیز سے مسرت/خوشی دینا یا خوش کرنا ۔ (فعل لازم) دعوت کھانا ؛ دعوت میں شریک طعام ہونا ۔ (اسم) (قدیم) شاندار تفریح ؛ پُرتکلف ضیافت/دعوت ۔

regalia, n. شاہی حقُوق یا امتیازات ؛ شاہی نشانات یا علامات ، جیسے عصائے شاہی ، تاج وغیرہ ؛ کسی انجمن یا عہدے کا (مخصوص) نشان یا امتیاز ؛ اعلیٰ ملبوسات ۔

regality, n. ملوکیت ؛ خود مختاریت ؛ بادشاہت ؛ شاہی حقوق و امتیازات ؛ لازمۂ شاہی ؛ سلطنت ؛ سابقہ دور میں اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ کی طرف سے عطا کی جانے والی جاگیر ، ایسی جاگیر کا علاقہ ، علاقہ جو ایسی جاگیر میں شامل ہو ۔

regard, v.t. کسی خاص انداز سے دیکھنا یا سوچنا ؛ جائزہ لینا یا تفکر کرنا (جیسے : to regard a person as a friend) ؛ کسی کے لیے لحاظ ، عزت یا تعلق رکھنا یا ظاہر کرنا ؛ ملحوظ رکھنا ؛ توجہ دینا ؛ عزت کرنا یا کسی کے بارے میں اچھا خیال رکھنا ؛ زیر غور لانا یا اہم سمجھنا ؛ دیکھنا ، غور و فکر کرنا یا مشاہدہ کرنا ؛ کسی کے بارے میں یا متعلق ہونا (جیسے : This scheme regards your child's education) ۔ (فعل لازم) واسطہ ہونا ؛ متوجہ ہونا ؛ پرواہ ہونا ؛ غور سے تکنا یا ٹکٹکی باندھ کر تکنا ۔ (اسم) حوالہ یا تعلق (جیسے : to err with regard to facts) ؛ کوئی پہلو یا خصوصیت (جیسے : quite pleasing in this regard) ؛ توجہ ؛ دھیان یا لحاظ ؛ غور ؛ خیال ؛ تعلق خاطر ؛ نظر یا ٹکٹکی ؛ عِزّت یا وقار ؛ ادب لحاظ ؛ مہربان جذبات/احساسات ، پسند یا شغف/شفقت (جیسے : a token of my regard) ۔ (جمع) تسلیمات ؛ آداب ؛ عزت یا شفقت کے جذبات/احساسات ، جیسا کہ خطوط وغیرہ میں بھیجے جاتے ہیں (جیسے : Give her my regards) ۔

regardful, a. خیال رکھنے والا ؛ نگران ؛ آنکھیں کھلی رکھنے والا ، دھیان والا ؛ متوجہ (عموماً of کے ساتھ ،جیسے : regardful of appearances) ؛ لحاظ/مروت رکھنے یا ظاہر کرنے والا ؛ با ادب ؛ مُلتف ۔

regardfully, adv. متوجہ طور پر ؛ مؤدبانہ ؛ باادب انداز سے ؛ بامروت انداز سے ؛ بہ التفات ۔

regardfulness, n. توجُّہ ؛ ادب ؛ لحاظ ؛ مروت ؛ پاسداری ؛ احترام ؛ التفات ؛ رعایت ۔

regarding, prep. بحوالہ ؛ بہ پاس ؛ بلحاظ ؛ کے بارے میں ؛ بابت ؛ نسبت ؛ متعلق ؛ کے ساتھ وابستہ (جیسے : to be at a loss regarding something) ۔

regardless, a. بے لحاظ ؛ بے ادب ؛ بدلحاظ ؛ غیر متوجہ ، بے دھیان یا بے پرواہ ؛ جس کی طرف توجہ نہ دی جائے یا دھیان نہ دیا جائے ؛ بے عزّت ؛ قابل نفرت ؛ ادنیٰ ؛ حقیر ؛ غیر ملتفت ۔ (متعلق فعل) نصیحت ، خرچ یا عواقب/نتائج سے بے نیاز ؛ کے باوجود ؛ بلا لحاظ ۔

regardless of, کے باوجود ؛ تاہم ؛ باوجودیکہ ۔

regardlessly adv. بلالحاظ ؛ کی طرف توجہ نہ کرتے ہوئے ؛ خاطر میں نہ لاتے ہوئے ؛ بے نیازانہ انداز سے ۔

regrdlessness, n. بے توجہی ؛ بے التفاتی ؛ بے لحاظی ؛ بے نیازی ؛ بے رخی ؛ بے دھیانی ؛ بے پروائی ؛ بے اعتنائی ۔

regatta, n. ناؤ دوڑ ؛ کشتی دوڑ ؛ سفینہ رانی ؛ ابتدا میں ، وینس شہر میں بجروں کی دوڑ ؛ اب بجروں/کشتیوں کی کوئی بھی دوڑ یا ایسی دوڑوں کا پروگرام ؛ سفینہ بازی ۔

regelation, n. بازانجماد ؛ گرم فضا میں بھی ہوا کے دباؤ میں تبدیلی کے سبب برف کے تھوڑا سا پگھلنے کے بعد اس کا دوبارہ انجماد ۔

regelate, v.i. از سرنو منجمد ہونا ؛ گرم فضا میں بھی ہوا کے دباؤ میں تبدیلی کے سبب برف کے تھوڑا سا پگھلنے کے بعد اس کا دوبارہ جم جانا/جمنا ۔

regency, n. اقتدار ؛ ولایت سلطنت ؛ نائب سلطنت کا عہدہ یا کام ؛ والیٔ سلطنت کا عہدہ یا کام ؛ کسی بادشاہ کی طفولیت ، غیر حاضری یا نااہلیت کے دوران ، اختیارات شاہی سنبھالنے والے والیٔ سلطنت یا والیان سلطنت کا عہدہ ، دائرۂ اختیار یا اختیار ؛ اولیائے سلطنت کی تنظیم یا اولیائے سلطنت پر مشتمل کوئی حکومت ؛ والیٔ سلطنت یا اولیائے سلطنت کے زیر اختیار علاقہ ؛ ولی عہدِ سلطنت کے عہدے کی میعاد ۔ (صفت) ولایتِ سلطنت سے متعلق ۔

regeneracy, n. نو بیدایش ؛ دوبارہ پیدایش ؛ باز آفرینش ؛ دوبارہ پیدا ہونے کی حالت/کیفیت ۔

regenerate, v.t. نئے سرے سے بنانا یا جنم دینا ؛ دوبارہ وجود میں لانا جیسے خلیوں ، بافتوں اور کیمیائی مرکبات کا ؛ خاص طور پر بہتر شکل یا حالت میں دوبارہ تخلیق کرنا ، بنانا یا پیدا کرنا ۔ (برقیات) باز پیدایش کا باعث ہونا ۔ (الہٰیات) روحانی طور پر دوبارہ پیدایش کا سبب بننا ؛ دوبارہ جنم لینا ۔ (فعل لازم) دوبارہ وجود میں آنا یا دوبارہ ہونا ؛ تجدید ہونا ؛ دوبارہ پیدا ہونا ۔ (صفت) دوبارہ یا نیا بنا ہوا ؛ نو ساختہ یا بہتر شکل میں دوبارہ تخلیق شدہ ؛ اصلاح یافتہ ؛ نئے سرے سے بنا ہوا ۔ (الہٰیات) روحانی طور پر باز آفریدہ ۔

regenerately, adv. تشکیلِ نو یا باز افزایش کے انداز میں ؛ نئے انداز سے ؛ نئے سرے سے ۔

regenerateness, n. باز آفرینش ؛ باز آفریدگی ؛ پیدایشِ نو ؛ تشکیلِ نو ؛ تجدّد ۔

regeneration, n. باز آفرینی ؛ تجدید ؛ نوپیدایش ؛ تخلیقِ نو ؛ دوبارہ بننے یا بنائے جانے کا عمل ، دوبارہ بنانے کا عمل ؛ پیدایش یا نئی تشکیل ؛ تعمیر نو ، خاص طور پر بہتر حالت یا شکل میں ؛ اصلاح ۔ (الہٰیات) روحانی حیات نو/روحانی نیا جنم ۔ (برقیات) باز افرایش : ایک ایسا طریق کار جس میں امالے وغیرہ کی مدد سے ایک خلا دار نلی کی تہ/پلیٹ کے سرکٹ کی قوّت/توانائی کو گرڈسرکٹ میں واپس منتقل کر دیا جاتا ہے ، جس کے نتیجے میں گرڈ کے کرنٹ کو پھر سے مزید توانائی مل جاتی ہے اور تہوں/پلیٹوں کے کرنٹ میں زیادہ حرکات ہونے لگتی ہیں ، نتیجتاً اشارات/سگنل کا حجم بڑھ جاتا ہے ۔ (حیاتیات) بعض پودوں یا جانوروں میں ضائع شدہ بافتوں کی باز پیدایش/تشکیل نو ۔ (میکانیات) حرارت کا باز آفرینی استعمال ؛ باز برق زائی ۔

regenerative, a. باز تکوینی ؛ روح افزا ؛ متعلق بہ تشکیل نو باز آفریدگی کے بارے میں ۔ (برقیات) باز افزایش سے متعلق ۔

regeneratively, adv. بازآفریدگی کے انداز سے ؛ پس گردانی سے ؛ دوبارہ پیدایش کے انداز سے ۔

regenerator, n. باز آفریں ؛ مجدّد؛ ایسا شخص یا شے جو دوبارہ تخلیق/پیدا/افزایش کرے ۔ (میکانیات) اندر آتی ہوئی ہوا یا ایندھن گیس کو کسی بھٹی یا گیس کی بھٹی میں گرم کرنے کا طریقہ ؛ باز برق زا ۔

regent, n. نائب السلطنت ؛ حاکم ؛ ریجنٹ ؛ والیٔ سلطنت ؛ ایسا شخص جو بادشاہ/حکمران کی طفولیت ، غیر حاضری یا نااہلیت کے دوران سلطنت/بادشاہت کا کام چلائے ؛ بعض یونیورسٹیوں اور دیگر اداروں کے انتظامی بورڈ کا ایک رکن ؛ ایسا شخص جو کسی یونیورسٹی کے طلبہ کے طرز عمل اور ان کی بہبود کی عمومی نگرانی کا فریضہ سرانجام دے ؛ قدیم یونیورسٹیوں میں بعض انتظامی اور معلمانہ بورڈوں/اداروں کا رُکن ۔ (صفت) کسی نابالغ ، غیر حاضر یا نااہل حکمران کی جگہ حکمرانی کا کام چلانے والا یا اس عمل سے متعلق ۔

regicide, n. شاہ کُش ؛ وہ شخص جو کسی بادشاہ کو مار ڈالے یا مارنے میں مدد کرے ؛ شاہ کُشی ؛ بادشاہ کا قتل ۔

regicidal, a. شاہ کُشی سے متعلق ؛ شاہ کُشی کا ؛ شاہ کش ۔

regime, n. عہد حکومت ؛ نظام حکومت ؛ راج ؛ بادشاہی ؛ انتظام یا حکومت/حکمرانی کا انداز ؛ حکومت ، خاص طور پر بعض سماجی امور سے متعلق ؛ انتظامیہ ۔

regimen, n. حکمرانی یا حکومت ؛ نظام حکومت ۔ (طب) غذائی علاج ؛ پرہیز ؛ خوراک ، ورزش اور طرز زندگی کا ایک ایسا بندھا ٹکا نظام جو صحت کی برقراری یا بحالی یا بعض (مخصوص) نتائج کے حصول کے لیے بنایا جائے ۔ (گرامر) کسی متعلقہ لفظ کا ، دوسرے لفظ کی ہیئت پر تسلُّط ، جیسے فعل پر اس کے فاعل کا ۔

regiment, n. (عسکری) دستہ ؛ فوجی دستہ ؛ رجمنٹ ؛ فوجی رجمنٹ ؛ فوج کی ایک تنظیم جو عموماً بریگیڈ سے نیچے ہوتی ہے اور کرنل کے زیر کمان ہوتی ہے ؛ لوگوں کی ایک بڑی تعداد یا ان کا ایک بڑا گروہ ؛ پلٹن ۔ (فعل متعدی) رجمنٹ میں ترتیب دینا ؛ پلٹن بنانا ؛ دستہ بنانا ؛ دستہ بندی کرنا ؛ قابو میں رکھنے کے لیے منظم گروہ کی شکل میں تشکیل دینا ؛ منظم کرنا یا مرتب کرنا ؛ کسی گروہ یا رجمنٹ کو (کوئی کام) تفویض کرنا ؛ ایک جیسا/یکساں بنانا ۔

regimental, a. رجمنٹی ؛ رجمنٹ کا ؛ دستوں/رجمنٹوں سے متعلق ؛ گروہ سے متعلق ۔

regimentally, adv. رجمنٹ کے لحاظ سے ؛ منظم انداز سے ؛ نظم و ضبط سے ۔

regimentation, n. دستہ بندی ؛ گروہ بندی ؛ رجمنٹ سازی ؛ جمعیت سازی ؛ فوج آرائی ۔

regimentals, n. ایک فوجی دستے/رجمنٹ کی وردی ؛ فوجی وردی ۔

regina, n. ملکہ ۔

region, n. خِطّہ ؛ حلقہ ؛ طبقہ ؛ علاقہ ؛ اقلیم ؛ دائرۂ عمل ؛ کسی سطح یا علاقے کا ایک خاصا وسیع مسلسل پھیلا ہوا

حصه ؛ خاصا وسیع اور عموماً لامتناہی/بے حد وسیع زمین ، کا سطحی حصه ، جیسے خشکی یا سمندر ؛ علاقه یا ضلع بلا لحاظ حدود ؛ کسی شہر یا علاقے کا انتظامی حلقۂ عمل ؛ کائنات ، آسمان یا زمین کے اندرونی حصوں کا کوئی حصه یا حلقه ؛ ایسی حلقه بندیوں میں سے کوئی جس میں فضا بلندی کے لحاظ سے اور سمندر گہرائی کے لحاظ سے تقسیم کیا جاتا ہے ؛ منطقه ؛ خلائی حصه/علاقه یا جسم ؛ مملکت ، علاقه یا حلقه ؛ زمینی سطح کا ایک بڑا حیوانیاتی خطه ۔ (تشریح الاعضا) جسم یا کسی حصّۂ جسم کے اندر کوئی جگه یا اس کا کوئی جزو ۔

regional, a. علاقائی ؛ اقلیمی ؛ حوالی کا ؛ خطے کا ؛ منطقائی ؛ طبقاتی ؛ کسی مخصوص حلقے/علاقے ، ضلع ، رقبے یا حصے سے متعلق ؛ شعبه واری ؛ مقامی ؛ کسی خاصے بڑے حلقے/علاقے/خطے کا یا اس سے متعلق ؛ جو صرف مقامی نه ہو ۔ (تشریح الاعضا) جسم کے مخصوص علاقوں یا حصوں سے متعلق ۔

regionally, adv. مقامی طور پر ؛ علاقائی/طبقاتی انداز سے ۔

regionalism, n. علاقائیت ۔ (حکومت) ایسا سیاسی نظامِ حکومت جو علاقائی خود مختار اضلاع پر مبنی ہو ۔ (ادب) مقامی خصوصیات پر زور دینے کا عمل ، جیسے مقامی جغرافیائی خدوخال ، معاشرتی/سماجی روایات اور مقامی لہجے وغیرہ ۔

regionalist, n., a. (حکومت) وہ جو علاقائی خودمختاری پر زور دے یا اس کا مطالبه کرے ؛ علاقائی خودمختاری کا حامی ۔ (ادب) علاقه پرست ۔

regionalistic, a. متعلق به علاقائی خود مختاری ؛ علاقه پرستانه ؛ مقامی انداز کا حامل ۔

regsiter, n. رجسٹر ؛ کھاته ؛ بہی ؛ مسجل ؛ ایسا کتابچه جس میں واقعات ، نام یا اس قسم کی چیزیں درج کی جائیں ؛ اس قسم کے کتابچے؛ ریکارڈ یا فہرست میں کوئی اندراج ؛ فرد ؛ اس قسم کے اندراجات کی کوئی فہرست ؛ لپٹا ہوا کاغذ ؛ نظام الاوقات لکھا ہوا کاغذ ؛ درج رجسٹر یا اندراج ؛ چٹھا ؛ اعداد و شمار کے اندراج کا ایک میکانی نظام (جیسے : a cash register) ؛ حرارت اور ہوا وغیرہ کے باقاعدہ آنے کا نظام/آله جو عموماً کمرے میں آنے والے کسی پائپ وغیرہ میں نصب ہوتا ہے ۔ (تجارت) سمندری جہاز کو سرکاری دستاویز کا اجرا جیسے اس کی شہریت کے ثبوت کا ۔ (موسیقی) آہنگ ؛ کسی آواز یا ساز کا دائرہ کار ، ادائیگی یا سر کی کیفیت ؛ پائپ والے ساز یا برقی/برقیاتی ساز میں وہ تمام حصے جو ایک ہی بٹن سے قابو میں رکھے جاتے ہیں ۔ (طباعت) لکیروں یا کالموں وغیرہ کی (ایک کاغذ کے دونوں صفحات پر) ترتیب ؛ رنگدار طباعت وغیرہ میں رنگوں کی ایک دوسرے کی مطابقت میں درست طباعت ۔ (فعل متعدی) کسی کھاتے/رجسٹر میں درج کرنا یا کرانا یا چڑھا لینا ؛ فہرست میں لکھنا/درج کرنا یا قلمبند کرنا جیسے رائے دہندگان یا طلبه کو ؛ خاص فیس دے کر ڈاک خانے میں رجسٹری کرانا ، خط وغیرہ کی تاکه اس کی ترسیل کے تحفظ کا اندراج ہو جائے ؛ کسی چیز کی نشاندہی کرنا ، کسی پیمانے وغیرہ کے ذریعے ؛ چہرے کے تأثرات یا اپنی حرکات کے ذریعے اپنے جذبات کا اظہار کرنا ۔ (طباعت) (مسطر یا کالموں کو) مناسب طور پر ترتیب دینا ؛ رنگوں کی درست طباعت کا انتظام کرنا ۔

register, registrate, v.i. (کسی کھاتے/فہرست یا رجسٹر میں) اپنا نام لکھنا یا لکھوانا ؛ کسی تحریر یا پیمانے وغیرہ کے ذریعے کسی چیز کا اظہار ہونا ؛ خوشی یا حیرت وغیرہ کا اظہار ہونا ؛ درج کیا جانا یا اظہار کیا جانا ؛ تاثر دینا ۔ (طباعت) مسطر کا دونوں کناروں سے برابر ہونا ۔ (موسیقی) موسیقی کے کسی مظاہرے میں ساز بجاتے وقت استعمال کیے جانے والے وقفوں کو (پہلے سے) ترتیب دے لینا ۔

registrant, n. درج رجسٹر/رجسٹری کرانے والا شخص جیسے کسی کاپی رائٹ/جمله حقوق طباعت و نشر یا پیٹنٹ کی رجسٹری کرانے والا ؛ اندراج شده/درج شده رائے دہنده یا طالبِ علم ۔

registrable, registerable, a. قابل اندراج ؛ درجِ رجسٹر کیے جانے کے قابل ۔

register, n. رجسٹرار ؛ فرد نویس ؛ اندراج کننده ؛ کھاتے میں چڑھانے والا ۔ نیز دیکھیے : Registrar ۔

registered, a. رجسٹرڈ ؛ درج شده ؛ اندراج شده ؛ کسی تفصیل کو جیسے پیدایش اور اموات ، نجیب الطرفین جانوروں یا تمسکات کے مالکان کے نام وغیرہ کسی کتابچے/فرد/رجسٹر میں تحریر کرنا/درج کرنا ؛ قانونی یا سرکاری طور پر اہل (جیسے : a registered appraiser) ۔

registered mail, n. رجسٹرڈ ڈاک ؛ وہ ڈاک جو بھیجے جانے کے مقام ، وصول یابی کے مقام اور درمیانی راستے کے اہم مقامات پر فرد/فہرست میں درج کی جاتی ہے اور جس کی درست تقسیم کی ضمانت دی جاتی ہے ۔

registered nurse, n. رجسٹرڈ نرس ؛ مستند نرس ؛ ایسی نرس/تیمار دار جسے سرکار نے تربیت اور امتحان میں کامیابی کے بعد اہلیت کا پروانه عطا کیا ہو ۔ (مخفف .R.N) ۔

registrar, register, n. رجسٹرار ؛ محرر ؛ فہرست نویس ؛ ایسا شخص جس کا کام اندراجات کرنا یا کھاته رکھنا ہو ؛ کسی یونیورسٹی یا کالج میں اندراجات کا ذمه دار شخص ؛ محافظ دفتر ؛ مُسجِّل ۔

registration, n. اندراج فہرست ؛ عمل اندراج ؛ عمل یکسانیِ مسطر ۔ اندراج کی دستاویز ؛ کسی کھاتے/فہرست وغیرہ میں اندراج ؛ درج شده افراد/اشیا کی تعداد ؛ فہرست ۔ (موسیقی) موسیقی کے کسی نغمے میں ساز بجانے کے دوران آنے والے وقفوں کی ترتیب یا ترتیبوں میں سے اپنی پسند کا انتخاب ۔

registrational, a. عمل اندراج سے متعلق ؛ اندراج کی دستاویز سے متعلق ۔ (موسیقی) موسیقی کے مظاہرے کے دوران ساز بجانے کے وقفوں کے ترتیب سے متعلق ۔

registry, n. رجسٹری ؛ دفتر اندراجات ؛ محافظ خانه ؛ عمل اندراج ؛ کسی کھاتے/ رجسٹر کے رکھنے کی جگه ؛ کسی سرکاری کتابچے میں درج حقیقت ؛ کتابچه/کتاب ؛ فہرست/کتابچے/رجسٹر میں درج کسی سمندری جہاز کی شہریت ؛ اندراج بہی ۔

regius, a. شاہی ؛ برطانوی یونیورسٹیوں کے ان پروفیسروں/معلموں سے متعلق جن کے عہدے/اسامیاں بادشاہ نے قائم کی ہیں ؛ شاہی استاد جامعه سے متعلق ۔

regius professor, n. شاہی پروفیسر/مُعلِّم ؛ برطانوی یونیورسٹیوں کے ایسے پروفیسر/مُعلِّم جن کی اسامی بادشاہ نے قائم کی ہے ۔

reglet, n. (فنِ تعمیر) چفتی ؛ تنگ گولا ؛ لکڑی کے تختوں کے درمیان ایک چپٹی پتلی لکڑی ۔ (طباعت) ٹائپ کی سطروں کو علیحدہ کرنے کے لیے لکڑی یا دھات کی پتلی پٹی ؛ یہ پٹیاں؛ مجموعی طور پر یا ان کی دھات یا لکڑی وغیرہ ۔

regnal, a. جلوسی ؛ تخت نشینی کا ؛ بادشاہ ، بادشاہت یا عہدِ سلطنت سے متعلق (جیسے : a regnal year) ۔

regnant, a. حکمران یا فرماں روا (جیسے : a queen regnant) ؛ حکومت کرنے والا یا مؤثر ؛ غالب ؛ نمایاں یا وسیع پیمانے پر پھیلا ہوا ؛ مروج ۔

regnancy, n. حکومت فرماں روائی ؛ اثر ؛ وسعت عمل ۔

regolith, n. دیکھیے : Mantle rock ۔

regrate, v.t. غلّہ ، اجناس خوردنی یا کریانے کا سامان اس لیے خریدنا کہ منڈی میں یا اس کے قریب ہی نفع پر فروخت کیا جائے ؛ فروخت کرنا ؛ کریانہ فروشی کرنا ؛ پرچون فروشی کرنا ؛ تھوک خرید کر پرچون بیچنا ۔

regrater, regrator, n. کریانہ فروش ؛ پرچون فروش۔

regress, v.i. مراجعت کرنا ؛ واپس چلے جانا ؛ پیچھے پلٹ جانا/چلے جانا ؛ واپس ہو جانا ۔ (شُماریات) اوسط مقدار تک جانے کا رجحان ہونا ۔ (اسم) واپسی ؛ واپسی کا عمل ؛ واپسی کی آزادی یا حق واپسی ؛ رجعتِ قہقری ؛ واپسی کا راستہ ؛ تنزل ؛ باز گشت ؛ مراجعت ۔

regressor, n. واپس جانے والا ؛ پیچھے مڑ جانے والا/ چلے جانے والا ؛ متنزّل ۔

regression, n. رجُوع ؛ واپسی یا واپسی کا عمل ؛ درجے میں تنزلی یا عمومی تنزُّل ۔ (حیاتیات) کسی قدیمی/ابتدائی یا کم ترقی یافتہ حالت یا شکل میں پلٹ جانے کا عمل یا عام یا عمومی حالت یا شکل میں واپسی کا عمل ۔ (شماریات) اوسط کی طرف جانے کا رجحان ۔ (تحلیل نفسی) رویے کی ابتدائی یا کم پختہ شکل کی جانب واپسی ۔ (طِب) کسی بیماری یا مرض کی بتدریج کمی ۔

regressive, a. رجعت پسند ؛ واپس جاتا/ مڑتا ہوا ؛ متعلق بہ واپسی ؛ راستے ، رجحان یا عمل میں واپس/پیچھے کی جانب ؛ کسی محصول وغیرہ کے محصول کی بنیاد میں اضافے کے ساتھ بتدریج کم ہونے سے متعلق ؛ راجع ؛ رجعی محصول بندی ۔

regressively, adv. رجعت پسندی سے ؛ راجعانہ ؛ تنزُّلی کے انداز سے ؛ واپسی کے انداز میں ؛ گھٹتے ہوئے ؛ پیچھے ہٹتے ہوئے ۔

regressiveness, n. واپسی ؛ تنزل ؛ راجعیت ۔

regret, v.t. پچھتانا ؛ اظہار افسوس کرنا ؛ کسی رخصت شدہ شخص یا شے کے بارے میں نقصان کا احساس کرنا یا اس انداز سے سوچنا ؛ کسی کے نقصان پر دکھ یا غم محسوس کرنا یا افسردہ ہونا ؛ کسی کے بارے میں پشیمانی محسوس کرنا (جیسے : to regret an unfortunate mistake) ؛ افسوس کرنا ، جیسے اپنی خرابی یا کسی جلد بازی کے باعث ہونے والی غلطی ، درشتی یا بے وقوفانہ حرکت پر ؛ ہاتھ ملنا ۔ (اسم) تأسُّف ؛ رنج ؛ ملال ؛ حسرت ؛ ندامت ؛ پچھتاوا ؛ غم یا جانے والے شخص یا شے کے بارے میں نقصان کا احساس ؛ افسوس کا احساس ، مایوسی یا کسی ایسی چیز کے بارے میں بے اطمینانی جو انسان کی خواہشات کے برعکس ہو جائے ؛ پشیمانی ؛ رنج و الم ۔ (جمع) معذرت ، جیسے کسی کی دعوت وغیرہ کو قبول نہ کر سکنے کے لیے ۔

regrettable, a. قابلِ افسوس ؛ قابل مذمت ؛ تاسف انگیز ۔

regrettably, adv. قابلِ افسوس انداز میں ؛ قابلِ مُذمّت طریق پر ؛ افسوسناک طور پر ۔

regretter, n. افسوس کُنندہ ؛ پچھتانے والا شخص ۔

regretful, a. معذرت خواہانہ ؛ معذرت کنندہ ۔

regretfully, adv. معذرت خواہانہ انداز سے ؛ غم و الم کے ساتھ ؛ افسوس سے ؛ متاسفانہ ۔

regretfulness, n. غم و الم سے بھرپور ہونے کی کیفیت ؛ افسوس یا پچھتاوا ؛ تاسف انگیزی ؛ غمگینی ؛ دلگیری ؛ ملال ۔

regroup, v.t., v.i. دوبارہ/نئے سرے سے گروہ بندی کرنا یا ہونا ۔

regroupment, n. نئی/دوبارہ گروہ بندی ؛ نئے گروہوں میں ترتیب دہی کا عمل ۔

regrow, v.t. دوبارہ نشوونما دینا/اضافہ کرنا جیسے کسی گم شدہ حصے یا کارکن کا ۔ (فعل لازم) کسی رکاوٹ کے بعد پھر سے نشوونما پانے لگنا/پھر سے اضافے ہونے لگنا ۔

regrowth, n. دوبارہ اضافہ ؛ دوبارہ نشوونما ؛ نموئے مُکرّر ۔

regular, a. باضابطہ ؛ پابند ؛ بااُصول ؛ منضبط ؛ باقاعدہ ؛ عام رسم و رواج یا معمول کے مطابق (جیسے : a regular practice)؛ یکساں یا برابر تعمیر ، درجہ یا ترتیب (جیسے : regular temperature, regular features) ؛ منظم یا عادی نوعیت کا (جیسے : a regular patron, a regular meeting of the board)؛ وقفہ وار یا بار بار ہونے والا (جیسے : a regular heartbeat) ۔ (بول چال) ریاکاری یا ظاہرداری سے مبّرا (جیسے : a regular gal or fellow) ؛ بالکل یا بے شک/پکا (جیسے : a regular scoundrel) ۔ (نباتیات) عموماً ایسے پھول کے بارے میں کہا جاتا ہے جس کے بعض حصے ایک جیسے یا یکساں ہوں ۔ (گرامر) عام قسم کے تصریفی اختتام رکھنے والا ، جیسے کمزور اختتام بھی کہتے ہیں۔ (ریاضی) تمام کارروائی/ عمل کے دوران ایک ہی اصول یا طریق کار کی پیروی کرنا ۔ (جیومیٹری) متساوی الساقین اور متساوی الزاویا ؛ وہ شکل جس کے پہلو/ضلع اور زاویے آپس میں برابر ہوں ۔ (عسکری) کسی ملک کی (باقاعدہ) مسلح افواج سے مستقل طور پر متعلقہ یا وابستہ (جیسے : the regular army) ۔ (سیاسیات) کسی سیاسی پارٹی کا وفادار ؛ ایسا اُمّیدوار جسے پارٹی ٹکٹ ملا ہو ۔ (کلیسیات) کسی مذہبی اصول کے تابع یا کسی مذہبی یا کلیسائی/خانقاہی تنظیم یا گروہ سے وابستہ ۔

regular, n. قاعدے سے کام کرنے والا ؛ باقاعدہ شخص ؛ عادی طور پر لگا تار کام کرنے والا یا وفادار شخص؛ جیسے کوئی گاہک؛ سیاسی پارٹی کا کارکُن یا اسی قسم کا اور کوئی بھی شخص ۔ (عسکری) باقاعدہ فوج کا سپاہی ؛ درمیانہ قدکاٹھ کے افراد کے ملبوسات کا ایک ناپ/سائز ؛ اس ناپ/سائز کا سوٹ یا قمیص شلوار ؛ ایتھلیٹک ٹیم کا ایک ایسا کھلاڑی جو ہر (متعلقہ) کھیل میں حصہ لیتا ہو ۔ (کلیسیات) کسی مذہبی اصول یا تنظیم سے وابستہ شخص ۔

regularity, regularness, n. باقاعدگی ؛ باترتیبی ؛ بااصولی ؛ قرینہ؛

ہمواری ؛ باضابطگی ۔

regularly, adv. باقاعدہ طور پر ۔

regular army, n. باقاعدہ (مسلح) افواج (کسی قوم یا ملک کی) ؛ قائم افواج ۔

regularize, v.t. باقاعدہ/باترتیب بنانا ؛ متناسب بنانا ؛ ہموار کرنا ۔

regularizer, n. باقاعدہ بنانے والا ؛ باترتیب کرنے والا ۔

regular solid, n. منتظم مجسم ؛ متساوی السطوح ؛ پانچ برابر کی سطحوں والے ٹھوس اجسام میں سے کوئی ایک جن میں چہار سطحی ، شش سطحی ، ہشت سطحی ، دوازدہ سطحی اور بست سطحی ٹھوس اجسام شامل ہیں ۔

regulate, v.t. باقاعدہ/باترتیب بنانا ؛ باضابطہ کرنا ؛ منظم کرنا ؛ کسی اصول یا مسلمہ انداز میں باقاعدہ بنانا ؛ حکومت کرنا یا بعض قوانین یا پابندیوں کے تابع کرنا ؛ (کسی کام کے بارے میں) ہدایت دینا ؛ اچھی حالت میں رکھنا ؛ مناسب انداز سے کام کرانا اور اس کی نگرانی کرنا ۔

regulative, a. تنظیمی ؛ ترتیبی ؛ باقاعدگی دینے والا ؛ ترتیب میں لانے والا ؛ طریق کار کے مطابق کرنے والا ؛ انضباطی ۔

regulator, n. کسی کام کی باقاعدگی کی نگرانی کرنے والا شخص یا آلہ ؛ ضابط ۔

regulatory, a. کسی کام کی باقاعدگی سے نگرانی کے متعلق یا اس عمل سے وابستہ ۔

regulation, n. باقاعدگی کا عمل ؛ کسی افسر/حاکم کا اپنے زیردست لوگوں/ماتحتوں کے لیے بنایا گیا کوئی بھی اصول/ضابطہ/قانون ؛ ہدایت ؛ حکم ؛ امر ۔ (برق) مشینوں ، ٹرانسفارمروں اور موٹروں کی قوت/گنجایش کے مطابق وولٹیج یا رفتار کی شرح کا تعیُّن ۔

regulus, n. کچ دھات کی تخلیص (وغیرہ) کے لیے بنی ہوئی بھٹّیوں میں میل کے نیچے جمع شدہ دھاتی تلچھٹ ؛ کچ دھات کی تخلیص کے دوران بن جانے والا ثانوی دھاتی مادہ ۔ (بڑے R سے) قلب الاسد نامی ستّارہ ؛ اسد نامی ستاروں کے جھرمٹ کا سب سے روشن/اہم ستارہ ۔

regurgitate, v.i., v.t. پیچھے ہٹنا یا قوّت سے پیچھے ہٹنا ؛ انڈیلنا ؛ پلٹ دینا ۔

regurgitation, n. پیچھے ہٹنے یا ہٹانے کا عمل ؛ انڈیلنے کا عمل ۔(فعلیات) رجع الدم ؛ دل کے کسی والو کی خرابی کے باعث خون کی واپسی ۔

rehabilitate, v.t. بحال کرنا ؛ سابقہ حالت پر یا کیفیت/مقام پر لے آنا ؛ دُوسروں کی خاطر پھر سے قائم کر دینا ؛ پھر سے صحتمند یا مفید بنا دینا ؛ پھر سے بسانا ۔

rehabilitation, n. بحالی ؛ پھر سے سابقہ کیفیت/حالت/مقام پر بحالی ؛ پھر سے صحتمندی یا افادی ہونے کا عمل ؛ برقراری ۔

rehabilitative, a. بحالی کے انداز سے ؛ بحال کرنے سے متعلق ؛ پھر سے صحت مندی یا افادیت دہی سے متعلق ۔

rehash, v.t. پھر سے ٹُکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ دہرانا ؛ دوبارہ بحث کرنا ؛ پرانی تحریروں وغیرہ کو پھر سے مدوّن/مرتب کرنا ؛ چھان پھٹک کرنا ۔ (اسم) چھان پھٹک ؛ استعمال شدہ اشیا سے بنی ہوئی کوئی چیز ۔

rehearing, n. (قانون) سماعت مکرر ؛ پہلی سماعت والی عدالت کی جانب ہی سے مقدمے کی دوسری سماعت/دوبارہ سماعت ۔

rehearsal, n. دُہرائی ؛ ریہرسل ؛ آزمایشی مشق ؛ آموختہ ؛ آموختہ خوانی ؛ آزمایشی نمائش ؛ عوام کے سامنے پیش کیے جانے سے پہلے کسی ڈرامے ، ورزش وغیرہ کی آزمایشی نمایش/مشق ؛ سنانے یا بتانے کی مشق ۔

rehearse, v.t. عوام کے سامنے پیش کرنے سے پہلے بار بار مشق کرنا ؛ دہرانا ؛ سنانا/پڑھنا ؛ بیان کرنا یا سنانا ؛ مشق کر کے بہتر ہو جانا ؛ ریہرسل کرنا ؛ آزمایشی نمایش کرنا ۔ (فعل لازم) کسی مشق/آزمایشی نمایش/ریہرسل میں حصہ گیر ہونا ۔

rehearser, n. مشق/آزمایشی نمایش/ریہرسل میں حصہ لینے والا شخص ۔

rehydrate, v.t. باز آبیدہ کرنا ؛ کسی شے سے پانی نکال لینے کے بعد پھر سے پانی اس میں ڈال دینا ؛ کسی خشک شُدہ مادے کو پھر سے گیلا کر دینا ؛ جسمانی کمزوری کو نمکیات کے محلول سے دور کرنا ۔

rehydration, n. باز آبیدگی ؛ پانی کی کمی والی شے کو پھر سے پانی دینے کا عمل ؛ جسم میں نمکیات کی واقع شدہ کمی کو نمکیات کا محلول پلا کر دور کرنے کا عمل ۔

reify, v.t. حقیقت بنا دینا یا سمجھنا ، مجسم کرنا جیسے کسی تصور کو حقیقت بنا دینا ؛ سمجھنا ۔

reification, n. تجسیم ؛ تصور کو حقیقت سمجھنے/بنا دینے کا عمل ۔

reign, n. دورِ حکومت ؛ فرماں روائی ؛ کسی بادشاہ کا عہد سلطنت ؛ تسلط ؛ قُوّت ، حکم یا اثر ۔ (فعل لازم) فرماں روائی یا حکومت کرنا/قائم کرنا ؛ حکمرانی کرنا ؛ ممتاز ہونا ؛ چھا جانا ؛ غالب ہونا ؛ اختیار یا اثرو رسوخ کا ہونا ؛ بول بالا ہونا ؛ دور دورہ ہونا ؛ اثر و اختیار ہونا ۔

Reign of Terror, n. (تاریخ فرانس) عہد دہشت ؛ مارچ ۱۷۹۳ء سے جولائی ۱۷۹۴ء تک کا انقلابی دور جس میں حکومت نے مشتبہ لوگوں کو بے تحاشا قتل کیا ؛ کوئی بھی خوف و ہراس کا دور ۔

reimburse, v.t. باز ادائی کرنا ؛ واپس ادا کرنا ؛ لی ہوئی رقم واپس دے دینا ؛ واپسی کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ کسی کو اس کے خرچ یا نقصان کے برابر رقم دے دینا ۔

reimbursable, a. قابل باز ادائی ؛ قابل واپسی ؛ لوٹائی جانے والی ۔

reimbursement, n. باز ادائی ؛ واپسی ؛ رقم کی واپسی ؛ رقم کے لوٹانے کا عمل ؛ تلافی ۔

reimburser, n. باز ادائی کنندہ ؛ رقم واپس کرنے والا ؛ لی ہوئی رقم لوٹانے والا ۔

reimport, v.t. مکرّر درآمد کرنا ؛ برآمد کرنے والے ملک میں اسی چیز کو دوبارہ درآمد کرنا ۔ (اسم) مکرّر درآمد شدہ شے ؛ مکرّر

درآمد ۔

reimportation, n. باز درآمد ۔

reimpression, n. دوسرا تأثُر ؛ دوباره طباعت ؛ طباعت/طبعِ مکرّر ؛ طبعِ ثانی ۔

rein, n. (عموماً جمع) لگام ؛ باگ ؛ عنان ؛ زمام ؛ گھوڑے یا کسی اور جانور کو قابو کرنے کے لیے دونوں جانب چمڑے وغیرہ کی پٹی ؛ کُچلنے ، قابو میں رکھنے یا راہنمائی کرنے کا ذریعہ ۔ (فعل متعدی) لگام کے ذریعے مطیع رکھنا ، چلانا یا قابو میں رکھنا ۔ (فعل لازم) لگام کے ذریعے گھوڑے کا قابو میں ہونا (بعد میں up یا in لگاتے ہیں) ۔ (قدیم) گھوڑے کی حرکات پر لگام کے ذریعے قابو پانا ؛ لگام دینا ۔

draw rein, رفتار کم کر لینا ؛ آہستہ ہو جانا ؛ باگ کھینچ لینا ۔

give rein to, باگ ڈھیلی کرنا ؛ مکمل آزادی دینا ؛ بھرپور اختیار دینا ؛ آزادیٔ عمل سے نوازنا ۔

reinless, a. بے قابو ؛ بگٹٹ ؛ بے اختیار ؛ آزاد ؛ بے لگام ۔

reincarnation, n. تناسُخ کا عقیدہ ؛آوا گون ؛ تجسیمِ نو ؛ جَنم جَنم پر ایمان ؛ یہ اعتقاد کہ روح (جسم کی) موت کے بعد ایک نئے جسم میں رہنے کے لیے واپس آ جاتی ہے ؛ نیا جنم ؛ نئی تجسیم ۔

reincarnationist, n. ؛ نظریۂ تناسخ کا حامی ؛ جَنم جَنم کو ماننے والا ؛ نئے جسم میں روح کی واپسی کا معتقد ؛ آواگون کا ماننے والا ۔

reincorportate, v.t., v.i. دوبارہ شامل/مُتحد ہو جانا ۔ (صفت) دوبارہ شامل ہونے والا ؛ نَو مُتحِدہ ۔

reindeer, n. رینڈئیر ؛ قطبی ہرن ؛ ''رینجیفر'' (Rangifer) نسل کی کئی اقسام کے ہرنوں میں سے کوئی سا ہرن جن کے نَر اور مادہ دونوں کے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہیں ، یہ ایشیا ، یورپ اور شمالی امریکا کے شمالی اور قطبی خطوں میں پائے جاتے ہیں اور اکثر انھیں پالا بھی جاتا ہے ۔

reindeer moss, n. رینڈئیر نم گیاہ ؛ سیدھی شاخ دار خاکستری کائی/جو شمالی قُطبی خطے میں اُگتی ہے اور سردیوں میں رینڈئیر/قُطبی ہرن نیز امریکی رینڈئیر وغیرہ کی خوراک بنتی ہے ۔

reinfection, n. تعدی مکرّر ؛ دوبارہ چُھوت ؛ باز آلُودگی ؛ باز تعدّی ؛ مکرّر جراثیم آلُودگی ؛ جس جراثیم آلُودگی میں انسان مبتلا ہے یا رہ چکا ہے ، اُسی میں پھر سے مبتلا ہو جانے کا عمل ۔

reinfect, v.t. مکرر جراثیم آلودہ کر دینا/ہو جانا ؛ دوبارہ چُھوت ہو جانا ۔

reinforce, reenforce, v.t. قُوّت پہنچانا ؛ طاقت بڑھانا ؛ کُمک پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ نئے دستوں ، جہازوں یا سازوسامان سے کمک/مدد پہنچانا ؛ اضافہ کرنا ۔ (نفسیات) کسی دی ہوئی مخصوص صورت حال میں کسی انعام کی پیشکش کر کے جوابی عمل کو بہتر بنانا ۔

reinforcer, n. تقویت دینے والا ؛ مقوّی ؛ مضبوط بنانے والا ؛ کمک پہنچانے والا ۔

reinforced concrete, n. بیش مضبوط کنکریٹ ؛ ریت ، بجری، سیمنٹ کا آمیزہ یا کنکریٹ جس کے اندر لوہے کی سلاخیں بھی ڈالی گئی ہوں تا کہ دباؤ کے خلاف تعمیر کی قُوّتِ مدافعت بڑھ جائے ؛ سریے سے مضبوط شُدہ کنکریٹ ۔

reinforcement, reenforcement, n. کُمک ؛ قُوّت ؛ مقوّی شے ؛ تقویّت ۔ (اکثر جمع) فوج یا بحری بیڑے کی کمک کے لیے اضافی/مزید دستے یا سپاہ بھیجنے کا عمل ؛ فوجی یا بحری کمک ؛ امدادی فوج ؛ کمک رسانی ۔

reins, n. (قدیم) گردے ؛ گردوں کی جگہ یا پُشت کا نِچلا حصہ ؛ احساسات یا محبت کی حس کا مقام ، جسے پہلے گردوں میں تصّور کیا جاتا تھا ۔

reinstate, v.t. بحال کرنا ؛ پھر سے قابض بنانا ؛ پرانی حالت/کیفیت پر واپس لے آنا ۔

reinstatement, n. بحالی ؛ پھر سے قبضہ ؛ پھر سے سابقہ حالت/کیفیت پر واپسی ۔

reinsurance, n. دُہرا بیمہ ؛ دہری بیمہ کاری ؛ ایسا بیمہ جس میں پہلے بیمہ شُدہ شخص اپنے ذمے کا بوجھ دوسرے بیمہ شدہ فرد پر ڈال کر آزاد ہو جائے ؛ اس قسم کے بیمے کی رقم ۔

reinsure, v.t. دوبارہ بیمہ کرنا ؛ دُہرا بیمہ کرنا ؛ ایسا بیمہ کرنا جس میں پہلے بیمہ شدہ شخص کی بجائے بیمے کا بار کسی دوسرے بیمہ شدہ فرد پر ڈال دیا جائے ۔

reinsurer, n. دہرا بیمہ کار ؛ دوبارہ بیمہ کرنے والا ۔

reintegrate, v.t., v.i. دوبارہ مستحکم کرنا ؛ دوبارہ یک جا ہونا یا کرنا ؛ از سرنو متحد کرنا یا ہونا ۔

reintegration, n. باز استحکام ؛ دوبارہ/مکرّر اتّحاد یا یکجائی ۔

reintegrative, a. دوبارہ اِتّحاد/یکجائی میں معاون و مددگار ۔

reinterpret, v.t., v.i. تعبیرِ نو کرنا ؛ کسی چیز کی نئی یا اضافی تعبیر کرنا ؛ اضافی مفہوم لینا یا نئے مطالب ہونا ۔

reinterpretation, n. تعبیرِ نَو ؛ تعبیرِ مکرّر/اضافی ۔

reinvest, v.t. مکرر/نئے سرے سے/دوبارہ سرمایہ کاری کرنا ، جیسے کسی پہلی سرمایہ کاری سے حاصل شدہ آمدنی کی ۔

reinvestment, n. مکرر سرمایہ کاری ، جیسے پہلی سرمایہ کاری سے حاصل شُدہ آمدنی کی ۔

reinvigorate, v.t. نئی قوّت/توانائی سے بھر دینا ؛ از سر نو ہمّت بڑھانا ؛ پھر قوّی کرنا ۔

reinvigoration, n. نئی قوّت/توانائی سے بھر دینے کا عمل ؛ قوت نو ۔

reissue, v.i. دوبارہ جاری کرنا ، بھیجنا یا پیش کرنا (جیسے : to reissue bank notes) ۔(اسم) باز اجرا ؛ باز ترسیل یا پیشکش ۔

reiterate, v.t. بار بار دُہرانا ؛ بار بار کسی چیز کو کہنا یا کرنا ؛ یقین دہانی کرانا ؛ یاد دہانی کرانا ؛ پھر سے کہنا ؛ بار بار زور دینا ؛ بیان کرنا ۔

reiteration, n. یاد دہانی ؛ یقین دہانی ؛ بار بار دُہرانے/کرنے/کہنے کا عمل ؛ دہراؤ ؛ تکرار ۔

reiterative, a. یقین دہانی/یاد دہانی کرانے والا ؛ مکرر ۔

reiteratively, adv. مکرر انداز سے ؛ یاد دہانی/یقین دہانی کے طور پر ۔

reiterativeness, n. تکرار ؛ دہرائے جانے سے متعلق ہونے کا عمل ؛

یقین دہانی/یاد دہانی سے متعلق عمل ۔

reject, v.t. نامنظور کرنا ؛
مُستَرد کرنا ؛ وصول کرنے ، پہچاننے یا ماننے سے اِنکار کر دینا ؛ ٹھکرا دینا ؛ عطا کرنے/دینے یا زیرِ غور لانے سے انکار کرنا ؛ غرور سے یا سختی سے منع کر دینا ؛ بے کار یا خراب سمجھ کر پھینک دینا ؛ اُتار پھینکنا ؛ پُرانا کر کے /سمجھ کے پھینک دینا ؛ اُگلنا یا الٹنا/قے کر دینا ۔ (اسم) مُستَرد شُدہ ؛ نامنظور شُدہ ؛ ٹھکرایا/دھتکارا ہوا ؛ ٹھکرائے جانے والا شخص یا شے ۔

rejection, n. نامنظوری ؛ نامنظور کرنے کا عمل ؛ رد/استرداد؛ دھتکار ؛ ٹھکرائی گئی/ مُسترد شُدہ شے ۔

rejectee, n. دھتکاری گئی/ٹھکرائی گئی شے ؛ مسترد شدہ/ بے کار شدہ شے ۔

rejecter, rejector, n. نامنظور کُنندہ ؛ رد کنندہ ؛ نامنظور کرنے والا ؛ ٹھکرانے والا ؛ مسترد کرنے والا ؛ دھتکارنے /ٹھکرانے والا ۔

rejective, a. متعلق بہ نامنظوری/استرداد ۔

rejoice, v.i. بہت زیادہ مسرّت و شادمانی کا محسوس ہونا ؛ خوش ہونا ؛ مسرور ہونا ، شاداں ہونا (عام طور پر in کے ساتھ)؛پھولے نہ سمانا ؛ باغ باغ ہونا ۔ (فعل متعدی) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ مسرّت بخشنا ؛ لطف اٹھانا ۔

rejoicer, n. خوش باش ؛ مسرور ۔

rejoicing, n. خوشی ؛ مُسرّت ؛ شادمانی ؛ جشن ۔

rejoicingly, adv. شادمانی سے ؛ مسرور انداز سے ؛ خوش خوش ؛ خوشی خوشی ؛ فرحاں ۔

rejoin, v.t. دوبارہ جوڑنا ؛ علیحدگی کے بعد دوبارہ مُتحد کرنا ؛ ایک گروہ کے طور پھر متحد کر دینا ؛ جواب دینا ؛ جواب میں کچھ کہنا ؛ جواب بھیجنا ؛ ملازمت پر پھر سے آجانا ۔ (فعل لازم) دوبارہ متحد ہو جانا/جڑ جانا ؛ جواب کا جواب دینا ؛ دوبارہ شامل ہونا ۔ (قانون) جواب دعویٰ دینا ۔

rejoinder, n. جواب الجواب ؛ دندان شکن جواب ؛ مُنھ توڑ جواب ؛ تُرکی بہ تُرکی جواب ؛ طعنہ ؛ طعن و تشنیع ۔ (قانون) مدعا علیہ کی طرف سے عرضی دعویٰ کا جواب ؛ جواب دعویٰ ۔

rejuvenate, rejuvenize, v.t. دوبارہ جوان کرنا ؛ اعادۂ شباب کرنا ؛ جوانی کے زمانے کی طاقت یا تازگی پھر سے بجال کرنا ؛ (کسی ادارے وغیرہ کے) ابتدائی دور کی توانائی یا ترقی کو دوبارہ بحال کرنا ۔ (طبیعی جغرافیہ) کسی ندی نالے کے عمل یا اُس کی کاٹ کی قوّت کو اُس کے حلقۂ نکاس کی ترقی کرکے بڑھانا ؛ نئی ندی نالے وغیرہ بنانے کے عمل سے کسی حلقۂ اثر/علاقے کو دوبارہ سرسبزوشاداب بنانا ۔

rejuvenation, n. تجدیدِ شباب ؛ اعادۂ شباب ؛ بحالئ شباب ؛ ابتدائی اچّھے زمانے کے پلٹ آنے کا عمل ۔ (طبیعی جغرافیہ) کسی خطے کی سرسبزی و شادابی کی بحالی ۔

rejuvenator, n. شباب بخش ؛ اعادۂ شباب عطا کرنے والا ؛ حیات نو دینے والا ۔

rejuvenescence, n. تجدیدِ قوّت ؛ نئی جوانی ؛ جوانی یا جوانی کی توانائی کا اعادہ یا اس کی بحالی ۔ (حیاتیات) دو علیحدہ علیحدہ خلیوں کے ملاپ سے منتج ہونے والا اعادۂ قوّت ؛ وہ طریق کار جس سے ایک خُلیے کا مادہ اس میں سے نکل کر نئی حدود کے ساتھ نیا خُلیہ بناتا ہے ؛ نوزائیدگی ؛ حیات بخشی ؛ قوّت پذیری ؛ تشبیب ؛ تجدیدِ شباب ۔

rejuvenescent, a. نوزائیدہ ؛ قوّت بخش ؛ حیات بخش ؛ قُوّت/حیات پذیر ۔

rekindle, v.t., v.i. دوبارہ روشن کرنا/ہونا ؛ دوبارہ جلنا/جلانا ؛ پھر بیدار کرنا/ہونا ؛ پھر سُلگانا یا سُلگنا ۔

relapse, v.i. دوبارہ مُبتلا ہو جانا ؛ عود کر آنا ؛ پلٹ کر آ جانا ؛ پھر واپس ہونا یا ویسا ہی ہو جانا ، خصوصاً بیماری کے بعد ؛ ابتدائی بد حالت یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا ؛ پیچھے کو پھسلنا ۔ (اسم) عود ؛ بیماری کے پلٹ آنے کا عمل ؛ ابتدائی بدحالت/عمل کی طرف واپسی ۔

relapser, n. بار بار بیمار پڑ جانے والا شخص ؛ اُسی بیماری میں بار بار مُبتلا ہونے والا شخص ؛ دوبارہ بدعملی میں مُبتلا ہونے والا شخص ۔

relapsing fever, recurrent fever, n. باری کا بُخار ؛ تپ راجعہ ؛ طویل مرغولی جرثوموں کی چُھوت سے ہونے والے مختلف استوائی امراض میں سے کوئی ، جو جوؤں اور طفیلی کیڑوں کے ذریعے پھیلتے ہیں اور بار بار سردی لگنے اور تیز درجۂ حرارت/بُخار کے باعث نمایاں ہوتے ہیں ۔

relate, v.t. بتانا ؛ بیان کرنا ؛ خصوصیات/ خاص خاص باتیں بیان کرنا ؛ تعلّق یا رشتہ استوار کرنا یا ظاہر کرنا ؛ نقل کرنا ؛ قصہ کہنا ؛ روایت کرنا ؛ نسبت دینا ۔ (فعل لازم) نسبتِ ہونا ؛ تعلق ہونا ؛ متعلق ہونا (to کے ساتھ) ۔

related, a. متعلقہ ؛ خون ، یگانگت یا شادی کے رشتے سے جڑا ہوا (جیسے : a related experience) ۔

relater, n. بیان کُنندہ ؛ راوی ؛ ناقل ۔

relatable, a. قابلِ بیان ؛ متعلقہ ۔

relatedness, n. تعلّق ؛ رشتہ ؛ متعلق ہونے کا عمل ؛ قرابت ؛ ہم رِشتگی ؛ علاقہ داری ۔

relation, n. رشتہ ؛ عزیز داری ؛ بھائی بندی ؛ نسبت ؛ تعلُّق ؛ ناطہ ؛ قرابت داری ؛ اشیا کے مابین مشاہدہ شُدہ یا تصّور کردہ تعلُّق/رشتہ ؛ ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ تعلق ۔ (جمع) فرد کا فرد سے یا قوم کا قوم سے رشتہ/تعلُّق ؛ خون یا شادی کا رشتہ ؛ رشتے داری ؛ رشتہ دار مرد یا عورت ؛ بتائی ہوئی یا سنائی گئی بات کو پھر سے بیان کرنے کا عمل ۔ (قانون) کسی قانون کا نفاذ جو مؤثّر بہ ماضی ہو ؛ گزشتہ تاریخ سے کسی (نئے) قانون کا نفاذ ۔

in relation to, کے حوالے سے ؛ بحوالہ ؛ کے ضمن میں ۔

relational, a. نِسبتی ، علاقے کی ؛ تعلقی ؛ رشتے داری سے متعلق ؛ رشتہ ظاہر کرنے والا ؛ نحوی تعلق ظاہر کرنے/بتانے والا ، جیسے اسمِ ضمیر ، حرفِ جار اور حرفِ عطف (وغیرہ) ۔

relationship, n. نسبت ؛ رشتہ داری ؛ رشتہ ؛ خُون ، شادی یا یگانگت کا رشتہ/تعلُّق ۔

relative, a. رشتے دار ؛ کسی کے ساتھ متعلّق یا اس پر اثر رکھنے والا ؛ قریبی طور پر متعلّق ؛ مناسب ؛ متعلّق ؛ جو مطلق نہ ہو یعنی قائم بالذّات نہ ہو ؛ اضافی ؛ کسی اور پر منحصر یا اس سے متعلق ۔ (گرامر) کسی اور لفظ یا الفاظ سے متعلّقہ ؛ پیش رو لفظ/الفاظ سے متعلّقہ ؛ موصولہ ۔ (اسم) کسی چیز کے تعلّق سے کوئی سوچ ؛ رشتے

دار ؛ متعلق شے ؛ خون یا محبت/یگانگت وغیرہ کے رشتے سے وابستہ ، خصوصاً خون کے رشتے سے ؛ رشتے دار مرد یا عورت ۔ (گرامر) ایسا لفظ جو کسی پیشرو لفظ یا الفاظ سے متعلق ہو یا ان کی نمائندگی کرے خصوصاً ضمیر which,who اور that وغیرہ ؛ موصول ۔

relatively, adv. نسبتاً ؛ اضافی طور پر عکس اور چیز کے تعلّق/رشتے سے ؛ بالاضافت ۔

relativeness, n. رشتہ داری ؛ تعلّق ؛ نسبتِ باہمی ؛ اضافیت ۔

relative humidity, n. دیکھیے : Humidity ۔

relativism, n. (فلسفہ) علاقیت ؛ نسبتیت ؛ یہ نظریہ کہ علم/حق/سچ اضافی ہے اور زمان و مکان اور انفرادی تجربات پر مُنحصر ہے ۔

relativist, n. (فلسفہ) علاقی ؛ نسبتی ؛ عِلم/حقیقت/سچائی کو اضافی ماننے والا شخص ؛ علاقیت پسند ۔

relativistic, a. علاقیانہ ؛ اضافیانہ ؛ علم/حقیقت/سچائی کو اضافی مانتے ہوئے ۔

relativity, n. اضافیت ؛ تلازم ؛ اضافی ہونے کی حالت یا کیفیت ۔ (فلسفہ) کسی سوچنے والے ذہن کے حوالے سے موجودگی ۔ (طبیعیات) نظریۂ اضافیت ؛ آئن سٹائن کا ریاضی کے اصولوں /کُلیات پر مبنی نظریہ جس میں کمیّت اور توانائی کو برابر تصّور کیا گیا ہے اور زمان و مکان کو باہم دیگر منحصر بتایا گیا ہے ۔

relativity of knowledge, n. (فلسفہ) علاقیتِ علم ، نسبتیتِ عِلم ؛ یہ نظریہ کہ تمام انسانی علم انسانی ذہن سے نسبت رکھتا ہے یا ذہن صرف ان اثرات کو جان سکتا ہے جو اشیا اس پر ڈالتی ہیں ، یہ اشیا کو فی نفسہ نہیں جان سکتا ۔ (نفسیات) یہ نظریہ کہ ہم اشیا کا شعور ایک دوسری شے کے تناظر ہی میں حاصل کر سکتے ہیں ؛ ایک شے کے علم کا دوسری شے کے تناظر ہی میں حاصل ہو سکنے کا نظریہ ؛ اضافیتِ علم ۔

relator, n. تعلّق کار ؛ تعلّق بنانے والا ؛ بیان کنندہ ۔ (قانون) ایسا شخص جو کسی الزام سے متعلق معلومات فراہم کرے اور جس کی جانب سے یا جس کے ایما پرِٹ دائر کی جائے ؛ روئدادِ مقدمہ کا پیش کنندہ ۔

relax, v.t. سُست کر دینا یا ڈھیلا چھوڑ دینا ؛ ڈھیل دینا ؛ کم سخت یا نرم/ملائم بنانا ؛ شِدّت میں کمی کر دینا ؛ ضابطے کی پابندی میں کمی کرنا ؛ توجہ ، کوشش یا محنت میں کمی یا سُستی برتنے لگنا ؛ دباؤ ، فکر یا پریشانیوں سے نجات دلانا ؛ آرام/سکون عطا کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ۔ (فعل لازم) ڈھیلا ، سُست یا نڈھال ہو جانا ؛ نرم پڑ جانا ؛ کم تنا ہوا یا کم پریشان ہونا ؛ توجُّہ یا کوشش کم کر دینا ؛ سیدھا ہو جانا ؛ آرام کرنا یا سیرو تفریح میں ہونا ۔

relaxed, a. پُرسکون ؛ آرام سے ؛ حالت سکون/اطمینان میں ۔

relaxedly, adv. آرام سے ؛ آرام آرام سے ؛ اطمینان بخش انداز سے ؛ سکُون سے ؛ سُستی سے ۔

relaxedness, n. کیفیتِ سکون/اطمینان ؛ سستی ۔

relaxer, n. سکون کرنے والا شخص ؛ مُطمئِن شخص ؛ آرام کرنے والا شخص ۔

relaxant, n., a. (طِب) مُلیّن دوا ؛ سُکون آور دوا ؛ خاص طور پر عضلاتی/اعصابی سکون آور دوا ؛ مسکّن دوا ۔

relaxation, n. رعایت ؛ نرمی ؛ ڈھیل ؛ تخفیف ؛ سکون یا پرسکون ہونے کی حالت/کیفیت ؛ دباؤ/کھنچاؤ/تناؤ/کوشش یا سختی کی کمی ؛ تفریح ؛ سیرو تفریح ۔

re-lay, relay, v.t. دوبارہ رکھنا ، جیسے فرش بناتے وقت اینٹیں رکھنا ؛ نئے سرے سے رکھنا ۔

relay, n. بدل چوکی ؛ ڈاک چوکی ؛ ایسے افراد جو کسی کام کو باری باری سرانجام دیتے ہیں یا اپنی اپنی باری لیتے ہیں ؛ کارکنوں کا عرصہ کار/شفٹ ؛ ریلے ریس/ریلے دوڑ ؛ کسی بھی چیز کی تازہ کھیپ ، جیسے غذا ، گھوڑوں یا دیگر مویشیوں یا آدمیوں کی (تازہ کھیپ) ۔ (برق) ایسا طریقِ کار جس سے ریڈیائی یا ٹیلی فونی پیغامات زیادہ طویل فاصلے پر بھیجے جاتے ہیں یا انھیں (راہ میں) طاقتور بنایا جاتا ہے ۔ (مشین) معاون موٹر ۔ (فعل متعدی) کسی راستے پر بدل چوکیاں بٹھانا ؛ نشر کرتے وقت مختلف مقامات/اسٹیشنوں پر (پیغامات کی) وصولی اور بھیجنے کا کام کرنا ؛ باز نشر کرنا یا تازہ دَم یا نئی مُتبادل نشریات فراہم کرنا ؛ نشری نظام کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ؛ پہنچانے میں ہاتھ بٹانا (باری باری) ۔ (برق) تار یا ٹیلیفون کے پیغام کو نشری نظام کے تحت پہنچانا ۔ (فعل لازم) (برق) پیغام کا نشر ہونا ۔

relay race, relay, n. (کھیل) چوکی دوڑ ؛ ڈنڈا دوڑ ؛ دو یا دو سے زیادہ کھلاڑیوں یا ٹیموں پر مُشتمل ایک دوڑ جس میں پہلا کھلاڑی فاصلے کا کچھ حصّہ دوڑتا ہے اور اس کے بعد اس کا ساتھی دوڑنے لگتا ہے ؛ عموماً چار کھلاڑیوں کی ڈنڈا دوڑ ۔

release, v.t. رہا کرنا ؛ واگزاشت کرنا ؛ پابندی یا قید سے رہائی دلانا ؛ آزاد کرانا ؛ تکلیف ، رنج یا پریشانی سے چھٹکارا دلانا ؛ کسی ذمہ داری یا جُرمانے سے بچا لینا ؛ شائع ، نمایش یا فروخت کی اجازت دینا ۔ (قانون) جانے دینا یا چھوڑ دینا ، جیسے اپنا کوئی حق/مطالبہ/دعویٰ ؛ نئی فلم سینما میں پہلی بار دِکھانا ۔ (اسم) آزادی ؛ نجات ؛ چُھٹکارا ؛ خلاصی ؛ واگزاشت ؛ رہائی ؛ کسی بھی قسم کی پابندی سے رہائی/چھٹکارا ؛ کسی قید یا جبروستم سے آزادی ؛ تکلیف ، رنج یا بوجھ سے نجات ؛ ذمہ داری یا فرض سے آزادی/رہائی ؛ خبروں ، ڈراموں ، فلموں یا کتابوں وغیرہ کو عوام سے متعارف کرانے کا کام ؛ مواد خصوصاً اخبارات کو جاری کیا گیا ۔ (قانون) دعویٰ یا حق سے چھٹکارا/فارغ خطی ؛ دعوے سے دست برداری یا اس سے متعلق/کاغذات دستاویز ؛ واپسی کی ضرب کے دوران کسی اِنجن کے سلنڈر میں سے بھاپ یا زیرِ استعمال مائع کا اخراج ؛ وہ جگہ جہاں واپسی کی ضرب کے دوران ایسا اخراج وقوع پذیر ہو ؛ کسی موٹر یا مشین کو چالو یا بند کرنے کا میکانکی آلہ ؛ کسی چیز یا مشینی پرزے کو بند کرنے یا کھولنے کا آلہ ۔

releasable, a. قابل رہائی ؛ قابل دستبرداری ؛ انجن سے نکلنے والی بھاپ سے متعلق ۔

releaser, n. رہا کُنندہ ؛ دستبردار ہونے والا شخص ۔

re-lease, v.t. پھر پٹّے پر دینا ؛ دوبارہ/نئے سرے سے پٹّے پر لینا یا دینا ۔

relegate, v.t. (نکال کر) باہر بھیج دینا ؛ کسی غیر معروف مقام پر بھیج دینا یا ایسی حالت میں ڈال دینا ؛ حوالے کرنا ، جیسے کسی طبقے یا فرقے کے ؛ کارکردگی یا فیصلے کے لیے حوالہ دینا ؛ جلاوطن کرنا ؛ دیس نکالا دینا ؛ خارجُ البلد کردینا ۔

relegation, n. جلاوطنی ؛ اخراج ؛ انتقال ؛ دیس نِکالا ۔

relent, v.i. کم سخت ، ظالم یا ضدی/ ہونا ؛ مزاج کا نرم ہونا/پڑ جانا ؛ زیادہ نرم مزاج اور ہمدردانہ ہو جانا ؛ دب جانا/سر جُھکا لینا/اطاعت پر آمادہ ہو جانا ؛ پسیجنا ؛ نرم پڑ جانا ؛ ترس کھانا ؛ پگھلنا ۔

relentless, a. سنگدل/بے درد ؛ سخت مزاج/درُشت ؛ بے رحم ؛ کٹّر/ضِدّی ؛ جسے ترس نہ آئے ؛ جو معاف نہ کرے ؛ شقی ۔

relentlessly, a. سنگدلی سے ؛ بے دردی سے ؛ شقاوت سے ؛ بے رحمی سے ۔

relentlessness, n. سنگدلی ؛ بے دردی ؛ شقاوت ؛ بے رحمی ؛ کٹّر پن ۔

relevant, a. متعلقہ ؛ مُفید مطلب ؛ بامقصد/باموقع ؛ مناسب/معقول ؛ برمحل/موزوں/جس کا اطلاق کیا جا سکے ؛ بااعتبار ؛ قابلِ اعتبار/انحصار ؛ بھروسے کا ؛ باوثوق ۔

reliable, a. معتبر ، قابلِ بھروسا ؛ جس پر اعتبار کیا جا سکے ؛ اعتباری ؛ جس پر مدد کے لیے اعتماد کیا جا سکے ؛ اُستوار ؛ پُختہ ۔

reliability, reliableness, n. اعتبار ؛ بھروسا ؛ انحصار کیے جا سکنے کا عمل ؛ وثُوق ؛ اعتماد ۔

reliably, adv. قابلِ اعتماد طور پر ؛ بھروسا مندی سے ؛ وثُوق سے ۔

reliance, n. اعتماد ؛ پُراعتماد ہونے کا عمل/ذہنی رویّہ ؛ انحصار ؛ بھروسا ؛ بھروسا مندی ؛ وہ شخص یا شے جس پر اعتماد کیا جائے ؛ بھروسے کی بُنیاد ؛ اعتبار ؛ با اعتبار شخص ؛ آسرا ؛ سہارا ؛ تکیہ ؛ توکّل ۔

reliant, a. متوکّل ؛ بھروسا کرنے والا ؛ خوش اعتماد ؛ خود پر اعتماد رکھنے والا ؛ خود پر انحصار کرنے والا ۔

reliantly, adv. خوش اعتمادی سے ؛ خود اعتمادی سے ؛ بھروسا مندی سے ۔

relic, relique, n. آثار ؛ تبرک ؛ نُقصان ، خاتمے یا تباہی کے بعد جو کچھ بچا رہ جائے ؛ یادگار کے طور پر محفوظ کوئی شے ، جیسے تحفہ ، نشانی ، یادگار ۔ (جمع) باقیات ؛ مابقی/بچا کُھچا حصّہ یا ٹُکڑا ؛ کسی مرحوم کا جسم/لاش ۔ (کلیسیات) تبّرک ؛ کسی بُزرگ یا شہید کی کوئی ہڈّی ، دانت یا اور حصّۂ جسم یا ان کے لباس کا کوئی حصّہ وغیرہ جسے محفوظ کر لیا گیا ہو اور جس کو بہت مقدّس سمجھا جاتا ہو ؛ کوئی بھی پُرانا/قدیمی رواج ، رسم ، اثر ، عادت وغیرہ ۔

relict, n. (ماحولیات) کسی علاقے میں بے موسم پائے جانے والے کسی پودے یا جانور کی نسل (جب کہ اس کی نُمو یا پیدایش کا زمانہ گزر چُکا ہو) ۔ (قدیم) بیوہ ؛ رانڈ ۔ (صفت) (ارضیات) کٹاؤ سے بچ رہنے والی (زمین) ؛ باقیاتِ ارض ۔

reliction, n. بنجر اراضی ، پانی کی مراجعت کے بعد زمین کے مستقل بنجر/بے سبزہ ہو جانے کا عمل ؛ اس طرح کی بنجر/بے سبزہ زمین ۔

relief, n. آرام ؛ چین ؛ کسی تکلیف یا بوجھ سے نجات ؛ درد سے مخلصی ؛ سکون ؛ اعانت ؛ مخلصی ؛ تخفیف ؛ دستگیری/مدد ؛ درد ، غم یا کسی اور بُرائی/منفی شے سے چُھٹکارا دِلانے والی یا کمی کرنے والی چیز ؛ اعانت جو غُربا کو خوراک یا رقم میں دی جائے ؛ سبکدوشی، کام سے کسی نعم البدل کی بدولت ؛ نعم البدل ، جو آ کر کام بانٹ دے/اپنے ذمّے لے لے ؛ اطمینان ؛ راحت ؛ تفریح ۔ (سنگ تراشی ، فنِ تعمیر) منبت کاری ؛ کسی شکل/نقش کا اس سطح پر اُبھار یا نُمود جس پر وہ بنائی گئی ہو ؛ آگے کو اُبھری ہوئی تصویر/مجسمہ/شکل : یہ تین اقسام کی ہوتی ہے : منبّت عالیہ (جو بہت اُبھری ہوئی ہو) ، منبتِ عادلہ (جو درمیانہ اُبھری ہوئی ہو) منبّت ناقصہ (جو بہت کم اُبھری ہوئی ہو) ؛ ان میں سے کسی ایک انداز کا مجسمہ ۔ نیز : relievo ۔ (مصوّری) پیش کردہ اشیا میں ابھار اور ٹھوس پن کا اظہار ؛ کسی ایک شے کو اس کی متضاد شے کے ذریعے نُمایاں کرنے کا عمل ۔ (طبیعی جغرافیہ) کسی مُلک/علاقے کی سطح کا نشیب و فراز/اُتار چڑھاؤ ۔ (جاگیر داری قوانین) وہ رقم جو کِسی مزارع کا وارث کسی علاقے/جاگیر کو ورثے میں پانے پر اپنے جاگیردار (اصل مالک) کو ادا کرتا تھا ۔

relief map, n. نقشۂ زمین ؛ سطح کا نقشہ ؛ وہ نقشہ جِس میں کسی خشکی کے علاقے کی سطح (کے نشیب و فراز) کو حدود نُما خطوط سے ظاہر کیا گیا ہو ۔

relief pitcher, reliefer, reliever, n. (بیس بال) گیند باز کھلاڑی جو کھیل کے دوران کسی دوسرے گیند باز کھلاڑی کی جگہ لے لیتا ہے ؛ بدل کے طور پر رکھا گیا کھلاڑی ؛ مُتبادل کھلاڑی ۔

relier, n. وہ شخص یا شے جسے کسی دوسری شے یا شخص پر بھروسا ہو ؛ کسی دوسرے پر اعتماد رکھنے والا ۔

relieve, v.t. ہٹانا یا کم کرنا ، جیسے کسی تکلیف اور رنج دینے والی چیز کو ؛ تخفیف کرنا ، خرابی دُور کرنا/مخلصی دینا ؛ سکون دینا ؛ درد ، مصیبت یا ضرورت سے نجات/چھٹکارا دلانا ؛ درد ، غم ، بے چینی یا کسی بھی مفروضہ بد/منفی شے سے مکمل یا نامکمل طور پر نجات دلانا/آزاد کرنا ؛ مدد/اعانت/دستگیری کرنا ، جیسے غربا یا بیماروں کی ؛ کسی دوسرے آدمی/بدل کا آ کر کسی کو کام سے سبکدوش کرنا/چُھٹی دینا ؛ اپنی اپنی باری سے کام بانٹنا ؛ نجات دلانا ، جیسے کسی قرض وغیرہ سے ؛ پیشاب یا رفع حاجت کرنا (جیسے : to relieve oneself) ؛ مختلف طریقوں کے استعمال سے یکسانیت میں کمی کرنا ؛ نمایاں کرنا ؛ تضاد کے ذریعے نظر میں لانا ؛ ظاہر کرنا ؛ کسی چیز کو اُبھار کی شکل دینا یا اُبھار دکھانا ۔

relieve of, لُوٹ لینا (جیسے : to releive one of his wallet) ۔

relievable, a. مدد/اعانت/چھٹکارے/سکون کا مُستحق ۔

reliever, n. مدد کرنے والا شخص ؛ درد و غم یا تکلیف سے نجات دہندہ ۔

relievo, n. (سنگتراشی ، فن تعمیر) ابھرواں نقش ؛ منبّت شُدہ نقش/مجسمہ وغیرہ ۔

religion, n. مذہب ؛ طریقہ ؛ دھرم ؛ مَت ؛ کسی انسان کا کسی مافوقُ الفطرت قوّت کو اطاعت ، عزت اور عبادت کے لیے با اختیار تسلیم کرنے کا عمل ؛ اس قسم کی مُختار قوّت کو تسلیم کرنے والوں کا

یہ احساس یا روحانی رویہ اور اس کا ان کی زندگی اور طرزِ زیست سے اظہار ؛ متبرک/مقدّس رسوم و رواج یا اعمال کے سرانجام دیے جانے کا عمل ؛ اعلیٰ ترین ہستی (خدائے واحد و مُطلق) یا ایک یا زیادہ دیوتاؤں پر ایمان لانے اور ان کی عبادت کا ایک مخصُوص نظام ؛ کسی مذہبی تنظیم/فرقے کے ارکان کا طرزِ زندگی ؛ (کسی بھی چیز سے) وفاداری اور باضمیر ہونے کا عمل (جیسے : He has made a religion out of making money) ۔

religionism, n. مذہبیّت ؛ مذہب کے ساتھ بہت جوشیلا لگاؤ یا مذہب کی طرف بہت ہی زیادہ رُجحان یا مُبالغہ آمیز انہماک ؛ مذہبی جوش؛ مذہب پسندی ۔

religiose, a. جذباتی یا مصنوعی طور پر مذہبی ؛ بے انتہا مذہبی ؛ کٹّر مذہبی ۔

religiosity, n. مذہبی جوش و جذبہ ؛ مذہبی جنون ؛ مذہبی کٹّر پن ۔

religious, a. مذہبی ؛ مذہب کا ؛ مذہب کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ مذہب سے بھرپور یا مذہب کی نمایش کرنے والا ؛ نیک ، پرہیزگار یا متقی ؛ مذہب کے لیے موزوں یا مُقدّس/مُتبرّک رسوم و رواج وغیرہ کے لیے مناسب ؛ بہت زیادہ مذہبی اور بااصول ۔

religious, n. کسی مذہبی تنظیم یا اجتماع کا رُکن ؛ بہت ہی زیادہ مذہبی شخص ؛ کٹر مذہبی ۔

religiously, adv. مذہبی طور سے ؛ مذہبی جوش و خروش سے ؛ عقیدت سے ۔

religiousness, n. مذہبیت ؛ مذہبی مزاج کے مالک ہونے کا عمل ؛ مذہبی عقیدت ۔

reline, v.t. دوبارہ استر لگانا ؛ نیا استر لگانا ؛ سیون دُہرانا ۔

relinquish, v.t. ترک کر دینا ، جیسے کوئی قبضہ یا ملکیت ؛ دستبردار ہو جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ کسی کام/پیشے/مشغلے یا عمل کو ترک کر دینا ؛ کسی حق کو چھوڑ دینا ؛ رہا کر دینا ؛ (کسی عہدے کی) ذمے داری چھوڑ دینا ؛ تج دینا ؛ تیاگ دینا ۔

relinquisher, n. ترک کُنندہ ؛ دستبردار ہو جانے والا ؛ تارک ؛ چھوڑ دینے والا ۔

relinquishment, n. ترک ؛ رہائی ؛ عملِ دستبرداری ؛ دست کشی ۔

reliquary, n. صندوقچۂ تبّرکات ؛ تبرکات کے محفوظ کرنے کی جگہ ، کوئی خانقاہ یا صندوق ۔

relique, n. دیکھیے : relic ۔

reliquiae, n. تبّرکات ؛ آثار ؛ کھنڈرات ؛ متحجّرات ۔

relish, v.t. ذائقے یا خوشبُو کو پسند کرنا ؛ خوش ہونا/مسرور ہونا ؛ پسند کرنا ؛ خوشگوار ذائقہ یا خوشبُو دینا ؛ چاشنی دینا ؛ پُرلطف یا بامزا بنانا ۔ (فعل لازم) خوشگوار ذائقہ رکھنا ؛ خوشبو رکھنا ؛ خوش ذائقہ ہونا ؛ اچھا لگنا ؛ پسند آنا ؛ مزا لینا ۔ (اسم) مزا ؛ لطف ؛ چٹخارہ ؛ ذائقہ ؛ وہ احساس جو ناک یا منھ کو اچھا لگے ؛ خوشبو ؛ ذائقہ ، خاص طور پر خوشگوار ذائقہ ؛ شوق ، چاؤ یا رُجحان ؛ پسندیدگی ؛ کسی چیز سے حاصل شدہ مسرّت/خوشی ؛ خاصیّت ، خاص طور پر جوشیلی ؛ اشارہ یا پتا ؛ اچار ، مُربّہ ، چٹنی وغیرہ جسے گوشت یا مچھلی کے ساتھ پیش کیا جائے ؛ اشتہا انگیز شے ۔

relishable, a. خوش ذائقہ ؛ خوشبُو دار ؛ اشتہا انگیز ؛ چسکے دار ؛ چٹخارے والا ۔

relive, v.t., v.i. پھر جینا ؛ پھر بسر کرنا یا دوبارہ تجربات میں سے گُزرنا ؛ دوبارہ جینا ؛ نئی جان پڑنا ؛ پھر زندگی حاصل ہونا ۔

relleno, n. مسالا بھرا گوشت ؛ سموسے کا مسالا ۔

relocate, v.t., v.i. دوبارہ مقام یا محلِّ وقوع/اَتا پتا معلوم کرنا یا ہونا ؛ رہنے کے لیے کسی اور جگہ چلے جانا ؛ نقل مکانی کرنا یا ہونا ۔

relocation, n. رہایش کے لیے تبدیلیٔ مقام ؛ دوبارہ مقام یا محلِّ وقوع/اتا پتا معلوم کرنے/ہونے کا عمل ۔

reloj, n. گھڑی ؛ گھنٹہ ۔

relucent, a. شفّاف ؛ روشنی کو منعکس کرنے والا ؛ روشن ؛ تابندہ ؛ چمک دار ۔

reluct, v.i. (قدیم) مقابلہ کرنا ؛ لڑنا ؛ کسی چیز کے خلاف جدّوجہد کرنا ؛ مزاحمت یا مخالفت کرنا ؛ اَڑ جانا ؛ ہچکچاہٹ ظاہر کرنا ؛ تامّل کرنا ؛ راضی نہ ہونا ۔

reluctance, reluctancy, n. ہچکچاہٹ کی کیفیت یا صفت ؛ نارضامندی ؛ ناخوشی ؛ تأمُّل ؛ اکراہ ؛ مزاحمت ؛ مخالفت ۔ (برق) کسی مقناطیسی سرکٹ/دور کے مقناطیسی بہاؤ کے لیے مزاحمت ، جو مقناطیسی قوّت کے مقناطیسی بہاؤ سے اضافی نسبت کے طور پر ظاہر کی جائے ؛ مقاومت ۔

reluctant, a. متامّل ؛ نارضامند ؛ اڑیل ؛ ضِدی ؛ مزاحم ؛ ناراض ؛ کچھ کرنے کے مخالف ؛ نہ چاہتے ہوئے بھی (جیسے : reluctant obedience) ؛ بَادلِ نخواستہ ؛ بے دلی سے ۔

reluctantly, adv. مزاحمانہ طور پر ؛ نارضامندی سے ؛ مخالفانہ طور پر ؛ بَادلِ نخواستہ ؛ رُکے رُکے انداز سے ۔

reluctivity, n. (برق) مقاوِمیّت ؛ مقاومتِ مخصوصہ یا کسی شے کی مقاومتِ مقناطیسیٔ ہوا کی مقاومت اور سرکٹ کی نفوذ پذیری کے متضاد کے مقابلے میں ۔

relume, relumine, v.t. نئے سرے سے روشن کرنا ؛ پھر سے جلانا ؛ پھر سے تابندہ کرنا ؛ دوبارہ منوّر کرنا ۔

rely, v.i. اعتماد ہونا یا بھروسا ہونا ؛ اعتبار ہونا ؛ سہارا ہونا ؛ آسرا ہونا (on یا upon کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

rem, n. تابکاری اکائی ؛ لاشعاعوں (x-rays) کی ایک رونٹنجن اکائی کے برابر انسانی جسم کے ریشوں کو متأثر کرنے والی جذب شُدہ تابکاری کا پیمانہ ۔

REM, n. rapid eye movement کا مخفّف ؛ نیند کے دوران خواب بینی ؛ نیند گے دوران آنکھوں کی پتلیوں کا تیز تیز ہلنے کا عمل (جو خواب دیکھنے پر دلالت کرتا ہے) ۔

remain, v.i. رہنا ؛ رہتے چلے جانا ؛ ایک جگہ پر تسلسل سے رہنا ؛ غیر تبدیل شُدہ شکل یا حالت میں (جاری) رہنا ؛ دیر تک رہنا ؛ (کافی دیر تک) چلنا/دیرپا ہونا ؛ دوسروں کے چلے جانے کے بعد بھی ٹھہرے رہنا ؛ تنہا رہ جانا/چھوڑ دیا جانا ؛ شمولیت ، تباہی یا خرچ سے بچے رہنا ؛ بعد میں کیے جانے یا حساب کِتاب لگانے کے لیے رہ جانا ۔ (اسم ، جمع) باقیات ؛ زندگی ختم ہونے کے بعد جو کچھ انسانی

جسم سے باقی رہے ؛ لوتھ ؛ لاش ؛ کسی ادیب کی ، اُس کی موت کے بعد ، غیر شائع شدہ تصانیف ؛ قدیم ادوار یا پُرانی تہذیبوں کے باقیات ؛ کھنڈر وغیرہ ۔

remainder, n. باقیات ؛ بچا کھچا ؛ مابقیٰ ؛ جو باقی بچے ؛ باقی اشیا کے ہٹا لیے جانے کے بعد بچی ہوئی شے ۔ (حساب) حاصلِ تفریق یا حاصلِ تقسیم ۔ (قانون) وصیّت پر عمل درآمد کے بعد بقیّہ/بچی ہوئی جائیداد ۔ (ڈاک کے ٹکٹ) ختم شُدہ کرنسی کے ٹِکٹوں کا رعایتی قیمت پر اجرا ؛ فروخت کم ہو جانے /رُک جانے پر ناشر کی طرف سے کتاب کی رعایتی قیمت پر فروخت ؛ بارعایت فروخت ۔ (صفت) بچا ہوا ؛ باقی ؛ بچا کُھچا ؛ رہا سہا ؛ بقایا ؛ پسماندہ ۔ (فعل متعدی) بچے کُھچے مال کو فروخت کرنا ؛ باقی مال اونے پونے داموں پر بیچنا ۔

reman, v.t. دوبارہ کارندے لگانا؛ افراد پھر سے مہیّا کرنا؛ نئے لوگ/تازہ دم لوگ پھر سے مہیّا کرنا ؛ مردانگی یا حوصلہ بحال کرنا ۔

remand, v.t. واپس بلانا ؛ واپس بلا بھیجنا ، واپسی کا حُکم دینا ۔ (قانون) مقدمے کو نبٹانے کے لیے چھوٹی/ماتحت عدالت میں بھیجنا (ہدایت دے کر) ؛ جیل واپس بھیج دینا ، جیسے ابتدائی یا نیم/نامکمل سماعت کے بعد یا سماعت/مقدمے کے انتظار کے لیے یا سماعت کے پھر سے آغاز تک ؛ ریمانڈ دینا ؛ تفتیش کے لیے مجسٹریٹ کی جانب سے کسی مُلزم کو پولیس کے حوالے کرنے اور اس کے قبضے میں چند دن رہنے کا حکم دینا ۔ (اسم) حوالۂ زنداں ؛ جیل بھیجنے کا عمل ؛ حوالۂ پولیس کرنے یا پولیس کو زیرِ تفتیش مُلزم کو اپنے قبضے میں چند دن رکھنے کا عدالتی اجازت نامہ ؛ ریمانڈ ؛ زیرِ تفتیش/زیر حوالۂ پولیس مُلزم ۔

remanence, n. (برق) باقی مقناطیسی اِمالہ ؛ کسی مادّے یا سرکٹ کی موجود مقناطیسی حرکی قوّت صفر ہونے کے بعد اس میں بچا ہوا مقناطیسی اِمالہ ۔

remanent, a. بچا ہوا ؛ بچا کُھچا ؛ باقی ؛ بقیہ یا بچا کُھچا ۔

remark, n. رائے ؛ کسی چیز کے بارے میں ایک مختصر سا بیان ؛ مشاہدہ ؛ تبصرہ ؛ مشاہدہ کرنے یا دھیان دینے/توجّہ دینے کا عمل ۔ (فعل متعدّی) تبصرے یا مشاہدے کے طور پر کُچھ بیان کرنا یا کہنا ؛ مشاہدہ کرنا یا ذہن میں رکھنا ؛ رائے زنی کرنا ؛ نظر ڈالنا ؛ دھیان کرنا ۔ (فعل لازم) تبصرہ ، بیان یا مشاہدہ ہونا (on/upon کے ساتھ) ۔

remarkable, a. قابلِ توجُّہ ؛ غیر مُعمولی ؛ معمول کے خلاف ؛ اہم ؛ نمایاں ؛ حیرت انگیز ؛ نادر ۔

remarkableness, n. اہمیت ؛ نمایاں پن ؛ قابلِ توجُّہ ہونے کا عمل ۔

remarkably, adv. نمایاں طور پر ؛ خلافِ معمول انداز سے ؛ غیر معمولی طریقے سے ۔

remarque, n. (منبّت کاری) نقش ؛ ایک پلیٹ/چادر کے کسی خاص مرحلے کو ظاہر کرنے والا امتیازی نشان یا ایسی ہی کوئی خاصیّت ؛ کسی پلیٹ/چادر کے حاشیے پر کُھدا ہوا کوئی خاکہ جِسے ابتدائی مقررّہ نقش لینے کے بعد اُڑا/ہٹا دیا جاتا ہے ؛ کوئی نقش یا طباعت جس میں اس قسم کا امتیازی وصف ہو ۔

remarry, v.t., v.i. عقد ثانی کرنا ؛ دوبارہ یا پھر سے شادی کرنا/ہونا ۔

remarriage, n. عقدثانی ؛ دوسری شادی ؛ پھر سے کی گئی شادی ۔

rematch, n. سابقہ مقابلے/میچ کی مخالف ٹیموں کے درمیان میچ ۔

remediable, a. قابلِ علاج ۔

remediableness, n. قابلِ علاج ہونے کا عمل یا کیفیّت ۔

remediably, adv. قابلِ علاج طریقے پر ۔

remedial, a. دافع ؛ انسدادی ؛ علاج کر سکنے کے قابل ؛ معالجاتی ؛ متعلق بہ علاج ؛ علاج کے ارادے سے (جیسے : remedial measures) ؛ بعض علوم کے شعبوں میں کمزوریوں کو دُور کرنے والا یا مہارت کو بڑھانے والا (جیسے : a remedial reading class) ۔

remedially, adv. علاج کے طور پر ؛ علاجاً ؛ انسداد کے طور پر ۔

remediless, a. لادوا ؛ جس کا علاج نہ ہو سکتا ہو ؛ ناقابلِ علاج/لاعلاج ؛ ناقابلِ تلافی ۔

remedilessly, adv. لاعلاج انداز سے ؛ ناقابل علاج طور پر ۔

remedy, n. دوا ؛ علاج ؛ تدارک ؛ انسداد ؛ تدبیر ؛ چارۂ کار ؛ تریاق ؛ کوئی ایسی چیز جو کسی مرض/بیماری یا جسمانی خرابی کو دُور یا درست کر دے ؛ شفا بخش دوا ، مرہم یا علاج ؛ کوئی ایسی چیز جو کسی بھی قسم کی خرابی/بُرائی کو دُور یا درُست کر دے ؛ درُست کار ۔ (قانون) قانونی تدارک/مداوا ؛ کسی حق کو منوانے/حاصل کرنے یا کسی ناانصافی/نُقصان کی تلافی/تدارک کرنے کا قانونی ذریعہ ۔ (مسکوکات) برداشت ۔ (فعل متعدی) تدارک کرنا ؛ مداوا کرنا ؛ علاج کرنا ؛ تدبیر کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ شِفا دینا ، ٹھیک کرنا یا سکون پہنچانا ؛ درُست کرنا یا مناسب حالت/فطری حالت پر لے آنا (جیسے : to remedy a matter) ؛ رد عمل کرنا یا ہٹا دینا (جیسے : to remedy an evil) ۔

remember, v.t. یاد کرنا ؛ حفظ کرنا ؛ یاد آنا ؛ ذہن میں واپس لانا یا حافظے/یاد داشت (کی مدد) سے یاد کرنا ؛ دوبارہ تصوّر میں لانا ؛ بامقصد طور پر ذہن میں رکھنا ؛ علم و آگہی کا قائم رکھنا (جیسے : to remember to keep an important appointment) ؛ کسی شخص کو تحفہ ، بخشیش یا خیرات دینے کے لیے یاد رکھنا (جیسے : to remember the doorman or mailman at christmas) ؛ مبارکباد'سلام بھیجتے وقت ذکر کرنا (جیسے : remember me to your sister) ؛ آداب پہنچانا ؛ سلام کہنا ؛ خیال رکھنا ؛ دعا میں یاد رکھنا ۔ (فعل لازم) حافظے/یادداشت میں رکھنا یا حافظے/یادداشت کو استعمال میں لانا ؛ یاد رکھنا ؛ نہ بھولنا ؛ دھیان سے نہ اُترنے دینا ۔

rememberer, n. یاد رکھنے والا ؛ یاد کرنے والا ؛ دعا گو ۔

remembrance, n. یاد ؛ یاد آنے والی کوئی شے ؛ یاد آوری ؛ حافظہ ؛ ذہن میں رکھی ہوئی کوئی شے ؛ یاد رکھے/کیے جانے کی حالت (یا اس کا عمل) ؛ قوّتِ حافظہ ؛ وُسعتِ حافظہ ؛ یادگار ؛ تحفہ ؛ عزت افزائی کے لیے دیا جانے والا تحفہ ۔ (اکثر جمع) پُرجوش مبارکباد ؛ آداب ؛ تسلیمات ؛ خیر مقدم ۔

Remembrance Day, n. (برطانوی ، کینیڈی) یومِ جنگ آزمایاں ؛ یوم افواج؛جنگِ عظیم اوّل و دوم میں حصہ لینے والے فوجیوں کی یاد منانے کا دن ؛ امریکا میں اس دن کو Veteran's Day کہتے ہیں ۔

remembrancer, n. یاد دہ ؛ یاد دلانے والا ؛ یاد دہانی کرانے

والی کوئی شے ؛ یاد آور ـ

remembrancer, n. (عموماً بڑے R سے) انگلستان کی عدلیہ کا ایک افسر جو شاہی محاصل (قرضہ جات) وصول کرتا ہے ؛ پہلے زمانے میں انگلستان کے سرکاری خزانہ/محکمۂ مال کا افسرِ اندراج ـ

remex, n. (طیّوریات) پر پرواز ؛ شہپر ـ

remigial, a. متعلق بہ پر پرواز ؛ شہپری ـ

remilitarize, v.t. دوبارہ مسلّح افواج کا قیام عمل میں لانا ؛ باز عسکرانا ؛ دوبارہ فوجی روح پیدا کرنا / فوجی نظام کے تحت لانا ـ

remind, v.t. ذہن میں ڈالنا ؛ یاد دلانا ؛ یاد کرانا (جیسے : to remind a person of his promise) ـ

reminder, n. یاد دہانی ؛ تاکید ؛ تنبیہ ؛ یاد دہانی کرانے والا (شخص یا مکتوب یا دیگر کوئی بھی شے) ـ

remindful, a. یاد دہاں ؛ یاد انگیز ؛ یاد دہانی‌کرانے والا ؛ یاد آور ؛ یاد دلانے والا ؛ یاد کرتے ہوئے یا ذہن میں رکھے ہوئے ـ

reminisce, v.i. یاد آنا ؛ یاد آوری میں مشغول ہونا ؛ پُرانے تجربات/سابقہ زندگی یاد کر کے ماضی میں گُم ہونا ـ

reminiscence, n. تذکّر ، یاد ؛ وہ جسے ذہن میں پھر سے تازہ/شاداب کیا جائے ؛ ایسی چیز جسے دیکھ کر کوئی اور یا ویسی ہی کوئی یاد آئے ؛ یاد آور ؛ یادوں کو تازہ کرنے کا عمل ـ (عموماً جمع) انسان کے اپنے ماضی کے تجربات/تجرباتِ زندگی کو یاد کر کے بیان کرنے کا عمل ـ (افلاطونی فلسفہ) عقیدۂ تذکّر ؛ نظریۂ اَعیان ؛ اُن خیالات کی یاد آوری جن کا روح کو کسی پہلی زندگی میں علم تھا ؛ تحت الشعوری حافظہ ـ

reminiscent, a. یاد آور ؛ یاد انگیز ؛ یاد دلانے والا ؛ متعلق بہ یاد آوری ؛ یادوں کا رسیا یا عادی ، جسے دیکھ کر کوئی اور چیز یاد آ جائے (عموماً of کے ساتھ) ؛ مشابہ حافظہ دار ؛ باخبر ؛ آگاہ ـ

reminiscently, adv. یادآورانہ انداز سے ؛ یاد کرتے ہوئے ؛ یادوں میں کھوئے ہوئے ؛ یاد انگیزانہ ؛ یاد دلاتے ہوئے ـ

remise, v.t. (قانون) عطا کرنا ؛ حوالے کردینا ؛ دست بردار ہونا جیسے کسی مطالبے سے ؛ حق چھوڑ دینا ؛ ادا کر دینا دے دینا ـ

remiss, a. کاروباری فرائض کی انجام دہی میں سُست ؛ ڈھیلا یا غافل شخص ؛ کاہل ؛ لاپروا یا فرض ناشناس ؛ لاپروائی یا فرض ناشناسی ظاہر کرنے والا ـ

remissly, adv. لاپروائی سے ؛ نافرض شناسی سے ؛ لاابالی پن سے ؛ کاہلی سے ؛ غفلت و بے احتیاطی سے ؛ سستی سے ؛ بودے پن سے ـ

remissness, n. لاپروائی ؛ سُستی ؛ کاہلی ؛ فرض نا شناسی ؛ غفلت ؛ بودا پن ؛ بے احتیاطی ؛ بے خبری ـ

remissible, a. قابلِ عفو ؛ در گزر کیے جانے کے قابل ؛ معاف کیے جانے کے قابل ؛ واجب الادا رقم معاف کیے جانے کے لائق ـ

remissibly, adv. قابلِ معافی انداز سے ـ

remission, remittal, n. تخفیف ؛ چھوٹ ؛ معافی ؛ شِدّت کی کمی یا اس کا اختتام ؛ افاقہ ؛ عفو یا در گزر ؛ قوّت ، تشدّد یا کسی مرض کی علامات یا درد/تکلیف میں وقتی/عارضی افاقہ یا کمی ؛ رعایت ؛ ڈھیل ـ

remit, v.t. اِدائیگی کرنا ، جیسے کسی رقم کی ؛ کسی ادائیگی یا سزا کو معاف کر دینا ؛ معاف کرنا ؛ بخش دینا ، جیسے گناہوں کا ؛ آرام کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ سُست کر دینا (جیسے : to remit vigilance) ؛ بھیجنا یا واپس کرنا ؛ ملتوی کر دینا ؛ دوبارہ قائم کرنا (قانون) کسی مقدمے کو مزید نظرثانی کے لیے ایک عدالت سے دوسری عدالت میں واپس بھیجنا ـ (شاذ) دوبارہ قبضے/حوالگی میں دینا ـ (فعل لازم) کم ہونا ؛ دھیما پڑنا ؛ رقم کا بھیجنا ؛ سُست پڑ جانا ؛ وقتی طور پر بہت کم ہو جانا (جیسے : The fever remits at certain time every day) ـ (اسم) (قانون) کسی مقدمے کی مزید نظرثانی کے لیے ایک عدالت سے دوسری عدالت میں ترسیل ـ

remitment, n. تخفیف ؛ سُستی ؛ کاہلی ؛ وقتی طور پر زور کم پڑ جانے کا عمل ـ

remittable, a. قابلِ مغفرت ؛ قابلِ معافی ؛ قابلِ نرمی/رعایت ؛ بھیجنے یا بھجوانے کے قابل رقم ـ

remitter, n. ارسال کُنندہ ؛ مُرسِل ؛ بھیجنے والا رقم کا ؛ دست بردار ؛ معاف کر دینے والا ؛ اپنا مطالبہ/زرِ مطالبہ چھوڑ دینے والا ـ

remittance, n. مرسلہ رقم ؛ ترسیلِ زر ؛ ادائیگی ، خاص طور پر کسی خرید کردہ شے یا مستعار لی ہوئی خدمات کے بدلے میں رقم یا چیک وغیرہ کی ؛ زرِ مُرسلہ ـ

remittance man, n. وہ شخص جو گھر سے آئی ہوئی رقوم پر بیرونِ مُلک گزارا کرے ـ

remittent, a. گھٹتا بڑھتا ؛ عارضی طور پر ختم یا سُست پڑ جانے والا/گاہے گاہے تخفیف یا افاقہ ہو جانے والا ؛ وقتاً فوقتاً کم ہو جانے والا ـ (اسم) باری کا بخار ؛ ایسا بخار جو ایک خاص وقت پر ہر روز کم ہو جاتا ہو ـ

remittently, adv. کم ہوتے ہوئے ؛ افاقہ کے انداز سے ـ

remnant, n. یادگار ؛ باقی ماندہ ؛ مابَقی ؛ بقیّہ ؛ ایسا حصہ جو کسی چیز کے ہٹائے جانے کے بعد بچ جائے ؛ تھان بِک جانے کے بعد کپڑے کا بچا کُھچا حصّہ/''ٹوٹا''؛ پُرانے وقتوں یا حالات کی نشانی یا بقیّہ آثار ؛ ٹکڑا یا بچا کُھچا حصّہ ـ

remodel, v.t. نئے سرے سے بنانا یا گھڑنا ؛ تعمیرِ نَو کرنا ، جیسے کسی گھر یا عمارت کی ؛ پھر بنانا ؛ ڈھالنا ؛ نو وضع کرنا ـ

remonetize, v.t. پھر سے سِکّہ رائج الوقت/زرِ قانونی کی حیثیت دینا (جیسے : to remonetize silver) ـ

remonetization, n. کسی سِکّے کو مکرّر رائج الوقتی یا زر قانونی بنانے کا عمل ـ

remonstrance, n. ردّ وقدح ، کٹ حُجتّی ؛ کسی چیز کی مخالفت میں مضبوط دلائل کا بیان ـ

remonstrant, a. ردّ وقدح کرنے والا ؛ حُجّت باز ؛ معترض ـ (اسم)حجت بازشخص ؛ معترض شخص ؛ ردّ وقدح کرنے والا شخص ـ

remonstrantly, adv. معترضانہ انداز سے ؛ حُجّت بازی سے ؛ ردّ وقدح سے ؛ سمجھانے کے انداز سے ـ

سواری کے لیے تازہ دم گھوڑا یا گھوڑے ۔

removable, a. عارضی ؛ جو ہٹایا جا سکتا ہو یا مٹایا جا سکتا ہو ؛ قابل برطرفی ؛ عزل پذیر ۔

removability, removableness, n. علیٰحدگی/ہٹائے جانے کی اہلیّت/قابلیّت/صلاحیّت ۔

removably, adv. علیٰحدگی کے انداز سے ؛ ہٹائے جانے کے طریقے سے ۔

removal, n. معزولی ؛ علیحدگی ؛ برطرفی ؛ موقوفی ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ؛ نقل مکانی ؛ جگہ یا مقام کی تبدیلی ؛ دفتر/عہدے سے تبدیلی ۔

remove, v.t. مقبوضہ جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛ کسی بھی انداز سے کسی اور جگہ رکھ دینا ؛ اُتار دینا ، جیسے لباس کا ؛کسی دفتر ، عہدے یا جگہ سے تبدیل کر دینا ؛ ہٹانے کا باعث ہونا ، جیسے کسی شخص یا چیز کو ؛ ختم کر دینا ؛ جلا وطن کر دینا ؛ مار دینا یا قتل کر دینا ؛ لے کر فرار ہو جانا ؛ منقطع کر دینا (جیسے تعلّق کو) ۔ (فعل لازم) کسی بھی انداز میں جگہ کا تبدیل ہونا ؛ ایک جگہ سے دُوسری جگہ رواں ہونا ؛ کسی دوسری جگہ منتقل ہونا ۔ (اسم) ہٹا دینے/تبدیل کر دینے کا عمل ؛ تبدیلی/ہٹاؤ ؛ جگہ کی تبدیلی ؛ جگہ یا فاصلہ جہاں سے کوئی شے ہٹائی جائے ؛ وقفہ ؛ مرحلہ ؛ کسی پیمایش (معیار) کی درجہ بندی میں کوئی بھی درجہ ؛ مُنتقلی ۔

remover, n. ہٹا دینے والا ؛ مِٹا دینے والا ؛ جگہ تبدیل کرنے والا ۔

removed, a. تبدیل شُدہ ؛ جس کی جگہ یا منصب میں تبدیلی واقع ہوئی ہو ؛ معزول شُدہ ؛ بعید ؛ مکان ، زمان یا رشتے میں دوسروں سے علیحدہ/دُور (جیسے : a cousin twice removed) ۔

remuda, n. مویشیوں کے باڑے میں وہ گھوڑے جن میں سے وہاں کے کارکُن سواری یا باربرداری کے لیے روزانہ گھوڑے چنتے/منتخب کرتے ہیں ؛ تبدیل شُدہ گھوڑے ۔

remunerate, v.t. صِلہ دینا ؛ معاوضہ دینا ؛ کسی خدمت ، نقصان یا قُربانی کے بدلے میں برابر کا عوضانہ دینا ؛ اُجرت دینا ۔

remunerability, n. کسی خدمت ، نقصان یا قربانی کے قابلِ معاوضہ/قابلِ صِلہ ہونے کا عمل یا خاصیّت ۔

remunerable, a. قابلِ معاوضہ ؛ قابلِ صلہ ؛ قابلِ عوضانہ ؛ قابلِ اُجرت ؛ قابلِ تلافی ۔

remunerator, n. معاوضہ/عوضانہ/صلہ ادا کرنے والا ۔

remuneration, n. معاوضہ ؛ عملِ معاوضہ ؛ اُجرت ؛ صِلہ ؛ تلافی ؛ بدل ؛ عوضانہ ؛ محنتانہ ؛ مزدُوری ؛ اجر ؛ بدلہ ؛ عوض ؛ تنخواہ ؛ حق الخدمت ۔

remunerative, a. قابلِ معاوضہ ؛ صلہ بخش ؛ منفعت/نفع بخش ۔

remuneratively, adv. معاوضے کے طور پر ؛ پُر منفعت طور پر ؛ عِوضانے میں ؛ بدلے میں ؛ نفع بخش انداز میں ۔

remunerativeness, n. قابلِ منفعت ہونے کا عمل ؛ نفع بخشی ؛ معاوضے کے قابل ہونے کی صفت ۔

renaissance, n. نشاۃِ ثانیہ ؛ احیائے ثانیہ ؛ حیاتِ نو ؛ کسی پُرانی/قدیم خراب یا ختم شُدہ شے کا ازسرنو احیا ؛ تجدُّد ۔ (بڑے R سے) یورپ میں قُرونِ وُسطیٰ سے دورِ جدید تک کی عبوری تحریکِ

remonstrate, v.i., v.t. کسی عمل ، اقدام یا طریق کار پر سخت اعتراض یا اس کے خلاف دلائل پیش کرنا ؛ ردّ وقدح کرنا ؛ جرح کرنا؛ مخالفت میں یا احتجاجاً کچھ کہنا یا دلائل سے کہنا یا احتجاج کرنا ۔

remonstration, n. ردّ وقدح ؛ مخالفت ؛ احتجاج ؛ اعتراض ۔

remonstrative, a. اعتراضی ؛ احتجاجی ؛ معترضانہ ؛ بحث و مباحثہ سے ۔

remonstratively, adv. اعتراض کرتے ہوئے ؛ احتجاج کرنے کے انداز سے ؛ مخالفانہ انداز سے ۔

remonstrator, n. معترض ؛ احتجاج کرنے والا ؛ جھگڑالو ؛ بات بے بات بحث کرنے والا شخص ۔

remora, n. مصّاص ماہی ؛ ایسی مچھلی جو ''ایکنے ڈی '' (Echeneididae) نسل سے تعلّق رکھتی ہے اور جس کے سر پر چپکنے والی چپٹی تھالی سی ہوتی ہے جس کے ذریعے یہ اپنے آپ کو دوسری مچھلیوں کے ساتھ یا جہاز کے نیچے چپکا لیتی ہے ؛ رکاوٹ یا دیر ؛ سدّراہ ۔

remorid, a. رکاوٹ ڈالنے والا ؛ دیر کر دینے والا ؛ چپکنے والا ۔

remorse, n. ندامت نفس ؛ ضمیر کی ملامت ؛ پشیمانی ؛ پچھتاوا ؛ندامت ؛ احساسِ جُرم کے باعث تکلیف یا رنج ؛ غلط کاری کی تکلیف دہ یاد ؛ خجالتِ گُناہ ۔

remorseful, a. خجل ؛ پشیمان ؛ مُنفعل ؛ متاسف ؛ شرمندہ : نادم ؛ احساسِ جُرم/گناہ کے باعث غمگین یا رنجیدہ ۔

remorsefully, adv. شرمندگی سے ؛ ندامت سے ؛ احساسِ جُرم/گناہ سے ۔

remorsefulness, n. شرمندگی ؛ احساسِ جُرم/گناہ ؛ ندامت ۔

remorseless, a. بے شرم ؛ ڈھیٹ ؛ ظالم ؛ بے رحم ؛ بے ضمیر ؛ بیدرد ؛ سنگدل ؛ سخت ۔

remorselessly, adv. بے شرمی سے ؛ ڈھیٹ پن سے ؛ ظُلم اور بے رحمی سے ۔

remorselessness, n. بے شرمی ؛ ڈھیٹ پن/ڈھٹائی ؛ ظُلم ؛ بے رحمی ؛ بے دردی ۔

remote, a. جُدا ؛ الگ ؛ بعید ؛ دُور ؛ وقت (ماضی یا مُستقبل میں) کے لحاظ سے دُور ؛ بلا واسطہ طور پر اثر انداز نہ ہونے والا ؛ جو نزدیک/آس پاس نہ ہو ؛ معمولی ، قدرے (جیسے : a remote re- semblance) ؛ دُور اُفتادہ ؛ بے تعلق ؛ بے واسطہ ؛ الگ تھلگ یا اکیلا (کسی آدمی کے بارے میں) ۔

remotely, adv. دُور سے ؛ الگ تھلگ طور پر ؛ غیر مؤثر طور پر ۔

remoteness, n. دُوری ؛ بُعد ؛ تنہائی ؛ تفاوت ؛ فاصلہ ؛ دور افتادگی ۔

remote control, n. ریموٹ کنٹرول ؛ ضبطِ بعید ؛ کسی میکانی/مشینی شے کو دُور سے چالو، بند یا کام پر مجبور کرنے ، خصوصاً برقیاتی طور پر ، جیسے میزائلوں کو دُور سے نشانے پر بھیجنے، کا عمل ۔

remotion, n. ہٹا دینے کا عمل ؛ علیحدگی ۔

remount, v.t., v.i. دوبارہ چڑھنا/سوار ہونا یا چڑھانا/سوار کرانا ؛ پہنچنا ؛ سِلسِلہ پہنچنا ؛ پھر سوار ہونا ۔ (اسم)

احیائے عُلوم ؛ چودھویں سے سترھویں صدی عیسوی تک یورپ کی تحریکِ احیائے ادب و فُنون ؛ تحریکِ احیائے عُلوم و فنون کا دورانیہ ۔ (صفت) (بڑے R سے) نشاۃ ثانیہ کا ؛ یورپی تحریکِ احیائے علوم و فنون سے متعلّق ؛ اُس عہد کے دوران مرّوج ادب و فن کے اُسلُوب/اسالیب سے متعلّق یا اُن کے بارے میں ۔

renal, a. گردوں کا یا ان سے متعلق ؛ گردوں یا رگوں کے نزدیک واقع ۔

Renard, n. دیکھیے : Reynard ۔

renascence, n. حیاتِ نو ؛ نموئے ثانی ؛ پھر زندہ ہونے کی کیفیت ؛ بعثتِ نو ؛ نیا جنم ، ولادتِ ثانیہ ۔ (بڑے R سے) دیکھیے : Renaissance ۔

renascent, a. باز نمُو ؛ نمُود نو ؛ حیات نو یافتہ ؛ مکرّر زائیدہ ؛ جو نیا جنم لے رہا ہو ۔

rencontre, n. اتفاقیہ ملاقات ؛ مخالفانہ جلسہ ؛ مٹھ بھیڑ ؛ مقابلہ ؛ ٹکر ؛ تصادم ؛ جھڑپ ۔

rencounter, n. آویزش ؛ مناقشت ؛ تصادم ؛ افراد/اشخاص کی اتفاقیہ یا سرسری ملاقات ؛ مخالفانہ جلسہ ؛ مناظرہ؛مباحثہ ؛ دو اشخاص کی آپس میں لڑائی ؛ جھڑپ/ہلکی پُھلکی لڑائی ۔ (فعل متعدی) اتفاقیہ/سرسری ملاقات کرنا ۔ (فعل لازم) اتفاقیہ/سرسری ملاقات ہونا ؛ متصادم ہونا ۔

rend, v.t. توڑنا ؛ قُوّت یا اچانک ضرب سے (کسی شے کو) حصّوں میں الگ الگ کر دینا ؛ پھاڑ ڈالنا ؛ جُدا کر دینا ؛ تشدّد سے ہتھیا لینا (off, away, from کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ متأثّرکرنا ، گہرے غم یا رنج سے دل کو ؛ شوروغل سے پھاڑ دینا ، جیسے فضا کو ؛ پارہ پارہ کرنا ؛ چُور چُور کرنا ۔ (فعل لازم) پَھٹ جانا یا پَھٹا ہوا ہونا ؛ چِرنا ؛ ٹوٹنا یا ٹُوٹا ہوا ہونا ۔

render, v.t. بدلے میں دینا ؛ دینا یا واپس ادا کرنا ؛ درخواست کے جواب میں یا فرض کی تعمیل میں دینا یا ادا کرنا ؛ کسی عمل یا زیر غور آنے کے لیے پیش کرنا؛ مہیّا کرنا؛ پیش کرنا (جیسے : to render an account) ؛ مقدور رکھنا ؛ عمل کرنا ؛ استعمال یا فائدے کے لیے انجام دینا (جیسے : to render services) ؛ بنانا یا بننے میں مدد کرنا ؛ تبدیل کرنا ؛ صفات عطا کرنا (جیسے : to render a fortress more secure.) ؛ ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا ؛ ترجمانی کرنا یا دوسروں تک مکمل مفہوم پہنچانا ؛ ریکارڈ بجانا (جیسے : to render a piece of music) ؛ بیان کرنا/لفظوں میں تصویر کشی کرنا ؛ حوالے کرنا یا ہار مان لینا ؛ اُبال کر صاف کرنا (جیسے : to render tallow) ؛ لیپنا/تہ چڑھانا ، جیسے پلستر وغیرہ کی تہ چڑھانا ۔ (فعل لازم) ہار مان لینا یا مستعملہ قُوّت کے آگے بے بس ہونا ؛ کسی کو اس کا حق دے دینا ۔ (جہاز رانی) کِسی بلاک میں سے بہ آسانی گُزر جانا ، جیسے رسّے کا ۔ (اسم) واپسی ؛ ادائیگی ؛ خاص طور پر کسی جاگیر دار کو ؛ لیپ/تہ جیسے کسی سطح پر پلستر کی ۔

renderable, a. قابلِ ادائیگی ؛ قابلِ صفائی ؛ قابلِ ترجمہ ترجمانی ؛ قابلِ کارکردگی ۔

renderer, n. ادا کُنندہ/انجام دہندہ ؛ ادا کرنے والا شخص ؛ خدمات انجام دینے والا شخص ؛ استطاعت رکھنے والا شخص ؛ صفائی کُنندہ ؛ مترجم ؛ ترجمان ۔

rendezvous, n. جائے ملاقات ؛ مِلنے کی جگہ ؛ جائے مقرّرہ ؛ مقامِ اجتماع ؛ طے شُدہ ملاقات ؛ دو یا زیادہ افراد/اشخاص کے مابین طے شدہ وقت یا جگہ پر ملاقات ؛ خصوصی طور پر طے کی گئی ملاقات ؛ مقامِ ملاقات یا مقامِ اجتماع ، خاص طور پر فوجی دستوں یا جہازوں کا ؛ ملنے ، جمع ہونے یا تفریح کرنے کی جگہ ۔ (فعل متعدی و لازم) پہلے سے طے شُدہ وقت اور مقام پر مِلنا ؛ طے شدہ جگہ پر اکٹھے ہونا ، جائے مقررہ پر ملاقات کرنا ۔

rendition, n. ترجمانی ؛ ترجمہ : لفظ یا عبارت کا ترجمہ یا ترجمانی یا اظہارِ معنی ؛ فنکارانہ طور پر پیشکش یا نمایش ۔ (قدیم) دست برداری ؛ سپردگی ۔

rendzina, n. مرطوب گیاہی علاقوں میں کھریا مٹّی یا کِلسی مٹّی سے بنی ہوئی بین الاطبقاتی زمینی سطح ۔

renegade, renegado, n. مُرتَد ؛ کسی مذہب سے خارج ہو جانے والا شخص ؛ غدّار ؛ ایسا شخص جو فریقِ مخالف یا دُشمن سے جا ملے ؛ بے وفائی کا مرتکب شخص ؛ بھگوڑا (فوج سے) ۔ (صفت) غدّار، بے وفا ؛ غداری یا بے وفائی سے متعلّقہ ؛ نمک حرام ؛ بھگوڑا ۔

renege, v.i. مُرتَد ہو جانا ؛ بَرگَشتہ ہو جانا ؛ اپنے اُصُول یا گروہ سے منحرف ہونا ؛ اسی رنگ کا پتا پھینکنے کی بجائے (ہاتھ میں موجود ہونے اور کھیل کے اصولوں کے باوجود) دوسرے رنگ کا پتّا پھینک دینا ۔ (بول چال) اپنی بات یا وعدے پر قائم نہ ہونا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) انکار کرنا ؛ دستبردار ہو جانا ؛ قطع تعلّق کر لینا ۔

reneger, n. منکِر : غلط رنگ کا پتا پھینکنے والا شخص ؛ قطع تعلق کرنے والا ۔

renegotiate, v.t., v.i. مکرّر گفتگو کرنا ؛ نئے سرے سے بات چیت کا آغاز کرنا ، خاص طور پر کسی معاہدے کے تحت منافع میں کمی کو روکنے کی غرض سے ؛ کاروباری یا مصالحانہ گفت و شنید کا مکرر آغاز کرنا ۔

renegotiable, a. دوبارہ قابلِ گفت و شنید ؛ دوبارہ قابلِ گفتگو برائے مصالحت ۔

renegotiation, n. مکرر گُفت و شنید ؛ کاروباری یا مصالحانہ گُفت و شنید کا مکرّر آغاز ؛ 'نقصان' یا 'نفع میں کمی' کے بارے میں مکرر کاروباری/مصالحانہ گُفت و شنید ۔

renew, v.t. تجدید کرنا ؛ احیا کرنا ؛ تازہ کرنا ؛ دوبارہ/پھر سے نیا کرنا ؛ پہلے جیسی درُست ، پوری یا مکمل صورت/حالت پر بحال کرنا ؛ جان ڈالنا/تقویّت دینا ؛ پہلے جیسی حالت یا بہتر حالت میں بحال کر دینا ، خرابی یا خستگی کے بعد ؛ دوبارہ قائم کرنا یا تجدید کرنا (جیسے : to renew a treaty) ؛ پھر سے چھوڑے ہوئے کام میں مشغول ہونا ؛ پھر سے شروع کرنا؛ دہراتے ہوئے جاری رکھنا (جیسے : to renew a subscription) ؛ دوبارہ آغاز کرنا ؛ دوبارہ منظور یا مہیّا کرنا جیسے کوئی نیا قرض ؛ پھر سے بھر دینا ، جیسے سامان خورد و نوش ۔ (فعل لازم) تجدید ہونا ؛ دوبارہ نیا بن جانا ؛ تازہ ہونا ؛ احیا ہونا ؛ تازہ دم ہو جانا ؛ پھر سے شروع ہونا ۔

renewability, n. احیا ؛ تجدید ؛ نئے سرے سے آغاز ؛ بحالی ؛ پھر سے اجرا ۔

renewable, a. تجدید ہو سکنے والا ، قابلِ تجدید/بحالی/اجرائے مکرر ؛ قابل احیا ؛ تجدید طلب ۔

renewably, adv قابل تجدید انداز سے ؛ قابلِ اجرا طور پر ۔

renewer, n. تجدید کُنندہ ؛ جدّت کار ؛ اجرا کُنندہ ؛ بحال کُنندہ ۔

renewal, n. تجدید ؛ پھر سے نیا بنانے کا عمل یا بننے کی کیفیت/حالت ؛ پھر سے اجرا ؛ احیا ۔

reniform, a. گُردہ نما ؛ گُردوں جیسی شکل والا ؛ لگ بھگ بیضوی ۔

renig, v.i. دیکھیے : Renege ۔

renin, n. (حیاتی کیمیا) لحمیاتی گُردہ ؛ وقف الدّمی گُردوں کا ایک کثیر الاشکال خامرہ ؛ کلوین ؛ رینین ۔

renitent, a. دباؤ کا مزاحم ؛ مُسلسل مخالفت شُدہ ۔

renitency, renitence, n. دباؤ کے باوجود مزاحمت ؛ مُسلسل مخالفت ۔

rennet, n. رینیَٹ ؛ پنیر مایہ ؛ شکمہ ؛ بچھڑے کے چوتھے معدے کی اندرونی جِھلّی ؛ معدے کا خامرہ پیدا کرنے والا مادّہ ؛ اِس جھلّی/مادّے سے نکلنے والا ایک مادّہ جو دودھ کو جماتا ہے ۔

rennin, n. رینین ؛ بچھڑے کے معدی رس میں دودھ کو جمادینے والا خمیر ؛ اس قسم کے خمیر کا سب سے اہم جُز ؛ دودھ کو دہی بنانے والا خمیر ۔

renominate, v.t. نئے سرے سے /دوبارہ نامزد کرنا ؛ عہدے کی دوسری میعاد کے لیے نامزد کرنا ۔

renomination, n. مکرّر نامزدگی ؛ پھر سے/دوبارہ نامزدگی ؛ عہدے کی دُوسری میعاد کے لیے نامزدگی ۔

renounce, v.t. لاتعلُق ہونا ، دست بردار ہونا ؛ چھوڑ دینا یا ترک کر دینا ؛ رد کر دینا ؛ پھینک دینا یا نامنظور/مسترد کر دینا ؛ طلاق دے دینا ؛ انکار کرنا ۔ (فعل لازم) (تاش) بے رنگ پتّا پھینکنا (تاش کے کھیل میں) ۔ (اسم) (تاش) بے رنگی ؛ رنگ کے پتّے ختم ہو جانے کی صورت (تاش کے کھیل میں) ۔

renounceable, a. قابلِ استرداد ؛ لاتعلّقی کے قابل ؛ قابلِ دست برداری ؛ قابلِ ترک ۔

renouncement, n. ترکِ تعلُق ؛ استرداد ؛ دست برداری ؛ طلاق ۔

renouncer, n. تارک ؛ چھوڑنے والا یا دستبردار ہو جانے والا شخص ؛ مُستَرد کُنندہ ۔

renovate, v.t. تجدید کرنا ؛ مرمت کرنا اور (پھر سے) نیا جیسا بنا دینا ؛ تروتازہ یا عمدہ حالت/کیفیت کو بحال کر دینا ؛ تازگی بخشنا ۔

renovation, n. تجدّد ؛ تجدید ؛ احیا ؛ پھر سے نئی حالت کر دینے/نیا کر دینے کا عمل ؛ نیا پن ۔

renovator, n. تجدید کُنندہ ؛ احیا کُنندہ ؛ پھر سے نئے جیسا بنا دینے والا ۔

renown, n. شُہرہ ؛ عزّت و وقار ؛ شُہرت ؛ کسی شخص کے عظیم کارناموں کے وسیع پیمانے پر شہرت کے باعث اس کا بلند و بالا مقام ؛ نیک نامی ؛ نمُود ۔ (فعل متعدی) (متروک) مشہور کرنا ؛ نام کرنا ۔

renowned, a. مشہور ؛ نامور ؛ ہر دلعزیز ؛ نمایاں ؛ مُمتاز ؛ نامی ؛ شہرۂ آفاق ۔

rensselaerite, n. ایک ابرق کی قسم کا مضبوط چمکدار سطح والا پتھر جس سے قلمدان اور دیگر اشیا بنائی جاتی ہیں ۔

rent, n. کرایہ ؛ کرائے کی رقم ؛ کرائے دار کی جانب سے جائیداد کے مالک کو کسی جائیداد کا وقفہ دار کرایہ ؛ اس طرح کا ادا شدہ کرایہ ۔ (معاشیات) کسی زیر کاشت زمین سے پیداواری لاگت سے زائد پیداوار ؛ زمین کی پیداوار بطور پیداواری عُنصر ؛ لگان ۔ (فعل متعدی) فائدے کے لیے کرایے پر دینا/چڑھانا ؛ پٹّے پر دینا ؛ کرائے پر لے کر قابض ہونا ؛ کرایے پر لینا ۔ (فعل لازم) کرائے پر دیا جانا یا پٹّے پر دیا جانا ۔

rentable, a. کرائے پر چڑھائے جانے /پٹّے پر دیے جانے کے قابل ۔

rent, n. چیرا ؛ شقاق ؛ دراڑ ؛ روزن ؛ سُوراخ ؛ پھاڑ کر بنائی گئی کھونچ ؛ قطعِ تعلُق/ترکِ تعلُق جیسے افراد کے مابین ؛ ناچاقی ؛ پھوٹ ۔

rental, n. کرایوں کی جدول یا ان کا بہی کھاتہ ؛ کرایہ یا کرائے کی لی/دی گئی رقم ؛ کرائے پر (کسی عمارت وغیرہ کے لینے/دینے کا عمل ؛ کرائے پر لی/دی گئی چیز ۔ (صفت) کرائے سے متعلق ؛ کرایہ داری سے متعلق ۔

rental library, lending library, n. کرایہ کی لائبریری ؛ معمولی رقم پر کتابیں مستعار دینے والی لائبریری یا کُتب خانہ ۔

renter, n کرایہ دار ، جو کرایہ دیتا ہے ؛ مالک ، جو اپنی جائیداد کرائے پر دے ۔

rentier, n. [فرانسیسی] ایسا شخص جو مقرّرہ آمدنی رکھتا ہو ، جیسے زمینوں یا حصص سے ۔

renumber, v.t. دوبارہ نمبر لگانا ؛ نئے نمبر ڈالنا ؛ پھر سے اعداد و شمار بدلنا ؛ پھر سے گنتی لکھنا ؛ پھر سے/نئے سرے سے صفحوں کے نمبر لگانا ۔

renunciation, n. ترک ؛ دست برداری یا تردید کا عمل ؛ تیاگ ؛ لاتعلّقی ؛ طلاق ؛ فارغ خطی ۔

renunciative, renunciatory, a. متعلّق بہ دست برداری ؛ متعلّق بہ لاتعلّقی ؛ لاتعلقی سے ۔

reoccupy, v.t. پھر سے قابض ہو جانا ، دوبارہ مقیم ہو جانا ۔

reoccupation, n. مکرّر قبضہ ؛ مکرّر قیام ۔

reopen, v.t., v.i. پھر سے وا کرنا/کھولنا یا وا ہونا ؛ جاری کرنا یا جاری ہونا ، جیسے کوئی بحث/گفتگو ؛ پھر سے شروع کرنا یا ہونا ، جیسے کسی اجلاس یا مقدمے کا ؛ پھر سے چھیڑنا ۔

reorder, v.t. حُکم مکرّر دینا ؛ پھر سے یا نئے سرے سے حُکم دینا ۔ (تجارت) پھر سے مال منگانے کے لیے لِکھنا ۔ (اسم) (تجارت) اُسی آدمی یا تقسیم کار/تاجر سے سابقاً منگوائے گئے سامان کے مطابق اضافی سامان بھجوانے کی فرمایش ۔

reorganization, n. تنظیمِ نَو ؛ تنظیمِ نَو کا عمل یا اس کی حالت / کیفیت ؛ دیوالیہ ہو جانے یا عنقریب دیوالیہ ہو جانے والے کسی ادارے کی مکمل بحالی یا تنظیمِ نَو ۔

reorganize, v.t., v.i. تنظیمِ نو کرنا یا ہونا ؛ نئے سرے سے منظّم کرنا یا ہونا ؛ دوبارہ مُرتّب کرنا/ ہونا ۔

reorient, v.i., v.t. تشریقِ نَو کرنا ؛ دوبارہ سمت بندی کرنا ؛

سمت کا نئے سرے سے تعیّن کرنا یا ہونا ؛ مقاصد کا از سرِ نو جائزہ لینا ۔

rep, repp, n.
اُریب کا کپڑا ؛ لائن والا کپڑا ؛
اُبھری ہوئی ٹیڑھی میڑھی لکیروں والا یا دھاری دار کپڑا ۔

repair, v.t.
مرمت کرنا ؛ دُرستی کرنا ؛ رفُو کرنا ؛
خرابی ، خستہ حالی ، نُقصان یا جزوی تباہی/بربادی کے بعد موزوں یا اچھی حالت میں بحال کر دینا ؛ تلافی کرنا ، جیسے کسی زخم وغیرہ کی ؛ برابر کے بدلے سے ؛ ہرجانہ ادا کرنا ؛ تاوان دینا ؛ بدلہ دینا ؛ ڈنڈ بھرنا (اسم) (اکثر جمع) مرمّت ؛درستی ؛ ترمیم ؛ اصلاح ؛ رفُو ؛ موزوں یا مناسب حالت میں بحالی ؛ مرمت شدہ حصہ یا دوران مرمّت نیا بنایا گیا حصّہ ؛ حالتِ مرمّت ؛ قابلِ مرمّت حالت میں ہونے کی کیفیّت (جیسے : a building in good or bad repair) ۔

repairable, a.
قابلِ مرمّت ؛ مرمّت طلب ؛ رفُو طلب ۔

repairer, n.
مرمّت کُنندہ ؛ رفو کنندہ ۔

repair, v.i.
جانا ؛ اپنے آپ جانا ؛ خود کو مصروف کر لینا ؛
آمدورفت ہونا ۔ (اسم) کسی جگہ پر خود کو لے جانے کا عمل/اپنے آپ جانے کا عمل ؛ جگہ ؛ جائے قرار ؛ کوئی بھی جگہ/مقام ۔

repairman, n.
مرمّت کنندہ ؛ ایسا شخص جس کا پیشہ ہی مرمّت کرنا ہو۔

repand, a.
(نباتیات) لہریا ؛ لہری حاشیہ دار ؛
ناہموار ، ہلکا سا لہر دار/لہر یا حاشیہ یا کنارہ رکھنے والا ، جیسے کوئی پتّا ؛ کٹاؤ کے کنارے کا ۔

reparable, a.
قابلِ مرمّت یا قابل دُرستی ؛
اصلاح کے قابل ۔

reparation, n.
مرمّت یا عملِ مرمّت ؛ دُرستی ؛ تلافی ؛
کسی غلطی کی درستی کے لیے اُٹھایا گیا قدم ۔ (جمع) تاوان یا ہرجانہ خصوصاً تاوانِ جنگ ، جو جنگ جیتنے والا مُلک ہارنے والے مُلک سے طلب کرتا ہے ۔

reparative, a.
مرمّت کیے جانے کے قابل ؛
مرمّت کے لائق ؛ متعلق بہ تاوانِ جنگ ۔

repartee, n.
ترکی بہ ترکی جواب ؛ حاضر جوابی ؛
برَجستہ ، چست ، فی البدیہہ جواب ؛ برجستگی/بدیہہ گوئی سے بھرپُور گفتگو یا ایسی پُرمزاح بات چیت ؛ بذلہ سنجی ۔

repartition, n.
تقسیمِ نَو ؛ نیا بٹوارا ؛ تعیُّنِ مکرّر ؛
تازہ تقسیم ؛ نیا/پھر سے کیا گیا بٹوارا یا تعیُّن ۔

repas, n.
کھانا ؛ طعام ؛ غذا ۔

repass, v.t., v.i.
پھر سے گُزرنا یا گُزارنا ؛ واپس ہونا یا بھیجنا ۔

repassage, n.
پھر سے وہیں/واپس جانے والا راستہ ؛
وہیں جا نکلنے والا راستہ (جہاں سے آغاز ہوا تھا) ؛ باز گرداں گُزرگاہ ۔

repast, n.
غذا ؛ کھانا ؛ خوراک ؛ طعام ؛
کھانے کی چیز۔

repatriate, v.t.
لوٹا دینا/واپس کر دینا ، وطن میں واپس لانا یا آنا ؛ جنگی قیدی بن کر یا پناہ گزین/مہاجر بن کر اپنے ہی مُلک میں واپس آنا ۔ (اسم) وطن واپس آنے والا ؛ جنگی قیدی یا پناہ گزین/مہاجر بن کر اپنے ہی مُلک میں واپس آنے والا شخص ؛ راجع وطن ۔

repatriation, n.
وطن واپسی ؛ جنگی قیدی یا پناہ گزین/ مہاجر بن کر اپنے ہی ملک میں واپس آنے کا عمل ۔

repay, v.t.
واپس ادا کرنا ،
جیسے رقم ؛ کچھ بدلے میں دینا ؛ جواب میں دینا یا صلے میں دینا (جیسے : to repay kindness with surliness)؛ جوابی ملاقات کرنا ؛ ادا کرنا ؛ چُکا دینا ؛ بھر دینا ، جیسے کسی کا کوئی نقصان وغیرہ ؛ جزا دینا ؛ صلہ دینا ؛ معاوضہ دینا ؛ اُتار دینا ۔ (فعل لازم)واپس ہونا یا رقم کا واپس ہونا ؛ ادا ہونا ۔

repayable, a.
قابلِ ادائی ؛ قابلِ واپسی ، جیسے رقم ؛
قابلِ جزا/صِلہ ؛ بدل کے قابل ۔

repayment, n.
باز ادائی ؛ واپس ادائی (رقم کی) ؛
ایسی رقم جو کسی نقصان کے لیے ادا کی جائے ؛ عوضی رقم ۔

repeal, v.t.
منسوخ کرنا/فسخ کرنا ، جیسے کوئی قانون یا ضابطہ ؛ کالعدم کرنا ؛ قانونی حکم سے تنسیخ کرنا ۔ (اسم) منسُوخی ؛ انفساخ ؛ تنسیخ ؛ کسی قانون/ضابطے کے کالعدم کیے جانے کا عمل ؛ موقوفی ۔

repealable, a.
قابلِ منسوخی ؛ قابلِ تنسیخ ؛ فسخ پذیر ۔

repealer, n.
ناسخ ؛ منسوخ/تنسیخ کُنِندہ ؛
کالعدم کرنے والا ۔

repeat, v.t.
دہرانا ؛
دوبارہ کہنا (جیسے : to repeat a word for emphasis) ؛ کسی اور کے الفاظ دہرانا (جیسے : to repeat a sentence after the teacher) ؛ دوبارہ ہو بہو پیش کر دینا ، جیسے آوازیں یا گفتگو ؛ کسی کام وغیرہ کو دوبارہ کرنا ، عمل میں لانا یا انجام دینا (جیسے : to repeat an action) ؛ کوئی راز دُوسرے سے یا دوسروں سے کہنا ؛ کسی حالات سے دوچار ہونا یا ان میں سے دوبارہ گُزرنا ؛ پھر سے بنانا یا پیش کرنا یا دوبارہ بنانا ؛ حافظے کی مدد سے دُہرانا/بار بار کہنا ؛ تکرار کرنا ؛ نقل اُتارنا ؛ اعادہ کرنا ؛ متواتر کہنا/کرنا ۔ (فعل لازم) کسی کام کو دوبارہ کرنا یا کسی چیز کو دوبارہ کہنا ؛ دوبارہ واقع ہونا ؛ کسی گھنٹے یا گھڑی کا گھنٹہ بجانا یا گھنٹے کا کوئی حصہ (جیسے آدھا گھنٹہ) بجانا ؛ بدہضمی کا سبب بننا (جیسے : The garlic bread may repeat on him,) ؛ کسی انتخاب میں غیر قانونی طور پر ایک سے زیادہ بار رائے کی پرچی/ووٹ ڈالنا ۔ (اسم) دہرائی ؛ تکرار ؛ دہرائی گئی کوئی شے ؛ کسی چیز کی نقل یا عکس ؛ کپڑے یا کاغذ پر بار بار /مکرّر بنے ہوئے سجاوٹی/آرایشی نقش و نگار ۔ (موسیقی) کوئی الاپ جسے دہرایا جائے ؛ ایسا نشان جس سے عبارت کا دہرایا جانا مقصود ہو ، جیسے عمودی طور پر ڈالے گئے نقاط ۔ (ٹیلی وژن ، ریڈیو) ایسا پروگرام جو پہلے بھی نشر ہو چکا ہو ؛ نشرِ مکرّر ۔

repeatability, n.
تکراریت ؛ اعادہ ؛ تکرار پذیری ؛
دہرائے جانے کی صلاحیت ؛ صلاحیتِ تکرار ۔

repeatable, a.
تکرار پذیر ؛ قابلِ اعادہ ؛
قابلِ تکرار ؛ دُہرائے جانے کی صلاحیت والا ۔

repeated, a.
دہرایا گیا ؛ دوبارہ بنایا ،
بولا یا کیا گیا ؛ بار بار بنایا/بولا یا کیا گیا ۔

repeatedly, adv.
بار بار ؛ مکرّر ؛ کئی بار ؛ متواتر ؛
بہ تکرار ؛ بارہا ۔

repeater, n.
دُہرانے والا ؛ بہ تکرار واقع ۔ (گھڑی سازی)

ایسی گھڑی جو گھنٹہ بجائے یا گھنٹے کا کوئی حصہ (آدھا گھنٹہ) بھی بجائے ؛ ایسا ہتھیار جو بار بار (دوبارہ بھرے بغیر) فائر کر سکتا ہو ؛ خود کار ہتھیار ؛ دَوری اعشاریہ ؛ ایسا اعشاریائی عدد جس میں کوئی ہندسہ یا ہندسے بار بار دہرائے جائیں ؛ ایسا طالب علم جو فیل ہو جانے کے بعد دوبارہ وہی نصاب پڑھے ؛ ایسا شخص جو بار بار قید میں جائے ؛ بار بار ووٹ/رائے کی پرچی ڈالنے والا شخص (ایک ہی انتخاب میں ، غیر قانونی طور پر) ؛ ایسا آلہ جو خودکار برقناطیسی اشارات یا ریڈیائی پیغامات کو اونچی آواز میں بھیجے ، دہرائے اور آگے ارسال کر دے یا ان کی تشکیل نَو کر دے ۔

repeating decimal, n. دَوری اعشاریہ ؛ ایسا اعشاری عدد جس میں ایک یا چند ہندسے لامتناہی طور پر دہرائے جائیں ، جیسے ۔ ۶٫۴۱۳۱۳۱۳ ۔

repeating firearm, n. خود کار اسلحہ ؛ ایسی بندوق جو دوبارہ بھرے بغیر بار بار فائر کر سکے ۔

repechage, n. (کھیل) کسی کھیل کے لیے اضافی آزمایشی مقابلہ ، خصوصاً اولمپک کشتی رانی کی دوڑیں جس میں مقابلوں کے پہلے دور میں ہار جانے والے کھلاڑی اول یا دوم آ کر سیمی فائنل/نیم آخری مقابلے میں شرکت کے حقدار بن جاتے ہیں ۔

repel, v.t. دفع کرنا ؛ واپس دھکیلنا ؛ دھکّا دینا ؛ حوصلہ شکنی کرنا ؛ رَدّ کرنا یا نامنظور کر دینا ؛ کسی کی پیش قدمی روک دینا ؛ پسپا کر دینا ؛ پرے ہٹا دینا ؛ کراہیت یا ناگواری پیدا کرنا (جیسے : That smell repels me) ؛ مؤثر مزاحمت کا مقابلہ کرنا ؛ عملِ انجذاب یا آمیزش کے خلاف مزاحمت کرنا ؛ کسی دلیل کا کامیابی سے مقابلہ کرنا ؛ مزاحمت میں کامیاب ہونا ۔ (فعل لازم) کراہیت یا ناگواری کا باعث ہونا ؛ ناگوار ہونا ؛ مخالفت میں پوری قوّت سے ہونا ۔

repeller, n. دافع ؛ پرے ہٹانے والا ؛ دھکیلنے والا ؛ ناگوار ؛ مکروہ ؛ مزاحم ۔

repellency, n. ناگواری ؛ کراہیت ؛ مکروہ ہونے کا عمل ؛ مزاحمت ؛ استرداد ۔

repellent, a. مکروہ ؛ ناگوار ؛ مزاحم ؛ پرے دھکیلنے والا ؛ ہٹانے کی قوّت/صلاحیت رکھنے والا ؛ نفرت انگیز ؛ مانع/سدّراہ ۔ (اسم) کوئی دافع یا مکروہ شے ؛ ناگوار شے ؛ وہ جو پرے ہٹائے/دھکیلے ؛ کپڑوں پر لگایا گیا مادّہ جس سے وہ پانی میں نہیں بھیگتے ؛ کیڑے مار چیز ؛ سوزش/ورم کم کرنے کی دوا ۔

repellently, adv. ناگواری سے ؛ کراہیت آمیز انداز سے ؛ نفرت انگیز طور پر ؛ مکروہ طریق پر ۔

repent, v.i. شرمندہ ہونا ؛ اپنے سابقہ رویے پر متأسف ، پشیمان یا نادم ہونا ؛ تائب ہونا ؛ سابقہ عمل کے متعلق ذہن میں تبدیلی لانا (عموماً of کے ساتھ ، جیسے : to repent of a rash decision) ؛ ایسی پشیمانی محسوس کرنا کہ طرز زندگی میں تبدیلی واقع ہو جائے ؛ پچھتاوا ہونا ۔ (فعل متعدی) پشیمانی یا ندامت سے (کسی شے کو) یاد کرنا ؛ کسی وجہ سے پچھتانا (جیسے : to repent cruel words) ۔

repentance, n. توبہ ؛ پچھتاوا ؛ ندامت ؛ پشیمانی ؛ انفعال ؛ افسوس ۔

repenter, n. نادم ؛ پشیمان ؛ پچھتاوے کا شکار شخص ؛ تائب شخص ۔

repentingly, adv. ندامت سے ؛ پشیمانی سے ؛ پچھتاتے ہوئے ۔

repent, a. (نباتیات) زمین گیر ؛ نیچے ہی نیچے پھیلنے والا ؛ زمین کے ساتھ ساتھ اُگنے والا تنے دار پودا جس کی گانٹھوں سے جڑیں پھوٹتی ہیں ۔ (حیوانیات) رینگنے والا ؛ خزندہ جانور ۔

repentant, a. تائب ؛ توبہ کرنے والا ؛ متاسف ؛ نادم ؛ پشیمان ؛ پچھتانے والا ؛ منفعل ۔

repentantly, adv. پشیمانی سے ؛ ندامت سے ؛ پچھتاتے ہوئے ؛ منفعلانہ ۔

repeople, v.t. پھر سے آباد کرنا ؛ پھر سے لوگوں کو بسانا ؛ پھر سے بستی بسانا ۔

repercussion, n. برگشت ؛ دھکیل ؛ دھکیلے جانے کا عمل ؛ مزاحم چیز کے باعث پیچھے ہٹائے جانے کی حالت ؛ واپس ہٹاؤ یا پلٹاؤ ؛ گمک یا گونج ؛ ردِّ عمل ؛ بالواسطہ یا غیر متوقع نتائج یا عواقب ۔ (موسیقی) فراریہ/مکالمی نغمہ نگاری میں کسی واقعے یا مکالمے کے جواب میں دیا جانے والا مکالمہ/گیت ۔ (جمع) عواقب ؛ اثرات ۔

repercussive, a. اثرات (خصوصاً بداثرات) ڈالنے والا ؛ عواقب سے پُر ؛ گونجدار ؛ جوابی ۔

repertoire, n. مَخزنِ نمایش ؛ اُن ڈراموں ، غنائیوں یا دیگر فن پاروں کی فہرست جنھیں کوئی ڈرامائی/غنائی کلب والے یا دوسرے اشخاص پیش کر سکتے ہیں ؛ وہ فن پارے ، نغمے یا گیت جنھیں عام طور پر کوئی اداکار ، گلوکار یا فنکار پیش کرتا ہے ؛ خزانۂ فن ۔

repertory, n. ذخیرہ ؛ مجموعہ ؛ خزانۂ فن ؛ اشیا کا مجموعہ یا خزانہ یا گودام ؛ ایک موسم میں ترتیب وار مختلف کھیلوں/ڈراموں کی پیشکش ؛ ایسی کتاب جس میں تمام امراض ترتیب وار لکھ کر اُن کی ادویات دی گئی ہوں ؛ گنجینۂ معلومات ؛ خزانۂ/خزینۂ معلومات ۔

repetend, n. متوالیہ ؛ متوالی ؛ ایسا لفظ ، فقرہ ، موسیقی کا الاپ یا ایسی ترکیب جو بار بار دہرائی جائے ؛ ٹیپ کا مصرعہ یا شعر ۔ (ریاضی) کسورِ اعشاریہ ؛ دَوری اعشاریہ کا وہ عدد یا حصہ جو بار بار دُہرایا جائے ۔

repetition, n. تکرار ؛ اعادہ ؛ دہرائی ؛ بار بار کہنے یا کرنے کا عمل ؛ ریہرسل/بار بار آزمایشی عمل ؛ دوبارہ کی گئی/کہی گئی چیز ؛ وہ جسے دہرایا جائے ؛ نقل یا نقشِ ثانی ۔

repetitious, a. مُکرّر ؛ تکرار والا ، خاص طور پر اتنی تکرار والا جس سے اُکتاہٹ ہو جائے ؛ یکسانیت کے باعث بیزار کُن ۔

repetitive, a. تکرار سے بھرپُور ؛ تکراری ۔

repetitiousness, repetitiveness, n. تکرار ؛ اعادہ ؛ تکرار سے بھرپور ہونے کا عمل/صفت ۔

repetitiously, repetitively, adv. بار بار ؛ مکرّر ؛ دُہرا دُہرا کے ۔

repine, v.i. غم کھانا ؛ کُڑھنا ؛ ملول ہونا ؛ پیچ و تاب کھانا ؛ رنجیدہ ہونا ؛ روح کو ملول کرنے والا رنج محسوس کرنا ؛ پریشان ہونا ۔

repine at or against, شکایت کرنا ؛ شکوہ کرنا ۔

repiner, n. غمگین شخص ؛ ملول و افسردہ /پژمُردہ شخص ؛ اداس شخص ۔

replace, v.t. پہلی جگہ پر دوبارہ رکھ دینا ؛ واپس ادا کر دینا ؛ بحال کرنا یا لوٹانا/واپس کر دینا ؛ کسی کی جگہ پُر

کرنا/کسی کی جگہ لینا ؛ بدل بننا ؛ قائم مقام مقرر کرنا ۔

replaceable, a. قابلِ بدل ؛ بدل پذیر ؛ وہ جسے بدلا جا سکے ؛ جس کا قائم مقام ہو سکے ۔

replacer, n. بدل ؛ جو دُوسرے کی جگہ لے سکے ؛ قائم مقام ۔

replacement, n. تبدیلی ؛ استبدال ؛ تبدّل ؛ بدل ؛ عوضی ؛ قائم مقامی ؛ بدلنے/دوسرے کی جگہ لینے کا عمل ؛ وہ جو دوسرے کی جگہ لے لے ؛ خالی جگہ پر متعیّن شُدہ شخص (فوج میں) ۔ (معدنیات) کسی کنارے یا زاویے کی جگہ نئی قلمی سطح بنانا ؛ وہ طریق کار/عمل جس سے ایک معدنی چیز کے اندر مختلف کیمیائی بناوٹ والی معدنی چیز تشکیل پا جائے ۔

replay, v.t. دوبارہ یا پھر سے بجانا (کوئی ساز وغیرہ) ؛ دوبارہ یا پھر سے چلانا (آواز یا تصویر والی ٹیپ کو) ۔ (اسم) دوبارہ بجائی گئی موسیقی ؛ دوبارہ سُنائی گئی آواز ؛ دوبارہ دکھائی گئی تصویر ۔

repleader, n. (قانون) مقدمے میں دوبارہ وکالت ؛ مقدمے میں دوبارہ وکالت کرنے کا حق یا رعایت ۔

replenish, v.t. خالی یا کم ہو جانے کے بعد پھر سے بھر دینا/پُر کر دینا ؛ مکمل طور سے بھر دینا ؛ از سرِ نَو ذخیرہ کرنا ؛ معمُور کر دینا ؛ لبریز کر دینا ۔

replenisher, n. بھر دینے والا ؛ پُر کرنے والا ؛ لبریز کرنے والا ۔

replenishment, n. خالی ہو جانے پر کسی چیز کو پھر سے بھر دینے/پُر کر دینے کا عمل ؛ لبریزی ؛ بھرائی ؛ ذخیرہ کاری ۔

replete, a. پورا بھرا ہوا ؛ لبالب ؛ بھرپور ؛ شکم سیر ؛ پُر ؛ لبریز ؛ سیر شُدہ ؛ بھرپور یا کسی چیز سے معمور (عموماً with کے ساتھ٬ جیسے : a scene replete with pathos) ۔

repleteness, n. شکم سیری ؛ بھرپور ہونے کا عمل ۔

repletive, a. متعلق بہ شکم سیری ؛ بھرے جانے سے متعلق ؛ بھرا جانے والا ۔

repletely, repletively, adv. بھرپور طور پر ؛ شکم سیر ہو کر ؛ مکمل انداز سے ۔

repletion, n. معموری؛ بھرپور ہونے کی کیفیت ؛ شکم سیری ؛ پُرخوری ؛ خواہش کی تکمیل ؛ اطمینان ؛ سکون ؛ تکمیلِ آرزو ؛ تسلّی ۔

replevin, n. (قانون) واگزاشتِ قُرقی ؛ مالِ مسروقہ یا محوّلہ کی سپرداری ؛ سامان یا مال و اموال اس وعدے پر لے لینے کا عمل کہ عدالتی فیصلے کے حق میں نہ ہونے پر واپس کر دیے جائیں گے ؛ سپرداری کی درخواست یا اس درخواست پر دیا گیا حکم ؛ واگزاشت قُرقی یا اس کی درخواست یا اس کا حکم ۔ (فعل متعدی) مال سپرداری پر لینا/دینا ؛ واگزاشت قُرقی کی درخواست دینا یا اس کا حکم دینا ۔

replevy, v.t. (قانون) کسی زیرِ سماعت مقدمے میں سے سامان کو ضمانت پر واپس چُھڑانا ؛ قُرقی کو مقدمے کے فیصلے تک واگزاشت کرانا ؛ سپرداری پر لینا ۔

repleviable, replevisable, a. قُرقی سے واگزاشت کرایا جانے والا ؛ سپرداری پر لیا جانے والا ۔

replica, n. چربہ ؛ کسی تصویر یا مجسمّے کا نقشِ ثانی جو مُصوّر یا مجسمہ ساز نے خود بنایا ہو ؛ کوئی نقل ؛ نئی نقل۔

replicate, a. تہ کیا ہوا ، جیسے موڑا ہوا پتّا۔ نیز : replicated ۔

(فعل متعدی) موڑنا یا تہ کرنا ؛ دوبارہ بنانا یا نقل کرنا ؛ جواب میں کہنا/جواب دینا ؛ مثنیٰ تیار کرنا ؛ نقش ثانی بنانا ۔

replication, n. جواب الجواب ؛ جواب یا خصوصاً کسی سوال کا جواب ۔ (قانون) مدّعی کی طرف سے جوابِ دعویٰ کا جواب ؛ گمک یا گونج ؛ نقل ؛ چربہ ؛ نقشِ ثانی ؛ غلطی کا امکان ختم/کم کرنے کے لیے کسی تجربے کی بار بار دُہرائی ۔

reply, v.i. تحریری یا زبانی جواب دینا ، جیسے کسی دوسرے آدمی کی طرف سے کہی گئی یا لکھی گئی کسی بات کا جواب ہو ؛ رد عمل دینا ؛ جوابی عمل کرنا ، عمل سے جواب دینا ، جیسے کسی حملے کا ، مناسب طور پر دفاع کرنا ۔ (قانون) مدعا علیہ کو جواب دینا ۔ (فعل متعدی) جواب میں کہنا یا واپس بھیجنا ، عموماً اس کے بعد جملہ اسمیہ خبریہ آتا ہے (جیسے : ,He replied that he would go) ۔

reply, n. جوابی گفتگو ، تحریر یا عمل ۔

replier, n. جواب دینے والا ۔

report, v.t.,v.i. لانا یا واپس لانا ، جیسے جواب ؛ بیان کرنا ، جیسے حقائق یا دریافتیں ؛ روداد بیان کرنا ؛ بتانا ، خاص طور پر عوام کے سامنے/سب کو ؛ کسی چیز/واقعے وغیرہ کے بارے میں سرکاری یا رسمی بیان دینا یا اطلاع دینا ؛ کسی کے خلاف الزام لگانا یا کسی کا افشائے راز کرنا (جیسے : I will report you) ؛ حقائق بیان کرنا ؛ بیان کُنندہ/ترجمان کے فرائض انجام دینا ؛ اپنے آپ چلے جانا یا خود کو پیش کرنا (جیسے : Report to the office in ten minutes) ۔ (اسم) رپورٹ ؛ افواہ ؛ رُوداد ؛ لائی گئی روداد/خبر ؛ کسی سوال/پوچھ گچھ کے جواب میں بتائے گئے حقائق کا بیان ؛ خبرنامہ ؛ زیر گردش کہانی ؛ رپٹ ؛ شُہرت ؛ ہر دلعزیزی ؛ مجلسی اخلاق (جیسے : a man of good report,) ؛ کسی عدالتی فیصلے کی روداد یا عدالت میں زیر بحث لائے گئے اور فیصلہ شدہ مقدمے کی تفصیل ؛ سرکاری طور پر حقائق کا بیان ؛ قانون ساز ادارے کی کارروائی یا کسی اور اجلاس کی کارروائی جو اشاعت کی غرض سے لکھی گئی ہو ؛ دھماکے کی آواز ؛ بلند شوروغُل (جیسے : ,the report of a gun) ۔

reportable, a. قابلِ بیان ؛ رُوداد بنانے/سنانے/لکھنے/شائع کرنے کے قابل ؛ بتائے جانے کے قابل ۔

reportage, n. رپورتاژ ؛ تحریری رُوداد ؛ اخباری خبر سازی کا طریقِ کار یا عمل ؛ براہِ راست دیکھے ہوئے یا تحقیق سے دریافت شدہ واقعات کی تحریری روداد ؛ تأثراتی رپورٹ ۔

report card, n. اسکول رپورٹ ؛ طالبِ علم کے تعلیمی نتائج یا اُس کی تعلیمی کیفیت کے بارے میں وہ روداد/رپورٹ جو مدرسے کی جانب سے والد یا قانونی سرپرست کو عرصہ وار بھیجی جاتی ہے۔

reportedly, adv. افواہ یا روداد/خبر کے طور پر ۔

reporter, n. نامہ نگار ؛ روداد نویس ؛ رپورٹر ؛ عامل صحافی ؛ وقائع نگار ؛ روداد بیان کرنے والا ؛ اخبار کے عملے کا وہ فرد جس کا فرض منصبی عوامی واقعات کی روداد لکھنا/لانا/جمع کرنا ہے ؛ عدالتی فیصلوں کی روداد برائے اشاعت تیّار کرنے والا شخص۔

reportorial, a. متعلق بہ رُوداد ؛ متعلق بہ رپورٹ کُنندہ ؛ متعلق بہ رُوداد کار۔

reportorially, adv. رُودادی انداز سے ؛ مطابق بہ افواہ/خبر۔

repose, v.t. کرنا/رکھنا ، جیسے کسی شخص یا شے پر اعتماد/بھروسہ ؛ کسی کے زیر انتظام لانا۔ (قدیم) جمع کرانا۔

repose, v.i. سستانا ؛ آرام کے لیے لیٹنا ؛ دم لینا ؛ محنت کے بعد استراحت کرنا ؛ مُردہ حالت میں لیٹنا ، جیسے اطمینان اور سکون سے ؛ مطمئن اور پرسکون ہونا ؛ کسی چیز پر (جیسے بستر یا آرام کرسی پر) لیٹنا یا آرام کرنا؛ کسی شخص یا چیز پر اعتماد یا بھروسا ہونا۔ (فعل متعدی) لٹانا ؛ آرام کرنا ؛ آرام کے بعد تازہ دم ہو جانا (اکثر معکوس انداز سے مستعمل)۔ (اسم) استراحت ؛ حالتِ آرام یا حالتِ سکون ؛ آرام ؛ نیند ؛ سکون ؛ اطمینان ؛ باوقار خاموشی ، جیسے طور طریق کی ؛ دل جمعی ؛ توازن ؛ حرکت یا چلت پھرت کی عدم موجودگی ؛ ٹھہراؤ۔

reposal, n. تکیہ ؛ آرام ؛ چین ؛ اطمینان ؛ نیند ؛ استراحت۔

reposeful, a. آرام سے بھرپور ؛ خاموش/خاموش طبع ؛ چُپ ؛ مطمئن ؛ ہموار۔

reposefully, adv. آرام سے ؛ خاموشی سے ؛ اطمینان سے ؛ چپ چاپ ؛ سکون سے۔

reposefulness, n. آرام ؛ چین ؛ اطمینان ؛ سکون۔

reposit, v.t. جمع/ذخیرہ کرنا یا (بچا کر) رکھ دینا ؛ کہیں پر رکھ دینا، جیسے حفاظت کی خاطر ؛ جمع کرنا یا جوڑنا ؛ بدل دینا۔

reposition, n. جمع/ذخیرہ کرنے یا (بچا کر) رکھ دینے کا عمل ؛ تبدیلی بذریعۂ جرّاحی ؛ تبدیلی بہ عملِ جرّاحی۔

repository, n. خزانہ ؛ مخزن ؛ ڈپو ؛ گودام ؛ انبار ؛ ظرف ؛ برتن ؛ کوئی بھی ایسی جگہ جہاں اشیا ذخیرے ، حفاظت یا فروخت کے لیے رکھی ہوں یا جمع کی جائیں ؛ مدفن یا مقبرہ ؛ مزار ؛ خانقاہ ؛ معتمد شخص ؛ بھروسے کا آدمی/قابلِ اعتماد۔

repossess, v.t. دوبارہ قبضے میں لے لینا/رکھ لینا ، خاص طور پر عدم ادائیگی پر ؛ ملکیت یا قبضہ بحال کرنا۔

repossession, n. قبضے کی بحالی ؛ دوبارہ قبضے میں لے لینے کا عمل۔

repousse, a. مُنبّت کارانہ ؛ پتلی دھات پر اُبھرے ہوئے نمونے والا جسے دھات کی اُلٹی طرف سے ہتھوڑی مار کر بنایا گیا ہو ؛ منقّش یا اِس انداز سے بنایا گیا یا سجایا گیا ؛ منبت کاری کا۔ (اسم) مُنبّت کاری ؛ برجستہ کاری ؛ درج بالا طریقے سے نقش اُبھارنے کا فن یا طریق کار ؛ اس انداز سے بنایا گیا کوئی فن پارہ۔

reprehend, v.t. الزام دینا ؛ برابھلا کہنا ؛ طعنہ زنی کرنا ؛ موردِ الزام ٹھہرانا ؛ ملامت کرنا۔

reprehensible, a. قابلِ الزام ؛ قابلِ ملامت ؛ قابلِ طعنہ زنی ؛ موردِ الزام ٹھہرائے جانے کے لائق۔

reprehensibleness, n. ملامت ؛ طَعنہ زنی ؛ الزام دہی۔

reprehensibly, adv. قابلِ ملامت طور پر ؛ قابلِ الزام انداز سے ؛ گناہگارانہ طور پر۔

reprehension, n. الزام دہی ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ لعنت ملامت ؛ الزام ؛ سرزنش۔

reprehensive, a. ملامت آمیز ؛ متعلق بہ ملامت/سرزنش/الزام ؛ مطاعن ؛ سرزنش آمیز۔

reprehensively, adv. الزام دہی کے انداز سے ؛ ملامت آمیز انداز سے ؛ ڈانٹ ڈپٹ کے طور پر۔

represent, v.t. عکس یا کسی نقل کی نمایش کرنا ؛ مثال کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ بطور خاکہ بنانا ؛ تصویری یا سنگ تراشی کے انداز میں شبیہہ بنانا ؛ کردار ادا کرنا ، جیسے کسی ڈرامے میں ؛ کسی کا بہروپ بدلنا/کسی کے بھیس میں آنا/کسی کا رُوپ دھارنا ؛ ذہنی طور پر نقش بنانا/ تجسیم کرنا ؛ تصوّر میں لانا ؛ بیان کرنا ؛ روداد سنانا ؛ کسی کی نمائندگی کرنا ، جیسے غیر ملکی سفارتکار یا قانون ساز ادارے کا رکن کرتا ہے ؛ کسی کا بدل یا نمائندہ ہونا (جیسے : to represent the owners) ؛ علامت یا نشانی ہونا (جیسے : Words represent ideas or things,)۔

representable, a. پیش کیے جانے کے قابل ؛ قابلِ نمایش ؛ قابلِ نمائندگی۔

representer, n. نمائندگی کرنے والا ؛ نمائندہ۔

representation, n. استحضار ؛ نمائندگی/عمل نمائندگی ؛ نمائندگی ہونے کا عمل یا اُس کی کیفیت ؛ کسی فرد یا گروہ ، جیسے کسی ادارے یا حلقے کی جانب سے کسی بااختیار شخص یا اشخاص کا عمل یا بیان ؛ اس قسم کے نمائندوں یا ترجمانوں کی نمائندگی کا نظام یا یہ حقیقت (بذاتِ خود) ؛ مجموعی طور پر ایسے سب نمائندگان ؛ نمائندگی کرنے والا جیسے کسی تصویر یا مجسّمے کے ذریعے ؛ ڈرامائی عمل/ڈرامہ پیش کرنے کا عمل ؛ ذہنی خاکہ یا نقش ؛ احتجاج یا اعتراض کے طور پر حقائق یا دلائل کا بیان ؛ وکالت ؛ بیان ؛ صورت حال کی وضاحت۔

representational, a. نمائندہ ؛ نمائندگی کرنے والا/والی ؛ متعلق بہ نمائندگی ؛ وکیلانہ۔

representationalism, n. (فلسفہ) فلسفۂ اعیان ؛ یہ فلسفیانہ نظریہ کہ علم کی بُنیاد اشیا نہیں بلکہ وہ خیالات ہیں جن کی وہ نمائندگی کرتی ہیں۔ (مصوری) حقیقت نگاری ؛ اشیا کو ویسا بنانا(تصویر میں) جیسی وہ حقیقت میں نظر آتی ہیں۔

representationalist, n. (فلسفہ) فلسفۂ اعیان کو تسلیم کرنے والا ؛ حقیقت نگار ؛ وہ مصوّر جو اشیا کی تصویر ویسی بنائے جیسی وہ نظر آتی ہیں۔

representative, a. نمائندہ ؛ نمائندگی کرنے ، نقشہ کھینچنے یا روپ دھارنے کے لیے موزوں/مناسب ؛ بدل یا کسی کے لیے بدل کے طور پر کام کرنے والا ؛ متعلق بہ عینیّت/حقیقتِ نگاری ؛ کسی کے لیے کوئی کام کرنے والا ؛ حلقۂ ارادت/شہریت یا حلقۂ انتخاب کی نمائندگی کرنے والا (جیسے : a representative congress)؛ نمائندہ حکومت کے اصول پر مبنی یا اس سے متعلّق ؛ کسی قسم ، گروہ یا طبقے کا نمائندہ۔ (اسم) مثال ؛ علامت ، نمونہ ؛ مجسمہ ؛ شبیہ ؛نائب ؛ نمائندہ ؛نمائندگی کرنے والا ؛ کسی قسم ، طبقے یا صفت کا نمائندہ شخص یا اس کی نمائندہ شے ؛ وہ جس سے کسی کی نمائندگی ہو ؛ قائم مقام ؛ ایسا نمائندہ نائب یا بدل جو کسی دوسرے یا دوسروں کی جگہ لے اور اسے اُس کے/ان کے اختیارات بھی حاصل ہوں ؛ امریکا کے ایوان نمائندگان یا کسی ریاستی ایوان کا رُکن/ممبر۔ (قانون) وارث ؛ قائم مقام ؛ وکیل۔

representatively, adv. نمائندہ طور پر ؛ نمائندگی کرتے ہوئے۔

representativeness, n. عمل نمائندگی ؛ نمائندہ ہونے/بننے/بنانے کا عمل یا اس کی کیفیت۔

repress, v.t. پیچھے یا نیچے کو زور سے دبانا ؛ کُچلنا ؛ دبا دینا/زیر کرنا ؛ غالب آنا ؛ فرو کرنا ، جیسے بغاوت کو ؛ قابو میں رکھنا ، جیسے خواہشات کو ؛ بچنا/ضبط سے کام لینا ۔ (تحلیل نفسی) شعور سے نکال پھینکنا ، جیسے خوفناک خیالات و محرّکات کو ۔

repressible, a. کُچلے جانے کے قابل ؛ دبا دینے کے لائق ؛ ضبط میں رکھنے کے قابل ۔

repressive, a. قابو کرنے والا ؛ ضبط کرنے والا ؛ دبانے والا ؛ انسدادی ؛ جبری ۔

repressor, represser, n. دبانے/کچلنے والا شخص ؛ تسخیر کنندہ ؛ شعور سے نکال پھینکنے والا ۔

re-press, v.t. دوبارہ دبانا ۔

repressed, a. باز داشتہ ؛ دبا ہوا ؛ ضبط شدہ ؛ تسخیر شدہ ؛ مُنضبط ۔

repression, n. ضبط ؛ احتباس ؛ جبر و تشدّد ؛ دباؤ ؛ تسخیر ؛ انضباط ؛ رکاوٹ ۔ (تحلیلِ نفسی) شعور سے نکال پھینکنے کا عمل ؛ دبائی گئی شے یا دبایا گیا جذبہ ؛ دبانے ، روکنے یا قابو کرنے کا عمل ، دبے ہونے کی کیفیت یا حالت ۔

reprieve, n. تعویق ؛ سزا پر عملدرآمد کا التوا یا ملتوی کرنے کا عمل ؛ اِس التوا کا اختیار نامہ/اجازت نامہ ؛ وقتی آرام یا سکون ؛ وقفہ ؛ مہلت ۔ (فعل متعدی) (سزا پر) عمل درآمد ملتوی کرنا ؛ آرام پہنچانا ؛ وقتی طور پر آرام پہنچانا ۔

reprimand, n. سرزنش ؛ سخت ڈانٹ ڈپٹ ؛ تیز یا رسمی پھٹکار ؛ زجرو توبیخ ؛ الزام دہی ؛ تنبیہہ ۔

reprimand, v.t. سختی سے ڈانٹ ڈپٹ کرنا ؛ عوام کے سامنے یا سرکاری طور پر لعن طعن کرنا ۔

reprint, v.t. دوبارہ چھاپنا/طبع کرنا ؛ طبعِ نو کرنا ؛ دوسرا یا نیا ایڈیشن چھاپنا ۔ (اسم) طبعِ مکرّر ؛ کسی مطبوعہ چیز کی ہُوبہُو/لفظ بہ لفظ نقل ؛ طبع ثانی ۔ دوبارہ طبع کرنے والا ۔

reprisal, n. انتقام ؛ دشمن کے مال کی انتقامی ضبطی یا ہرجانہ طلبی ؛ اس طرح سے ضبط شدہ مال ؛ انتقامی ضبطی سے لیا گیا مال اسباب ؛ انتقامی ضبطی کے دوران کیا گیا تشدّد ۔

reprise, n. (عموماً جمع) (قانون) لگان/سالانہ محصولِ زمین ؛ کسی جائیداد وغیرہ پر دیا جانے والا سالیانہ/سالانہ محصول ۔ (موسیقی) اعادہ ، خاص طور پر پہلے مضمون یا سُروں کا اعادہ ؛ پلٹا ۔ (فعل متعدی) (موسیقی) دہرانا ، واپس لوٹنا ، پلٹنا ۔

repro, n. (بول چال) پھر سے چھاپا گیا پروف ؛ پھر سے سانچے میں سے نکالی گئی شے ۔

reproach, v.t. الزام دینا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنا ؛ لعنت ملامت کرنا ؛ بے عزّت کرنا ؛ بدنام کرنا ۔ (اسم) ملامت ؛ رسوائی ڈانٹ ڈپٹ سے متعلّقہ الفاظ ؛ لعنت ملامت ؛ قابل ملامت عمل کی وجہ سے الزام دہی ؛ بے عزّتی کا سبب ، بدنامی ، باعثِ ننگ: (جیسے : He was a reproach to his family) ؛حقیر ، لعنتی یا قابل تمسخر ۔

reproachable, a. قابلِ ملامت ؛ قابلِ نفرت ؛ قابلِ زجر و توبیخ ؛ مُوردِ الزام ۔

reproacher, n. لائم ؛ الزام لگانے والا شخص ؛ ڈانٹ ڈپٹ/لعنت ملامت/زجروتوبیخ کرنے والا ۔

reproachingly, adv. ڈانٹ ڈپٹ کر ؛ مُوردِ الزام ٹھہراتے ہوئے ؛ ملامت آمیز طریقے سے ۔

reproachful, a. ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ؛ ملامت آمیز ؛ لعنت ملامت سے بھر پور (جیسے : a reproachful glance) ۔

reproachfully, adv. حقارت سے ؛ ڈانٹ ڈپٹ کر ؛ الزام لگاتے ہوئے ؛ لعن طعن سے ۔

reproachfulness, n. الزام دہی ؛ حقیر سمجھنے/ہونے کا عمل یا اس کی کیفیت ؛ نفرت ۔

reprobate, a. بے اُصول ؛ اخلاق باختہ ؛ عیّاش/آوارہ ۔ (الٰہیات) خدا کی جانب سے محروم نجات ۔ (اسم) اخلاق باختہ ، اوباش ، آوارہ شخص ۔ (الٰہیات) خدا کی جانب سے محرومِ نجات شخص بدمعاش/شقی القلب فرد ۔ (فعل متعدی) لعنت بھیجنا یا بُرا قرار دینا ؛ مسترد کر دینا ۔ (الٰہیات) خدا کا کسی کو محروم نجات قرار دینا/لعنتی قرار دینا ؛ مردود قرار دینا ؛ نفرین کرنا ۔

reprobation, n. اخلاق باختگی ؛ آوارگی ، بدمعاشی ۔ (الٰہیات) نجات سے محرومی ۔

reprobative, a. آوارگی سے متعلّق یا آوارہ ؛ بدمعاش ۔ (الٰہیات) متعلّق بہ محرومی نجات ۔

reprocessed, a. بنانے کے بعد صارف کے استعمال میں آنے سے پہلے دوبارہ بنایا گیا ، جیسے لوہے یا اُون کی ٹوٹ پُھوٹ سے ۔

reproduce, v.t. نئے سِرے سے یا دوبارہ بجانا ، جیسے سازوں پر موسیقی یا ٹیپ ریکارڈر پر موسیقی ۔ (حیاتیات) جنسی یا غیر جنسی تولید کے ذریعے اولاد کو جنم دینا ؛ افزایشِ نو کے ذریعے کسی عضو کا دوبارہ پیدا کر لینا ؛ افزایشِ نو کی نگرانی کرنا ، جیسے پودوں یا جانوروں میں ؛ دوبارہ خاکہ کَشی کرنا یا نمائندگی کرنا ؛ یادداشت/حافظے میں یا تصوّر میں پھر سے لانا ؛ نسل پیدا کرنا ؛ اولاد پیدا کرنا ؛ چربہ اتارنا ؛ شبیہہ اتارنا ۔ (فعل لازم) اولاد کو جنم دینا ۔

reproducer, n. دوبارہ پیدا کرنے والا ؛ مکّرر تخلیق کار ؛ نقل کرنے والا ؛ شبیہہ بنانے والا ۔

reproducibility, n. افزایشِ نو ؛ نَو افزودگی ؛ نئے جنم کی صلاحیّت ۔

reproducible, a. قابلِ افزایشِ نَو ؛ دوبارہ پیدا کی جا سکنے والی ۔

reproduction, n. توالد نو ؛ باز تخلیق ؛ تخلیق مکرّر کا عمل یا طریقِ کار ؛ نئی تخلیق شدہ شے یا ہستی ؛ نقل ۔ (حیاتیات) وہ عمل جس سے کوئی جانور یا پودا اپنی ہی قِسم کے ایک اور وجود کو جنم دیتا ہے، جس سے نسل جاری رہتی ہے ۔

reproduction proof, repro proof, repro, n. (طباعت) کسی دھاتی پلیٹ یا دھات چڑھے کاغذ پر بہت عمدہ اور درست سانچا/پروف جس سے طباعتی پلیٹ پر عکس اُتارا جائے ؛ چربہ ۔

reproductive, a. بازتخلیقی ؛ باز تناسلی ؛ تخلیقِ مکرّر کا رُجحان رکھنے والا ۔

reproductively, adv. باز تخلیق کے انداز سے ؛ مکرّر

تخلیقیت سے ۔

reproductiveness, reproductivity, n. باز تخلیقی قُوّت ؛ تخلیقِ مُکرّر کی قُوّت ؛ تخلیقیت ۔

reproof, n. الزام دہی ؛ اعتراض ؛ الزام ؛ تادِیب ؛ سرزنش ؛ ملامت ؛ کسی خطا پر ڈانٹ ڈپٹ ، طعن و تشنیع ، بُرا بھلا کہنے کا عمل ؛ تنبیہہ ۔

reprove, v.t. خطا کار ٹھہرانا/موردِ الزام ٹھہرانا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ ڈانٹنا ؛ ناپسندیدگی ظاہر کرنا (جیسے : to reprove someone for his sins) ۔

reprover, n. ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ؛ برا بھلا کہنے والا ؛ موردِ الزام ٹھہرانے والا ؛ تنبیہہ کرنے والا ۔

reprovingly, adv. سرزنش کرتے ہوئے ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہوئے ؛ موردِ الزام ٹھہراتے ہوئے ۔

reptant, a. زمین گیر؛ گھسٹنے والے یا رینگنے والے، جیسے جانور ؛ زمین پر پھیلنے والے جیسے نیچے ہی نیچے پھیلنے والی بیلیں یا گھاس ۔

reptile, n. خزندہ ؛ رینگنے والا جانور ؛ ٹھنڈے خون والے فقری ، ہوا میں سانس لینے والے اور رینگنے والے جانوروں میں سے کوئی ایک ، جیسے سانپ ، چھپکلی اور مگر مچھ ؛ ایسا جانور جو پیٹ یا اپنی چھوٹی چھوٹی ٹانگوں کے بل رینگتا ہے ؛ حقیر/گھٹیا/کمینہ شخص ۔ (صفت) خزندہ/رینگنے والے جانور جیسا یہ اُس سے متعلّق ؛ گھٹیا ؛ حقیر ؛ ذلیل ؛ کمینہ ؛ خوشامدی ؛ چاپلوس ۔

reptilian, a. رینگنے والا ؛ خزندہ ؛ حشراتی ۔

reptilian, n. رینگنے والا کوئی بھی جانور ؛ خوشامدی شخص ۔

republic, n. جمہوریہ ؛ ری پبلک ؛ جمہوریت ؛ ایک ایسی ریاست یا سیاسی وحدت جس میں اعلیٰ ترین اختیارات رائے عامہ میں مرکوز ہوتے ہیں جو ان اختیارات کے استعمال کے لیے بلاواسطہ یا بالواسطہ نمائندے منتخب کرتی ہے ؛ مشترک مقصد کا حامل کوئی گروہ ؛ جمہوری ملک ۔ (بڑے R سے) (سیاسیات) ری پبلکن پارٹی سے سے متعلّق یا اُس کے بارے میں ۔

republican, a. جمہوری ؛ جمہوریہ سے متعلّق یا اُس کے کردار کا حامل ؛ جمہوریہ کے اصولوں سے ہم آہنگ ۔ (اسم) جمہوریت پسند ؛ جمہوری حکومت کا حامی ؛ ایسا شخص جو ایک جمہوری طرز حکومت کی حمایت کرے یا اُسے ترجیح دے ۔ (بڑے R سے) (سیاسیات ری پبلکن پارٹی کا ایک رکن/ممبر ۔

republicanism, n. جمہوری طرزِ حکومت ؛ جمہوری اُصول ؛ جمہوریّت پسندی؛ جمہوریت ۔ (بڑے R سے) (سیاسیات) ری پبلکن پارٹی کے اصول اور اُس کی پالیسیاں ۔

republicanize, v.t. جمہوری بنانا ؛ جمہوریت سے نوازنا ؛ جمہوری عمل کا اجرا کرنا؛ جمہوری رنگ پیدا کرنا۔

republication, n. اشاعتِ نو؛ اشاعت مکرّر؛ طبعِ ثانی؛ طبعِ نو؛ دوبارہ شائع شدہ کوئی شے جیسے کتاب وغیرہ ۔

republish, v.t. طبعِ نو کرنا؛ دوبارہ شائع کرنا ۔

republisher, n. ناشرِ طبعِ نو ؛ دوبارہ شائع کرنے والا ؛ دوبارہ نشر کار ۔

repudiate, v.t. بے ضابطہ یا غیرلازم کو رد کر دینا یا نامنظور کرنا ؛ تسلیم نہ کرنا یا پرے پھینک دینا؛ طلاق دینا؛ تردید کرنا؛ تسلیم کرنے یا ادا کرنے سے انکار کرنا ، جیسے کسی قرض کو ۔

repudiative, a. استردادانہ ؛ نامنظوری کا ؛ تسلیم نہ کرتے ہوئے ۔

repudiator, n. مسترد کرنے والا ؛ نامنظور کرنے والا ؛ تسلیم نہ کرنے والا ؛ انکار کرنے والا ؛ مُنکِر ۔

repudiation, n. عدمِ قبول ؛ استرداد یا رد کیے جانے کی حالت یا کیفیتِ؛ نامنظوری؛ اِنکار؛ تردید؛ حکومت کی طرف سے قرضوں کی واپسی سے انکار ۔

repugn, v.t., v.i. (قدیم) مخالفت کرنا یا ہونا ؛ مزاحمت کرنا ۔

repugnance, repugnancy, n. مخالفت ؛ تضاد ؛ سخت ناپسندیدگی یا اعتراض ؛ عدم توازن ؛ بے جوڑ ہونے کی کیفیت ؛ ناموافقت ؛ عدم مطابقت؛ نفرت یا گِھن؛ تنفّر ۔

repugnant, a. بدذائقہ /بدذوق؛ ناگوار؛ قابلِ اعتراض؛ مخالف ، جیسے کردار میں؛ مخالفت میں موجود یا مدِّمقابل؛ سرکش ؛ متمرّد ؛ نامرغوب ۔

repugnantly, adv. مخالفانہ انداز سے؛ بے جوڑ طریقے پر؛ ایک دوسرے کی مخالفت کرتے ہوئے ؛ بدذوقی سے؛ سرکشانہ؛ متمردانہ انداز سے ۔

repulse, v.t. دھکیلنا؛ پیچھے ہٹا دینا؛ پرے دھکا دینا؛ انکار کرنا ، نامنظور/مسترد کرنا؛ بداخلاقی یا سردمہری سے جھڑک دینا؛ پسپا کر دینا ۔ (اسم) قوت سے دیا گیا دھکّا یا دھکیلے جانے کی حالت؛ پیچھے ہٹانے کا عمل؛ تردید؛ نامنظوری؛ انکار ۔

repulsion, n. دھکیل /دھکّا ؛ دھکیلے جانے کا عمل یا اس کی کیفیت ؛ مخالفت/کراہت کا احساس ؛ پسپائی ؛ تنفّر ؛ کراہت ۔ مدافعت ۔ (طبیعیات) دفع ؛ دو اجسام کا باہم مدافعاتی عمل جو ان کے درمیان فاصلہ بڑھانے پر راجع ہوتا ہے ۔

repulsive, a. دافع ؛ مانع ؛ مخالف/مخالفانہ ؛ مکروہ ؛ کراہت انگیز ؛ دھکیلنے میں مدد دینے والا ؛ پرے ہٹانے یا آگے آنے سے منع کرنے یا آشنائی سے گریز کا رجحان رکھنے والا ؛ پرے ہٹانے والا ؛ منع کرنے والا ؛ نفرت انگیز ؛ سرد مہری کا ۔

repulsively, adv. مخالفانہ طور پر ؛ بدذوقی سے ؛ پرے ہٹاتے ہوئے ؛ امتناعی طور پر ۔

repulsiveness, n. بد ذوقی ؛ ناگواریت ؛ دافعیت ؛ ممانعت ؛ کراہت ۔

repurchase, v.t. دوبارہ خریدنا ؛ دوبارہ خرید کر حاصل کر لینا ؛ بازخرید کرنا ۔ (اسم) باز خرید ؛ دوبارہ خریدنے کا عمل ؛ خرید مکرّر ۔

reputable, a. مشہور ؛ اچھّی شہرت کا حامل ؛ باعزّت ؛ ذی عزّت ؛ باوقار ؛ معیاری یا قابلِ استعمال ، (الفاظ کے بارے میں) نیک نام ؛ معزز ۔

reputably, adv. شُہرت کے انداز سے ؛ مشہور ہوتے ہوئے ؛ نیک نامی سے ۔

reputability, n. شہرت کی صلاحیّت ؛ نیک نامی ؛ شہرت ؛ معروفیت ۔

reputation, n. ساکھ ؛ شہرت ؛ بیان کردہ اخلاق/کردار ؛

کردار کے بارے میں عمومی رائے/رائے عامہ ؛ نام ، اچھے یا بُرے انداز سے ؛ شہرت (جیسے نیک نامی، بدنامی) ؛ اچھا نام/نیک نامی؛امتیاز کسی شخص یا شے سے وابستہ کردار یا وصف/صفت (جیسے: a reputation for integrity)۔

repute, v.t. خیالات میں رکھنا ؛ بیان کردہ انداز میں سمجھنا یا خیال کرنا یا لینا (زیادہ تر مجہول معنوں میں استعمال ہوتا ہے ، جیسے : it is reputed to be the best) ۔ (اسم) شہرت ؛ رائے عامہ کا عطا کردہ کردار ؛ باعزت نام ؛ نام وری ؛ نیک نامی ؛ عرف عام ۔

reputed, a. مشہور ؛ نام ور ؛ مسلمہ ؛ معروف ۔

reputedly, adv. جانے پہچانے انداز سے ؛ ناموری سے ؛ شہرت سے ؛ مسلمہ طور پر ؛ معروف طور پر۔

request, n. استدعا ؛ التماس ؛ درخواست ؛ التجا ؛ عرض ؛ مطلوب ؛ کسی شخص کی طرف سے کسی کے سامنے کچھ عطا کیے جانے یا کوئی کام کرانے کی خواہش کا اظہار ؛ عرضی/عرضداشت ؛ مانگی گئی کوئی شے یا ایسی شے جو مانگی جائے یا اس کے لیے التجا کی جائے (جیسے: an article in much request) ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کی درخواست /التجا کرنا ؛ عرض کرنا یا خواہش ظاہر کرنا ؛ کسی سے التجا کرنا (جیسے: to request the class to leave) ؛ مطالبہ کرنا/مانگنا ۔

requester, n. طالب ؛ درخواست گزار ؛ عرض گزار ؛ ملتجی ۔

requiem, n. رثائی یاد ؛ فاتحہ ؛ دعائے بخشش ؛ مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے دعا ؛ نوحہ/مجلس ۔ (عموماً بڑے R سے) (رومی کیتھولک کلیسا) مرحومین کی ماتمی مجلس ؛ اِس مجلس کے لیے بجائی جانے والی المیہ موسیقی کی دُھن ۔

requiem shark, requin, n. رکوئیئم شارک ؛ غارت گر قسم کی ایک سیاہ شارک مچھلی ۔

requiescat, n. مرحومین کے لیے آرام و سکون کی دعا/خواہش ؛ 'خدا مرحوم/مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے' ؛ طلب مغفرت ۔

require, v.t. مطالبہ کرنا ؛ حکم دینا ؛ مانگنا ؛ حاصل کرنے پر اصرار کرنا ؛ کسی شے کی طلب/سخت ضرورت ہونا (جیسے: to require a blood transfusion) ؛ چاہنا یا خواہش رکھنا ۔ (فعلِ لازم) طالب ہونا ، مانگ ہونا ؛ مجبور ہونا ؛ اقتضا ہونا ۔

requirement, n. طلب ؛ مانگنے کا عمل ؛ اقتضا ؛ مطالبہ ؛ وہ جو کسی شے کے کرنے/کیے جانے کا/کی طالب ہو (یعنی ضرورت) . لازمی شرط یا حالت (جیسے: the requirements for a job) ؛ طلب کردہ کوئی شے یا ضرورت کی چیز؛ ضرورت ۔

requisite, a. ضروری ؛ وہ جسے اشیا کی فطرت یا حالات طلب کریں ؛ لازمی؛ ضرورت کی ؛ مطلوبہ ؛ وہ جو لابُدی ہو ۔ (اسم لازمہ ؛ ضروری شے ؛ ناگزیر شے ؛ لابُدی شے ۔

requisitely, adv. طلب کے طور پر ؛ ضروری طریقے پر ؛ لازمی شرط کے طور پر ۔

requisiteness, n. لُزُوم ؛ ضرورت ؛ ضروری ہونے کا عمل ۔

requisition, n. مطالبہ ؛ فرمایش ؛ ایک باضابطہ درخواست ؛ کسی شے کی طلب میں تحریری عرضی یا درخواست ، جیسے ساما سد کے لیے ؛ تصرّف ؛ کسی مُلک کی قابض فوج کے سپاہیوں کا ضروریاتِ زندگی جیسے مکان ، کھانے (راشن) کے لیے مطالبہ یا تصرّف ؛ وہ شے جو بہت زیر طلب یا مانگ میں ہو ؛ ضرورت ؛ التجا ۔ (قانون) کسی مجرم کی حوالگی کے لیے ایک حکومت کی دوسری حکومت سے رسمی درخواست یا فرمایش ۔ (فعل متعدی) مطالبہ کرنا؛ طلب کرنا ؛ کسی چیز کے لیے باضابطہ درخواست دینا ؛ جزا یا بدلے کا کوئی عمل یا کام کرنا ۔

requital, n. بدلہ ؛ جزا ؛ صلہ ؛ بدلے میں دی گئی کوئی شے ؛ تلافی ؛ سزا ؛ جوابی محصول ؛ جوابی الزام ۔

requite, v.t صلہ دینا ؛ تلافی کرنا یا جزا دینا/بدلہ دینا ؛ جوابی الزام لگانا؛ بدلے میں کچھ کرنا یا دینا ۔

requitable, a. قابلِ جزا ؛ بدلے کے قابل ۔

requiter, n. صلہ دینے والا ؛ تلافی کرنے والا ؛ جزا/بدلہ دینے والا ؛ بدلے میں کچھ دینے یا کرنے والا ۔

reread, v.t. دوبارہ پڑھنا ؛ نئے سرے سے پڑھنا ؛ ازسرنو پڑھنا ۔

reredoes, n. کسی گرجا میں قربان گاہ کی بُلندی کے پیچھے سجا ہوا پردہ یا دیوار؛ کُھلے چولھے یا آتش دان کی پشت ۔

reremouse, rearmouse, n. (برطانوی بولی) چمگادڑ ۔

rerun, n. دوبارہ نمایش ، جیسے کسی فلم یا ٹیلی وژن پروگرام کی ایک بار چلنے کے بعد دوبارہ نمایش ؛ دوبارہ زیرِ نمایش شے ؛ دوبارہ دوڑنے کا عمل/مکرّر دوڑنے ۔ (فعل متعدی) دوبارہ نمایش کرنا ، جیسے کسی فلم یا ٹیلی وژن پروگرام کی ایک بار چلنے کے بعد ؛ دوبارہ دوڑانا/دوڑنا ۔

res, n. (قانون) معاملہ ؛ شے؛ مِلک ؛ جائیداد ؛ مسئلہ۔

res adjudicata, n. دیکھیے : Res judicata ۔

resale, n. پرانی اشیا کی فروخت ؛ مکرّر فروخت ؛ دوبارہ فروخت کرنے کا عمل ؛ بیع مکرر ۔

resalable, a. قابلِ فروختِ ثانی ؛ دوبارہ فروخت کے قابل ؛ دوبارہ فروخت ہو سکنے والا/والی ۔

rescind, v.t. منسوخ کر دینا ؛ کالعدم کر دینا ؛ ختم کر دینا ؛ فسخ کر دینا ، جیسے کوئی قانون یا فیصلہ ۔

rescission, n. منسوخی ؛ تنسیخ ؛ کالعدم کر دینے کا عمل ؛ عملِ تنسیخ ۔

rescissory, a. ناسخ ؛ منسوخ کر دینے والا ۔

rescindable, a. قابلِ منسوخی ؛ کالعدم کیے جانے/ہو جانے والا ؛ قابلِ تنسیخ ؛ قابلِ فسخ ۔

rescinder, n. ناسخ ؛ کالعدم/منسوخ کرنے والا ؛ فسخ کرنے والا ۔

rescript, n. فرمان ؛ پوپ کا فتویٰ ؛ کسی رومن (سلطنت روما کے) شہنشاہ کا جواب یا زیرِ سماعت مسئلے/معاملے کا فیصلہ کسی سرکاری طور پر زیر بحث آمدہ سوال کا پوپ کی طرف سے جواب ؛ فتویٰ یا فیصلہ ؛ مکرّر تحریر ۔

rescue, v.t. قید ، خطرے یا برائی سے بچانا؛ جان بچانا ۔ (قانون) قانونی قبضے سے بزور یا غیر قانونی طور پر نکال لینا ؛ چھڑانا (اسم) خلاصی ؛ رہائی ؛ نجات ؛ بچانے یا جان بچانے کا عمل ؛ مثال ۔

rescuer, n. بچانے یا جان بچانے والا ؛ نجات دہندہ۔

rescue mission, n. لاوارث بچوں کی بحالی کے لیے

ایک شہری' مذہبی ادارہ/تنظیم ۔

research, n. تحقیق ؛ حقائق یا اُصول کی تلاش میں پُرمغز تفتیش/کھوج ؛ ایک تجرباتی تحقیق/چھان بین ؛ تحقیق علمی ۔ (فعل متعدی و لازم) علمی تحقیق کرنا ؛ پتا لگانا ؛ کھوج کرنا ؛ تفتیش کرنا ۔

researcher, researchist, n. تحقیق کُنندہ ؛ محقق ؛ کھوجی ؛ تفتیش کُنندہ ۔

re-search, v.t., v.i. باز تلاش کرنا ؛ دوبارہ تلاش کرنا یا ہونا ؛ چھان بین/تفتیش یا تحقیق کا دوبارہ کرنا یا ہونا ۔

reseat, v.t. دوبارہ بٹھانا؛ نئی نشست یا نشستیں مہیا کرنا (خصوصاً کلیسا وغیرہ میں) ۔

reseau, reseau, n. جال ؛ جال کا کام؛ لیس میں جال دار زمین ۔ (فلکیات) شیشے کے ٹُکڑے پر بنا ہوا باریک جال جسے عکسی دوربین میں ستاروں کی تصویر پر ویسا ہی جال بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔(موسمیات) موسمی مرکزوں کا جال جو متحدہ نظام کے طور پر کام کرتا ہے۔ (عکّاسی) عکس کاری/فوٹو گرافی میں استعمال ہونے والا باریک فلٹر/جال جس میں باریک رنگین تار بندسی ترتیب سے لگے ہوتے ہیں ؛ شبکۂ خطوط ۔

resect, v.t. (جرّاحی) کاٹنا یا تراش کر ہموار کرنا؛ کاٹ/تراش کر الگ نکال لینا ، جیسے کسی عضو کا کوئی حِصّہ ۔

resectability, n. (جرّاحی) تراش پذیری ۔

resectable, a. (جرّاحی) تراشا جا سکنے والا؛ تراش پذیر ؛ جسے کاٹ کر،تراش کر الگ کیا جا سکے / علیحدہ کیا جا سکے ۔

resection, n. (جرّاحی) جزوی تراش؛ کسی ہڈی ، عضو یا ریشے کے ایک حِصّے کو کاٹ کر نکال دینے کا عمل۔ (مساحت) دو یا دو سے زیادہ معروف مقامات کی جہات سے کسی اور جگہ/مقام کے تعیّن کا طریق کار۔

resectional, a. (جرّاحی) جزوی تراش سے متعلق ؛ ہڈّی ، عضو یا ریشے کے ایک حِصّہ کو کاٹ پھینکنے سے متعلّق۔ (نقش کشی) دو یا دو سے زیادہ معروف جگہوں سے کسی اور جگہ کے مقام کی نشاندہی سے مُتعلّق۔

reseda, n. فاغیہ؛ اسی نام و نسل کا کوئی پودا ، خاص کر 'آڈوراٹا'(ordorata)؛ درٹ ؛ اِسپرک ۔

resedaceous, a. فاغیہ نسل کے پودے سے متعلّق ؛ دھانی رنگ کا ۔

reseed, v.t. دوبارہ بیج بونا یا پنیری لگانا ؛ اپنے آپ بیج بو کر کسی پودے کے وجود کو قائم رکھنا ؛ از خود اُگنا ۔(فعل لازم) خود کاریدہ بیج سے وجوداً قائم ہونا ۔

resemblance, n. مشابہت؛ مماثلت ؛ مشابہ ہونے کی حالت یا صفت ؛ ایک جیسا ہونے کا عمل ؛ ظاہری صفات یا شکل و صورت میں یکسانیت ؛ مشابہ چیز؛ مماثل ۔

resemblant, a. مشابہ ؛ مماثل ؛ یکساں ؛ مشابہت/یکسانیت سے متعلّق ؛ ملتا جُلتا ؛ مانند ۔

resemble, v.t. ایک جیسا ہونا یا نظر آنا ؛ شکل ، صورت یا صفات میں یکساں ہونا ؛ مشابہ ہونا ؛ مماثل ہونا ؛ مانند ہونا ۔

resent, v.t. بُرا منانا ؛ خفگی ظاہر کرنا ؛ ہتک/بے عزتی یا مخالفت محسوس کرنا؛ کسی بات پر غصّے میں آ جانا یا بپھر جانا ؛ الفاظ یا اعمال سے خفگی یا ناراضگی ظاہر کرنا ؛ آزردگی /کشیدہ خاطری دکھانا ۔

resentful, a. ناراض ؛ آزردہ ؛ کشیدہ خاطر ؛ خفا ؛ بیزار ۔

resentment, n. خفگی ؛ آزردگی ؛ ہتک کا احساس ؛ کشیدہ خاطری ؛ سخت ناراضگی ۔

reserpine, n. ریسرپین ؛ شرق الہندکے ایک پودے کچلے (Rauwalfia serpentina) کی جڑوں سے حاصل کیا جانے والا سفید قلیا نُما قلمی مادہ ، جو بہت زیادہ بے چینی اور فشارالدم/بلڈپریشر کی زیادتی میں مسکّن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

reservation, n. اِستثنا ؛ اخفاء ؛ تحفظ ، پوشیدگی یا کچھ نہ بتانے کا عمل ؛ کسی معاہدے/عہد نامے کی شرط ، حد یا صفت ؛ محفوظ رقبہ ؛ کسی خاص مقصد کے لیے علیحدہ رکھا گیا سرکاری زمین کا کوئی رقبہ ، جیسے جنگلی جانوروں کی حفاظت یا ریڈانڈین (امریکا کے قدیم قبائل)کے لیے ؛ ہوٹل ، ہوائی جہاز وغیرہ میں پہلے سے جگہ محفوظ کرا لینے کا عمل ؛ تحفظِ نشست ۔

reserve, v.t. مستقبل کے استعمال کے لیے الگ/محفوظ رکھنا یا بچا کر رکھنا؛ موجودہ استعمال سے کسی اور مقصد کے لیے روکنا ؛ وقتی طور پر روکے رکھنا ؛ باقی رکھنا (جیسے : to reserve a right)؛ طے کرنا یا مستقبل کا انتظام کرنا (جیسے: to reserve a room) دبا رکھنا ؛ رکھ چھوڑنا ؛ پس انداز کرنا ۔ (اسم) محفوظ شے یا بچت یا بچانے کا عمل ؛ محفوظ نشست ؛ موجودہ استعمال سے جو چیز بچا کر محفوظ رکھ لی گئی ہو ؛ مختص قطعۂ اراضی ؛ اختصاص ؛ کوئی شے جسے ذہن میں خفیہ رکھا گیا ہو ؛ احساسات و جذبات کو ظاہر نہ کرنے کی عادت ؛ دوسروں کے لیے ایک خاص قسم کے تکلّف یا سردمہری کا اظہار ؛ ذاتی رویے میں احتیاط ؛ بنک کا سرمایہ جو ذمّہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے محفوظ رکھا جاتا ہے ۔ (عسکری) موجودہ عمل سے بچا کر رکھا گیا دستہ جسے کمک کے طور پر محفوظ رکھا گیا ہو ؛ کسی قوم کی محفوظ عسکری قوّت جو میدانِ جنگ میں نہ ہو ؛ اس کا وہ حصّہ جسے حاضر باش فوجیوں کے ساتھ خدمات لینے/انجام دینے کے لیے استعمال میں نہ لایا جائے لیکن اچانک ضرورت پڑنے پر ہنگامی حالت میں عملی خدمات کے لیے تربیت دے کر محفوظ رکھا جائے ؛ محفوظہ ۔ (کھیل) زائد کھلاڑی جوبوقتِ ضرورت کسی دوسرے کھلاڑی کی جگہ کھیلے ۔

reserve bank, n. محفوظہ بینک ؛ ریزرو بینک ؛ ایسا مرکزی بینک جو دوسروں بینکوں کے لیے محفوظ جمع شدہ سرمایہ رکھتا ہے (جیسے: Federal Reserve Bank) ۔

reserved, a. مستقبل یا دیگر استعمال کیے لیے بچایا گیا ؛ محفوظ ؛ رویّے میں محتاط ؛ سردمہر ؛ فاصلے کا ؛ باتکلّف ؛ دیر آشنا ؛ پُر حجاب ؛ پنبہ دہن؛ لیے دیے رہنے والا ۔

reservedly, adv. احتیاط سے ؛ محتاط انداز سے ؛ سردمہری سے ؛ تکلّف سے ؛ رکھائی سے ۔

reservedness, n. محتاط ہونے کا عمل ؛ سردمہری ؛ تکلّف ؛ رُکھائی ۔

reservist, n. رکنِ محفوظہ ؛ برّی ، بحری ، ہوائی

فوج یا کسی دیگر عسکری تنظیم کے محفوظ دستوں کا رُکن ۔

reservoir, n. حوض ؛ آبی مخزن ؛ ذخیرۂ آب ؛ ایسا تالاب ، جھیل یا کوئی ایسی جگہ جہاں کسی شہر/قصبے/گاؤں کے استعمال کے لیے یا آب پاشی یا بجلی بنانے کے لیے پانی کو ذخیرے میں رکھا جائے ؛ کسی مائع کو ذخیرہ کرنے کا ظرف یا برتن ، جیسے تیل یا مائع گیس کا ذخیرہ ۔ (حیاتیات) کسی جانور یا پودے میں ایسا جوف/مقام جہاں پر کوئی مائع یا رطوبت جمع ہو؛ کسی بھی شے کا مخزن ، گودام یا ذخیرہ ؛ محفوظ ذخیرہ ۔

reset, v.t., v.i. دوبارہ ترتیب دینا/مرتّب کرنا، جیسے کسی ہیرے کو دوبارہ زیور میں لگانا؛ پھر سے جمانا/جڑنا ۔ (اسم) ترتیبِ نَو ؛ نَو ترتیب شدہ شَے ۔

resetter, n. مرتّبِ نَو ؛ دوبارہ ترتیب دینے والا ۔

res gestae, n. [لاطینی] کردہ ؛ کیے ہوئے کام ؛ اعمال ؛ حقائق ۔ (قانون) شہادت کے طور پر کسی مقدمے میں پیش کیے جانے والے یا قابل تسلیم حقائق یا حالات ۔

reshape, v.t. تشکیلِ نو کرنا ؛ دوبارہ بنانا ؛ نئے انداز سے بنانا ؛ پہلے سے مختلف شکل میں بنانا ؛ نئی شکل دینا ۔

reship, v.t. دوبارہ سمندری جہاز کے ذریعے بھیجنا ؛ کسی دوسرے سمندری جہاز میں پہنچانا یا لادنا ؛ مال کو ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں منتقل کرنا ۔ (فعل لازم) جہاز پر دوبارہ سوار ہونا عملے کے رُکن کے طور پر دوبارہ/پھر کسی سمندری سفر پر روانہ ہونے کے لیے معاہدہ ہونا ۔

reshipment, n. جہاز کے ذریعے سامان کی دوبارہ ترسیل ؛ دوبارہ کسی سمندری جہاز پر روانگی (بطور عملہ) ؛ از سرِنولدائی؛ باز ترسیل ۔

reside, v.i. رہنا ؛ قیام ہونا ؛ سکونت کرنا ؛ مستقل یا ایک خاص عرصے تک مقیم ہونا ؛ مستقل قیام رکھنا ؛ موجود ہونا یا جبلّی طور پر پایا جانا جیسے کسی صفت کا ؛ کسی امتیازی وصف کا ہونا (عموماً اس کے بعد in آتا ہے) ۔

resider, n. رہایشی ؛ باشندہ ؛ قیام پذیر شخص ؛ رہنے والا ۔

residence, n. رہایش ؛ سکونت ؛ مسکن ؛ رہایش کا عرصہ ؛ رہایشی جگہ ؛ مکان ؛ سرکاری فریضے کی انجام دہی کے سلسلے میر کسی خاص مکان میں رہایش جہاں دارالمطالعہ یا کچہری بھی واقع ہو کسی ادارے کے قیام کی (قانونی) جگہ/جائے قیام ۔

residency, n. ریذیڈنسی؛ جائے قیام/جائے رہایش ، عموماً سرکاری قیام گاہ ؛ کسی زیر تسلّط مملکت/ریاست کا وہ علاقہ جو کسی مقیم نمائندے کے زیرِ حکومت ہو ۔ (طِب) طبّی مہارت کے کسی مخصوص شعبے میں تربیت کا عرصہ ۔

resident, a. ,n. اپنے فرائض کی بجا آوری کے لیے کسی جگہ قیام پذیر ؛مقیم ؛باشندہ ؛ سکونت پذیر ؛ سکونت گزیں ۔ (طیوریات) جو تارکِ وطن نہ ہو ؛ جو سارا سال ایک ہی مقام پر رہایش رکھے ؛ عارضی طور پر رہایشی/رہایش پذیر شخص ؛ غیر مُلکی قیام پذیر نمائندہ ، خاص طور پر کسی زیرِ تسلّط علاقے/مملکت میں ۔ (طِب) کسی خاص شعبے میں تربیت حاصل کرنے کی مدت کے دوران مقیم طبیب/ڈاکٹر ۔ نیز residentiary ۔

resident commissioner, n. ریذیڈنٹ کمشنر ؛ امریکا کے ایوانِ نمائندگان میں کسی زیرتسلّط ریاست/علاقے کا وہ نمائندہ جو حقِّ تقریر تو رکھتا ہے لیکن حقِّ رائے دہندگی سے محروم ہوتا ہے ۔

residential, a. سکونتی ؛ رہایشی ؛ رہایش ، حکومت یا قیام پذیر نمائندے سے متعلّق ؛ رہایش کے لیے موزوں ؛ قابل بودوباش اقامتی ۔

residentially, adv. رہایشی انداز سے ؛ رہایشی طریق پر ؛ سکونتی طور پر ۔

residual, a. تلچھٹ یا اس کی بناوٹ سے متعلق ؛ بچا کھچا یا باقی ؛ غیر تشریح شدہ ؛ غلط چھوڑا ہوا ۔ (ریاضی) حاصل تفریق پر مشتمل جو ایک مقدار سے دوسری کو تفریق کرکے بنایا گیا ہو (جیسے : residual amount) ۔ (اسم) تلچھٹ ؛ دُردِ ؛ بقیہ/باقیات ؛ بچی ہوئی مقدار ۔ (عموماً جمع) (ریاضی) مشاہدے کے نتیجے اور نظریے سے حاصل شدہ نتیجے میں فرق یا کسی رقم اور اوسط میں فرق ؛ حاصل تفریق ؛ باقی ۔ (جمع) ٹی وی کے کسی اداکار وغیرہ کو اس کی فلم یا ٹیپ کی دوبارہ نمایش پر ملنے والا اضافی معاوضہ ؛ حقِّ اداکاری ؛ رائلٹی ۔

residually, adv. باقی کے طور پر ؛ بچت کے انداز سے ؛ حقِ اداکاری کے طور پر ۔

residuary, a. تلچھٹ یا بچی کھچی/باقی شے سے متعلّق ؛ باقیات یا ایسا حِصّہ جو زیرِ غور/زیر عمل نہ لایا گیا ہو ؛ مابقیٰ ؛ باقی ماندہ ۔

residue, n. تلچھٹ ؛ دُرد تہِ جام ؛ بچی کھچی شے؛ کسی عمل وغیرہ کے بعد بچ جانے والا حِصّہ؛ بقیہ شے ۔ (کیمیا) چھانی گئی مائع شے کا تلچھٹ ؛ ایک سالمہ سے علیٰحدہ کیا جانے والا ایک یا زیادہ ایٹم/جوہر؛ گاد؛ رسوب ۔ (قانون) قرضہ جات اور قانونی ورثوں کی ادائیگی کے بعد کسی موصی/وصیت کنندہ کی جائیداد کا باقی بچ جانے والا حِصّہ ۔ (ریاضی) ریاضیاتی عمل سے حاصل شدہ فرق ۔

residuum, n. [لاطینی] تلچھٹ ؛ بقیہ جات ۔ (کیمیا) عملِ کشید یا تقطیر کے نتیجے میں رہ جانے والی باقی شے، جیسے تارکول؛ رسوب؛ گاد ۔ (قانون) قرضہ جات اور قانونی ورثوں کی ادائیگی کے بعد کسی جائیداد کا باقی/بچا ہوا حِصّہ ۔

resign, v.t. استعفیٰ دے دینا ؛ ترک کر دینا؛ حوالے کر دینا یا واپس کر دینا؛ کسی عہدے یا اسامی کا واپس دے دینا اس شخص کو جس نے حوالے کی تھی ؛ دینا یا چھوڑ کر چلے جانا ؛ دستبردار ہو جانا یا کسی کو دے دینا ؛ واپس لے لینا ، جیسے اپنا کوئی مطالبہ ؛ دستکش ہونا ؛ سپرد کرنا ۔ (فعل لازم) سرتسلیم خم کرنا ؛ راضی برضا ہونا ؛ مطیع ہونا ؛ فرمان بردار ہونا ؛ اپنے عہدے سے الگ ہونا ۔ (عموماً from کے ساتھ) کسی عہدے/اسامی سے استعفیٰ دے دینا ؛ اپنی جگہ چھوڑ دینا ۔

resigned, a. پختہ عزم والا ؛ مستعفی ؛ صابر ؛ قانع ؛ راضی برضا ۔

resignedly, adv. پختہ عزم سے ؛ متعلّق بہ ترکِ عہدہ ؛ قناعت پسندی سے ؛ تسلیم و رضا سے صبر سے ۔

resignedness, عزم ؛ ترکِ عہدہ کا عمل یا اس کا ارادہ ؛

مستعفی ہونے کا عمل ؛ قناعت پسندی ؛ صبر۔

resigner, n. استعفیٰ دہندہ ؛ مستعفی ؛ مالکِ عزم و ارادہ۔

resignation, n. استعفیٰ ؛ بطور مطالبہ مانگی گئی شے سے دستبردار ہونے کا عمل ؛ فارغ خطی ؛ کسی عہدے سے دستبرداری ؛ مطیع ہونے کا عمل ؛ عزم و ارادہ ؛ صبر و استقلال ؛ قناعت ؛ تسلیم و رضا۔

resile, v.i. پلٹنا ، واپس جانا یا ہٹنا ؛ واپس اپنی شکل یا جگہ میں چلے جانا جیسے کسی لچک دار شے/ الاسٹک کا ؛ پھر جانا ، جیسے کسی معاہدے/راضی نامے یا مقصد سے ؛ کھنچ کر سکڑنا/سمٹنا ، جیسے نفرت/کراہیت سے ؛ لچک رکھنا۔

resilience, resiliency, n. لچک ؛ ابھرنے کی قوت ؛ مڑنے ، پھیلنے یا دبنے کے بعد واپس اپنی جگہ پر آ جانے کی خاصیت ؛ نرمی۔ (مجازاً) بدقسمتی یا بیماری سے جلد چھٹکارا پا لینے کی صلاحیت/گنجایش۔

resilient, a. لچک دار ؛ اصل جگہ پر واپس چلے جانے والا ؛ بیماری یا بدقسمتی کے بعد جلد دوبارہ صحت یاب/باحوصلہ ہو جانے والا ؛ لچک رکھنے والا۔

resiliently, adv. لچکتے ہوئے ؛ لہکتے ہوئے ؛ لچکداری سے۔

resin, n. رال ؛ چیڑ وغیرہ کا گوند ، لاکھ ، بیروزہ جیسی کوئی ایسی ٹھوس یا نیم ٹھوس شے جو بہت سے درختوں سے نکلنے والی رطوبت سے یا غیر نامیاتی مادوں کے کیمیائی عمل سے بنائی جاتی ہے اور پلاسٹک ، وارنش ، ادویات اور طباعتی روشنائی کے بنانے میں کام آتی ہے۔ (فعل متعدی) رال ، لاکھ ، بیروزہ یا اس جیسی کسی شے کے ساتھ عمل کرنا یا ملنا۔

resinous, a. چپچپا ؛ رال یا لاکھ یا گندہ بیروزہ یا تارکول جیسا ؛ لجلجا ؛ رالی ؛ رال صفت۔

resinate, v.t. رال سے بھرنا یا لبریز کرنا۔

resinoid, a. رال ، لاکھ ، بیروزہ جیسا یا اس قسم کا۔ (اسم) رال نما شے ؛ رال ، لاکھ ، بیروزے جیساکوئی مادہ ، خاص طور پر مصنوعی طور پر بنایا گیا ؛ اِس قسم کا کوئی کیمیائی مادہ ؛ گوند وغیرہ ؛ کوئی چپچپا مادہ۔

resist, v.t. مزاحمت کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مخالف ہونا یا مخالفت میں عمل کرنا ؛ (کسی کے) خلاف جدوجہد کرنا ؛ شکست دینا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مدافعت کرنا۔ (فعل لازم) مخالفت میں ہونا ؛ ڈٹ جانا ؛ مانع ہونا۔ (اسم) ایسی شے یا سامان جو کسی عمل کے راستے میں رکاوٹ/مزاحمت ڈالے ؛ زنگ وغیرہ سے بچانے والی کوئی شے روک مسالا ، مزاحمہ۔

resister, n. کوئی بھی مزاحم شے یا شخص ؛ رُکاوٹ ڈالنے والا شخص یا ڈالنے والی شے۔

resistible, a. قابلِ مزاحمت ؛ مزاحمت پذیر ؛ روکی جا سکنے والی ؛ قابلِ مدافعت۔

resistibility, n. مزاحمت کی صلاحیت ؛ مزاحمت پذیری ؛ قوّتِ مزاحمت ؛ مزاحمت کی گنجایش۔

resistibly, adv. مزاحمانہ طور پر ؛ مخالفت کے انداز سے ؛ اُلٹ طریقے پر ؛ مخالفانہ جذبے سے ؛ مدافعانہ طور پر۔

resistance, n. مزاحمت ؛ مدافعت ؛ قوتِ مزاحمت ؛ بالواسطہ یا بلاواسطہ/تیزی یا سُستی سے مزاحمت کرنے کا عمل ؛ مادے کی قوت مزاحمت/مادے کی وہ قوت یا صفت جو اِس کو بیرونی طاقت یا تاثّرات سے بچائے ؛ مزاحم قوّت/ایک قوّت کے مخالف دوسری قوت جو اِسے تباہ کرنے یا اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے عمل پذیر ہو۔ (برق) کسی موصل شے کی وہ صفت جو کسی برقی لہر کی قوّت کو روشنی یا حرارت کی شکل میں منتشر/تبدیل کرکے اس کی شِدّت کو کم کر دیتی ہے/محدود کر دیتی ہے ؛ قوّتِ مزاحمت ؛ مقاومت۔ (عموماً بڑے R سے) گوریلا مزاحمت ؛ گوریلا تنظیم ؛ زیرِ زمین تنظیم۔

resistant, a. مزاحمت پیش کرنے والا ؛ مزاحم ؛ مخالف ؛ مزاحمہ۔ (اسم) وہ جو مزاحمت کرے ؛ مزاحم شخص یا شے مخالف شخص یا شے۔

resistive, a. مزاحم ؛ مزاحمت کرنے والا ؛ مزاحمت کنندہ ؛ وہ جس میں مزاحمت/مخالفت کا رجحان ہو۔

resistively, adv. مزاحمانہ طور پر ؛ مزاحمت کرتے ہوئے۔

resistiveness, n. مزاحمت موجود ہونے کا عمل یا اس قِسم کی کیفیت ؛ کڑّپن۔

resistivity, n. قوّتِ مزاحمت ؛ صلاحیتِ مزاحمت۔ (برق) مزاحمت مخصوصہ ؛ ایک ایسا مخصوص متناسب جزو جو کسی مادے کے ایک مکعب سینٹی میٹر کی دو متوازی سطحوں میں سے عموداً گزرنے والی برقی لہر کی گزرگاہ کی مزاحمت کے برابر ہوتا ہے ؛ مزاحمت نوعی۔ نیز : specific resistance۔

resistless, a. بے روک ؛ بے مزاحمت ؛ ناقابلِ مزاحمت یا رُکاوٹ کے ناقابل ؛ جس کی مزاحمت نہ کی جا سکے ؛ جو مزاحمت نا کر سکے۔

resistlessly, adv. ناقابلِ مزاحمت انداز سے ؛ غیرمزاحمانہ طور پر ؛ بے روک طور پر۔

resistlessness, n. مزاحمت نہ ہونے یا نہ کر سکنے کی کیفیت ؛ عدمِ مزاحمت۔

resistor, n. (برق) مزاحم؛ آلۂ مزاحمت ؛ برقی سرکٹ میں حرارت یا روشنی پیدا کرنے یا برقی بہاؤ کو مرضی کے مطابق چلانے کے لیے استعمال کیے جانے والے موصل اجسام/آلات ؛ مزاحم آلہ مزاحمت گر۔

res judicata, res adjudicata, n. [لاطینی] (قانون) مِثل ؛ نظیر ؛ ایسا فیصل شُدہ مقدمہ جسے کسی مِلتے جلتے مقدّمے میں بطو مثل/نظیر پیش کیا جائے۔

resojet engine, n. دیکھیے: Pulse jet engine ۔

resole, v.t. نیا تلا لگانا ، جیسے جوتے کو۔

resoluble, a. بازتحلیل پذیر ؛ نوگداختنی ؛ مکرر تجزیہ پذیر ؛ دوبارہ گھل جانے/حل ہو جانے والا ؛ پھر طے ہو سکنے والا ، جیسے کوئی قضیہ۔

resolute, a. ایک طے شدہ نصب العین/مقصد کا حامل ؛ پُرعزم ؛ مستقل مزاج ؛ بہادر/جری ؛ مضبوط ؛ قوی الارادہ ؛ جیوٹ مصمّم ؛ ثابت قدم۔

resolutely, adv. عزم و استقلال سے ؛ مستقل مزاجی سے ؛ بہادرانہ طور پر ؛ پکے ارادے سے۔

resoluteness, n. استواری ؛ عزم ؛ استقلال ؛ مستقل مزاجی ؛ بہادری ؛ مضبوطی ؛ ثابت قدمی۔

resolution, n. اِرادہ ؛ قرارداد ؛ عزم و استقلال ؛ کیا گیا ارادہ ؛ طے شدہ نصب العین/ارادہ ؛ طے شدہ مقصد کے لیے کام کرنے کی کیفیت یا عمل (بذاتِ خود) ؛ استقلال ؛ کسی قانون ساز ادارے یا دیگر گروہ کا وہ فیصلہ یا اس کی وہ رائے جو عموماً ووٹ کے ذریعے منظرِ عام پر آئے ؛ مضبوطی ؛ اجزائے ترکیبی کے جُدا جُدا کرنے کا عمل؛ تجزیہ؛ کسی مسئلہ کا حل یا جواب ۔ (موسیقی) غیر ہم آہنگ/مخالف سُر کو رفتہ رفتہ ہم آہنگ/موافق سر کی طرف لانے کا عمل ؛ اس عمل سے پیدا ہونے والے سُر ۔ (طِب) کسی پھوڑے یا ورم کے غائب ہونے یا ہلکا پڑ جانے کا عمل ۔ (طبیعیات) گداخت ؛ پگھلاؤ ۔

resolve, v.t. ارادہ کرنا ؛ حل کرنا ؛ قرارداد منظور کرنا ؛ اجزائے ترکیبی یا سادہ حصص میں تقسیم کرنا ؛ تجزیہ کرنا ؛ کسی طریقِ کار سے یا اُس کی معرفت علحٰیدہ یا تبدیل کرنا ؛ مشکلات دور کرنا (جیسے: to resolve doubts) ؛ تشریح کرنا ؛ حل کرنا ؛ عزمِ مصمّم کر لینا ؛ ارادہ کر لینا ؛ قرارداد کے ذریعے پیش کرکے بنانا یا قانون سازی کرنا ، جیسے کوئی قانون ساز ادارہ ووٹ کے ذریعے کرتا ہے ۔ (موسیقی) غیر ہم آہنگ سُر/مخالف سُر کو رفتہ رفتہ ہم آہنگ/موافق سُر کی جانب لانا ۔ (طب) پیپ پڑے بغیر کسی پھوڑے یا ورم کو تحلیل کرنا۔ (کیمیا) بصریاتی طور پر فعال اجزا میں بانٹنا یا الگ الگ کرنا ، جیسے کسی تجسیمی ہم ترکیب مادّے کو ۔ (بصریات) الگ الگ حصّوں کو بصری دائرے میں لانا ۔ (طبیعیات) گلانا ؛ پگھلانا ۔ (فعل لازم) رائے کا قائم ہونا یا فیصلہ ہونا ؛ ارادہ ہونا ؛ مختلف اجزائے ترکیبی یا اصولوں میں منقسم ہونا۔ (موسیقی) ہم آہنگ بنانا۔ (اسم) طے شد امر؛ ذہنی طور پر طے شدہ مقصد ؛ عزمِ مصمّم؛ پختہ ارادہ۔

resolvable, a. جسے طے/حل کیا جا سکے ، جیسے کوئی مسئلہ/جھگڑا؛ قابلِ تجزیہ؛ تحلیلی۔

resolver, n. مسئلے کو طے/حل کرنے والا شخص ؛ تجزیہ کار ۔

resolvent, a. حل کرنے کا اہل ؛ جس میں حل کرنے کی قوّت ہو ؛ مسئلہ/جھگڑا طے کرانے والا ؛ حل کا باعث ۔ (اسم) وہ شخص یا شے جس میں حل کرنے کی قوّت موجود ہو ۔ (طب) ورم تحلیل کرنے والی دوا ، مادہ یا محلّل ؛ گلاؤ ؛ پگھلاؤ۔

resolving power, n. (بصریات) قُوّتِ تحویل ؛ کسی خوردبین یا دیگر کسی بصری آلے کی یہ صلاحیت کہ دو یا زیادہ جھرمٹوں والی اشیا کی تصویر کو اس طرح دکھا سکے کہ ہر ایک واضح نظر آئے ۔

resonance, n. گُمک ؛ گونج ؛ گمکی ہونے کی حالت یا صفت ؛ کسی آواز کے پلٹ آنے کی صفت ۔ (طبیعیات) کسی اور جسم کی تھرتھراہٹ کے نتیجے میں کسی جسم میں متناسب تھرتھراہٹ پیدا ہونے کی کیفیت یا یہ عمل ؛ دیگر اجسام کی متناسب تھرتھراہٹ سے آواز کو بڑھانے یا دیر تک قائم رکھنے کا عمل ۔ (برق) کسی مخصوص تعدّد کے حوالے سے کسی سرکٹ کی یہ کیفیت کہ اس کی مکمل تعاملیّت تو صفر ہو اور برقی بہاؤ زیادہ سے زیادہ ہو۔ (صوتیات) بولی گئی آوازوں کی سمعی صلاحیت میں اضافہ ؛ مختلف جوفوں میں سے ، جیسے مُنہ ، ناک وغیرہ سے نکلنے والی صوتی لہروں کا اتّصال جو ایک صوتیے کی خاصیت ہوتا ہے ۔ (طب) سینے یا کسی اور عضوِ بد پر دھپ دھپانے کی آواز ۔

resonant, a. گونج دار ؛ گمک دار ؛ کسی آواز میں واپس آنے کی صلاحیت ؛ گونج/گمک سے بھرپور ؛ گونج کے ذریعے شدّت یافتہ؛ گونج کر پلٹ آنے والی ۔ (اسم) گمک دار حرف/حرفِ علّت جیسے i,e,a وغیرہ ۔

resonantly, adv. گونج دار طریقے پر؛ گمک دار انداز سے ؛ گونجتے ہوئے ۔

resonate, v.i. گونجنا ؛ گمک پیدا ہونا ؛ گونج پیدا کرنے والے کے طور پر کام کرنا ۔

resonation, n. گُمک ؛ گونج ۔

resonator, n. مضراب ؛ گمکیا ؛ گونج پیدا کرنے والی کوئی شے؛ گمک کو جنم دینے والی شے ۔ (سمعیات) گونج/گمک کے ذریعے آواز بڑھانے کا کوئی آلہ؛ کسی سُر کا گمک/گونج کے ذریعے پتا چلانے کا آلہ ۔ (برقیات) کسی بھی برقناطیسی گونج/گمک کے اثرات کو استعمال میں لانے ، ان کی نشاندہی کرنے یا انھیں ظاہر کرنے والا آلہ یا طریقِ کار ۔

resorb, v.t. دوبارہ جذب کرنا ، جیسے کسی رس نکلنے کے عمل کو؛ نمی یا پسینے وغیرہ کو دوبارہ جذب کر لینا ۔

resorbent, a. دوبارہ جذب کرنے والا؛ باز جاذب ۔

resorbence, n. انجذابِ مکرّر ؛ جذبِ مکرّر ؛ باز جذب ۔

resorcinol, resorcin, n. (کیمیا) رال پوٹاش ؛ بنزین کا ایک بے رنگ/شفّاف قلمی مشتق، جو بنیادی طور پر بعض گوند/بیروزوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور طب ، چمڑا سازی اور رنگ سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

resorption, n. (صخریات) انجذاب ؛ بازجذبی عمل ؛ آتشیں/آتشی چٹان کی بناوٹ میں وہ طریقِ کار جس کے ذریعے کوئی قلم/قلمی مادہ جزوی یا کلّی طور پر دوبارہ پگھل جاتا ہے اور اُس پگھلے ہوئے بَرکانی مواد میں پھر سے جذب ہو جاتا ہے جس میں سے یہ قلمی صورت میں پیدا ہوا تھا ۔

resorptive, a. باز جذبی ؛ کسی قلمی مادے کی کُلّی یا جزوی طور پر پگھل کر اپنی اصل چٹان میں واپس مل جانے کی صفت یا اِس صفت کو رکھنے والا کوئی مادہ ۔

resort, v.i. جانا (جیسے: to resort to a place) ؛ رسائی رکھنا (جیسے: to resort to force) ؛ اختیار کرنا؛ اکثر و بیشتر مُرمّت کرنا ۔ (اسم) سیرگاہ ؛ جائے رفتن ؛ جانے کا عمل ؛ ایسی جگہ جہاں بار بار لوگ جائیں ؛ سیروتفریح کی جگہ ؛ مکان ؛ جائے قرار ؛ جائے پناہ ؛ مامن ؛ صحت گاہ ۔

resorter, n. سیروتفریح کا شوقین ؛ کسی جگہ بار بار جانے والا شخص ؛ پناہ گزین ۔

resound, v.i. گونجنا ؛ گمک کا پیدا ہونا ؛ آواز سے بھرپور ہونا ؛ گونج دار ہونا ؛ آواز کا اُونچا ہونا ؛ مشہور ہونا یا بہت ہی مبالغہ آمیزی کا بیان ہونا ۔ (فعل متعدی) آواز کو زور دار بنانا ؛ آواز کو گمک دار/گونج دار بنانا ؛مبالغہ آمیز بنانا ۔

resounding, a. گونج دار ؛ گمک دار ؛ بلند آہنگ ۔

resoundingly, adv. گونجتے ہوئے ؛ گونجدار طریقے پر ؛

گمک دار انداز سے ؛ به آہنگِ بلند ۔

resource, n. سہارا ؛ آس ؛ وسیلہ ؛ مدد یا اعانت کا وسیلہ جو خاص طور پر محفوظ رکھا ہوا ہو ؛ تیز رفتاری سے کیا گیا عمل یا اٹھایا گیا قدم ؛ وسائل جن سے کام نہ لیا گیا ہو ؛ جس سے رجوع کیا جائے ۔ (جمع) خزانہ ؛ وسائل ؛ سرمایہ ؛ کسی قسم کی موجود جائیداد، قدرتی ذرائع ، (دیگر) وسائل یا صلاحیتیں ؛ خوش تدبیری ؛ کسی بھی مسئلے یا صورتِ حال سے نپٹنے/عہدہ برآ ہونے کی قابلیت/صلاحیت ۔

resourceful, a. ذرائع رکھنے والا ؛ رسا ؛ کسی مسئلے سے نپٹنے/عہدہ برآ ہونے کے قابل ؛ سوجھ بوجھ والا ؛ خوش تدبیر ؛ وسیلہ دار ۔

resourcefully, adv. مناسب ذرائع سے ؛ کسی مسئلے سے عہدہ برآ ہونے کی صفت کے ساتھ ؛ خوش تدبیری سے ۔

resourcefulness, n. باذرائع ہونے کی کیفیت ؛ کسی مسئلے سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت رکھنے کی کیفیت ؛ خوش تدبیری ؛ حاضر دماغی ؛ سوجھ بوجھ ؛ رسائی ۔

respect, n. ادب ؛ عزّت ؛ لحاظ ؛ پاس ؛ وقعت ؛ کسی کو بہت بلند و اعلیٰ مرتبت سمجھنے کا عمل ؛ باعزّت ، باوقار ، با احترام سمجھے جانے کا عمل ۔ (جمع) کسی کے لیے عزت ، ادب یا احترام کا اظہار ؛ آداب ملحوظ خاطر رکھنے کا عمل (جیسے: to pay one's respects) ؛ خوش اخلاقی یا تواضع (جیسے respect for his privacy) ؛ کوئی نکتہ یا معاملہ (جیسے : wrong in this respect) ؛ تعلق ؛ حوالہ (جیسے: with respect to delivery) ؛ علاقہ ؛ نسبت ؛ لگاؤ ؛ ربط ۔ (فعل متعدی) بہت ادب یا عزّت کرنا ؛ پاس کرنا/التفات سے پیش آنا ؛ دخل اندازی یا دخل در معقولات سے بچنا ؛ کسی سے متعلّق ہونا یا اُس کا لحاظ رکھنا ۔

respecter, n. ادب لحاظ کرنے والا شخص ؛ احترام کرنے والا ۔

respectful, a. با ادب ؛ باملاحظہ ؛ مؤدب ۔

respectfully, adv. مودبانہ انداز سے ؛ باادب طور پر ؛ احتراماً ۔

respectfulnes, n. ادب ؛ احترام ؛ لحاظ ؛ باادب ہونے کی کیفیت ؛ عزّت ؛ تعظیم ۔

respectability, n. محترم یا قابلِ لحاظ/عزّت ہونے کی کیفیت ؛ خاصی زیادہ عزت ؛ اچھا معاشرتی مقام یا اچّھا کردار ؛ قابلِ عزت شخص یا لوگ ۔ (جمع) قابلِ عزّت تصوّر کی جانے والی روایات۔

respectable, a. قابلِ عزّت ؛ قابل احترام ؛ محترم ؛ اچھی شہرت یا اخلاق والا ؛ عمدہ ؛ مناسب ؛ معقول ؛ خاصا اچّھا ؛ اوسط درجے کا ؛ تعداد یا حجم میں خاصا بڑا/زیادہ ؛ بھلا مانس ؛ شریف ؛ معزز۔

respectableness, n. قابل عزّت ہونے کی کیفیت ؛ احترام ؛ عزت ؛ شرافت۔

respectably, adv. قابلِ عزّت طور پر ؛ باعزّت انداز سے ؛ قابل احترام طور پر ۔

respecting, prep. بحوالہ ؛ کے متعلّق ؛ کے بارے میں۔

respective, a. چند اشخاص یا اشیا میں سے ہر ایک یا چند مختلف سے متعلّق ؛ اپنی اپنی باری پر؛جداگانہ ؛ انفرادی ؛ اضافی ۔

respectiveness, n. تعلّق ؛ ترتیبی تعلّق ؛ انفرادیت ۔

respectively, adv. علی الترتیب ؛ حسب ترتیب ؛ باترتیبِ تعلّق ؛ انفرادی ترتیب کے ساتھ ؛ فرداً فرداً۔

respell, v.t. دوبارہ ہجّے کرنا ؛ نئے انداز سے ہجّے کرنا ، خاص طور پر ان نظام الالفاظ میں جہاں صوتیات رہنمائی کرتی ہے/جہاں تلفّظ کے حساب سے لفظ کو بولا جاتا ہے۔

respirable, a. سانس لینے کی صلاحیت رکھنے والا یا سانس لیے جانے کے قابل ؛ قابلِ تنفس۔

respiration, n. سانس لینے کا عمل؛ عملِ تنفّس ؛ ہوا کا پھیپھڑوں کے اندر جانے اور پھر باہر آنے کا عمل ؛ سانس ؛ جانوروں اور پودوں میں آکسیجن حاصل کرنے کا وہ تمام کیمیائی اور طبیعیاتی عمل/طریق کار جس کے ذریعے نظام میں آکسیجن جذب ہو جاتی ہے اور کاربن ڈائی آکسائڈ وغیرہ باہر نکال دی جاتی ہیں۔

respirational, a. متعلّق بہ تنفّس ؛ تنفّس کے قابل ؛ عملِ تنفس سے متعلق ۔

respiratory, a. سانس لینے کا ؛ تنفس کا ۔

respirator, n. آلۂ تنفس (سانس لینے کا آلہ) ؛ ایک نقاب نما آلہ جس سے مُنہ یا مُنہ اور ناک ڈھانپ لیتے ہیں تاکہ ٹھنڈی ہوا یا نقصان دہ مادے مُنہ یا مُنہ اور ناک کے ذریعے جسم کے اندر نہ جائیں ؛ مصنوعی تنفس مہیا کرنے والی ایک مشین (جیسے: an iron lung) ۔ (برطانوی) ہوائی نقاب ؛ گیس ماسک ؛ گیسی نقاب ۔

respiratory quotient, n. تنفسی نسبت ؛ سانس میں کھینچی گئی آکسیجن کے ساتھ باہر نکالی گئی کاربن ڈائی آکسائڈ کو نسبت ۔

respire, v.i. سانس لینا ؛ پھیپھڑوں کے اندر سانس کھینچنا اور پھر اُسے باہر نکالنا (زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے) ؛ بہ سہولت سانس لینا ؛ مشقّت ، پریشانی کے بعد تازہ دم ہونا ؛ بیماری کے بعد صحت یاب ہو جانا ؛ دم لینا ؛ آرام ہونا ۔ (فعل متعدی) ہوا وغیرہ کو اندر لے جانا/باہر لانا (سانس کے ذریعے) ؛ سانس باہر لانا ۔

respite, n. وقفہ ؛ وقفہ برائے آرام ؛ مشقّت یا بیماری میں عارضی وقفہ یا آرام ؛ سکون یا آرام کا وقت/وقفہ ؛ دیر ؛ تاخیر ؛ التوا ۔ (قانون) معافی ؛ کسی سزا یافتہ مجرم کی سزا کا عارضی التوا ۔ (فعل متعدی) عارضی آرام دینا یا پہنچانا ؛ سکون پہنچانا ۔ (قانون) معاف کر دینا ؛ سزا واپس لے لینا ۔

resplendent, a. منوّر ؛ بہت روشن ؛ آب و تاب والی/والا ؛ خوب صورت سازوسامان سے لیس ؛ شاندار ۔

resplendently, adv. آب و تاب سے ؛ روشن انداز میں ؛ خوب صورتی سے ؛ شان سے ؛ جگمگاتے ہوئے ۔

resplendence, resplendency, n. روشنی ؛ آب و تاب ؛ چمک دمک ؛ شان و شوکت ؛ جگمگاہٹ ۔

respond, v.i., v.t. جواب دینا ؛ تحریری جواب لکھنا ؛ کسی بھی طریقے کا جواب ہونا ؛ عمل سے جواب دینا یا عملی جواب دینا ؛ ردّعمل دینا ؛ (کسی چیز کے) مطابق عمل کرنا ۔ (قانون) ذمّے دار ہونا ۔ (اسم) (فن تعمیر) ستونچہ ؛ نیم ستون ؛ کسی دیوار کے پہلو سے نکلا ہوا ستون/فیل پایہ/کھمبا جو کسی ایسی محراب کو سہارا دینے کے لیے بنایا گیا ہو جو دوسری جانب کسی (زمین پر بنے ہوئے) ستون ٹکی ہو ۔ (کلیسیات) سنگتی مناجات ؛ اجتماعی مناجات ۔

respondent, a. جواب دینے والا ؛ مدعا علیہ ، کسی
مقدمے کا ؛ جواب دہندہ ۔ (اسم) جواب دہندہ یا جواب دینے والا شخص
وہ شخص جو جواب پیش کرے ۔ (قانون) کسی مقدّمے میں مدّعی ک
جواب دینے والا شخص ؛ مدّعا علیہ ، خاص طور پر معدلت یا طلاق کے
مقدمے میں ۔

responder, n. ردِّعمل ظاہر کرنے والا شخص یا کرنے والی شے ۔
(برق) کسی آلے کا وہ حصّہ جو جواب دیتا ہو ۔

response, n. جواب ؛ جواب دینے یا ردِّعمل دینے
کی کیفیت ؛ ردِّعمل ۔ (کلیسیات) گرجا میں مناجات کے دوران پادری
کی قِرأت کے جواب میں مقتدیوں کے دہرانے کا عمل ؛ مناجات میں
سنگت/اجتماعی مناجات ۔ (حیاتیات) کسی مہیّج کے ردِّعمل کے طور
پر کسی جانور یا پودے کے کوئی عمل ؛ ردِّعمل ۔ (برج) اپنے ساتھی کے
پتّے پر لگائے گئے داؤ کا جواب ۔

responsibility, n. ذمّے داری ؛ جواب دہی ،
وہ جس کی ذمّے داری کسی پر ہو ؛ امانت ، فرض ؛ فرائض ادا کرنے ی
رقم کی ادائیگی کی صلاحیت ؛ بااعتبار ہونے کی حالت/کیفیت ؛
ایمانداری ۔

responsible, a. ذمّے دار ؛ جوابدہ ؛ کسی فرض کی ادائیگی
یا امانت کا جواب دہ ؛ اخلاقی فیصلے کرنے کی
صلاحیت رکھنے والا ؛ اپنے روئیے کے بارے میں جواب دہ ؛ کسی
ادائیگی ، مطالبے ، قرض یا فرض وغیرہ سے عہدہ برآ ہونے کے قابل ؛
قابلِ اعتماد ؛ بھروسے کے قابل ؛ مکلف ؛ معتبر ؛ معزز ۔

responsibleness, n. ذمّے داری محسوس کرنے کا عمل یا کیفیت ؛
ذمّہ داری ؛ جواب دہی ۔

responsibly, adv. ذمّے داری سے ؛ ذمّے دارانہ طور پر ؛ جوابدہی سے ۔

responsions, n. انگلستان کی آکسفورڈ یونیورسٹی میں
بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے پہلا امتحان جس میں کامیاب
ہونا ضروری ہوتا ہے۔

responsive, a. ردِّعمل ظاہر کرنے والا/والی ؛ جوابی؛
جلد متأثر ہونے والا ؛ مثالی طور پر جواب دینے والا ؛ اثر پذیر ؛ زُودحِس
ہمدرد ؛ درد آشنا۔

responsively, adv. جوابانہ ؛ جواب کے انداز میں ؛
ردِّعمل کےطور پر ؛ ردِّعمل دیتے ہوئے ۔

responsiveness, n. ردِّ عمل دینے کی صلاحیّت ؛ جوابی
صلاحیت/کیفیت ؛ تأثّر ؛ اثرپذیری ؛ زود حسی ؛ ہمدردی۔

responsory, respond, response, n. (کلیسیات) اجتماعی مناجات ؛
مناجات سنگت ؛ کسی درس کے دوران یا آخر میں پڑھی جانے والی
اجتماعی مناجات۔

res publica, n. [لاطینی] دولتِ مشترکہ ؛ ریاست/مملکت ؛
جمہوریہ۔

rest, n. آرام ؛ سکون ؛ چین ؛ استراحت ؛
آسودگی ؛ قرار ؛ فرصت ؛ فراغت ؛ تازگی بخش سکوت/خاموشی یا نیند
کا آرام ؛ سخت کام یا محنت کے بعد تازگی بخش آرام/چین یا بے عملی ؛
تھکا دینے والی ، پریشان کُن یا خلل ڈالنے والی کسی چیز سے آزادی یا
اُس کی طرف سے چین/اطمینان ؛ ذہنی یا روحانی سہولت یا سکون ؛
سکوتِ مرگ/سکونِ مرگ ؛ حرکت کا عدم وجود (جیسے: a body at
rest, to bring a machine to rest) ؛ پناہ یا رہایش فراہم کرنے کے لیے
کوئی جگہ/ادارہ ؛ آرام کرنے کے لیے کوئی سہارا ، جیسے ٹیک وغیرہ ؛
ٹیک/تکیہ یا سہارا دینے والی کوئی شے ۔ (موسیقی) سُروں کے درمیان
سکوت/خاموشی کا وقفہ ؛ سکوت/خاموشی ظاہر کرنے والی علامت ۔
(عروض) پڑھنے کے دوران وقفہ ؛ وقفِ شعری ۔ (بلینرڈ ، پُول/کھیل)
اشارہ چھڑی ٹیک : اشارہ چھڑی (cue) ٹکانے کے لیے کوئی شے جیسے
ہاتھ یا لکڑی کا دندانے دار ٹکڑا ؛ دیدبان ۔ (فعل لازم) آرام لینا یا آرام
کرکے تازہ دم ہو جانا ، جیسے سو کر ؛ لیٹ کر یا جسم یا ذہن کو سکون
پہنچا کر ؛ محنت یا سخت کام کو ختم کرکے تھکن اُتارنا یا آرام سے ہونا
یا امن چین میں ہونا ؛ مردہ بن کر لیٹ جانا ؛ حرکت بند کر دینا ، رُک
جانا ، حالتِ سکون میں ہو جانا ؛ رک جانا ؛ تسلسل کا ٹوٹ جانا یا مزید
عمل یا دھیان/توجّہ میں نہ ہونا (جیسے : to let a matter rest) ؛ آرام یا
سکون کی خاطر جُھکنا/ٹیک لگانا ، بیٹھنا یا دراز ہونا ؛ لیٹنا یا سہارا
لینا (جیسے : a ladder resting against a wall) ؛ نصب ہونا یا ٹکٹکی
باندھنا یا کسی چیز پر آنکھیں جمانا ؛ بوجھ یا ذمہ داری ڈالنا (on یا upon
کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ بھروسہ کرنا (on یا upon کے ساتھ مستعمل
ہے) ؛ بنیاد یا بُنیادی بننا (on یا upon کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ لیٹنا ؛ مل
جانا یا نشان دہ ہو جانا (جیسے: the blame rests with them) ۔ (قانون)
کسی مقدمے میں شہادت کو رضاکارانہ طور پر واپس لینا/ختم کر
دینا ۔ (زراعت) بے کار یا غیر کاشت شدہ پڑے رہنا ، جیسے زرعی زمین
کا ۔ (فعل متعدی) آرام دینا یا آرام دے کر تازہ دم کرنا ؛ روکنا یا حالتِ
سکون میں لانا ؛ سکون ، آسانی یا سہارے کے لیے لِٹانا ؛ مبنی کرنا یا
منحصر کرنا (جیسے : to rest one's hopes on assurances) ؛ گاڑنا یا
ایک سمت میں لے جانا ، جیسے آنکھوں کو ۔ (قانون) کسی مقدمے میں
شہادت کو رضاکارانہ طور پر ختم کر دینا (جیسے : to rest one's case) ۔

at rest, حالتِ سکون میں ، جیسے موت
یا نیند میں ؛ ساکن ؛ بے حرکت ؛ پر سکون ۔

rester, n. آرام کرنے/دینے والا شخص ؛ سہارا دینے والا ۔

rest, n. باقی ؛ بقیہ ؛
ایک حصّے کی علیحدگی کے بعد باقی بچا ہوا ؛ باقیات/بچا کھچا ؛
دیگر (جیسے : The rest of the boys have gone)۔(برطانوی) کسی
بینک کا فاضل محفوظ شدہ سرمایہ ؛ باقی ؛ بقیہ تعداد ؛ مابقی ؛ بقیہ
رقم ۔ (فعل لازم) ہونا ؛ جاری ہونا ۔

rest, n. نیزے کی ٹیک یا سہارا ؛ قرونِ وسطیٰ میں
زرہ بکتر میں سینے کے حصّے کے پہلو میں لگی ہوئی ایک ایسی شے
جس میں حملہ کرتے وقت نیزے کا دستہ ٹکایا جاتا تھا ۔

restart, v.t., v.i. دوبارہ یا نئے سرے سے شروع کرنا/ہونا ؛
پھر سے کرنے لگنا ؛ دوبارہ روانہ یا جاری کرنا یا روانہ ہونا یا جاری ہونا ۔
(اسم) آغازِ نَو؛ نئے سرے سے آغاز ؛ پھر سے آغاز ۔

restate, v.t. نئے سرے سے یا دوبارہ بیان کرنا ؛
مختلف انداز سے بیان یا پیش کرنا ۔

restatement, n. دوبارہ دیا گیا یا نیا بیان ؛
بیانِ مکرر ۔

restaurant, n. ریستوران ؛ ہوٹل ؛ ایک ایسا تجارتی ادارہ
جو کھانا یا مشروبات وغیرہ پیش کرتا ہے ؛ طعام کدہ/طعام خانہ ۔

restaurateur, n. ریستوران کا مالک یا منتظم ؛

طعام کدے کا مالک یا منتظم ۔

restful, a. آرام سے بھرپور ؛ آرام دہ ؛ پُر سکون ؛ پرسُکوت ؛ حالتِ آرام میں ؛ چین سے ؛ سکون بخش ؛ شوروغل سے پاک ۔

restfully, adv. آرام سے ؛ آہستہ آہستہ ؛ پُر سکون انداز سے ؛ پُر سکون طریقے سے ۔

restfulness, n. آرام کی کیفیت ؛ پُرسکونی ؛ سکون بخشی ۔

rest home, n. آرام گھر ؛ آسایش گھر ؛ بڑی عمر کے لوگوں ، بیماروں یا صحت یابی کے مرحلے میں لوگوں کی ضروریات کے مطابق ماحول اور علاج معالجے کی سہولتیں فراہم کرنے والا ایک ادارہ ؛ عافیت گھر ؛ عافیت کدہ ۔

rest house, n. مسافر گھر ؛ سرائے ؛ مسافر خانہ ؛ ڈاک بنگلہ ؛ مسافروں کے آرام کے لیے یا اُن کی رہایش کے لیے کوئی مکان یا عمارت ؛ ایسا مکان (یا عمارت) جس میں مسافروں ، مہمانوں کو خرچے کی ادائیگی پر قیام و طعام کی سہولتیں فراہم کی جائیں نیز اُن کے لیے تازگی بخش اور پُرسکون ماحول موجود ہو۔

restiform, a. دھاگے جیسا ؛ رسّی جیسا ؛ رسّی کی طرح بٹا ہوا ؛ حبلی ؛ طنابی۔

restiform bodies, n. (تشریح الاعضا) اجسامِ حبلیہ ؛ راس النّخاع کے دونوں جانب اعصابی ریشوں کے رسّی کی طرح لپٹے ہوئے عصبیے جو اسے چھوٹے دماغ کے ساتھ مربوط کرتے ہیں ؛ حبلی اجسام۔

resting, a. آرام میں ؛ حالتِ سکون میں۔ (نباتیات) نیم خوابیدہ ، خاص طور پر اُن تُخمکوں کے بارے میں کہا جاتا ہے جو کچھ عرصے بے عمل/خوابیدہ/مُردہ رہ کر پھر سے نمو پذیر ہو جاتے ہیں۔

restitution, n. بحالی ؛ ابتدائی یا اصل حالت یا مرتبے پر بحالی ؛ چھنے ہوئےحقوق یا جائیدادکی بحالی ؛ نقصان کے بدلے میں برابر کی چیز بطور جرمانہ/ہرجانہ دینے کا عمل ؛ ضیاع ، نقصان یا زخم کے لیے ہرجانہ ؛ معاوضہ ، تلافی ۔ (طبیعیات) کسی لچکدار چیز کا دباؤ کے ہٹتے ہی واپس اپنی اصلی حالت یا جگہ پر آ جانے کا عمل ۔

restive, a. بے چین ؛ قابو سے باہر ؛ مایوس ؛ اڑیل ؛ بے قابو ؛ مسلسل حرکت پذیر یا سیماب پا ؛ دباؤ یا مخالفت کے باعث بے صبر/بے آرام ؛ بیقرار ۔

restively, adv. بے چینی سے ؛ سیماب پا انداز میں ؛ بے صبری سے ؛ مایوسی سے ۔

restiveness, n. بے صبری ؛ سیمابی ؛ مایوسی ؛ بے چینی ؛ بے قابو ہونے کی کیفیت ؛ اڑیل پن ۔

restless, a. بے آرام ؛ بے کل ؛ بے چین ؛ مضطرب ؛ بیقرار ؛ بے سکون ؛ مسلسل حرکت پذیر ؛ بغیر آرام کے ؛ آرام کرنے یا سونے کے ناقابل ؛ آرام یا حالتِ سکون پر غیر مطمئن ؛ غیر سکون پذیر ؛ بے صبر ۔

restlessly, adv. بے چینی سے ؛ بے آرامی سے ؛ بے صبری سے ؛ بے سکونی سے ۔

restlessness, n. بے چینی ؛ بے آرامی ؛ بے صبری ؛ بے سکونی ؛ اضطراب ؛ بے کلی ؛ بے قراری ۔

rest mass, n. (طبیعیات) سکونی کمیت ؛ اضافیّتی نظریے کے مطابق کسی جسم کی وہ کمیت جو مکمل سکون کے وقت ہوتی ہے ، اس میں وہ کمیت حرکی شامل نہیں جو وہ حرکت میں آکر حاصل کر لیتی ہے ۔

restoration, n. بحالی ؛ بحالی کا عمل ؛ بحالی کی کیفیت یا حالت ؛ (ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کی) بدلی/تبدیلی ؛ تجدید ؛ قیامِ نَو/قیامِ مکرّر ؛ نقائص/خرابیوں کا سدِّباب ، جیسے فن پاروں کی خرابی یا نقائص کا ؛ بحال شدہ ، مرمّت شدہ یا دوبارہ تعمیر شدہ کوئی شے، جیسے کوئی قدیم عمارت یا متحجّرات ۔

the Restoration, عود شاہی/بحالی شاہِ انگلستان ؛ ۱۶۶۰ء میں شاہ چارلس دوم کی انگلستان میں دوبارہ واپسی اور تخت نشینی اور (اِس طرح) انگریزی بادشاہت کا پھر سے قیام ؛ چارلس دوم کا عرصۂ حکومت ؛ بعض اوقات چارلس دوم اور جیمز دوم کا عہدِ حکومت۔

restorative, a. بحال کرنے کے قابل ؛ متعلّق بہ بحالی ۔ (اسم) بحال کُنندہ ؛ وہ (شے) جو ہوش و حواس یا صحت بحال کر دے ۔

restoratively, adv. بحال کرنے کے طور پر ؛ ہوش و حواس یا صحت کی بحالی کے طور پر ۔

restorativeness, n. بحال کرنے کی خاصیت/صفت ؛ ہوش و حواس یا صحت کی بحالی کی خاصیت۔

restore, v.t. بحال کرنا ؛ وجود یا استعمال وغیرہ میں واپس لے آنا ؛ دوبارہ قائم کرنا (جیسے : to restore peace)؛ ابتدائی ، اصلی یا عمومی/عام حالت پر بحال کرنا ؛ (جیسے تجدید کرنا : to restore a building) ؛ صحت ، درستی یا قوّت کی حالت پر واپس لانا ؛ سابقہ جگہ یا سابقہ مرتبے ، درجے وغیرہ پر بحال کرنا (جیسے : to restore a king to the throne) ؛ واپس دے دینا ، واپس آ جانا یا پھر لے آنا ، جیسے کسی گم شدہ چیز کا یا لے لی گئی چیز کا۔

restorable, a. قابلِ بحالی ؛ قابلِ تجدید ؛ قابلِ واپسی ۔

restorer, n. بحال کنندہ ؛ واپس کرنے والا شخص ۔

restrain, v.t. روک رکھنا ؛ باز رکھنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ عمل نہ کرنے دینا ؛ دبانا؛ محدود کر دینا؛ آزادی سے محروم کر دینا ، جیسے کسی گرفتار شدہ شخص کو؛ حراست میں رکھنا ۔

restrainable, a. قابلِ حراست؛ روکے جانے کے قابل؛ قابلِ گرفتاری ۔

restrainedly, adv. رکاوٹ سے؛ رُک رُک کر؛ پابندی سے ۔

restrainer, n. روکنے والا شخص؛ پابند/گرفتار کنندہ؛ ضابط ۔

restraint, n. ممانعت؛ بندش؛ رکاوٹ؛ روکنے کا عمل؛ ضبط؛ عمل پذیر ہونے میں رکاوٹ؛ مرضی/وصیت میں رکاوٹ؛ آزادی پر پابندی؛ حراست/قید/گرفتاری ؛ رکاوٹ ڈالنے یا پابند کرنے والا ؛ حد بندی ؛ دباؤ/لاچاری ۔

restrict, v.t. محدود کر دینا ؛ پابند کر دینا؛ حدود میں پابند/مقیّد کر دینا؛ حد باندھنا ۔

restricted, a. پابند ؛ محدود ؛ لاچار ؛ مقیّد ۔

restrictedly, adv. پابند انداز میں ؛ محدود طریقے پر ؛ لاچاری سے ۔

restriction, n. پابندی ؛ قید ؛ پابند کرنے یا ہونے کا عمل ؛ پابند کنندہ ؛ رُکاوٹ ؛ بندش ؛ ضبط ؛ روک ؛ تحدید ، ممانعت

حد بندی ۔

restrictionism, n. تحدیدیت ؛ کسی شے پر پابندی کی قومی حکمتِ عملی ، جیسے تجارت یا غیر ملکی تجارت پر ۔

restrictionist, a., n. پابندی کے حق میں ؛ کسی شے پر پابندی کی قومی حکمت عملی کا حامی ۔

restrictive, a. متعلق بہ پابندی ؛ امتناعی ؛ پابندی عائد کرنے والا ۔ (گرامر) کسی تبدیل شدہ لفظ یا الفاظ کے مجموعے کے معنی یا تشخّص کی حدود متعین کرنے والا ۔

restrictively, adv. ممانعت کے طور پر ؛ امتناعی انداز سے ؛ پابندی کے انداز سے ۔

restrictiveness, n. پابندی ؛ ممانعت ؛ امتناع ؛ بندش ؛ روک ۔

rest room, powder room, toilet, n. بیت الخلا برائے عوام ؛ برطانیہ میں اِس کے لیے "water closet"(W.C.) کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے ۔

result, v.i. نتیجہ نکلنا/برآمد ہونا؛ حقائق ، دلائل ، قضیہ جات ، حالات کے اجتماع وغیرہ سے نتیجے کا نکلنا یا برآمد ہونا یا پیدا ہونا ؛ جنم لینا ؛ وقوع پذیر ہونا ؛ کوئی چیز پیدا ہونا ؛ ثمر آنا ؛ اختتام پذیر ہونا (in کے ساتھ مستعمل ہے ، جیسے : This measure will result in good or evil)۔ (اسم) نتیجہ ؛ عواقب ؛ اختتام ؛ یافت؛ حاصل شُدہ شے ؛ انجام ؛ برآمدگی ؛ اثر ؛ حاصل/ماحصل ؛ وہ جو حقائق ، دلائل ، قضیہ جات یا حالات سے منطقی طور پر نکلے/برآمد ہو ؛ ثمر یا ثمرہ ؛ پھل ۔

resultful, a. بانتیجہ ؛ باثمر ؛ کارآمد ؛باثر؛ نتیجہ خیز ۔

resultless, a. بے نتیجہ ؛ بے اثر ؛ لاحاصل ؛ بے ثمر ؛ بے کار ؛ بے حاصل ۔

resultant, a. حاصل/ماحصل ؛ بطورِ نتیجہ حاصل شدہ ؛ دو یا زیادہ اشیا کے ملاپ سے حاصل ہونے والا ۔ (اسم) نتیجہ ؛ ثمر ۔ (ریاضی ، طبیعیات) سمتی رفتار یا اسراع جیسی کوئی واحد قوّت جو کئی قوتوں کے مجموعے کے برابر ہو ۔ (ریاضی) کسی بھی کثیر رقمی مساوات کے سیٹ کامقطعہ؛ حاصل قوّت ۔

resultantly, adv. بطورِ نتیجہ ؛ بطورِ حاصل/ماحصل ؛ بطورِ عواقب ۔

resume, v.t. خلل/رکاوٹ کے بعد پھر کرنے لگنا ؛ دوبارہ لے لینا (جیسے : to resume your position) ؛ واپس لے لینا (جیسے : to resume the car's title) ۔ (فعل لازم) پھر سے/دوبارہ شروع ہونا ؛ نئے سرے سے ہونا ۔

résumé, resume, n. [فرانسیسی] لُبّ لباب ؛ خلاصہ ؛ خلاصۂ کلام ؛ مختصر جائزہ/بیان ، جیسے کسی ملازمت کے امیدوار کا ۔

resumption, n. دوبارہ دخل ؛ دوبارہ قبضہ ؛ دوبارہ حصول ؛ رکاوٹ کے بعد پھر سے کرنے کا عمل ؛ (پھر سے) واپس لے لینے یا دوبارہ لے لینے کا عمل ؛ بازیافت؛ بازگیری ۔ (قانون) ضبطی ۔

resupinate, a. مقلوب ؛ اُلٹ ؛ معکوس ؛ اُلٹا ؛ کمر/پشت کے بل ؛ سر کے بل (نظر آنے والا) ؛ پیچھے کی طرف مُڑا ہوا ۔

resupination, n. معکوسیت ؛ عکس ؛ اُلٹ پن ؛ مقلوبیت ۔

resupine, a. پُشت/کمر کے بل لیٹا ہوا ؛ اُلٹا ، معکوس ۔

resurface, v.t. نئی یا مختلف سطح پر لانا ؛ دوبارہ سطح ہموار کرنا ۔ (فعل لازم) سطحِ آب پر دوبارہ لے آنا ، جیسے آبدوز کشتی کو ۔

resurgent, a. پھر سے جی اُٹھنے والا ؛ دوبارہ بلند ہوتا ہوا ؛ پھر سے تازہ دم ؛ (لہروں کی شکل میں) واپس جانے کا رجحان رکھنے والا ؛ پھر سے اٹھنے والا ، جیسے کوئی طوفان ۔

resurgence, n. نئی زندگی ؛ حیاتِ نو ۔

resurrect, v.t. دوبارہ زندہ کرنا ؛ قبر سے نکالنا ؛ پھر سے زندگی عطا کرنا ؛ زندگی بحال کرنا؛ مردے کو زندہ کرنا ؛ پھر سے عمل میں لانا یا دستور العمل بنا لینا ؛ جِلا بخشنا ۔ (فعل لازم) مر کے پھر زندہ ہو جانا ؛ جی اٹھنا ۔

resurrection, n. قیامت؛ حشر؛ رستخیز؛ دوبارہ زندہ ہونے کا عمل ؛ دوبارہ زندہ ہونے کی کیفیت/حالت ؛ زندگی کی بحالی یا حیات بعداز ممات ۔

the Resurrection, عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا مصلوب ہونے کے بعد دوبارہ زندگی پا لینے/زندہ ہو جانے کا عمل یا اس کا جشن ؛ روزِ قیامت حیات بعد از ممات ؛ روزِ قیامت مُردوں کا قبروں سے خروج ۔

resurrectional, a. متعلّق بہ حیات بعد از ممات ؛ نئی زندگی سے متعلّق ؛ متعلّق بہ قیامت/حشر ؛احیا کا ۔

resurrectionist, n. مردہ چور ؛ لاش چور ؛ دُزدِ میّت ؛ وہ شخص جو چیر پھاڑ کے لیے چُپکے سے/چوری سے مُردوں کو قبر میں سے نکالے ؛ وہ شخص جو کسی بے کار/خراب شے کو پھر سے استعمال کے قابل بنادے ؛ حیات بعد از ممات پر یقین رکھنے والا ؛ معتقدِ محشر ۔

resurrectionism, n. مردہ چوری ؛ لاش چوری ؛ چیر پھاڑ کے لیے مردوں کو قبر میں سے (چوری سے) نکالنے کا عمل ؛کسی خراب یا بے کار شے کو کارآمد بنانے کا عمل ؛ حیات بعد از ممات کا عقیدہ ۔

resurrection plant, n. ایسے بہت سے پودوں میں سے کوئی سا ، جن میں دوبارہ پھوٹنے کی صلاحیت ہو ،خاص طور پر نباتِ کبریت (کلب موس) (Selaginella lepidophylla) ، جو شمالی امریکا کے جنوب مغربی علاقوں میں پیدا ہوتا ہے ، اس کے پتّے سوکھ کر اندر کو مُڑ جاتے ہیں لیکن پانی میں ڈالنے سے دوبارہ سرسبز ہو جاتے ہیں ۔ دیکھیے rose of Jericho اور selaginella ۔

resurvey, v.t. باز مساحت کرنا ؛ دوبارہ یا نئے سرے سے جائزہ لینا ۔ (اسم) نیا جائزہ ؛ باز مساحت ۔

resuscitate, v.t. دوبارہ زندہ کرنا/اوسان بحال کرنا ، خاص طور پر بظاہر موت یا بے ہوشی سے ۔ (فعل لازم) ہوش میں آنا ؛ دوبارہ زندہ ہونا ؛ اوسان بحال ہونا ؛ جی اُٹھنا ۔

resuscitation, n. حیاتِ نَو ؛ اوسان/ہوش و حواس کی بحالی ؛ احیا ۔

resuscitative, a. متعلّق بہ بحالی صحت ؛ متعلّق بہ حیاتِ نَو ؛ حیات بخش ۔

resuscitator, n. ایسا شخص جو کسی کے اوسان/ہوش و حواس بحال کرے ؛ عملِ تنفّس کی بحالی اور دم گھٹنے سے بچانے کا طریق کار ۔

ret, v.t. پانی میں بھگونا یا گلانا ، جیسے پٹ سن وغیرہ کو ، تاکہ اِس پر سے چھلکا/چھال اُتاری جائے ۔

retable, n. آرایشی پردہ یا دیوار ؛ قربان گاہ کے پیچھے بنا ہوا آرایشی پردہ یا بنی ہوئی آرایشی دیوار جس میں اکثر و بیشتر اُبھرواں تصویر بنی ہوتی ہے اور بعض اوقات (الماری کی طرح) خانے یا درازیں بنائی جاتی ہیں ۔

retail, n. خوردہ فروشی ؛ پرچون ؛ پرچون فروشی ؛ خریداروں کو براہِ راست کم مقدار میں مال اسباب بیچنے کا عمل ؛ پھٹکل بِکری ۔ (صفت) پرچون فروشی سے متعلّق ؛ پرچون کا ؛ پھٹکل ۔ (فعل متعدی) پرچون فروشی کرنا ؛ خوردہ فروشی کرنا ؛ اشیائے صرف براہِ راست کم مقدار میں صارف کے ہاتھ فروخت کرنا ؛ پھٹکل بیچنا ؛ کسی کہانی یا بات چیت/گپ شپ کو پوری تفصیل کے ساتھ دوبارہ سنانا ؛ شرح و بسط سے بیان کرنا ۔

retail, v.i. پرچون کی قیمت پر پڑنا ؛ پھٹکل بکنا ؛ خوردہ بکنا ۔

retailer, n. پرچون فروش ؛ خُردہ فروش ۔

retain, v.t. رکھنا ؛ قبضے میں رکھنا ؛ تھامنا ؛ روکنا ؛ استعمال میں لاتے رہنا (جیسے : to retain a system) ؛ رکھے رکھنا یا مسلسل رکھنا (جیسے : to retain heat or moisture) ؛ ذہن میں رکھنا ؛ یاد رکھنا ؛ کسی جگہ یا مقام کو قبضے میں رکھنا ؛ خدمات حاصل کرنا بالخصوص ابتدائی فیس دے کر ، جیسے کسی وکیل کی ۔

retained object, n. (گرامر) مجہول فقرے میں وہ لفظ جو معروف فقرے میں بلاواسطہ یا بالواسطہ مفعول کا کام دے جیسے He was given a ticket میں لفظ ticket ؛ مفعول جو معروف فقرے سے ماخوذ ہو (جیسے : They give the ticket to him) ۔

retainer, n. ملازمت میں رکھنے کا عمل/ملازمت میں قائم رکھنے کا عمل ؛ اس طرح قائم رہنے کا عمل ؛ وہ فیس جو کسی قسم کی خدمات مستعار لینے کے لیے ادا کی جائے ، جیسے وکیل کا محنتانہ ۔

retainer, n. وہ شخص یا شے جو اپنے پاس کوئی شے رکھے ۔ (تاریخ) وہ شخص جو کسی باعزّت گھرانے (جیسے شاہی گھرانے) کے لیے خدمات انجام دیتا ہو ؛ وابستۂ دولت ؛ خادم شاہی ؛ مصاحب ۔ (مشین) بال بیرنگ میں بال یا لمبوترے دانوں کو اُن کی جگہ قائم رکھنے والا ۔

retake, v.t. دوبارہ لے لینا ؛ پھر حاصل کرنا ؛ دوبارہ گرفت میں لے لینا ؛ فتح کرنا ؛ دوبارہ عکس بندی کرنا ، تصویر اُتارنا یا آواز ٹیپ کرنا ۔ (اسم) دوبارہ لینے یا اُتارنے کا عمل ؛ واپس لے لینے کا عمل (جیسے : A retake was ordered of both the film and sound tracks) ۔

retaliate, v.t. کسی خرابی یا زخم یا نقصان وغیرہ کا ہرجانہ/جرمانہ دینا ۔ (فعل لازم) ادلے کا بدلہ دینا ، خاص طور پر بُرائی کا بدلہ بُرائی سے دینا ؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ؛ الٹا الزام لگانا ۔

retaliation, n. مکافات ؛ ہرجانہ ؛ جرمانہ ؛ ادلے کا بدلہ ؛ تلافی ؛ کفّارہ ؛ پاداش ؛ جزا ؛ ترکی بہ ترکی جواب ۔

retaliative, retaliatory, a. ہرجانے/جرمانے کے طور پر یا اس سے متعلق ؛ بدلے کا/میں ؛ بدل میں ؛ ہرجانے/جرمانے والا ؛ متعلّق بہ کفّارہ ؛ جرمانے/کفّارے کا ۔

retard, v.t. ڈھیل ڈالنا ؛ رفتار سست کرنا ؛ ترقی روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ، خاص طور پر رفتار میں ؛ آہستہ کر دینا ؛ راستے ، ترقی یا پیش قدمی میں رکاوٹ ڈالنا یا دیر کرنے/ہونے کا سبب بننا ؛ روکنا ۔ (فعل لازم) دیر ہو جانا ۔ (اسم) ڈھیل ؛ سُست رفتاری ۔

retardant, a. رُکاوٹ ڈالنے والا ؛ رفتار کو سُست کر دینے والا ؛ روکنے والا ؛ باعثِ تاخیر ؛ مانع ترقی ۔

retarder, n. عمل روک ؛ وہ جو رفتار میں رکاوٹ ڈالے ؛ وہ جو ترقی کو روک دے ؛ مانع کار ۔

retardation, n. تاخیر ؛ تعویق ؛ ڈھیل ؛ ابطا ؛ رکاوٹ یا رکاوٹ کا عمل ؛ رُکنے/روکے جانے کی حالت ؛ روکنے والا شخص ؛ روک ؛ رکاوٹ ؛ غیر معمولی طور پر جسمانی ، ذہنی اور جذباتی نشوونما ؛ سُست رفتاری ۔ (موسیقی) سُر کو ایک درجہ بلند کرکے آہنگ میں کی گئی درستی ؛ لَے کو آہستہ کرنے کا عمل ۔ (نفسیات) ذہنی یا جسمانی یا جذباتی پسماندگی ۔

retardative, a. رکاوٹ ڈالنے والا ؛ روکنے والا ؛ عمل روک ؛ تعویقی ؛ تاخیری ۔

retarded, a. ذہنی طور پر پسماندہ ؛ ذہنی ، جسمانی ، جذباتی طور پر پسماندگی ظاہر کرنے والا ؛ ذہنی اور جذباتی نشوونما/ترقی میں غیر معمولی طور پر سُست رفتار ؛ عمل ، شعور یا ترقی میں غیر معمولی طور پر سُست ۔

retardate, n. ذہنی طور پر پسماندہ شخص ۔

retch, v.i. ابکائی آنا ؛ امتلا ہونا ؛ قے کرنے کے عمل میں مبتلا ہونا ۔

rete, n. جال ، جیسے ریشوں ، اعصاب یا دموی خلیوں کا جال ؛ شبکہ جال ۔

retem, n. عرعر ؛ صحرائے عرب و شام کی ایک سفید پھولوں والی جھاڑی ''ریٹم'' جو پھلی دار پودوں کی نسل سے تعلق رکھتی ہے اور توریت میں عَرعَر/اَردَج کے نام سے اس کا ذکر ہوا ہے ۔

retene, n. (کیمیا) ریٹین ؛ ایک قلمی ہائیڈروکاربن ، جسے گوند خارج کرنے والی لکڑیوں کے کوئلے اورمتحجّر گوند/ بِروزہ جات سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

retention, n. حافظہ ؛ اِمساک ؛ برقرار/قائم رکھنے کا عمل ؛ برقراری/برقراری کی حالت یا کیفیت ؛ گنجایش برقرار رکھنے کی ؛ قوّتِ حافظہ/استحضار ۔ (طِب) جسم میں کسی چیز کا رکاؤ جیسے پیشاب کا ، جسے خارج کرنا پڑتا ہے ؛ حبس البول ۔

retentive, a. حافظہ کار ؛ مُمسِک ؛ برقرار رکھنے/رہنے کی صلاحیت سے معمور ؛ حافظے کی زبردست قوت کا مالک خصوصاً مطالعات کے سلسلے میں ۔

retentively, adv. حفظ کرکے ؛ منھ زبانی یاد کرکے ؛ برقرار رکھ کے/ہو کے ؛ مُمسکانہ ۔

retentiveness, n. برقراری ؛ حفظ ؛ حفظ کی قوّت یا کیفیت یا صلاحیت ؛ قُوّتِ ضبط ؛ قوّتِ ماسکہ ۔

retentivity, n. برقرار رکھنے/حافظے کی قوّت یا گنجایش یا صلاحیت ؛ قوّتِ حافظہ ۔ (طبیعیات) کسی مادے میں مقناطیسی عامل کے دور

کر دینے کے بعد بھی مقناطیسی قوّت کی برقراری/قیام پذیری ؛ امساک پذیری ۔

retiarius, n. [لاطینی] قدیم روما کے قہرمان/تیغ زن ، جن کے پاس دشمن پر ڈالنے کے لیے ایک جال بھی ہوتا تھا ۔

retiary, a. جال یا جالی وغیرہ کو استعمال کرنے والا ؛ جال بنانے والی ، جیسے مکڑی ؛ جال جیسا/جیسی ؛ جالا ساز ؛ شبکہ ۔

reticent, a. کم گو ؛ کم سخن ؛ خاموش طبع ؛ جو آزادانہ/بے تکلّفانہ انداز میں نہ بولے ؛ چُپ چاپ ۔

reticence, reticency, n. تکلُّف ؛ خاموش طبعی ؛ گُھنّا پن ؛ محتاط طبعی ؛ کم گوئی ۔

reticently, adv. خاموش طبعی سے ؛ خاموشی سے ؛ چپ چاپ طریقے سے ۔

reticle, n. (بصریات) شبکہ ؛ کسی دُوربین کے ماسکہ میں رکھا ہوا باریک لکیروں یا تاروں کا جال ۔

reticular, a. شکبی ؛ جال/جالی جیسا ؛ جالی دار ؛ جال/جالی کی شکل کا ؛ خانے دار ؛ باریک ؛ دقیق ؛ اُلجھا ہوا ۔

reticularly, adv. اُلجھے ہوئے طریق پر/انداز سے ؛ باریکی سے ؛ دقیق طور پر ۔

reticulate, a. شبکہ دار ؛ مشبّک ؛ جال دار/جالی دار ؛ جالی نما ؛ جال جیسا ؛ جال سے بھرا ہوا یا جال میں بند ۔ (نباتیات) جال کے دھاگوں جیسی رگیں رکھنے والا/والی ؛ خانے دار ۔ نیز : reticulated ۔ (فعل متعدی و لازم) جال بنانا/بچھانا ؛ کسی جال سے ڈھانپ دینا یا نشان زدہ کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے خانوں میں ترتیب پانا ۔

reticulation, n. جال جیسی بناوٹ ، ترتیب یا شکل و صورت ؛ جال داری ؛ تشبّک ۔

reticule, n. عورتوں کا ایک تھیلا یا بٹوہ/پرس جو پہلے جالی کا بنایا جاتا تھا لیکن اب ہر قسم کا بنایا جاتا ہے اور خواتین اِسے (باہر جاتے وقت) ہاتھ میں رکھتی ہیں ۔ (بصریات) شبکۂ دوربین ؛ پیمایش کا ننّھا سا آلہ/پرزہ جو دُوربین سے لگا ہوتا ہے اور اس میں باریک باریک ریشے زاویہ قائمہ بناتے ہوئے لگے ہوتے ہیں ؛ دُوربین کے دہانے کی جالی ۔

reticulum, n. شبکہ ؛ جالی ؛ جال ؛ کوئی بھی جالی دار نظام یا ڈھانچا ۔ (تشریح الاعضا) پروٹوپلازمی مادّوں جیسے خلیوں یا ریشوں کا جال ۔ (حیوانیات) معدۂ دوم ؛ جگالی کرنے والے جانوروں کا دوسرا معدہ ؛ قلنسوہ ۔

retiform, a. جال دار ؛ جالی دار ؛ ساخت میں جالی دار بُنت کا ؛ افقی اور راسی قاطع لکیروں پر مشتمل ؛ مشبک ؛ جالی نما ۔

retina, n. (تشریح الاعضا) پردۂ چشم ؛ پردۂ بصارت ؛ شبکیّہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے کی پشت کی سب سے اندرونی تہ/جھلّی جس میں روشنی کے لیے حسّاس خلیے ہوتے ہیں جو بصری عصبیے کے ذریعے دماغ تک جُڑے ہوتے ہیں ، یہ اُس عکس کو وصول کرتی ہے جسے عدسہ ترسیل کرتا ہے ۔

retinal, a. متعلق بہ پردۂ بصارت ؛ شبکیاتی ؛ پردۂ چشم کا ۔

retinene, n. ریڑھ کی ہڈّی والے جانوروں کے پردۂ چشم کا زرد یا نارنجی کیروٹین مادہ ۔

retinite, n. زفت سنگ ؛ رال پتھر ؛ بھورے کوئلے (لگنائٹ) سے حاصل ہونے والا نیم شفّاف متحجر گوند/بیروزہ ۔

retinitis, n. (امراضیات) پردۂ چشم کا ورم ؛ ورم شبکیّہ ؛ پردۂ بصارت کا ورم یا سوزش ۔

retinoscopy, n. (امراضیاتِ چشم) شبکیہ بینی ؛ آنکھ کے خراب انعطاف کی حد کے تعیّن کے لیے پردۂ بصارت کا معائنہ ۔

retinue, n. کسی اہم یا نمایاں شخصیت کے ملازمین ؛ خدّام ؛ ایسی کسی شخصیت کا جلُوس ؛ ایسی کسی شخصیت کے ساتھ متعلّقہ احباب/ملازمین کا جلوس ؛ خدم و حشم ۔

retire, v.i. فارغ ہو جانا ؛ واپس ہو جانا ؛ واپس چلے جانا ؛ واپس مڑ جانا ؛ کسی عوامی ادارے یا جگہ سے (فراغت حاصل کر لینا اور) تنہائی میں چلے جانا ؛ کسی عمل یا خطرے سے پسپائی اختیار کر لینا ؛ کاروبار یا عملی زندگی سے فارغ ہو جانا/مُنھ موڑ لینا ؛ دستبردار ہو جانا ؛ پیچھے ہٹ جانا ؛ (سونے کے لیے) بستر پر لیٹ جانا ؛ ریٹائر ہو جانا ؛ ملازمت سے فارغ ہو جانا ؛ خانہ نشین ہونا ؛ سبکدوش ہونا ۔ (فعل متعدی) جنگی خدمات/ملازمت سے فارغ کر دینا جیسے کسی فوجی افسر کو فارغ کر دینا ؛ ریٹائر کر دینا ؛ کسی چیز جیسے بِل وغیر کو لے کر چُکا دینا (جیسے : to retire a bill) ۔ (بیس بال) کسی کھلاڑی کو کھیل سے باہر نکال دینا ۔

retired, a. فارغ شدہ ؛ ریٹائرڈ ؛ معاشرے یا عوامی توجّہ سے الگ تھلگ ؛ عوامی منظر سے علیحدہ (جیسے : ,a retired life a retired locality) ؛ ذاتی ؛ خفیہ ؛ کاروبار یا عملی زندگی سے الگ/علیحدہ ؛ علیحدگی پسند ؛ فراغت پسند ؛ ریٹائر/فارغ شدہ شخص سے متعلّق یا اُس کا ؛ فارغ خدمت ۔

retirement, n. ریٹائرمنٹ ؛ سبکدوشی ؛ فارغ خدمتی ؛ ملازمت سے فارغ ہونے/کیے جانے کا عمل ؛ ریٹائر شدہ زندگی گزارنے کا عمل یا اُس کی کیفیت ؛ تنہائی/علیحدگی ؛ ذاتی زندگی ؛ تنہائی یا ذاتی قیام گاہ ؛ گوشہ تنہائی ؛ گوشہ نشینی ۔

retiring, a. فارغ؛ پسپا ہوتا ہوا ؛ خلوت پسند ؛ گوشہ نشین ؛ محتاط ؛ فراغت یا ریٹائر ہونے سے متعلق ۔

retiringly, adv. فراغت سے ؛ پسپائی کے انداز سے ؛ محتاط طور پر ؛ خلوت پسندانہ ۔

retiringness, n. فراغت ؛ پسپائی ؛ احتیاط ۔

retool, v.t., v.i. نئے اوزاروں یا آلات سے لیس کرنا یا ہونا ، خاص طور پر نئی یا نئے انداز کی چیزیں بنانے کے لیے ؛ تنظیم نو کرنا جیسے جدید بنانے کے لیے ۔

retort, v.t., v.i. تُرکی بہ تُرکی جواب دینا ؛ کسی دلیل وغیرہ کا جواب مخالف دلیل وغیرہ سے دینا ؛ بدلہ دینا یا ادلے کا بدلہ دینا جیسے کسی زخم کے بدلے میں دوسرے کو زخم پہچانا ؛ کسی الزام ، گالی ، لفظ کو بولنے والے پر ہی لوٹا دینا ؛ کسی طنز وغیرہ کا جواب اُسی طرح کے طنز سے دینا ؛ انتقامی جواب دینا ، خاص طور پر تیزی/تُندی سے ؛ طعنے دینا یا طعن و تشنیع کرنا ۔ (اسم) ادلے کا بدلہ ؛ طعن و تشنیع ؛ سخت الفاظ ؛ سخت ، حاضر جوابی سے بھرپور یا ذہانت آمیز جواب ، خاص طور پر کسی پہلے مُقرّر کے دلائل یا بیان کا ؛ ترکی بہ ترکی جواب ؛ جواب الجواب ۔

retort, n. (کیمیا) قَرنبیق ؛ اشیا کی کشید یا اُنھیں گلانے کے لیے شیشے کا ایک مخصوص برتن جس کی گردن لمبی ہوتی ہے ؛ بھبکا ۔ (فلزیات) ایسا برتن جس میں کچ دھات کو دھات نکالنے

کے لیے پگھلایا جاتا ہے۔

retortion, retorsion, n. پیچھے موڑنے یا مڑنے کا عمل ؛ جوابی عمل۔ (بین الاقوامی قانون) انتقامیہ ؛ انتقامی کارروائی ؛ کسی مظلوم قوم پر کی گئی زیادتی کے بدلے میں ظالم قوم پر کی جانے والی ویسی ہی زیادتی ؛ ادلے کا بدلہ۔

retouch, v.t. نوک پلک درست کرنا ؛ دوبارہ عمل کرکے کے بہتر بنانا ، جیسے کسی تصویر کو۔ (عکاسی) ٹھیک/درست کرنا یا بہتر بنانا ، جیسے کسی پنسل یا کُھرچنے یا چاقو کے استعمال سے کسی نیگیٹو یا تصویر کو۔ (اسم) درست کاری ؛ اصلاحی عمل ؛ بہتری کے لیے (جیسے کسی تصویر کی) کیا گیا عمل/کام۔ (طباعت) سنگ سازی۔

retoucher, n. درست کار ؛ (تصویر وغیرہ کو) دوبارہ کام کرکے بہتر بنانے والا۔ (طباعت) سنگ ساز۔

retrace, v.t. جس راہ سے آیا جائے اُسی راہ سے واپس جانا ؛ سراغ لگانا یا اُلٹے چل کر اصل جگہ تک پہنچنا ؛ دوبارہ ذہن میں لانا ، جیسے منظر ، دھیان یا یاد کو ؛ رجعت قہقری کرنا۔

retraceable, a. قابلِ سُراغ یابی ؛ دوبارہ ذہن میں لانے/آنے کے قابل ، جیسے کوئی منظر ، دھیان یا یاد۔

re-trace, v.t. ہاتھ پھیرنا یا دوبارہ کھینچنا جیسے کسی خاکے/تصویر کی لکیروں کو یا تحریر کو۔

retract, v.t. پیچھے یا اندر موڑ لینا ، جیسے پنجوں کو ؛ واپس لے لینا ، غیر موزوں/غیر منصفانہ ہونے کی بنا پر ، جیسے بیان یا رائے ؛ واپس لے لینا یا منسوخ کرنا ، جیسے کسی قانون یا وعدے کو۔ (فعل لازم) پیچھے ہو جانا یا سمٹ جانا ؛ قسم ، عہد یا وعدے سے منحرف ہونا ؛ کسی بیان یا رائے سے منکر ہونا ؛ تائب ہونا ؛ باز گرداں ہونا۔

retractable, a. باز گرداں ؛ پیچھے ہٹ جانے/سمٹ جانے والا ؛ انقباض پذیر ؛ سکڑنے والا ؛ عہد/وعدہ شکن۔

retractability, n. باز گردان پذیری ؛ پیچھے ہٹ جانے/سمٹ جانے/سکڑ جانے کی صلاحیت ؛ انقباض پذیری ؛ عہد/وعدہ شکنی۔

retractile, a. بازگردان ؛ منقبض ؛ سمٹ/سکڑ جانے والا یا پیچھے کو چلا جانے والا ، جیسے کچھوے کا سر ؛ پیچھے ہٹ جانے/پسپائی کو ظاہر کرنے والا۔

retractility, n. انقباضیت؛ سمٹ/سکڑ جانے یا پیچھے کو چلے جانے کی صلاحیت؛ صلاحیتِ پسپائی ؛ سکڑاؤ ؛ سمٹاؤ ۔

retraction, n. بازگردانی؛ پس گیری؛ دست برداری ؛ انقباض ؛ پیچھے ہٹ جانے/سمٹ جانے کا عمل ؛ پیچھے ہٹائے جانے کا عمل وعدہ/عہد ، بیان ، ذمّے داری وغیرہ سے واپس ہٹ جانے کا عمل؛ قوّتِ سمٹاؤ/سُکڑاؤ۔

retractor, n. بازگرداں کار؛ انقباض کار ؛ وہ جو پیچھے کو ہٹ جائے ، سکڑ یا سمٹ جائے۔ (تشریح الاعضا) وہ عضلہ جو کسی عضو یا آگے کو نکلے ہوئے حصّۂ جسم کو واپس لائے ؛ عضلۂ منقبضہ۔ (جرّاحی) کسی رکاوٹ کو ہٹانے کےلیے آلہ، جیسے کسی زخم کے کنارے یا شگاف کو صاف کرنے کے لیے؛انقباض رُبا ؛ رکاوٹ رُبا۔

retral, a. عقبی ؛ پشت کا ؛ پچھلا ؛ پس خرام ؛ انحطاطی۔

retrally, adv. عقبی طور پر ؛ پشت کی طرف سے۔

retread, v.t. باز اندازی کرنا ؛ کسی ٹائر پر نئی ربڑ وغیرہ چڑھا کر اُسے نئے جیسا بنا دینا۔ (اسم) نئی ربڑ وغیرہ چڑھا کر نیا بنایا گیا ٹائر ؛ مرمّت کے بعد قابلِ استعمال بنائی گئی کوئی شے ؛ باز انداز۔

re-tread, v.t., v.i. باز اندازی کرنا ؛ دوبارہ/نئے سرے سے چلنا۔

retreat, n. پسپائی ؛ کسی جگہ سے واپس آجانے/ہٹ جانے کا عمل ؛ فراغت، تنہائی یا پناہ کی حالت یا جگہ ؛ جائے پناہ ؛ پناہ گاہ ؛ گوشۂ تنہائی۔ (عسکری) باز گشت ؛ پسپائی ؛ ایسا فوجی عمل جس میں مجبوراً یا کسی حکمت عملی کی خاطر دشمن کے مقابلے میں اپنی افواج یا دستے پیچھے ہٹا لیے جائیں ؛ پسپائی کا اشارہ ؛ کسی فوجی چوکی سے غروبِ آفتاب کے وقت جھنڈا اُتارنے کا عمل ؛ اِس رسم/موقع پر اشارہ دینے کے لیے بگل یا ڈھول بجانے کا عمل ؛ خود شناسی ، غوروفکر/تدبّر اور خصوصی دعاؤں کے لیے گوشۂ تنہائی میں جانے کا وقت ؛ اعتکاف۔ (فعل لازم) پسپا ہونا؛ کسی جگہ یا منصب سے سبکدوش ہو جانا ؛ پیچھے ہٹ جانا ؛ پناہ لینا ؛ پیچھے مُڑ جانا یا چلے جانا ؛ معتکف ہونا۔ (فعل متعدی) (شطرنج) کسی مہرے کو واپس لانا یا بلانا۔

beat a retreat, ڈھول بجا کر پسپائی کا اشارہ دینا ؛ تیزی سے یا شرمندگی سے پسپائی اختیار کرنا۔

retrench, v.t. کم کرنا ، مختصر کرنا یا چھوٹا کر دینا ؛ تخفیف کرنا ؛ کمی کرنا جیسے اخراجات میں ؛ کاٹ ڈالنا یا ہٹا پھینکنا ؛ نکال دینا/حذف کرنا۔ (فعل لازم) بچت کرنا ؛ اخراجات کم کرنا۔

retrenchment, n. تخفیف ؛ کمی ؛ کم کرنے کا عمل ؛ کاٹ ڈالنے یا کمی لانے کا کام ؛ اخراجات میں کمی ؛ کٹائی ؛ چھانٹی۔ (قلعہ بندی) ایسا اندرونی کام جس سے قلعے کے ایک حصّے کو دُوسرے سے جدا کر دیا گیا ہو اور جس میں فوج پسپا ہو سکے۔

retrial, n. کسی عدالت میں ازسرِ نو مقدمہ؛دوسری آزمایش یا مکرر تجربہ۔

retribution, n. انتقام ؛ مکافاتِ عمل ؛ پاداش ؛ بدلہ ، جزا یا سزا ، خاص طور پر کسی بدی یا غلطی کے لیے بدلہ یا سزا ؛ روزِ محشر مکافاتِ عمل ؛ روزِ قیامت جزا و سزا ؛ عقاب۔

retributive, retributory, a. مکافاتِ عمل سے متعلق ؛ بدلے میں ؛ بدلے کا ؛ ادلے کا بدلہ؛ سزا و جزا کا۔

retributively, adv. سزا یا جزا کے طور پر ؛ مکافاتِ عمل کے طور پر۔

retrieve, v.t. (دوبارہ) ہوش میں لانا ؛ جان بچانا ؛ پھر سے حاصل کر لینا ؛ سنبھالنا ؛ سابقہ اور بہتر حالت میں واپس لانا یا پہلی حالت کا بحال کرنا؛ تلافی کرنا ؛ مرمت کرنا یا ٹھیک ٹھاک کر دینا ؛ یاد کرنا یا حافظے میں‌لانا ؛ اصلاح کرنا، جیسے نتائج کی ؛ واپس پھینکنا ، جیسے ٹینس کے کھیل میں گیند کو۔ (شکاریات) تلاش کرکے لانا ، جیسے شکاری کتّے کا زخمی یا مردہ شکار کو۔ (فعل لازم) (شکاریات) شکار ڈھونڈ کر لانا۔ (اسم) بازگیری ؛ جان بچانے/ہوش میں لانے/پناہ دینے کا عمل ؛ حالت بہتر بنانے کا عمل ؛ تلافی ؛ حافظے میں لانے کا عمل ؛ ہوش میں آنے کا امکان۔

retrievable, a. بازگیری پذیر ؛ جو دوبارہ حاصل ہو سکے ؛ قابلِ تلافی ؛ جان بچائے جانے کے قابل ؛ ہوش میں آنے/لائے جانے کے قابل ؛ یاد۔

retrieval, n. بازگیری ؛ دوبارہ حصول ؛ تلافی ؛ بازیافت ؛ نجات ؛ اصلاح ؛ یاد ؛ جان بچ جانے/بچا لیے جانے کا عمل ؛ ہوش میں آنے/لانے کا عمل ۔

retriever, n. جان بچانے والا ؛ ہوش میں لانے والا ؛ شکاری کا کتّا جو شکار کو اٹھا کر لے آئے ؛ اِس مقصد کے لیے پالے جانے والے کتّوں کی نسل ۔

retroaction, n. عمل رجعی ؛ مخالف یا معکوس عمل/حرکت ؛ رجعت بہ ماضی ؛ کسی گزشتہ یا سابقہ چیز پر کام ۔

retroactive, a. عامل رجعی ؛ ردِّعمل کا ؛ راجع بہ ماضی ؛ مخالف یا معکوس عمل/حرکت کے لیے بنایا گیا ؛ زمان ماسبق کا بنا ہوا لیکن اُس وقت سے نافذالعمل (جیسے: a retroactive pay raise) ؛ مؤثّر بہ ماضی ؛ نافذ بہ ماضی ؛ عاملِ معکوس ۔

retroactively, adv. مؤثر بہ ماضی ؛ نافذالعمل بہ ماضی ؛ معکوسانہ/مخالفانہ انداز سے ؛ ردِّعمل کے طور پر ؛ زمانہ گزشتہ کے لیے استقداماً ۔

retroactivity, n. عملیتِ رجعی ؛ نفاذ بہ ماضی؛ مخالف یا معکوس حرکت ؛ عمل معکوس ؛ ردِّعمل ؛ جوابی عمل؛ نفاذِ راجع ۔

retrocede, v.i. پیچھے ہو جانا ؛ واپس جانا؛ فارغ ہو جانا ؛ اندرونی ہونا ؛ ہوا ہونا ۔ (فعل متعدی) ہمّت ہار دینا ؛ واپس چلے جانا ۔

retrocession, n. پیچھے کی طرف حرکت ؛ اُلٹی حرکت؛ واپسی ؛ فراغت ؛ حوصلہ شکنی ؛ پس خرامی ؛ الٹی چال ۔

retroflex, retroflexed, a. پُشت کوز؛ پس خمیدہ ؛ پشت خمیدہ ؛ پشت خمیدگی ظاہر کرنے والا ۔ (صوتیات) ایسی آواز جو زبان کی نوک موڑ کر نرم یا سخت تالو (حلقوم) کے قریب یا ساتھ کرکے نکالی جائے ۔

retroflexion, retroflection, n کُوزہ پُشت ؛ پس/پشت خمیدگی؛ برگشتگی ۔ (امراضیات) اِعوجاجِ خَلفی : رحم/بچّہ دانی کا پشت کی طرف جھکاؤ یا مُڑا ہوا ہونا ۔ (صوتیات) زبان کی نوک تالو کے قریب یا ساتھ کرکے آواز نکالنے کا عمل ۔

retrogradation, n. اُلٹی حرکت؛ حرکتِ قہقری؛ پس خرامی ؛ انحطاط ؛ حرکتِ معکوس؛ مراجعت یا پسپائی ؛ تنزُّل یا زوال ۔

retrograde, a. اُلٹی حرکت کرنے والا ؛ پس خرام ؛ اُلٹ یا پیچھے کی جانب حرکت پذیر ؛ الٹ یا معکوس ، جیسے ترتیب؛ رُو بہ زوال یا رُو بہ انحطاط؛ زوال آمادہ/زوال پذیر ۔ (فلکیات) بروج کے نشانات کی ترتیب کے برعکس حقیقی یا بظاہر حرکت کو ظاہر کرنے والا یا مشرق سے مغرب کی سمت میں حرکت ظاہر کرنے والا ؛ اِس قسم کی حرکت کا مالک ، جیسے کوئی سیّارہ ؛ بازگرد ۔ (فعل لازم) الٹ یا پیچھے کی طرف چلنا/جانا؛ پیچھے ہٹ جانا یا پسپا ہو جانا؛ بدتر حالت پر واپس چلے جانا؛ زوال پذیر یا انحطاط پذیر ہونا ۔ (فلکیات) اُلٹ سمت میں (جیسے مشرق سے مغرب میں) رواں ہونا ۔

retrogress, v.i. پیچھے کی طرف رواں ہونا؛ پشت کی جانب ہونا ؛ واپس لوٹنا ؛ اُلٹ چال چلنا ؛ انحطاط ہونا ۔

retrogression, n. انحطاط یا زوال یا تنزّل ؛ حرکتِ رجعی ؛ زوال آمادگی ؛ زوال پذیری ۔ (حیاتیات) زیادہ پیچیدہ یا زیادہ مکمل بناوٹ سے سادہ بناوٹ کی جانب مراجعت ؛ رجعت قہقری ؛ حرکت قہقری ۔

retrogressive, a. رجعت پذیر ؛ انحطاط پذیر ؛ زوال آمادہ ؛ زوال پذیر ؛ تنزل پذیر ۔

retrogressively, adv. زوال آمادگی سے ؛ انحطاطی طور پر ؛ تنزّل کے انداز سے ؛ واپس ہوتے ہوئے ؛ زوال پذیرانہ ۔

retrolental, a. کسی عدسے (جیسے آنکھ کے عدسے) کی پشت پر واقع ۔

retrolingual, a. زبان کی جڑ کے پیچھے یا عین اُس کے اوپر واقع ؛ پس لسانی ۔

retroperitoneal, a. پس پیڑو ؛ پیڑو کے پردے کی پُشت پر واقع ۔

retroperitoneally, adv. پس پیڑو کے انداز سے ۔

retrorocket, n. معکوس راکٹ ؛ خلائی جہاز کے ساتھ لگا ہوا رفتار کم کرنے والا راکٹ جو بعض مخصوص حالات میں بریک لگانے/روکنے کا کام دیتا ہے ۔

retrorse, a. (نباتیات) پس خمیدہ ؛ پس رو ؛ پشت رو ؛ واژ گوں ؛ پیچھے کو مڑا ہوا ۔

retrorsely, adv. پس رُویہ ؛ پشت رُویہ ؛ پس خمیدگی سے متعلّق یا اس انداز میں ؛ پیچھے کو مڑتے ہوئے ۔

retroserrate, a. (حیاتیات) پس خمیدہ اعصاب/رگوں والا (جیسے : a retroserrate leaf) ؛ مڑا ہوا (پتا) ۔

retrospect, n. اثر راجع ؛ جائزہ ماضی ؛ تدبر و تفکر بہ ماضی ؛ گزشتہ وقت ، واقعات یا تجربات کا جائزہ ؛ یاد ماضی ۔ (فعل لازم) ماضی میں گم ہونا ؛ سوچ بچار یا ماضی کی یادوں میں کھو جانا (اکثر to کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل متعدی) پلٹ کر دیکھنا ؛ کسی گُزشتہ چیز کے بارے میں تدبر یا غوروفکر کرنا ۔

in retrospect, مُڑ کے ماضی کو دیکھتے ہوئے ؛ نظربہ ماضی ؛ ماضی کے متعلق سوچنا ۔

retrospection, n. یاد ماضی ؛ خیالِ ماضی ؛ گُزشتہ واقعات وغیرہ پر مُڑ کر نظر ڈالنے کا عمل یا اس کی صلاحیت ؛ گزشتہ واقعات یا تجربات کا جائزہ ؛ تدبّر و تفکّر بہ ماضی ؛ پس دیدگی ۔

retrospective, a. تبصرۂ ماضی سے متعلق ؛ راجع بہ ماضی ؛ متعلّق بہ ماضی ؛ گُزشتہ واقعات پر سوچ بچار سے متعلّق ؛ پیچھے کی جانب یا پلٹ کر دیکھتے ہوئے ؛ موثر بہ ماضی/نافذ بہ ماضی ، جیسے کوئی ضابطہ یا قانون ۔ (اسم) کِسی فنکار/مصوّر کے گزشتہ برسوں کے کام/فن پاروں کی نمایش ۔

retrospectively, adv. گزشتہ زمانے پر نظر ڈالتے ہوئے ؛ استقداماً؛ مؤثر بہ ماضی انداز سے ؛ مڑ کے دیکھتے ہوئے ؛ پس دیدگی کے طور پر ۔

retrousse, a. ابھری ہوئی یا اٹھی ہوئی ، جیسے ناک ۔

retroversion, n. بازدیدگی یا بازخمیدگی/پس خمیدگی ۔ (امراضیات) کسی عضوِ بدن کی پس خمیدگی یا پیچھے کو مڑا ہوا ہونے کی کیفیت ، خاص طور پر رحم/بچّہ دانی کی ؛ تاَخّرِ رحم ؛ رحم کے ٹل جانے کا مرض ۔

retry, v.t. سعی مکرّر کرنا ؛ دوبارہ کوشش کرنا ؛ دوبارہ یا نئے سرے سے عدالت میں مقدمے کا دائر کرنا ۔

return, v.t. موڑنا ؛ واپس دینا ؛ پیچھے کو یا مخالف سمت میں

موڑنا ؛ منعکس کرنا ، جیسے روشنی یا آواز کو ؛ واپس رکھنا ، لانا ، لینا یا بھیجنا (جیسے : .to return a book to its shelf or to a library) ؛ بحال کرنا ؛ سرکاری طور پر بیان یا اعلان کرنا ؛ فیصلہ سنانا ؛ چُننا ، جیسے کسی مجلس قانون ساز کے لیے ؛ بدلے ، تلافی یا جواب میں بھیجنا یا واپس دینا (جیسے : to return an answer to a question) ؛ کسی مِلتی جُلتی چیز کو بطور بدلہ ، واپسی یا جزا کے دینا (جیسے : to return compliment, a salute or a visit) ؛ کسی خاص چیز سے بدلہ چُکانا یا جزا دینا (جیسے : to return kindness with ingratitude) ۔ (تاش) اسی رنگ کے پتے سے جوابی چال چلنا۔ (فنِ تعمیر) کسی پرانی سمت سے بالکل مخالف سمت میں یا کسی زاویے پر پلٹ جانا یا مُڑ جانا۔ (فعل لازم) مُڑنا یا واپس ہونا ؛ پلٹ جانا ؛ واپس ہونا یا آنا ، جیسے کسی سابقہ جگہ ، حالت ، کیفیت پر ؛ کسی پُرانے مالک کے پاس واپس چلے جانا یا پلٹ جانا ؛ خیالات یا گُفتگو میں پھر سے در آنا ، جیسے کسی مضمون/موضوع کا ؛ جواب دینا یا ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

return, n. اعادہ ؛ واپسی ؛ مراجعت ؛ عود ؛ واپسی کا عمل یا واپسی کی کیفیت ؛ واپس لانے ، بھیجنے یا دینے کا عمل ؛ دہرائی ؛ بدلہ ، جزا یا ادائیگی ؛ جواب یا جوابی عمل (جیسے : to speak and write in return) ؛ وہ شے جو واپس کی جائے رد عمل۔ (اکثر جمع) روئداد ، خاص طور پر رسمی یا سرکاری روئداد (جیسے : election returns)؛ حاصل یا نفع ، جیسے محنت ، زمین کاروبار یا سرمایہ کاری کا ؛ گوشوارہ ۔ (فن تعمیر) کسی آگے کو نکلے ہوئے حصے (جیسے چھجے وغیرہ) کا کسی مختلف سمت میں مُڑ جانے کا عمل ؛ کسی سیدھے کام کا وہ پہلو یا سامنے کا حصہ جو گر گیا ہو۔ (میکانیات) موڑ یا دو موڑوں کے درمیان ایک حصّہ۔ (قانون) عدالت اجرا کو کسی افسر وغیرہ کی جانب سے مقدمے پر مختصراً رپورٹ تحریر کر کے واپس بھیجنے کا عمل ؛ کسی دستاویز پر ثبت شدہ کوئی بیان یا سند ۔ (صفت) واپس ہونے والا یا متعلّق بہ واپسی (جیسے : the return trip, the return fare, the return stroke of a piston) ؛ واپس بھیجا ، دیا، یا کیا گیا (جیسے : a return short or thrust) ؛ مکرّر یا دوبارہ ہونے والا (جیسے : a return match in sports) ؛ مخالف سمت کا /میں (جیسے a return bend in the road) ۔

returner, n. واپس کرنے والا ؛ واپس دینے والا ؛ واپس موڑنے والا ۔

returnable, a. قابلِ واپسی ، جیسے اسبابِ تجارت ۔ (قانون) قانونی طور پر قابل واپسی یا قابل تقسیم جیسے کوئی رِٹ/قانونی تنقیح ۔

returnee, n. واپس آمدہ ؛ وہ جو واپس آ گیا ہو ، جیسے کسی سفر سے ؛ فوجی جو غیر ممالک میں/سمندر پار عسکری خدمات کی انجام دہی کے بعد واپس آ گیا ہو۔

return ticket, n. واپسی ٹکٹ ؛ آنے جانے کا ٹکٹ ؛ دو طرفہ ٹکٹ ؛ ایسا ٹکٹ جو ایک مقام سے دوسرے مقام تک اور پھر ایک خاص عرصے میں پہلے مقام تک واپس سفر کے لیے جاری کیا گیا ہو۔

retuse, a. (نباتیات) دانتے دار ؛ دندانے دار ؛ گول سر والا جس میں جھریاں ہوں ، جیسے پُھول کی پتیاں یا پتّے ۔

reunification, n. اتّحادِ مکرّر ؛ اتّحادِ نَو ؛ مکرّر یکجائی ۔

reunify, v.t. ایک وحدت میں جمع کر دینا ؛ یکجا/یکجان کرنا ؛ مکرر ملاپ ہو جانا۔

reunion, n. دوبارہ ملاپ ہونے/یکجا ہونے کا عمل ؛ یکجائی ؛ از سر نو یا دوبارہ اتّحاد یا ملاپ ؛ رشتے داروں ، دوستوں یا ساتھیوں کا علیحدگی کے بعد پھر سے ملاپ ؛ کسی اسکول /مدرسے یا کالج کے ساتھیوں کا سالانہ اجتماع ؛ اتحاد مکرر ؛ باز ملاپ ؛ اتحادِ نو ۔

reunionism, n. اتّحادِ مکرّر یا مکرّر ملاپ کی حمایت ؛ از سرنو ملاپ/اتّحاد کے حامیوں کے اصول ۔

reunionist, n. اتّحادِ مکرّر یا مکرّر ملاپ کا نقیب/داعی/حامی ؛ وہ شخص جو چرچ آف انگلینڈ اور رومن کیتھولک چرچ کے اتّحاد/ملاپ کا داعی/نقیب/حامی ہو۔

reunionistic, a. متعلّق بہ اتّحاد ؛ اتّحادی ؛ ملاپ سے متعلق ۔

reunite, v.t., v.i. دوبارہ مل جانا یا ملا دینا ؛ جدائی کے بعد ملا دینا/مل جانا ؛ پھر سے اکٹھے کر دینا/ہو جانا ؛ اختلافات کے بعد پھر سے اتّحاد کر لینا/ہو جانا ۔

re-up, v.i. (عسکری) (عوامی) دوبارہ بھرتی ہونا ۔

reuse, v.t. دوبارہ استعمال کرنا ؛ دوبارہ استعمال میں لانا ۔ (اسم) مکرّر استعمال ؛ دوبارہ استعمال ۔

reuseable, a. دوبارہ یا مکرّر استعمال کے قابل ؛ دوبارہ یا مکرّر کام میں آ سکنے والا ۔

rev, n. (بول چال) گردش ، جیسے کسی موٹر ، دُھرے یا پہیّے وغیرہ کی ۔ (فعل متعدی) رفتار بڑھانا (عموماً up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل لازم) رفتار بڑھنا ؛ تیز رفتار ہونا ۔

revaluate, v.t. قدروقیمت کا دوبارہ تعیُّن کرنا ؛ دوبارہ آنکنا ۔

revaluation, n. قدروقیمت کی تعیّنِ نَو ؛ مکرّر تعیّنِ قدروقیمت ۔

revalue, v.t. قدروقیمت کا دوبارہ یا نئے سرے سے تعیّین کرنا/آنکنا ، جیسے کسی کرنسی (زرِ نقد) کی قدروقیمت کا ؛ دوبارہ تعیین کرنا ۔

revamp, v.t. اختلاف پھر سے دُور کرنا ؛ دوبارہ تعمیر کرنا یا تزئین کرنا؛ نظرثانی کرنا ؛ جوتے کا اگلا حصّہ بدل کر نیا بنا دینا دوبارہ جوڑنا ؛ پیوند لگانا ۔

revanche, revanchism, n. اِنتقام یا جنگ کے ذریعے ہارے گئے علاقے کو بزور حاصل کرنے کی حکمتِ عملی ۔

revanchist, a., n. سیاسی طور پر مُنتقِم/مُنتقمانہ ؛ جنگ کے ذریعے ہارے گئے علاقے کی بزور دستیابی سے متعلّق یا اس کا حامی ۔

reveal, v.t. ظاہر کرنا ، بتا دینا یا کھول دینا ؛ افشا کرنا ؛ دید/نمایش کے لیے سامنے رکھ دینا یا پیش کر دینا ۔ (اسم) (فن تعمیر) کسی کھڑکی یا دروازے کے لیے دیوار میں وہ جگہ جو کھڑکی/دروازے کی چوکھٹ اور دیوار کے درمیان ہوتی ہے ؛ کھڑکی/ دروازے کے لیے دیوار میں مکمل جگہ جو کھلی ہو اور آشکار ہو۔

revealable, a. قابلِ نمایش ؛ ظاہر کر دینے کے لائق ؛ قابلِ افشا ۔

revealer, n. ظاہر کر دینے والا ؛ کھولنے والا ؛ نمایش کے لیے پیش کر دینے والا ؛ افشا کرنے والا ؛ملہم ۔

revealment, n. ظاہر کر دینے کا عمل ؛ ظہور ؛ نمایش ؛ الہام ؛ انکشاف ۔

reveille, n. (عسکری) صبح کے وقت سپاہیوں کو بیدار کرنے کے لیے بجایا جانے والا بِگل یا ڈھول ؛ نوبتِ سحر ؛ گجر ؛ صبح کیا

بگل ۔

revel, v.i.
بہت زیادہ خوش اور مسرور ہونا (زیادہ تر in کے ساتھ ، جیسے : He reveled in their astonishment) ؛ رنگ رلیاں کرنا ؛ بہت ہی زیادہ جشنِ مسّرت منانا ۔ (اسم) بہت خوشی یا جشنِ مسّرت ؛ موج میلہ ۔ (اکثر جمع) ہلّا گُلا ؛ شوروغل سے بھرپور جشن مسرت جس میں ناچ گانا وغیرہ ہو ؛ بادہ نوشی کی محفل ۔

reveler, Brit. reveller, n.
خوشی منانے والا ؛ موج میلہ کرنے والا ؛ ہَلّے گُلّے کا شوقین ؛ مست ؛ بادہ نوش ؛ نشاط پرست ۔

revelous, a.
مسّرت و انبساط کا یا اس سے متعلّق ؛ اظہارِ مسّرت کے جوش سے بھرپور ؛ ہنگامہ خیز ؛ مسّرت انگیز یا نشاط انگیز ۔

revelation, n.
انکشاف ؛ اظہار ؛ نزول ؛ ظاہر کر دینے یا کھول دینے کا عمل ؛ افشا ؛ ظاہر شُدہ یا ظاہر کردہ شے ؛ چونکا دینے والا انکشاف ، جیسے کسی ایسی چیز کا جس کا پہلے سے احساس/تصور/امکان ہی نہ ہو ۔ (الٰہیات) وحی ؛ الہام ؛ مکاشفہ ؛ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر خود کو ظاہر کرنے کا عمل اور ان سے خطاب ؛ اس قسم کے ابلاغ یا وحی کی مثال یا واقعہ ؛ ایسا الہام شدہ یا متنزل کوئی کلام ؛ ایسی کتاب جس میں وحی کردہ کلام ہو ۔

revelationist, n.
مومن ؛ وحیٔ خداوندی میں یقین/ایمان رکھنے والا شخص ؛ معتقدِ الہام یا وحی ۔

Revelation, the Revelation of St. John the Divine, n. (اکثر جمع)
انجیل کا آخری باب : یوحنا عارف کا مکاشفہ ۔

revelator, n.
ملہم ؛ الہام کُنندہ ؛ راز کھولنے والا ؛ افشا کُنندہ ؛ نازل کرنے والا ۔

revelatory, a.
الہامی ؛ مکاشفانہ ؛ متعلّق بہ‌کشف ؛ ظاہر کر دینے والا ؛ متعلق بہ الہام ۔

revelry, n.
مَوج میلہ ؛ جشنِ مُسرّت ؛ ہلاّ گُلہ ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

revenant, n.
واپس آ جانے والا شخص ؛ وہ جو مرنے کے بعد روح کی صورت میں آئے ؛ روح ؛ بھوت ۔

revenge, v.t.
انتقام لینا ؛ بدلہ لینا ؛ بیر نکالنا ؛ دُشمنی کے جذبے سے یا بدنیتی کے ساتھ زخم لگانا ۔ (اسم) انتقام یا انتقام لینے کا عمل ؛ انتقام کی تعمیل ؛ بدلہ ؛ کسی کھائے ہوئے زخم یا نقصان کے بدلے میں جان بوجھ کر پہنچایا گیا زخم یا نقصان ؛ زخم لگانے والے کو نقصان پہنچانے کی خواہش ؛ خواہشِ انتقام ؛ جذبۂ انتقام ؛ بَیر عوض ؛ انتقامی فعل ۔

revenger, n.
مُنتقِم ؛ انتقام لینے والا شخص ؛ بدلہ سنج ۔

revengeful, a.
منتقمانہ ؛ انتقامی ؛ منتقم مزاج ؛ انتقام جُو ۔

revengefully, adv.
منتقمانہ ؛ انتقامی طور پر ؛ انتقام جویانہ ۔

revengefulness, n.
منتقمانہ مزاجی ؛ طبیعت کے انتقامی ہونے کی کیفیت/خاصیّت ۔

revenue, n.
آمدنی ؛ مالگزاری ؛ وصولیات ؛ محصولات ، ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں سے کسی سرکار/حکومت کو حاصل ہونے والی آمدنی ؛ وہ سرکاری محکمہ جو یہ آمدنی وصُول کرتا ہے ؛ محکمہ مال عمومی آمدنی ؛ ذریعۂ آمدنی ؛ جیسے کوئی سرمایہ کاری وغیرہ ؛ محاصل ؛ مالیہ ؛ لگان ۔

revenuer, n.
(بول چال) امریکا کے (وزارت) خزانہ کا کوئی کارکُن/ ایجنٹ ؛ اس قسم کے کارکُنوں کے پاس اسمگلنگ روکنے کے لیے مسلّح کشتی ۔

revenue stamp, n.
رسیدی ٹکٹ ؛ ریوینیو اسٹامپ ؛ اسٹام ؛ رقم کے لین دین پر سرکاری محصول کی ادائیگی ظاہر کرنے والا ٹکٹ ۔

reverberant, n.
گمک دار ؛ گُونج دار ؛ آواز لوٹانے/ پلٹانے والا ؛ گرج دار ۔

reverberantly, adv.
گونج دار انداز سے ؛ گرج دار طریقے پر ؛ گمک کے ساتھ ۔

reverberate, v.t.
گونجنا ؛ باز گشت کرنا ؛ واپس لوٹنا ، جیسے آواز کا ؛ واپس بھیجنا ؛ دوبارہ گونج پیدا کرنا ؛ منعکس کرنا جیسے حرارت یا روشنی کو ؛ ایک پہلو سے دوسرے پہلو کی جانب جانا/دھکیلنا (جیسے : flame reverberated in a furnace) ۔ (فعل لازم واپس پلٹ جانا یا لوٹ جانا ؛ منعکس ہونا ، جیسے روشنی کی شعاعوں کا ؛ گونجنا ؛ گمک کا پیدا ہونا ۔ (صفت) گونج دار ؛ گمک دار ؛ گرج دار ؛ عکسی ؛ ردِّ عمل کرنے والا ۔

reverberation, n.
باز گشت ؛ انعکاس ؛ ردِّعمل ؛ گونج ؛ گمک ؛ واپس پلٹنے کا عمل ؛ واپس پلٹی ہوئی کوئی چیز/پلٹی ہوئی شے حرارت ، روشنی یا آواز کا انعکاس یا باز گشت ؛ انعکاس یا گونج کی کیفیت یا حقیقی عمل ؛ عکسیت ؛ پلٹاؤ ۔

reverberative, a.
منعکس شُدہ/منعکسہ ؛ گونج دار ؛ گرج دار ؛ گمک دار ؛ ردِّ عمل کرنے والا ؛ صدا دینے والا ؛ عکسی ۔

reverberatory, a., n.
انعکاس زا ؛ انعکاسی ؛ انعکاس سے کام کرنے والا/والی ؛ منعکس شُدہ ، جیسے حرارت وغیرہ ۔

reverberatory furnace, reverberatory, n.:
منعکسہ یا آنچ پلٹ بھٹّی نیچی چھت والی بھٹّی جو اس چولھے پر حرارت اور شُعلے منعکس کرتی ہے جہاں مادّہ ، جیسے کچ دھات یا دھات ، ایندھن کے بلاواسطہ سامنے آئے بغیر پگھلایا جاتا ہے ؛ ایسی بھٹّی جس سے اس شے پر حرارت لوٹائی جائے جس پر لوٹانی مقصود ہو ۔

revere, v.t.
احترام کرنا ؛ ادب و تکریم کرنا ؛ تنظیم کرنا ؛ کسی کے رعب داب کے زیر اثر عزّت اور محبت کے ساتھ پیش آنا ؛ عزّت افزائی کرنا ۔

revere, n.
دیکھیے : Revers ۔

reverence, n.
تکریم ؛ تعظیم ؛ محبت آمیز ادب و احترام کا رویّہ ؛ وقار و عزّت سے پیش آنے کا رویہ ؛ آداب و تسلیمات بجا لانے کا طریقہ ، جیسے کورنش ؛ عزّت افزائی کی حالت ۔ (بڑے R سے) پادریوں کے لیے عزّت و تقدیس کا عمومی لقب/خطاب (جیسے : your Reverence, his Reverence) ۔ (فعل متعدّی) عزّت افزائی کرنا ؛ عزّت سے پیش آنا ، ادب سے پیش آنا ۔

reverend, a.
معظّم ؛ عزت مآب ؛ باعزت/قابل عزت ؛ قابل احترام ۔ (عموماً بڑے R سے) پادریوں کے لیے عزت افزائی لقب/خطاب ؛ پادریوں سے متعلق یا ان کے حوالے سے ؛ مقدس ۔ (اسم) پادری ۔ مخفف .Rev ۔

reverent, a. عزّت افزائی کرنے والا یا عزّت سے پیش آنے والا ؛ عاجز یا بہت مؤدّب ؛ مؤدّبانہ ؛ عزّت و وقار سے متأثّر ؛ با ادب ؛ با احترام ۔

reverently, adv. عزت افزائی سے ؛ مودبانہ طور پر ؛ عاجزانہ انداز سے ؛ احتراماً ؛ ادب سے ۔

reverential, a. عزّت سے متعلّق یا اسے ظاہر کرنے والا ؛با ادب ؛ تکریمی ۔

reverentially, adv. عزّت سے ؛ ادب سے ؛ عاجزانہ طور پر ؛ تکریم سے ۔

reverie, revery, n. جاگتی آنکھوں دیکھا سپنا ؛ بے ترتیب خیالوں کا ہلکا پُھلکا سِلسِلہ جو غوروفکر میں گُم ہو کر سوچا جائے ؛ خیالی پلاؤ ؛ اُدھیڑ بُن ؛ ہوائی قلعے ؛ اس قسم کے خیالات کو ظاہر کرنے والی موسیقی ؛ ہلکی پھلکی بے ترتیب موسیقی جس میں کئی راگوں کو ملا دیا گیا ہو۔

revers, revere, n. لَوٹ ؛ کپڑے کا ایسا حصہ جسے اُلٹایا گیا ہو تاکہ نیچے کا استر نظر آنے لگے ، جیسے لَوٹ کالر/لَوٹ گریبان ؛ اس قسم کے حصّے کی تراش ؛ اس طرح استعمال شدہ اَستر ۔

reversal, n. اُلٹ ؛ مخالفت ؛ کایا پلٹ ؛ اُلٹ کر دینے/ ہوجانے کا عمل یا یہ کیفیت ۔ (قانون) کسی بڑی عدالت کی طرف سے چھوٹی عدالت کے فیصلے کی تنسیخ ؛ استرداد ۔

reverse, v.t. اُلٹنا پلٹنا ؛ کایا پلٹ کر دینا ؛ رُخ بدل دینا ؛ مخالف یا اُلٹ سمت یا حالت میں پلٹانا/اُلٹانا یا رکھنا ؛ نیچے کا اوپر یا اندر کا باہر کر دینا؛ مخالف یا اُلٹ ترتیب میں کر دینا (جیسے :to reverse the steps of a procedure) ؛ بالکل مخالف طرف ہو جانا (جیسے :to reverse one's political beliefs) ؛ مخالف کر دینا ؛ خلا پیدا کر دینا ، اُلٹ دینا ، پرے ہٹا دینا یا منسوخ کر دینا (جیسے : to reverse a judgment) ؛ اُلٹ سمت میں چلانا/گُھمانا ، جیسے کسی مشین وغیرہ کو۔ (طباعت) اُلٹ رنگوں میں چھاپنا، جیسے سیاہ زمین اور سفید حروف یا عکسی پلیٹوں کو اُلٹ چھاپنا ۔ (فعلِ لازم) مخالف سمت میں رواں ہونا یا تبدیل ہوجانا، جیسے رقص میں ؛ کسی مشین/پُرزے کو اُلٹ سمت میں لگا دینا ۔ (صفت) اُلٹ ؛ مخالف ؛ معکوس ؛ مقلوب ؛ نقیض ؛ مخالف یا متضاد حالت، ترتیب ، کردار وغیرہ (جیسے : in reverse direction) ؛ پشت سامنے کی جانب کیے ہوئے (جیسے: reverse side of the question) ؛ ایسی حرکت یا طریقِ کار کے بارے میں جو خلافِ معمول ہو (جیسے : a mechanism running in a reverse gear) ۔ (طباعت) اس انداز کا طبع شدہ مواد کہ ہلکے رنگ کا تیز اور تیز رنگ کا ہلکے رنگ میں ؛ عکسی بلاک یا تصویر میں الٹ یا متضاد/مخالف ۔ (اسم) مخالف یا متضاد ؛ کسی شے کی پشت یا اس کی مخالف سمت یا سطح ؛ سکے یا تمغے کی پشت جہاں اصل تصویر/تحریر نہ ہو ؛ obverse کی ضد ؛ ادبار یا ناموافق یا نامناسب حالات (جیسے : a business reverse) ؛ دھچکا ؛ شکست ؛ کسی شے کو اُلٹانے کا کوئی پرزہ یا حصّہ ؛ اُلٹ چلنے کی حالت/کیفیت ؛ فٹ بال' رگبی کا زبردست کھیل جس میں ایک کھلاڑی گیند کو پیچھے ایک سمت میں لے کر بھاگتا ہے اور پھر پیچھے ایک اور سمت میں بھاگتے ہوئے دوسرے کھلاڑی کو پاس دے دیتا ہے ۔

reversedly, reversely, adv. معکوس یا مقلوب انداز میں ؛ اُلٹ طور پر ؛ مخالف سمت میں ۔

reverser, n. معکوس کار ؛ اُلٹا کرنے والا/پلٹانے والا شخص یا مشینی پُرزہ ۔

reversible, a. قابلِ منسُوخی ؛ رُخ بدلنے والا ؛ اُلٹائے/پلٹائے جانے کے قابل ؛ اندر کا استر باہر کردہ ، جیسے کوئی کوٹ یا جیکٹ تبدیل ہو کر پھر پہلے جیسی حالت میں آ سکنے کی صلاحیت سے معمور؛ دو قابلِ استعمال پہلو رکھنے والا ۔ (اسم) ایسا کوٹ یا جیکٹ جِسے دونوں طرف سے پہنا جا سکے (یعنی اُلٹا کر بھی پہنا جا سکے) ؛ رجعت پذیر ؛ جس کا رخ بدلا جا سکتا ہو۔

reversibility, n. رجعت پذیری ؛ انعکاسیت ؛ اُلٹنے/پلٹنے کی قابلیت ؛ پلٹائے جا سکنے کی حالت ۔

reversibly, adv. معکوس انداز سے ؛ مخالف طور پر ؛ اُلٹے انداز سے/میں ۔

reversion, n. پلٹا ؛ رجعت ؛ ادبار ؛ واپسی ، تنزّلی جیسے اصلی شکل یا حالت کی طرف ؛ واپس مُڑ جانے کا عمل ؛ قلا بازی (حالات کی) ۔ (حیاتیات) آبائی قسم یا کردار کی جانب واپسی ؛ رجعت/مراجعت بہ سلف ۔ (قانون) کسی جائیداد/جاگیر کا عطا کرنے والے یا اس کے وارثوں کے پاس واپس چلے جانے کا عمل ۔

reversionary, reversional, a. مخالفانہ ؛ معکوسانہ ؛ متضاد ؛ اُلٹنے/پلٹنے سے متعلق ؛ اُلٹا ؛ عودی ؛ مابعد کا ۔

reversioner, n. (قانون) ایسا شخص جس کو ایسی جائیداد/جاگیر واپس مل جائے جو اس نے یا اس کے آباؤ اجداد میں سے کسی نے کسی کو دی ہو ؛ وارثِ عودی ؛ وارثِ مابعد ۔

revert, v.i. تنزّلی ہو جانا ؛ واپس آ جانا یا پلٹ آنا ؛ واپس چلے جانا ؛ کسی سابقہ سوچی گئی یا کہی گئی بات کی طرف متوجّہ ہونا ۔ (حیاتیات) کسی سابقہ حالت یا کیفیت کی طرف واپس ہونا ؛ قدیم نسل سے ورثے میں ملی ہوئی خصوصیات کا وارث ہونا. (قانون) کسی معطی یا سابقہ مالک یا وارثان کو لوٹا دینا ؛ گفتگو یا خیال میں کسی موضوع کی طرف راجع ہونا ۔

revert, n. تنزّلی ؛ واپسی ؛ پلٹا ۔

reverter, n. واپس ہونے والا شخص ؛ پلٹ جانے والا شخص ۔

revertible, reverted, a. واپس ہو جانے/ہو سکنے والا ؛ عود پذیر ۔

revest, v.t. دوبارہ سرمایہ کاری کرنا ؛ کسی آدمی (وغیرہ) کو دوبارہ کوئی چیز قبضے میں دینا یا عہدہ دینا ؛ بحال کرنا۔ (فعل لازم) تنزّلی ہو جانا یا واپس چلے جانا ، جیسے کسی سابقہ مالک کے پاس ۔

revet, v.t. تعمیراتی سامان وغیرہ سے چہرہ بنانا ؛ سامنے کے حصّے کو خوبصورت بنانا یا پُختہ بنانا (جیسے : to revet an embankment) ۔

revetment, n. پُشتی بان ؛ کسی دیوار یا کنارے کا سہارا ، جیسے پُشتے/پُشتی بان کا ؛ کسی پُشتے کی حفاظتی دیوار ؛ سنگِ پشتہ ۔

revictual, v.t. طعام دوبارہ فراہم کرنا ؛ اشیائے خوردونوش دوبارہ مہیا کرنا یا ان کا ذخیرہ کرنا ۔

review, v.t. دوبارہ جائزہ لینا یا معائنہ کرنا ؛ تبصرہ کرنا یا تنقیدی جائزہ لینا ؛ خوبیاں اور خامیاں دریافت کرنے کے لیے جائزہ لینے کے بعد تنقیدی تبصرہ لکھنا یا تنقیدی گفتگو/ مباحثہ کرنا ؛ جیسے کسی نئی شائع شدہ کتاب پر ؛ معائنہ کرنا ، خاص طور پر کسی

چیز کا رسمی یا سرکاری طور پر (جیسے : to review troops) ؛ پیچھے مُڑ کر (عہدِ گزشتہ کا) جائزہ لینا ۔ (قانون) عدالت کا کسی مقدمے پر نظرِثانی کرنا ۔ (فعل لازم) تبصرے کرنا یا لکھنا ۔

review, n. دوبارہ یا مکرّر جائزہ ؛ تبصرہ ؛ نظرِثانی ؛ دوبارہ معائنہ یا نظر ثانی ؛ از سرِ نو مطالعہ جیسے امتحان کے لیے ؛ عام تبصرہ ؛ کسی مطبوعہ شے کا تنقیدی جائزہ مع رائے ؛ تنقید ؛ نقد ؛ رسالہ ؛ بعض ایسے رسالوں کا نام جن میں نئے واقعات یا مطبوعہ کُتب پر تبصرے/ تنقیدی جائزے شامل ہوتے ہیں ؛ برّی یا بحری افواج کا سالانہ معائنہ ۔ (تھیٹر) رنگا رنگ پروگرام ۔ (قانون) کسی اعلیٰ عدالت کی طرف سے فیصلے کو دُرست کرنے کے لیے مقدمے کا تنقیدی جائزہ ؛ نظرِ ثانی ۔

reviewer, n. مبصّر ؛ تنقید نگار ؛ تبصرہ نگار ؛ جائزہ لینے والا ؛ وہ جو کسی نئی کتاب ، فلم ، ڈرامے وغیرہ کا تنقیدی جائزہ لے کر اپنی رائے پیش کرے ۔

revile, v.t. گالیاں دھا ؛ سخت سُست کہنا ؛ ذلت آمیز اور گھٹیا/نفرت انگیز زبان استعمال کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ کسی کے بارے میں منفی/بُری باتیں کرنا ؛ زبان درازی کرنا ؛ بدزبانی کرنا ۔ (فعل لازم) بدگو ہونا۔

revilement, n. زبان درازی ؛ گالم گلوچ ؛ حقارت آمیز زبان کا استعمال ۔

reviler, n. زبان دراز شخص ؛ گالم گلوچ کرنے والا آدمی ؛ حقارت آمیز زبان میں بولنے والا شخص ۔

revisal, n. نظرِ ثانی کرنے کا عمل ؛ نظرِ ثانی ؛ دہرائی ؛ اعادہ ۔

revise, v.t. نظرِ ثانی کرنا ؛ جائزہ لے کر یا نظرثانی کرکے اصلاح کرنا ؛ درستی کے خیال سے دوبارہ دھیان سے دیکھنا ؛ ترمیم و تنسیخ کرنا ؛ تصحیح کرنا ؛ دوبارہ جانچ کرنا ؛ تبدیل اور ترمیم کرنا ؛ دوبارہ نظر ڈالنا ۔ (اسم) نظرِثانی ؛ تنقیحِ مکرّر ؛ مکرّر جائزہ ؛ دوبارہ معائنہ اور دُرستی ۔ (طباعت) پہلے پروف کی غلطیاں دُرست ہونے کے بعد دوسرے پروف کا معائنہ ۔

revisable, a. قابلِ دُرستی ؛ قابلِ تصحیح ؛ لائقِ نظرِثانی ۔

reviser, revisor, n. نظرثانی کُنندہ ؛ تصحیح کُنندہ ؛ دُرستی کرنے والا شخص ۔

Revised Standard Version, n. کِنگ جیمز بائیبل (شاہ جیمز کی انجیل) کی نظرثانی اور دُرست شدہ شکل ، جس کا انحصار جُزوی طور پر امریکی معیاری ترجمہ انجیل پر ہے اور جسے مکمل طور پر ۱۹۵۲ء میں شائع کیا گیا ۔

Revised Version, n. نظرثانی شُدہ ''ترجمۂ انجیل'' ؛ انجیل کے ''منظور شدہ'' ترجمے کی جدید شکل جسے پہلی بار مکمل طور پر ۱۸۸۵ء میں شائع کیا گیا ۔

revision, n. نظرثانی ؛ تصحیح ؛ دُرستی ؛ دوبارہ جائزہ (لینے کا عمل) ؛ تصحیح کے لیے دوبارہ معائنہ ؛ وہ شے جس کا دوبارہ جائزہ لیا جائے/معائنہ کیا جائے ۔

revisionary, a. نظر ثانی یا مکرّر جائزے کی قسم کا ۔

revisional, a. متعلق بہ جائزۂ مکرّر (برائے تصحیح) ۔

revisionism, n. تبدیلی یا نظر ثانی کی خواہش/ترجیح ؛ مارکسسٹوں میں کارل مارکس کے نظریات سے عملی انحراف کی طرفداری یا حوصلہ افزائی ؛ ترمیم پسندی ۔

revisionist, a., n. تبدیلی یا نظرثانی کا خواہشمند ؛ مارکسسٹوں میں ایسا جو کارل مارکس کے نظریات سے عملی انحراف کا حامی ہو یا اس انحراف کی حوصلہ افزائی کرتا ہو ؛ ترمیم پسند ۔

revisit, v.t. (کسی جگہ یا کسی سے ملنے) دوبارہ جانا ؛ کسی مقام پر مکرّر جانا ۔ (اسم) دوبارہ ملاقات ؛ کسی جگہ کا دوبارہ سفر یا سیر ۔

revisitation, n. دوبارہ کسی مقام پر جانے کا عمل ۔

revisory, a. تصحیح یا نظرِ ثانی کی قُوّت رکھنے والا ؛ تصحیح درج کرنے سے متعلق ۔

revitalize, v.t. طاقت یا قوّت بحال کرنا ؛ دوبارہ زندگی دینا ؛ حیات بخشی کرنا ؛ تازہ رُوح پھونک دینا ؛ دوبارہ جان ڈالنا ۔

revitalization, n. حیاتِ نو ؛ نئی زندگی ؛ نئی روح (پھونکنے کا عمل) ؛ قوّت بخشی ۔

revival, n. احیا ؛ تجدید ؛ نیا جنم ؛ تجدّد ؛ اعادہ ؛ تازہ ہونے / کرنے کا عمل ؛ زندگی یا ہوش و حواس کی بحالی یا طاقت یا قُوّت کی بحالی ؛ دوبارہ استعمال ، قبولیت یا رواج (جیسے : the revival of old customs) ؛ کسی پرانی فلم یا ڈرامے کی نئی پیشکش ؛ کسی گرجا (مذہبی فرقے) یا معاشرے میں ذاتی مذہب سے متعلّق دلچسپی اور توجّہ کی بیداری ؛ مذہبی بیداری کی خاطر انجام دیا جانے والا کام یا دی جانے والی خدمات ۔ (قانون) کسی عدالتی فیصلے ، معاہدے یا ذمے داری کی پُشت پناہ قُوّت کی تجدید ۔

revivalism, n. احیائے مذہب کی تحریک ؛ مذہب کے احیا کا اُصول ؛ رُجحانِ احیائے ماضی ؛ اِس قسم کا مذہبی عمل جو احیا / تجدید میں ظاہر ہو ۔

revivalist, n. احیائے ماضی / احیائے دین / احیائے رسُوم کا حامی یا معتقد ۔

Revival of Learning, n. دیکھیے : Renaissance ۔

revive, v.t. احیا کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ دوبارہ شروع کرنا یا چھیڑ دینا (جیسے : to revive old feuds) ؛ دوبارہ با عمل یا جاندار بنا دینا ؛ دھیان ، استعمال یا رواج میں پھر سے واپس لے آنا ؛ کسی پرانی فلم یا ڈرامے کو نئے سرے سے پیش کرنا ؛ زندگی یا ہوش و حواس بخشنا ؛ دوبارہ سانس دلانا ؛ دوبارہ زندہ کرنا / حرکت میں لانا یا خوش کرنا ؛ ذہن میں تیز کرنا یا جدید بنانا ؛ ذہن میں واپس لانا ۔ (کیمیا) دھات ، خصوصاً پارے کو اصل حالت پر لانا ۔ (فعل لازم) زندگی میں واپس جانا/دوبارہ زندہ ہو جانا یا ہوش و حواس کا لوٹ آنا ؛ تازہ طاقت یا قُوّت کا حاصل کر لینا ؛ تیز، تازہ دم یا جدید ہونا ، جیسے اُمید یا شک وغیرہ کا ؛ کسی موضوع ، عمل یا نظریے کا پھر سے توجُہ/دھیان ، استعمال یا رواج میں آ جانا ؛ دوبارہ عمل پذیر یا جائز ہو جانا ۔

reviver, n. احیا کُنندہ ؛ زندگی بخش ؛ حیات بخش ؛ تازگی بخش ؛ دوبارہ زندگی دینے والا ؛ جدید بنانے والا ۔

revivify, v.t. نئی زندگی یا قُوّت بخشنا ؛ دوبارہ زندہ کرنا ؛ تقویت دینا ۔

revivification, n. احیا ؛ حیات بخشی ؛ تجدید ؛ قُوّت بخشی ۔

reviviscence, n. بحالیِ حیات ؛ تازگی ؛ نئی قُوّت ؛ نئی زندگی دینے / پانے کا عمل یا اس کی کیفیت ۔

reviviscent, a. حیات بخش ؛ زندگی بخش ؛ تازگی بخش ـ

revocable, revokable, a. قابلِ تنسیخ ؛ قابلِ منسُوخی ـ

revocation, n. تنسیخ یا عملِ تنسیخ ؛ منسوخی ؛ واپس لے لینے کا عمل ـ (قانون) کسی عطا کردہ قُوّت ، عہد یا تُحفے کو واپس لے لینے کا عمل ، جیسے مُختار نامے کی منسُوخی/تنسیخ ـ

revoke, v.t. منسُوخ کر دینا ؛ واپس لے کر ختم کر دینا ؛ نفاذ ختم کر دینا ؛ منسُوخ کرنا یا واپس لینا یا اُلٹ/پلٹ دینا ؛ مُستَرد کرنا ـ (فعل لازم) (تاش) ہاتھ میں رنگ کا پتا ہونے کے باوجود بدرنگی/بے رنگی چال چلنا ـ (اسم) (تاش) رنگ کی چال نہ چل سکنے کا عمل ؛ بَدرنگی/بے رنگی چال ـ

revoker, n. ناسخ ـ (تاش) بدرنگ/بے رنگ چال والا شخص ـ

revolt, v.i. باغی ہونا ؛ اطاعت سے منحرف ہونا ؛ غَدر مچانا ؛ برگشتہ ہونا ؛ کسی مخالف عمل سے قائم مقتدر/ حکومت کے خلاف ہونا ، جیسے حکومت کے خلاف اُٹھ کھڑا ہونا ؛ مُقتدر اشخاص یا ادارہ جات کی اطاعت اور وفاداری سے دستبردار ہو جانا؛ روگردان ہونا ـ

revolt against, خیالات یا احساسات کے اعتبار سے باغی ہونا ـ

revolt at, بہت زیادہ ناراض یا مایُوس ہونا ـ

revolt, v.t. پرے ہٹا دینا (نفرت سے) ؛ نفرت کرنا ـ (اسم) بغاوت کا عمل ؛ بغاوت ؛ رُوگردانی ؛ مُقتدر اشخاص یا ادارور کی اطاعت اور وفاداری سے دستبرداری ؛ انحراف ـ

in revolt, باغی شخص کی ذہنی کیفیت/حالت ـ

revolter, n. باغی ؛ بغاوت کرنے والا شخص ؛ رو گردان ؛ بغاوت کار ؛ بغاوت کُنندہ ـ

revolute, a. پیچھے یا نیچے کو مُڑا ہوا ؛ پس خمیدہ/ زیر خمیدہ ـ (نباتیات) پس خمیدہ یا زیریں سطح کی سمت میں خمیدہ ؛ پُشت نورد ـ

revolution, n. چکرّ ؛ دَور ؛ محوری گردش ؛ تغیّر ؛ گردش یا عملِ گردش ؛ انقلاب ؛ کسی ملک کی حکومت یا اس کی سیاسی تنظیم میں اچانک اور پُرتشدّد تبدیلی ، عموماً اندرونی تحریک سے ؛ کسی بھی سائنسی/عِلمی ، سماجی/معاشرتی یا صنعتی نظام سے انقلابی تبدیلی ؛ گردش وقت یا گردش دوراں ؛ کوئی بھی ایسی گردشِ وقت جو ایک خاص وقت کے بعد پھر عمل پذیر ہوتی ہو ـ (میکانیات) محوری گردش ؛ محوری گردش کا ایک مکمل دَور/چکرّ ـ (فلکیات) ایک جِرم فلکی کا کسی دوسرے جرم فلکی کے گرد مدار میں ایک چکر ؛ کسی سیّارے یا جِرم کی اپنے محور کے گرد ایک مکمل گردش ـ

revolutionary, a. انقلابی ؛ کسی سیاسی انقلاب سے متعلق ؛ مُحرّک انقلاب ؛ سخت انقلابی ؛ گردش میں مصروف؛ انقلاب گیر ؛ گَردشی ؛ حرکتِ دُوری کا ـ (اسم) انقلابی شخص ؛ انقلاب پسند ـ

revolutionist, n. انقلاب پسند ؛ انقلابی شخص ؛ کسی انقلاب کا حامی یا اس میں حصّہ لینے والا شخص ؛ عملی انقلابی شخص ـ

revolutionize, v.t. (کسی چیز میں) انقلاب لے آنا ؛ (کسی چیز میں) مکمل یا بُنیادی تبدیلی لانا ـ

revolutionizer, n. (کسی چیز میں) انقلاب/مکمل یا بُنیادی تبدیلی لانے والا شخص ـ

revolve, v.i., v.t. گھومنا ؛ چکرّ کاٹنا ؛ گردش کرنا ؛ محوری گردش کرنا ؛ کسی مرکز کے گرد دائرے میں گھومنا ؛ مدار میں سفر کرنا ؛ محور کے گرد گردش کرنا/گُھومنا ؛ گردش کرنا ، جیسے وقت کا گردش کرنا ؛ گردِش میں ہونا ؛ گھومنا ؛ سوچ میں ہونا ؛ گھمانا یا چکر دینا ؛ ذہن میں گُھمانا/لانا ؛ غوروفکر کرنا ـ

revolvable, a. قابلِ گردش ؛ گھومنے والا/والی ـ

revolver, n. ریوالور ؛ گرداں پستول ؛ کئی فیر کا پستول ؛ ایسا پستول جس میں ایک گول پُرزے کے اندر گولیاں بھری ہوتی ہیں جنھیں تیزی سے باری باری چلایا جا سکتا ہے (بغیر بار بار بَھرے) ؛ گردش کُنندہ ؛ گھومنے والا ـ

revolving, a. گردشی ؛ گھومنے والا ؛ مُڑنے والا ؛ حرکت پذیر ؛ چکرّ کاٹنے والا ؛ بار بار وقوع پذیر ـ

revolving fund, n. گردشی فنڈ ؛ ایسا فنڈ/محفوظ سرمایہ جسے کسی خاص مقصد کے لیے قائم کیا جائے ، جیسے وظائف دینے کے لیے جو وصولیابیوں کے سبب مستقلاً جاری رہے ـ

revue, n. ریوو ؛ نقل ؛ مضحک ؛ موج میلہ ؛ رنگا رنگ پروگرام ؛ کسی موضوع/موقع کی مناسبت سے ایک ڈھیلا ڈھالا /غیر رسمی طنزیہ قسم کا پروگرام جس میں ناچ ، گیت ، خاکے وغیرہ شامل ہوں ـ

revulsion, n. ایک اچانک اور شدید جذباتی ردِّعمل یا تبدیلیٔ احساسات عموماً انتہائی ناخوشگواری کی جانب ؛ نفرت/دھچک حقارت یا پلٹا ؛ کسی چیز سے اچانک دور ہٹ جانے یا کھنچ جانے کا عمل ؛ کھچاوٹ ـ (طِبّ) تحویلِ مرض ؛ اُپاڑ ؛ ایک عضو کے ازالۂ مرض کے لیے دوسرے عُضو کو مرض/درد میں مبتلا کرنے کا عمل ؛ ردع ـ

revulsive, a. دھچکا لگانے والا ؛ شدید ؛ حقارت/نفرت انگیز ـ (طِب) تحویلی ، رادع ؛ اپاڑ کا ـ

revulsionary, a. شدید طور پر جذباتی ؛ متلوّن مزاج ؛ اچانک کھچ جانے والا ـ (طِب) متعلق بہ تحویلِ مرض؛ اپاڑی ـ

reward, v.t. اجر دینا ؛ انعام/بدلہ/جزا دینا ؛ بدلے میں کسی کو کچھ دینا ؛ تلافی کرنا ، صلہ دینا یا پسندیدگی کی علامت کے طور پر کُچھ عطا کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛ پاداش دینا ـ (اسم) انعام ؛ بدلہ ؛ جزا ؛ اچھائی یا برائی کی جزا/سزا ؛ اجر ؛ کسی کے کارنامے پر انعام ؛ تلافی ؛ کام یا محنت کا صلہ/ثمر ؛ کسی مجرم کے پکڑوانے یا گُمشدہ چیز کی بازیابی کے لیے رکھی گئی انعامی رقم/رکھا گیا انعام ؛ محنتانہ ؛ مکافات ؛ پَھل ؛ عوض ـ

rewardable, a. قابلِ انعام ؛ قابل جزا ؛ صلے/جزا/تلافی/انعام کے قابل ـ

rewarder, n. انعام دہندہ ؛ انعام/صلہ/جزا/بدلہ دینے والا شخص ـ

rewind, v.t. دوبارہ لپیٹنا ؛ دوبارہ چابی دینا (گھڑی کو) ـ (اسم) دوبارہ لپیٹنے کا عمل ؛ دوبارہ لِپٹنے کی کیفیت ؛ دوبارہ چابی ـ

rewire, v.t. دوبارہ تار ڈالنا/لگانا ، جیسے کسی عمارت کی برقی تنصیب میں ـ

reword, v.t. دوبارہ الفاظ دینا ؛ دُہرانا ؛ دوسرے الفاظ میں بات کرنا/کہنا ـ

rework, v.t. دوبارہ کام کرنا ؛ حک و تصحیح کے لیے نظرثانی کرنا ، پہلے سے استعمال شُدہ شے کو پھر استعمال کے قابل بنانا ـ

rewrite, v.t. دوبارہ تحریر کرنا ، خاص طور پر

تبدیل شُدہ شکل میں ؛ تصحیح کے لیے نظر ثانی کرنا ؛ دوسری بار لکھنا ۔ (صحافت) اخباری رپورٹر کی لکھی ہوئی تحریر یا خبر کو اخبار کے لیے مخصوص شکل میں ڈھالنا یا لکھنا ۔ (اسم) تصحیح یا تصحیح کے لیے نظر ثانی ۔ (صحافت) خبر یا مضمون جسے طباعت کے لیے ترمیم و تنسیخ کے بعد دوبارہ لکھا گیا ہو ۔

rewriter, n. دوبارہ لکھنے والا شخص ؛ مصحح ۔ (صحافت) خبر یا مضمون کو طباعت کے لیے تحریر/تیار کرنے والا شخص/صحافی ۔

rex, Rex, n. - بادشاہ ؛ شاہِ وقت (مخففً شکل میں صرف R)

rey, n. بادشاہ ۔

Reynard, Renard, n. قرون وسطیٰ کے جنگل نامے (رزمیے) میں لومڑی خاص طور پر ''رینارڈ دی فوکس'' (رینارڈ نامی لومڑی) کے رزمیے میں مجسم چالاک لومڑی ؛ شہ روباہ ۔ (چھوٹے r سے) لومڑی ؛ چالاک لومڑی ۔

rhabdomancy, n. چھڑی کی نال ؛ طِلِسمی عصا ؛ جادو کی چھڑی ؛ سراغ یابی ؛ چھڑی یا عصا سے سراغ لگانے کا عمل ؛ زمین میں چُھپے ہوئے خزانوں جیسے کچ دھاتوں یا معدنی پانی کے ذخائر کا سراغ ، چھڑی/عصا گُھما کر لگانے کا عمل (جو ایک مفروضہ ہے) ۔

rhabdomantist, n. عصا/چھڑی سے سراغ لگانے کا مدّعی ؛ زمین کے پوشیدہ خزانے کو چھڑی/عصا کے ذریعے منظر عام پر لانے کے مدّعی ؛ چھڑی کے ذریعے سراغ لگانے والا ؛ سراغ یا بندہ ۔

rhadamanthine, a. مُحتاط اور مُنصفانہ ؛ سخت گیر مُنصف ؛ ریڈامینتھس کا یا اُس سے متعلّق جو ایک یونانی اساطیری شخصیت تھی ،. ریڈامینتھس روئے زمین پر ایسا اچھا مُنصِف تھا کہ اُسے پاتال میں بھی منصف بنا دیا گیا ؛ محتاط انداز سے منصفانہ اور سخت ، جیسے منصفانہ اور سخت فیصلہ ؛ سخت گیرانہ ۔

rhamnaceous, a. (نباتیات) رسوت یا عناب کی نسل کے پودوں سے متعلّق یا ان کا ؛ رسوتی ؛ عُنّابی ۔

rhaphe, n. دیکھیے : Raphe ۔

rhapsodic, rhapsodical, a. رجزیہ انداز کی ؛ پرجوش نظم جیسی ؛ پرجوش ؛ پرازکیف ؛ ولولہ خیز ۔

rhapsodically, a. کیف آور انداز سے ؛ پُرجوش انداز سے ؛ رجزیہ انداز سے ۔

rhapsodist, n. رجز خواں ؛ رجز گو ؛ وہ شخص/شاعر جو پرکیف انداز میں بات کرے یا کلام لکھے ؛ قدیم یونانیوں کے ہاں رزمیہ نظم ترنّم سے پڑھنے والا شخص ، خاص طور پر ہومر کی رزمیہ نظمیں (ایلیڈ اور اوڈیسی) اُس طرح سے پڑھنے والا شخص ؛ رجزیہ نگار ۔

rhapsodize, v.i. رجز سرا ہونا ؛ پُرکیف و پرجوش رزمیہ نظمیں لکھنا ؛ جذباتی انداز میں گُفتگو کرنا یا لکھنا ۔ (فعل متعدّی) پُرکیف انداز میں ترنّم سے (شاعری) پڑھنا/گانا ؛ رزمیہ نظم گانا ؛ رجز کا لہک کر پڑھنا ۔

rhapsody, n. رجز ؛ ولولہ انگیز شاعری ؛ پرکیف نظم ؛ غنائیّہ ؛ ایسا زبانی یا تحریری کلام جس کی بُنیاد منطق پر کم اور کیف و جذبات پر زیادہ ہو ؛ آغاز میں یہ ایسی مختصر رزمیہ نظم یا طویل رزمیہ نظم کا مختصر (پُرکیف) ٹکڑا ہوتا تھا جسے کوئی گلوکار ترنّم سے گاتا تھا ؛ جدید ادب میں اس کے متبادل/اِس جیسا کوئی شاعرانہ کلام ؛ کسی ساز پر بجایا گیا بے ترتیب شکل کا/تجریدی نغمہ ۔

rhatany, ratany, n. ریٹنی ؛ جنوبی امریکا کی دو جھاڑیوں ''کرامیریا ٹرائی اینڈرا'' (Krameria triandra) یا ''ارجنٹیا'' میں سے کوئی ایک ان کی جڑیں بطور قابض اور دیگر ادویہ میں مستعمل ہیں ۔

rhea, n. (طیوریات) امریکی شتر مُرغ ؛ ''ریَا'' نسل کا جنوبی امریکا کا بے پرواز پرندہ جو افریقی شُتر مُرغ سے مشابہ ہوتا ہے لیکن اس سے ذرا چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے پاؤں میں دو کی بجائے تین تین انگلیاں ہوتی ہیں نیز گردن اور سر پَروں سے ڈھکے ہوتے ہیں ۔ (نباتیات) چینی بچھوا ۔

rhenium, n. (کیمیا) رینیم ؛ میگنیز سے مشابہ ایک نادر دھاتی عُنصر جس کا نقطۂ پگھلاؤ بہت زیادہ ہوتا ہے ۔

rheology, n. مائع اور نیم ٹھوس مادّوں کا مائع حالت میں عمل اور کارگزاری کا مطالعہ ۔

rheological, a. مائع اور نیم ٹھوس مادّوں کے مائع حالت میں عمل اور کارگُزاری کے مطالعہ سے متعلّق ۔

rheometer, n. رَوپیما ؛ دورانِ خون پیما ؛ ایسا آلہ جسے مائع کے بہاؤ خاص طور پر خون کے بہاؤ کی قُوّت یا رفتار ناپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ سیل پیما ۔

rheostat, n. مقوّم ؛ متغیر برقی مزاحمت ؛ قابل کمی/بیشی مزاحمتوں کے ذریعے برقی رو کو حسب ضرورت قُوّت/طاقت میں رکھنے کا آلہ ؛ برقی رو کی قُوّت یکساں رکھنے والا آلہ ۔

rheostatic, a. برقی رو کو مزاحمت کی کمی/بیشی سے قائم رکھنے سے متعلّق ۔

rhesus, n. بندر ؛ بوزنۂ بند ؛ چھوٹی دُم والا بُھورے رنگ کا ہندوستانی بندر جس کا جنسی نام ''مکاکا مُلاٹا'' (Macaca mulatta) ہے اور جسے طِب اور حیاتیات میں تحقیق کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

rhetor, n. لسّان آدمی ؛ قدیم یونان یا روما کا فَنِّ خطابت کا ماہر یا اُستاد ؛ ماہر خطیب ؛ فَنِّ بلاغت کا ماہر ؛ فَنِّ فصاحت کا ماہر ۔

rhetoric, n. عِلمِ بدیع و معانی؛ علم بیان ؛ فنِ خطابت و فنِ تحریر ؛ علم کی وہ شاخ جو نظم و نثر کی کسی بھی مؤثّر تحریر/تقریر کے اُصولوں اور ضابطوں سے بحث کرتی ہے ؛ فنِ خطابت سکھانے کا عمل؛ مؤثّر خطابت/تحریر/لفّاظی؛ فصاحت و بلاغت ، خاص طور پر مصنوعی لفّاظی؛ گرج دار اور بھاری بھر کم الفاظ کا استعمال؛ مبالغہ آمیز تقریر و تحریر ۔

rhetorical, a. اثر پیدا کرنے کے لیے جوش خطابت کا انداز لیے ہوئے ؛ خطیبانہ ؛ لفاظانہ ؛ گرج دار؛ فنِّ خطابت کا؛ زور شور کا ۔

rhetorically, adv. خطیبانہ انداز سے ، مؤثّر طور پر؛ فصاحت و بلاغت سے ۔

rhetoricalness, n. لفّاظیٰ؛ خطیبانہ جوش ؛ جوشِ بیان ۔

rhetorical question, n. خطیبانہ سوال ؛ ایسا سوال جو جواب کے لیے نہیں ، صرف اثر انگیزی کے لیے پوچھا جائے ؛ جس سے استفہام نہیں

تائید مقصود ہو۔

rhetorician, n. فنِ خطابت/فنِ تحریر/فنِ تقریر کا اُستاد ؛ فن خطابت/فن تحریر/فن تقریر کے اُصُولوں اور ضابطوں کا ماہر ؛ عُمدہ اور فصیح و بلیغ نثر نگار یا خطیب ۔

rheum, n. مخاط ؛ پانی جیسی پتلی رطوبت جو غِشائے مخاطی/مرطوب جھلّیوں سے خارج ہو جیسے زُکام ؛ نزلے کی رطوبت ؛ آنسو ، سِنک یا لعابِ دہن/تُھوک وغیرہ ۔

rheumic, rheumy, a. مخاطی ؛ رطوبتی ؛ متعلّق بہ رطوبت ؛ آنسو ، نزلے ، تُھوک وغیرہ سے متعلّق ۔

rheumatic, a.,n. مریض وجع مفاصل ؛ گٹھیا زدہ ؛ گٹھیا کا مریض یا اس سے مُتعلق ؛ گٹھیا سے متأثّر ؛ وجع المفاصلی ۔ گٹھیا کے مرض میں مبتلا شخص؛ وجع المفاصل/جوڑوں کے درد کا مریض ۔

rheumatically, adv. وجع المفاصلی انداز سے ؛ گٹھیا کے بیمار کی طرح ۔

rheumatic fever, n. (امراضیات) تپِ وجع المفاصل ؛ گٹھیے کا بُخار ؛ ایک ایسا جراثیم زدگی سے پھیلنے والا مرض جو نوبالغوں اور بچّوں کو لاحق ہو سکتا ہے اور جس میں متورّم جوڑوں میں درد ، دل کے جوف اور صِماموں پر ورم اور بُخار ہو جاتا ہے ۔ دیکھیے : rheumatism ۔

rheumatism, n. (امراضیات) گٹھیا ؛ وجع المفاصل ؛ درد انگیز ورم جس میں جوڑوں اور عضلات میں سختی بھی آ جاتی ہے اور درد بھی ہونے لگتا ہے ۔

rheumatoid, rheumatiodal, a. وجع المفاصل نُما ؛ گھٹیا جیسا ؛ گٹھیا نُما ۔

rheumatoidally, adv. گٹھیے جیسے درد کے ساتھ ؛ گٹھیے/وجع المفاصل/جوڑوں کے درد کی علامات لیے ۔

rheumatoid arthritis, n. (امراضیات) تحجّر المفاصل ؛ جوڑوں کا پتھرانا ؛ ایک ایسی بڑھتی ہوئی بیماری جس میں جوڑ متورّم اور درد انگیز ہو جاتے ہیں اور رگیں/ریشے سُکڑ جاتے ہیں ، جس کے نتیجے میں اعضائے بدن (خاص طور پر ہاتھ پاؤں) مُڑ جاتے ہیں ۔

Rh factor, Rhesus factor, n. (حیاتی کیمیا) بوزنہ جزو ؛ خون کے اندر ایک وراثتی جزو جو بیشتر انسانوں میں پایا جاتا ہے ، اگر یہ جزو مثبت ہو اور اِس خون کو کسی ایسے شخص کے جسم میں لگا دیا جائے جس کا یہ جزو منفی ہو تو یہ اُس کے خون کے تمام سُرخ خُلیوں/جسیموں کو تباہ کر دے گا ۔

rhinal, a. ناک سے متعلّق ؛ ناک کا ؛ متعلق بہ بینی ؛ نتھنے کا ۔

rhinencephalon, n. (تشریح الاعضا) دماغ کا انفی حِصّہ ؛ دماغ کا وہ حِصّہ جو قوّتِ شامّہ کا مرکز ہے ۔

rhinencephalic, a. دماغ کے اُس حصّے سے متعلّق جو سونگھنے سے تعلق رکھتا ہے ۔

rhinestone, n. نقلی/مصنوعی ہیرا ؛ شیشے وغیرہ کا تراشا گیا مصنوعی ہیرا ۔

Rhine wine, n. رائین شراب ؛ جرمنی کی وادئ رائین کی مصنوعہ کسی بھی قسم کی شراب ؛ سفید رنگ کی کوئی بھی ہلکی اور یا بس شراب ۔

rhinitis, n. (امراضیات) ناک کی جھلّی کا ورم؛ سوزش انف؛ ناک کی سوزش ۔

rhino, n. گینڈا ۔ دیکھیے : rhinoceros ۔

rhino, n. (برطانوی ، عوامی) روپیہ پیسہ ؛ رقم ؛ نقدی ۔

rhinoceros, n. گینڈا ؛ گینڈے کی نسل کا کوئی بھی بہت بڑا ، موٹی کھال والا طاق انگشتی میمل جانور جو ایشیا اور افریقہ میں پایا جاتا ہے اور جس کی تھوتھنی پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں ؛ کرگدن ۔

rhinocerotic, a. گینڈے نُما ؛ گینڈے جیسی خاصیتوں کا حامل ۔

rhinoceros beetle, n. عُریقطہ ؛ ''ڈائی ناسٹس'' (Dynastes) نسل سے تعلق رکھنے والا ایک بڑا بھنورا جس کے سر پر ایک سینگ نُما خصہ آگے کو نِکلا ہوتا ہے ۔

rhinoscopy, n. (طِب) ناک کا معائنہ ؛ معائنۂ انف ؛ جوفِ بینی کا معائنہ ۔

rhizanthous, a. (نباتیات) بیخ گُلہ ؛ ایسا پودا جس کے پُھول بالکل اُس کی جڑ کے قریب سے نکلیں اور ایسا لگے جیسے جڑ سے ہی پُھول نکلے ہوئے ہیں ۔

rhizobium, n. (جرثومیات) ''ریزوبیَم'' (Rhizobium) نسل کے ہم زیست نائٹروجنی بکٹیریا جو پھلی دار پودوں/سبزیوں کی جڑوں میں عمل پذیر ہوتے ہیں اور جو زمین میں نائٹروجن کی مقدار کو برقرار رکھتے ہیں ۔

rhizocarpous, rhizocarpic, a. (نباتیات) بیخ ثمرہ ؛ ایسے سدابہار پودے سے متعلق جن کی جڑیں سدا بہار ہوں مگر تنے موسمی ۔

rhizocephalan, n. (حیوانیات) ریشہ سران ؛ بیخ سران ؛ فاسد طفیلی خول دار حشرات میں سے کوئی جو کیکڑوں پر چمٹ کر ان کی تولیدی صلاحیت کو ضائع کر دیتے ہیں ۔

rhizogenic, rhizogenous, rhizogenetic, a. (نباتیات) بیخ زا ؛ ریشہ زا ؛ جڑیں پیدا کرنے والے جیسے بعض خُلیے یا ریشے ۔

rhizoid, n. بیخگی ؛ کائی ، حزار اور سرخس میں جڑوں کے طور پر استعمال ہونے والے بال کی طرح کے ریشے ۔

rhizoidal, a. بیخ نُما ؛ ریشے دار ؛ ریشے نُما ۔

rhizome, n. (نباتیات) جذر ، زمین ساق ؛ جڑ نُما تنا جو راسی یا ترچھی شکل میں یا تو زمین پر لیٹا ہوا یا زیرِ زمین ہوتا ہے ، اس کی جڑیں نیچے کو پھیلتی جاتی ہیں اور شاخیں بتدریج اوپر کو پھوٹتی ہیں؛ پودے کا تنا جو جڑ کی شکل کا ہو ۔

rhizomatous, a. جذری ؛ بیخی ۔

rhizomorphous, a. شکل میں جڑ جیسا ؛ بیخ ساں ؛ شکل و صورت میں جڑ کی مانند ۔

rhizoplane, n. کسی پودے کی جڑ کا پھیلاؤ مع اس سطحِ زمین کے یا دیگر اجزا کے جہاں وہ پھیلا ہوا ہو ۔

rhizopod, n. بیخ پایہ ؛ بیخ پایاں میں سے کوئی ایک ، جو ایسے یک خلوی جانور ہوتے ہیں جن میں اُنگلی نما ساخت باہر کو نکلی ہوتی ہے ۔

rhizopodan, a., n. بیخ نِما ؛ انگشت نُما ؛ انگشت نُما جسم والا ۔

rhizopodous, a. انگشت نُما یا بیخ پایہ ۔

rhizopus, n. بیخ ریم ؛ اس نسل کی کوئی کُھمبی/فُطر/

سماروغ جو ڈبل روٹی پر لگتی ہے ؛ پھوئی ؛ اُلّی ۔

rhizosphere, n. حلقۂ بیخ ؛ وہ قطعۂ زمین جو کسی پودے کی جڑوں کے ارد گرد ہوتا ہے اور ان کی موجودگی اور عمل کے باعث (خاصیتوں میں) تبدیل ہو جاتا ہے ۔

rhizotomy, n. بیخ برآری ؛ ریڑھ کی ہڈی کے اندر اعصاب کی عقبی جڑوں پر درد یا فالج کے علاج کے لیے کیا جانے والا عمل جرّاحی ۔

rho, n. یونانی حروف تہجّی کا ستراھواں حرف جس کی شکل بڑے ''P'' اور چھوٹے ''p'' جیسی ہوتی ہے ۔

rhodamine, n. روڈامِین ؛ ایک قسم کا سرخ رنگ جسے ''فینول'' کے مشتقات میں سے ایک کو ''تھیلیک این ہائیڈرائڈ'' کے ساتھ گرم کرنے سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ کوئی بھی متعلّقہ سرخ رنگ ۔

Rhode Island bent, n. جزیرہ رھوڈ کی گھاس ؛ شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں لان میں اُگائی جانے والی ایک مغربی گھاس ۔

Rhode Island Red, n. جزیرہ رھوڈ کی سُرخ مرغی ؛ شمالی امریکا کی پالتو مرغیوں کی ایک نسل جن کے پر سرخی مائل بھورے اور ٹانگیں زرد ہوتی ہیں ۔

Rhode Island White, n. جزیرہ رھوڈ کی سفید مرغی ؛ شمالی امریکا کی پالتو مرغیوں کی ایک نسل جن کے پر سفید اور ٹانگیں زرد ہوتی ہیں ۔

Rhodes grass, n. رھوڈ گھاس ؛ طویل القامت افریقی گھاس ''کلورس گیانا'' جسے بطور چارا کاشت کیا جاتا ہے ۔

Rhodesian man, n. (بشریات) رھوڈیشیائی آدمی ؛ قدیمی انسان کی ایک قسم جس کے باقیات ۱۹۲۱ء میں شمالی رھوڈیشیا میں پائے گئے اور جو بہت سی باتوں میں وسط حجری انسان سے مشابہ تھے ۔

Rhodesian Ridgeback, n. رھوڈیشیائی کُتّا ؛ افریقہ کے بڑے شکاری پالتو کُتّوں کی نسلوں میں سے کوئی سا کُتّا جس کی پُشت پر کھڑے بال ہوتے ہیں ۔

Rhodes scholar, n. رھوڈز اسکالر ؛ انگلستان کی آکسفورڈ یونیورسٹی کا وہ طالبِ علم جو سِیسل ، جے ، رھوڈز کے جاری کردہ وظیفے/وظائف میں سے کسی ایک پر دو یا تین سال تک تعلیم حاصل کرے ، یہ وظائف امریکا اور دولتِ مُشترکہ کے ممالک کے مُنتخب طلبا کو دیے جاتے ہیں ۔

rhodium, n. (کیمیا) رھوڈیم ؛ چاندی جیسا سفید دھاتی عُنصر جو پلاٹینم کی کچ دھات میں پایا جاتا ہے ، اسے نقرئی برتنوں ، خرد بینوں ، زیورات ، قلموں کی نوک اور آلات کے حصص پر زنگ روکنے کے لیے برقی عمل سے ملمّع کیا جاتا ہے ۔

rhodochrosite, n. رھوڈو کروسائٹ ؛ ایک معدنیات جس میں سُرخ یا گلابی رنگ کا مینگانیز کاربونیٹ شامل ہوتا ہے ۔

rhododendron, rosebay, n. (نباتیات) کنیر یا کنیر کی نسل کا کوئی بھی پودا ؛ کنیر کی نسل کا کوئی بھی خلنجی پودا جو عموماً سدابہار جھاڑیوں/درختوں کی شکل میں بھی ہوتا ہے اور جس پر ہلکے یا تیز گلابی یا سفید پھول لگتے ہیں اور بیضوی یا لمبوترے پتّے ہوتے ہیں ؛ بڑا کنیر ، جو ریاست مغربی ورجینیا کا ریاستی/سرکاری پھول ہے ؛ جنگلی گلاب ۔

rnodolite, n. رُھوڈو لائٹ ؛ گلابی نُما سُرخ یا سُرخی مائل جامنی رنگ کا لعل یا یاقوت جو ہیرے کی طرح مستعمل ہوتا ہے ۔

rhodomontade, n., a., v.i. دیکھیے : Rodomontade ۔

rhodonite, manganese spar, n. رھوڈو نائٹ ؛ گلابی مائل سرخ معدنیات جو عموماً میگانیز ، لوہے اور کیلسیئم سِلیکیٹ پر مشتمل ہوتی ہے اور کبھی کبھی اسے بطور نگ/نگینے کے استعمال کیا جاتا ہے ۔

rhodopsin, visual purple, n. (حیاتی کیمیا) بصری ارغوان ؛ آنکھوں کے پردے کے لمبوترے خُلیوں میں حساس ضیا سرخ رنگ کا مادّہ جو رات کی بینائی کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے اور جو روشنی میں حیاتین الف سے وابستہ لحمیات میں تبدیل ہو جاتا ہے ۔

rhodora, n. (نباتیات) مرغزاری گُلاب ، آرایشی گُلاب ؛ شمال مشرقی امریکا اور کینیڈا میں پیدا ہونے والا خلنجی نسل کا ایک آرایشی پودا جس پر پتّوں کے آنے سے بھی پہلے تیز سرخ رنگ کے پھول آ جاتے ہیں ۔

rhomb, n. دیکھیے : Rhombus ۔

rhombencephalon, n. (تشریح الاعضا) دِماغ کا سب سے عقبی حصّہ ؛ مؤخرِ دماغ ۔

rhombic, a. معین نُما ؛ معین کی بُنیاد پر بنی ہوئی ٹھوس اشکال سے متعلق ۔ (قلمیات) قائمۂ معینی ؛ تین ایسے غیر مساوی محور والا جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ پر قطع کر رہے ہوں ۔

rhombohedron, n. چھ معین سطحوں سے متشکل ٹھوس شے ۔

rhombohedral, a. معین نُما ؛ اس ٹھوس شکل کا جو چھ معین سطحوں سے بنی ہو ؛ معین سطحی ۔

rhomboid, n. معین نُما شکل ؛ ایسی چوکور جس کے آمنے سامنے کے ضلعے اور زاویے برابر ہوں لیکن نہ تو وہ متساوی الاضلاع ہوں اور نہ ہی متساوی الزوایا ؛ ایک معین نُما ٹھوس جسم ۔ (صفت) معین نما ؛ ہیرے جیسی شکل والا ؛ ہیرے جیسی سطحوں والا ۔

rhomboidal, a. معین جیسی سطحوں والا ۔

rhombus, rhomb, n. معین ؛ ایسی چوکور شکل جس کے چاروں اضلاع برابر ہوں اور آمنے سامنے کے اضلاع متوازی ہوں اور جس کے زاویے قائمہ کی بجائے پچکے ہوئے ہوتے ہیں ؛ ہیرے کی شکل ؛ لوزی ۔

rhonchus, n. خَس خَس ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ سانس کی نالی میں بلغم وغیرہ جمع ہونے سے سانس میں خرخراہٹ ؛ خُر خُر (سینے کی) ۔

rhonchal, rhonchial, a. خَس خَس جیسی ؛ خر خراہٹ سی ؛ کھڑکھڑاہٹ جیسی ۔

rhubarb, n. ریوند چینی ؛ اس نسل کا ایک بڑا پودا جو باغوں میں اُگایا جاتا ہے جس کی موٹی موٹی پتوں کی ڈنڈیاں چٹنی وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتی ہیں ؛ اسی قسم کا ایک اور پودا جس کی جڑیں قبض کُشا ادویات ، طاقت ور مقوّی ادویات اور قابض ادویات میں استعمال کی جاتی ہیں ۔ (عوامی) پُرشور جھگڑا ، خاص طور پر امریکی کھیل بیس بال میں ۔

rhumb, n. خطِ راست ؛ دائرۂ سمت نُما ؛ بحری جہاز ران کے قطب نُما/سمت نما کی ۳۲ سمتوں میں سے ایک ؛ اس سمت کو ظاہر کرنے والی لکیر ۔

rhumb line, مساوی المیلان خط یا لکیر ؛ زمین کی سطح کے برابر ایک خط جہاز رانی جو خطوطِ طول بلد کو مساوی حادہ زاویے سے کاٹتا جاتا ہے اور سمندری یا ہوائی جہاز کو قُطب نُما/سمت نُما کی طے شدہ سمت میں قائم رکھنے میں مدد دیتا ہے ۔

rhumba, n. دیکھیے : Rumba ۔

rhyme, n. قافیہ ؛ دو یا زیادہ الفاظ کے ہجّوں کے آخری الفاظ/حرکات کا ہم آواز ہونے کا عمل ؛ ایک لفظ کا دوسرے لفظ کے ساتھ ہم آواز ہونے کی کیفیت ، جیسے sound اور round ؛ ایک مصرعہ نظم کا دوسرے مصرعے کے ساتھ ہم قافیہ ہونے کا عمل ؛ شاعری ؛ وزن ؛ ہم قافیہ ، ہم وزن شعر یا نظم ؛ قافیہ بندی ؛ قافیہ پیمائی ۔ (فعل لازم و متعدی) ہم قافیہ ہونا ؛ آخری آوازوں کا ایک جیسا ہونا ؛ شعر لکھنا ؛ شاعری لکھنا/کرنا ؛ قافیہ بندی کرنا ؛ آواز یا قافیے کو استعمال کرنا ؛ قافیہ پیمائی کرنا ۔

rhymer, rhymester, n. معمولی شاعر ؛ قافیہ بندی کرنے والا شخص ؛ تُک بند؛ نظم گو ۔

rhyme royal, n. شاہی بند ؛ پانچ ارکان کے سات مصرعوں کا بند جس میں پہلا اور تیسرا ، دوسرا ، چوتھا اور پانچواں اور چھٹا ، ساتواں مصرع اس میں ہم قافیہ ہوتا ہے ، اسے شاید شاہی بند/نظم اس لیے کہا جاتا ہے کہ اسکاٹ لینڈ کے شاہ جیمز اول نے نظم '' دی کنگز کوئیر'' میں اسے استعمال کیا تھا ۔

rhyme scheme, n. نظم میں قافیوں کی ترتیب ، جس میں عموماً ہم قافیہ الفاظ کو حروف کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے ، جیسے شاہی بند کے قافیوں کی ترتیب ا ب ا ب ب ج ج ہوتی ہے ۔

rhyolite, n. لاوی فلسپار ؛ ایک قسم کا پتّھر جو سنگ خارا کے لاوے میں پگھل کر پھر سخت ہو جانے پر بنتا ہے ؛ لاوے کا پتّھر ۔

rhythm, n. آہنگ ؛ توازن ؛ تال ؛ لَے ؛ متوازن آہنگ ، جیسے شعر ، موسیقی یا رقص میں ؛ یکساں عمل پذیری کے ساتھ واقع یا متحرِک تال یا سر وغیرہ ؛ عام طور پر مخصوص عناصر ، ادوار وغیرہ کی بار بار متوازن وقوع پذیری ۔ (موسیقی) تال یا سُر کے حوالے سے کسی موسیقی کی ترتیب ؛ اس قسم کی مخصوص موسیقی جیسے دو تالہ ۔ (عرُوض) وزن رکھنے والی تحریر/نظم/شاعری ؛ تال دار یا توازن دار شکل (کسی تحریر/شاعری کی) ۔ (فن) اجزاء کا ایک دوسرے کے حوالے کے ساتھ اور ایک فنکارانہ کُل کے ساتھ مناسب تعلّق اور باہمدگر انحصار ۔ (فعلیات) کسی عمل یا کارکردگی کی باقاعدہ وقوع پذیری ، جیسے دل کی دھڑکن ؛ روانی ۔

rhythmic, a. **rhythmical,** a. متوازن ؛ ہم آہنگ ؛ باترتیب ۔ تال دار ؛ سُردار ؛ ترتیب وار ؛ آہنگ دار ؛ لے دار ۔

rhythmically, adv. متوازن انداز سے؛ سُر کے ساتھ ؛ تال کے ساتھ ؛ ترتیب وار انداز سے ۔

rhythmics, n. متوازن اشکال اور توازن/تال کا نظام یا علم ؛ وزنیات ۔

rhythm method, n. طریقِ تواتر ؛ خاندانی منصُوبہ بندی/ برتھ کنٹرول کا ایک طریقہ/نظام جس میں عورتوں کے بیضہ ریزی اور زرخیزی کے درمیان اندازاً ماہانہ وقفے کے دوران جنسی عمل سے پرہیز کیا جاتا ہے ۔

rhythmic stick, n. آہنگ چھڑی ؛ لکڑی کی ان دو چھڑیوں میں سے ایک جنھیں کم عُمر بچے موسیقی کی سادہ تال سیکھنے کے لیے تال دار باجے کے ایک حصے کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Rialto, n. ریالٹو ؛ نیویارک شہر میں براڈوے کا ایک حصّہ یا اس کے ساتھ کا علاقہ (ریالٹو) جہاں بہت سے تھیٹر ہیں اور ان سے متعلقہ لوگوں کا ہجوم رہتا ہے ۔

rialto, n. بازار ، نیلام گھر یا منڈی ۔

riant, a. ہنستا ہوا ؛ مسرور ؛ مُسکراتا ہوا ؛ شگُفتہ ؛ تبسّم بہ لب ؛ مُتبسّم ۔

riantly, adv. خُوشی سے؛ پُرمسرّت انداز سے؛ قہقہہ بار انداز سے ۔

riata, n. رسّہ یا کمند ؛ (رسّی کا) پھندا ۔

rib, n. (تشریح الاعضا) پسلی ؛ انسان اور ریڑھ کی ہڈی رکھنے والے دیگر جانداروں میں ان پتلی مُڑی ہوئی/خمیدہ ہڈیوں میں سے کوئی سی جو ریڑھ کی ہڈی کے دونوں جانب جڑی ہوتی ہیں اور سینے کے جوف اور بعض دیگر اہم اعضا کو اپنے اندر گھیرے ہوتی ہیں ؛ چانپ ؛ گائے یا بکری کی چانپ جس میں ایک یا زیادہ پسلیاں شامل ہوتی ہیں؛ پسلی یا چانپ سے شکل ، استعمال ، حالت یا کیفیت میں ملتی جلتی کوئی شے، جیسے چھتری کی تیلیاں یا کمانیاں ۔ (فنِ تعمیر) لکڑی یا دھات کا ایسا ٹکڑا جو محراب دار چھت یا گول گنبد کی آرایش یا سہارے کے لیے لگایا گیا ہو۔ (جہاز رانی) شہتیر یا دھات کی سلاخیں جنھیں جہاز کے پیندے سے باہر اور اُوپر کو آڑے انداز سے لگایا جاتا ہے تا کہ جہاز کے پہلو مضبوط ہو جائیں ۔ (طیرانیات) ہوائی جہازوں کے پروں کی طوالت میں لگی ہوئی صلیبی شکل کی بَلّیاں جن کی مدد سے پروں کا بوجھ پروں کی بلّیوں پر ڈالا جاتا ہے۔ (نباتیات) رگِ برگ یا پتّے کی سب سے بڑی رگ ؛ کپڑے پر بنائی میں ڈالی گئی دھاری یا اُبھرواں دھاری، جیسے کارڈرائے وغیرہ میں یا اُون سے بُنی ہوئی اشیا میں ۔ (عوامی) تیر مزاح جو کسی بھی شخص کی جانب چھوڑا گیا ہو ؛ بیوی ، حضرت آدم کی پسلی سے پہلی عورت حضرت حوّا کے پیدا کیے جانے کے بائیبلی بیان کے پُرمزاح حوالے سے ۔ (پیدایش ، باب دوم : ۲۱ ، ۲۲) ۔ (فعل متعدی) تیلیوں/پسلیوں/کمانیوں سے بنانا یا آراستہ کرنا ؛ تیلیوں/پسلیوں/کمانیوں سے محیط یا محفوظ کرنا ۔ (عوامی) کسی کو نشانۂ مزاح بنانا ؛ ستانا یا چھیڑنا ۔

پسلیوں/تیلیوں/کمانیوں والا ؛ کمانی دار ؛ کمانیاں بنانے والا ۔

ribald, a. بول چال/گفتگو میں بے ادب ، گنوار یا پھکڑّ ؛ گھٹیا انداز سے مزاحیہ یا طنزیہ ؛ دُشنام طراز یا بے ادب ؛ گُستاخ ؛ گندا دہن ۔

ribald, n. فُحش کلام ؛ بے ادب یا گُستاخ شخص ؛ دُشنام طراز آدمی ؛ پھکڑّ یا فُحش گو شخص ۔

ribaldry, n. بے ادبی ؛ دُشنام طرازی ؛ پھکڑّ پن ؛ فُحش گوئی ؛ گفتگو یا تحریر میں گھٹیا زبان کا استعمال ؛ بدگوئی ؛ بدطینتی ؛ گندا دہنی ۔

ribband, n. (جہاز سازی) لمبائی کے رُخ لکڑی کی یا دھاتی پٹّی کا وہ سہارا جو بیرونی تختوں یا پلیٹوں کو ٹھوکتے وقت جہاز کی آڑی پٹّیوں کو اپنی جگہ رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ribbing, n. پٹّیوں/دھاریوں/پسلیوں کا اجتماع یا اُن کی ترتیب ، جیسے کپڑے پر دھاریوں کا اجتماع یا بناوٹ ؛ دھاریاں ؛ پٹّیاں لکیریں ؛ تیلیاں ۔

ribbon, n. فیتہ ؛ رِبن ؛ کور ؛ ریشم ، ساٹن یا کسی اور کپڑے کا پتلا سا فیتہ جو بطور آرایش یا باندھنے کے لیے استعمال کیے جائے ؛ روشنائی میں لتھڑے ہوئے کپڑے کا فیتہ ، جیسے ٹائپ رائٹر میں استعمال ہوتا ہے ؛ کسی بھی چیز کا تنگ یا پتلا سا فیتہ جو ربن جیسا

ہو ، جیسے دھاتواسپرنگ ۔ (نجّاری) کڑیوں کو سہارا دینے کے لیے دونوکی میخوں کے اندر لگائی جانے والی اُفقی پٹّی؛ سجاوٹ کے طور پر لگایا گیا ریشم یا ساٹن کا فیتہ/ربن ، خاص طور پر فوجی ربن؛ کسی مقابلے میں انعام حاصل کرنے والے کو لگایا جانے والا فیتہ۔ (عموماً جمع) دھجیاں ؛ چیتھڑے (جیسے : sails torn to ribbons) ۔ (جمع ، بول چال) ہانکنے والی لگامیں ۔ (فعل متعدی) فیتہ/ربن لگا کر آرایش و زیبایش کرنا ؛ فیتے یا ربن یا دھجیاں بنانا ۔

ribbonlike, a. فیتے جیسا ؛ دھجّی جیسا ؛ ربن جیسا؛ پتلا ۔

ribbon development, n. علاقے کی سابقہ منصوبہ بندی کے بغیر کسی شاہراہ کے کنارے بنی ہوئی عمارات ۔

ribbonfish, n. لمبی چوڑی مچھلی؛ کوئی بھی سمندری مچھلی جن کے جسم لمبے اور پہلو چپٹے ہوتے ہیں ، جیسے ''ڈیل'' نامی مچھلی کے ۔

rib cage, n. (حیوانیات، تشریح الاعضا) ریڑھ کی ہڈیوں والے بیشتر جان داروں میں پسلیوں کا ڈھانچا؛ انسان میں، سینہ ۔

ribgrass, n. دیکھیے : Ribwort ۔

riboflavin, lactoflavin, vitamin G, vitamin B_2**,** n. ربوفلاوین؛ نارنجی رنگ کا اور نشوونما میں مدد دینے والا ایک مرکبّ جس کا تعلّق حیاتین ب کمپلیکس سے ہے ، یہ قدرتی طور پر دودھ ، کلیجی، انڈے کی زردی اور پتّے والی ترکاریوں میں پایا جاتا ہے ، نیز کیمیاوی طور پر بھی بنتا ہے ۔

ribonucleic acid, n. ربومرکزائی تیزاب ؛ ربو نوینی تیزاب؛ ایسا نووینی تیزاب جس میں ''ربوز'' شامل ہو، یہ عموماً مایۂ حیات/سائی ٹو پلازم میں پایا جاتا ہے ۔ اسے مخفّف طور پر RNA کہا جاتا ہے ۔

ribose, n. ربوز ؛ نووینی تیزاب سے کشید کی جانے والی پنج کاربنی شکر۔

ribosome, n. ربو سوم ؛ خلیوں کے مایۂ حیات/سائی ٹو پلازم میں پائے جانے والے بہت ہی چھوٹے ذرّات میں سے کوئی سا جس میں ربو نووینی تیزاب اور لحمیات پائے جاتے ہیں ۔

ribwort, ribgrass, English plantain, n. (نباتیات)گل تسبیح؛ حشیشۃ البَرص ؛ ایک مخصوص کیلے کا پودا جو قدیمی دنیا سے چلا آ رہا ہے جسے آجکل گھروں کے باہر لگایا/اُگایا جاتا ہے ، اس کے پتّے تین حصوں والے پتلے پتلے ہوتے ہیں اور سرے پر پھولوں کا گُچھا لگتا ہے ۔

rice, n. چاول ؛ گرم (مرطوب) آب و ہوا میں پیدا ہونے والے ایک اہم غذائی اجناس کا پودا '' اوریزا ستیوا'' جس کی جنس نشاستے دار ہوتی ہے؛ چاول کے دانے ؛ چاول کا پودا ؛ دھان ؛ مونجی ۔ (فعل متعدی) چاول بنا دینا ؛ چاول جیسی شکل میں لے آنا ؛ کسی چیز کے ریزے ریزے کر دینا، جیسے آلو کے ۔

rice bird, n. جاوائی چڑیا ؛ دھانی چڑیا ؛ صُفَاریہ ؛ دھان کے کھیتوں میں پائے جانے والے مختلف صُفَاری پرندوں میں سے کوئی سا ۔

rice Christian, n. پیٹ پرست ؛ ابتدا میں اس باشندے کو کہا جاتا تھا جو خیراتی اداروں سے خوراک حاصل کرنے کی خاطر عیسائی بنے ؛ اب ہر اُس شخص کو کہا جاتا ہے جو مالی مفادات کی خاطر اپنا مذہب تبدیل کر لے ؛ پیسے کی خاطر مذہب تبدیل کرلینے والا شخص ۔

rice paper, n. دھانی کاغذ ؛ چینی کاغذ ؛ دھان کے تنکوں سے بننے والا کاغذ ؛ چین میں بنایا جانے والا ایک پتلا، نازک کاغذ جسے بعض جھاڑیوں اور پودوں کے گودے سے تراش کر، دبا کر تیار کیا جاتا ہے؛ چاولی کاغذ ۔

rice-paper tree, n. دھانی کاغذ درخت؛ زیادہ تر چین میں اگایا جانے والا چھوٹا سا درخت یا جھاڑی کی قسم کا یہی پودا جس کے گودے سے دھانی کاغذ بنایا جاتا ہے، اس پودے/جھاڑی کو امریکا کے گرم علاقوں میں بطور آرایش اُگایا جاتا ہے ۔

ricer, n. کدوکَش ؛ ایک روزن دار آلہ جس میں دبا کر آلو وغیرہ کے باریک ٹکڑے کیے جاتے ہیں ۔

ricercar, n. (موسیقی) سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں مروّجہ ایک مخصوص موسیقی کا انداز جس میں دو یا زیاد آزادانہ مرتّب شدہ موسیقیوں کو ایک ساتھ بجایا جاتا تھا ۔

rich, a. امیر ، رئیس ؛ تونگر؛ دھنی؛ دولت مند ؛ متموّل ؛ خاصے زیادہ مادّی مقبوضات رکھنے والا ؛ جس کے پاس اسباب زیست خاصے ہوں ؛ وافر مقدار میں اشیا رکھنے والا ؛ زیادہ پیداوار دینے والا ؛ پیداواری ؛ زرخیز ؛ قیمتی یا قابلِ قدر اشیا یا اجزا پر مشتمل ؛ پُرلُطف ؛ بہت ہی قابلِ قدر؛ قیمتی ؛ پسندیدہ یا نشوونما کی خصوصیات سے لبریز (جیسے : rich soil) ؛ بہت ہی شیریں ، مُرغّن ، مزے دار یا خوشبودار ، جیسے کھانا ؛ پُرتکلّف ؛ وافر ؛ معمور ؛ شاداب سکون بخش، جیسے احساسات کے لیے ؛ زندگی سے لبریز ؛ روشن ، میٹھا یا بھرپور طور پر سریلا ؛ بہت خوشبودار/معطّر؛ ہوا کے مقابلے میں پٹرول زیادہ رکھنے والا۔ (بول چال) بہت دلچسپ یا پرلُطف ؛ ہنسنے کے قابل؛ فضول ؛ بے سروپا ؛ لغو۔

richness, n. ثروت ؛ دولتمندی ؛ امارت ؛ فراوانی ؛ کثرت ؛ خوشحالی ؛ زرخیزی وغیرہ ۔

Richard Roe, n. عدالتی کارروائی میں ایک فرضی شخص جس کا نام خصوصاً اس وقت زیر استعمال آتا ہے جب اشخاص کے حقیقی نام معلوم نہ ہوں ؛ بمقابلہ: John Doe ؛ زید ، عمر ، بکر ، ایرا غیرا نتھّو خیرا ، فلاں ولد فلاں ۔

riches, n. دھن دولت ؛ مقبوضات کی کثرت و فراوانی ؛ مال ؛ خوشحالی کے مادّی وسائل ؛ مال و متاع ؛ دولت ؛ زر و مال ۔

richly, adv. اچھے طریقے پر؛ خوش خوراکی سے ؛ فراوانی سے ؛ باافراط ؛ کثرت سے ؛ زیادہ تعداد میں ۔

ricin, n. (کیمیا) زہرِ ارنڈ ؛ ارنڈ کے بیجوں سے بنایا جانے والا ایک زہریلا سفید سفوف جسے خُون کے سُرخ جسیموں/خلیوں کی چسپیدگی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ricinoleic acid, n. (کیمیا) ایک نامیاتی تیزاب ، جو ارنڈ کے تیل میں گلیسرین کے ایک مرکب کی شکل میں پایا جاتا ہے ؛ ارنڈی تیزاب ۔

ricinolein, n. (کیمیا) ارنڈی تیزاب کا کوئی ایک گلیسرینی مرکب ، جو ارنڈ کے تیل کا اہم جزو ترکیبی ہوتا ہے ؛ ارنڈین ؛ رسینولین ۔

ricinus, n. ارنڈ ؛ ارنڈ کا پودا ؛ جنسِ ارنڈ ۔

rick, n. اجناس یا گھاس کے پُولے ، گٹھے یا انبار جس کے اوپر کے سرے کو گول کر کے لیپ دیا جاتا ہے تا کہ بارش سے محفوظ

رہے ؛ تودہ ؛ اٹالا ۔ (فعل متعدی) گٹھوں/پُولوں یا ڈھیر کی شکل میں محفوظ کرنا ؛ ڈھیری لگانا ۔

rick, wrick, v.t. (برطانوی) موچ آ جانا ؛ چُک پڑ جانا ، جیسے کمر میں ۔ (اسم) موچ ؛ چُک ۔

rickets, n. (امراضیات) سوکھا پن ؛ بچوں کی ایک بیماری جس میں جسم کے اندر حیاتین د (D) یا کیلسیئم (چونے) یا دونوں کے غلط جماؤ کے باعث ہڈیاں کمزور پڑ جاتی ہیں اور ٹیڑھی میڑھی ہو جاتی ہیں ۔

rickettsia, n. ریکٹسئیا نسل کے خوردبینی جراثیم میں سے کوئی ایک جو حشرات میں طفیلی طور پر زندہ رہتے ہیں اور انسانوں کو لاحق ہو جاتے ہیں جس کے باعث دماغی تپِ محرّقہ (ٹائی فس) کی قسم کے امراض پیدا ہوتے ہیں ۔

rickettsial, a. متعلق بہ ریکٹسئیا ؛ ریکٹسئیا کی خرد بینی جراثیم کا یا اُن سے متعلق یا اُن کے باعث ۔

rickety, a. لغزندہ ؛ لڑکھڑاتا ہوا ؛ گرنے کے قریب ؛ کُبڑا ؛ ہڈیوں کے مرض/سوکھے میں مُبتلا ؛ عام انداز میں کمزور/لاغر یا نامکمل ؛ بے قاعدہ حرکت پذیر ۔

ricketiness, n. کُبڑا پن ؛ لاغری ؛ لرزہ ؛ لغزش ۔

rickey, n. ایک مشروب جس میں لیموں کا رَس ، سوڈا اور ہلکی شراب (جن) جس کے مخصوص اجزا ہوتے ہیں ؛ سکنجبینِ شراب ۔

rickrack, ricrac, n. جھالر ؛ کپڑے کی آڑی ترچھی پٹّی جسے کسی کھلی جگہ کے سرے پر لگایا جاتا ہے (جیسے الماری کے خانے کے باہر) ؛ ٹیڑھی میڑھی چُٹیا ۔

rickshaw, ricksha, n. رکشا ۔ دیکھیے : jinrikisha

ricochet, n. اچھال ؛ اچٹ ؛ کسی ہموار سطح پر سے کسی چیز کے لگ کر اُچھلنے/اُچٹنے کا عمل ، جیسے پتّھر کا پانی پر لگنے سے ؛ کوئی بھی اُچھلنے والی/اُچٹنے والی شے یا آگے کو نکلی ہوئی شے جس پر لگنے سے گُونج پیدا ہو ۔ (فعل لازم) اُچھلنا ، اُچٹنا یا گِرنا ؛ اُچٹتے ہوئے نکل جانا ۔

rictus, n. دہانہ ؛ مُنھ ؛ کھلا مُنھ ؛ عرض دہن ؛ عرضِ منقارِ پرند ؛ کوئی بھی کُھلا ہوا مُنھ ؛ شگاف یا درز ۔

rictal, a. متعلق بہ دہن یا عرضِ منقارِ پرند سے متعلق ؛ مُنھ کا ؛ کھلے مُنھ کا ۔

rid, v.t. چُھٹکارا دے دینا ؛ نجات دے دینا ؛ بچا دینا/صاف بچا دینا ؛ بوجھ یا ذمّے داری سے نجات دے دینا (جیسے : to rid a person of a burden) ۔

ridable, a. سواری کے قابل ، جیسے کوئی گھوڑا ؛ سفر کیے جانے کے قابل ، جیسے کوئی سڑک یا ندی/دریا ۔

riddance, n. سواری (کا عمل) ؛ نجات ؛ چھٹکارا ۔

good riddance, کسی ناپسندیدہ چیز سے نجات (خوش قسمتی کے باعث) ۔

riddle, n. مُعمّہ ؛ پہیلی ؛ چیستان ؛ ایسی بات جسے مشکل یا ذومعنی اصطلاحات میں اس لیے ڈھالا جائے کہ اس کے معنی سمجھنے میں پریشانی ہو اور ذہانت کا استعمال کرنا پڑے ؛ ایک پریشان کُن سوال ؛ پریشان یا حیران کن شخص یا شے ۔ (فعل متعدی و لازم) حل کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ کسی معمّے/پہیلی/چیستان کو بُوجھنا ؛ اُلجھن پیدا کرنا ؛ پہیلی بُوجھنا یا بُجھوانا ؛ پہیلی کہنا ؛ ذومعنی انداز میں بات کرنا یا پہیلی یا چیستان یا معمّے کے انداز میں بات کرنا ۔

riddle, n. چھاج ؛ موٹی چھلنی ؛ ایک ایسی چھلنی جس میں موٹی جالی لگی ہوتی ہے اور جسے کارخانوں وغیرہ میں موٹی چیزوں کو باریک چیزوں سے الگ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چھلنی کی مدد سے چھاننا یا چھلنی میں سے گزارنا ؛ چھان پھٹک کرنا ؛ چھلنی کی طرح کسی شے کو بنانا ، روزن کر کے (جیسے : to riddle the target with shot) ؛ کمزور کر دینا ، سوراخ کر کر کے ۔

ride, v.i. سواری کرنا ؛ سوار ہونا ؛ کسی جانور کی پُشت پر سوار ہو کر جانا ؛ چلتے ہوئے گھوڑے یا کسی اور جانور کے اوپر بیٹھنا اور اسے اپنے قابو میں رکھنا ؛ کسی سواری میں لے جائے جانا ؛ کسی چیز پر سوار کرکے لے جائے جانا ، جیسے گھوڑے کی پُشت پر ؛ پانی میں یا پانی پر تیرنا ؛ کسی بھی انداز میں حرکت کرنا ، لے جائے جانا یا سہارا مِلنا ؛ خلا میں محوِ سفر نظر آنا ، جیسے کسی اجرامِ فلکی کا ؛ موڑنا یا کسی چیز پر چپکانا ؛ پھیلانا یا کسی چیز کے اُوپر بڑھانا ، جیسے ایک چیز کا سِرا دوسری چیز کے سِرے پر چڑھانا ؛ مناسب جگہ سے اُٹھانا یا بلند کرنا ، جیسے کوئی ملبوس ؛ انحصار کرنا/منحصر ہونا (جیسے : the future rides on this election) ۔ (جہاز رانی) لنگر انداز ہونا ، جیسے جہاز کا ۔ (عوامی) کسی تبدیلی یا خلل اندازی کے بغیر جاری رہنا (جیسے : Let the matter ride) ؛ مسلط ہونا ؛ سختی سے حکومت کرنا ؛ زمین کا سواری کے لیے اچھا ، بُرا ، سخت یا نرم وغیرہ ہونا ۔ (فعل متعدی) بیٹھنا اور قابو کرنا ؛ بیٹھنا یا بٹھایا جانا ، جیسے گھوڑے کی پُشت پر ؛ کسی (چیز/جانور) پر بٹھا کر لے جایا جانا ؛ رکھے رہنا ، خاص طور پر ایک دوسرے کے اوپر نکلے/بڑھے ہوئے انداز میں ؛ قابو رکھنا ، حاوی ہونا یا (کسی پر) ظلم و ستم ڈھانا ۔ (عوامی) پریشان کرنا یا تکلیف دینا ؛ کسی سڑک یا علاقے پر یا اس میں سے گُزرنا/سفر کرنا ؛ سوار ہو کر کوئی کام کرنا (جیسے : to ride a race) ؛ سوار کرانا ؛ کسی شخص کو کسی چیز پر سوار کرا کے لے جانا ۔ (جہاز رانی) لنگر انداز رکھنا یا چھوڑے رکھنا ۔ (اسم) گھوڑے یا کسی گاڑی پر سفر یا سیر سپاٹا ؛ راستہ یا سڑک جو خاص طور پر گھڑ سواری کے لیے بنائی گئی ہو ؛ سوار ہونے کے لیے کوئی سامان یا طریق کار ، جیسے کسی تفریحی پارک میں ؛ پبلک سواری ؛ رنگروٹ سواروں کا دستہ ۔

ride out, کامیابی سے برداشت کر جانا ؛ جھیل جانا ۔

ride for a fall, اپنے رویّے سے کسی تکلیف یا مُصیبت کو دعوت دینا ۔

ride herd on, ذمّے داری رکھنا ؛ نظم و ضبط قائم رکھنا ۔

take for a ride, (عوامی) اغوا کر کے قتل کر دینا ؛ دھوکا دینا ۔

rider, n. سوار ؛ وہ جو سواری کرے ؛ کسی سواری پر سوار مسافر ؛ کسی گھوڑے ، موٹر سائیکل وغیرہ پر سوار ۔ (قانونی محاورہ) مزید فقرہ ؛ منظوری کے لیے پیش کیے گئے کسی مسودۂ قانون میں ایک اضافی فقرہ جس کا عموماً مسودے کے متن سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ۔ (میکانیات) بالائی پُرزہ ؛ کوئی بھی ایسا حصّہ جو دوسرے حصّوں کے اوپر ہو یا اُن کے ساتھ حرکت کرے ۔

riderless, a. بے سوار (اسپ) ؛ خالی ، جیسے گھوڑا وغیرہ ۔

ridge, n. ریڑھ؛ پُشت ؛ مینڈھ ؛ کسی بھی چیز ، جیسے پہاڑی یا ایک لہر کا لمبا پتلا بالائی کنارا ؛ لمبا پتلا اُبھار ، جیسے زمین کا سلسلۂ کوہ یا پہاڑیوں کی لمبی اور پتلی چوٹیاں ؛ جانور کی پُشت یا ریڑھ (کی ہڈی) ؛ وہ اُفقی لکیر جس میں چھت کی کڑیوں کے بالائی حصّے آ کر ملتے ہیں ؛ کوئی بھی پتلی ، اُبھرواں شے جیسے ہل چلے ہوئے کھیت میں مینڈھ یا کپڑے کی اُبھرواں دھاریاں ۔ (موسمیات) اونچے دباؤ کی ایک پتلی پٹّی ۔ (فعل متعدی) کنارا بننا ؛ لمبی پتلی بلند چوٹی بنانا اس شکل میں ترتیب دینا ؛ دھاریاں بنانا یا اس قسم کے نشان لگانا ۔ (فعل لازم) پتلی لمبی بلند چوٹی کا بننا۔

ridgy, a. پتلی لمبی بلند چوٹی والی ؛ کنارے دار ؛ پُشتہ دار؛ ماہی پُشت ۔

ridgepole, n. اُفقی بانس ، ڈیرے کی آڑی چوب ؛ خیمے کی آڑی لکڑیاں؛ چھت کے اوپر کی لکڑی یا بانس جس میں کڑیاں جوڑی جاتی ہیں ؛ خیمے کی چوٹی بنانے والا اُفقی بانس ۔

ridicule, n. تمسخُر ؛ تضحیک ؛ ایسے الفاظ یا ایسی حرکات جن سے کسی کا مذاق اُڑانا یا کسی پر ہنسنا مقصود ہو ؛ ٹھٹّھا ؛ اضحوکہ ۔ (فعل متعدی) تمسخر اُڑانا ؛ مذاق اُڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ ٹھٹّھا کرنا ؛ مضحکہ اڑانا۔

ridicular, n. تمسخر اُڑانے والا ؛ تضحیک کرنے والا ؛ مذاق اُڑانے والا ؛ ٹھٹّھا کرنے والا ۔

ridiculous, a. مضحکہ خیز ؛ تمسخر آمیز/انگیز ؛ احمقانہ ؛ قابل مذاق ؛ ٹھٹّھا اڑائے جانے کے قابل ؛ قابلِ مذاق ۔

ridiculously, adv. تمسخرانہ انداز سے ؛ مضحکہ خیز طور پر ؛ ٹھٹّھے سے ؛ حد سے زیادہ ۔

ridiculousness, n. مضحکہ خیزی ؛ تمسخر انگیزی ؛ ٹھٹّھا ؛ نامعقولیت ۔

riding, n. سواری ؛ گھوڑے کی سواری؛ ایسی سڑک یا ایسا راستہ جو خاص طور پر سوار لوگوں کے لیے بنایا گیا ہو ۔ (صفت) سواری کے لیے مستعمل ، جیسے سواری کے جُوتے ۔ یارک شائر (انگلستان) کے تین انتظامی حصّوں یعنی شمالی ، مشرقی اور مغربی رائڈنگ کے لیے مخصوص پرگنوں میں سے ہر پرگنہ ؛ کسی بھی اور علاقے میں اس قسم کی علاقائی تقسیم ۔

riding habit, n. گُھڑ سواری کا لباس ؛ وہ لباس جو گُھڑ سواری کے وقت لوگ (خصوصاً خواتین) زیب تن کرتی ہیں ۔

ridley, n. سمندری کچھوا ؛ چھوٹا سمندری کچھوا ، خاص طور پر بحراوقیانوس (جنوبی) کے ساحل کے ساتھ ساتھ پایا جانے والا ''لیپی ڈوچیلیس کمپائی'' Lepidochelys (kempii) نامی کچھوا ۔

Riemannian geometry, n. غیر اقلیدسی ہندسہ ؛ غیر اقلیدسی جیومیٹری ؛ ریمانی ہندسہ/جیومیٹری ؛ ہندسہ/جیومیٹری کا وہ غیر اقلیدسی نظام جسے جارج فریڈرک ریمان (۱۸۲۶ء تا ۱۸٦٦ء) نے بنایا تھا جس میں اس نے اقلیدس کے متوازی مفروضے کے نعم البدل کے طور پر یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ ایک خط مستقیم کے لیے کوئی ایسا دوسرا متوازی خط نہیں ہو سکتا جو پہلے خط کے باہر کسی نُقطے سے نہ گُزرتا ہو ۔

rife, a. عام ؛ مروّجہ؛ موجود ؛ غالب ؛ معمور ؛ پُر ؛ بہ کثرت ؛ بڑی تعداد یا مقدار میں ؛ سے بھرپور (with سے پہلے استعمال ہوتا ہے) ۔

riff, n. (جاز موسیقی) کسی ایک گلوکار کے گیت کے پس منظر میں مسلسل/بار بار دہرائی گئی عبارت یا الفاظ کا مجموعہ ۔ (فعل لازم) گلوکار کے گیت کے پس منظر میں کسی عبارت یا الفاظ کے مجموعے کو مسلسل دہراتے رہنا ۔

riffle, n. پن روک شے ؛ کسی دریا یا ندی میں ایسی پگڈنڈی ، اُبھار یا رکاوٹ جس سے پانی ٹکرا کر ہلکورے کھائے یا لہریں پیدا کرے ؛ لہر یا پانی کا ایک وسیع ذخیرہ ؛ تاش پھینٹنے کا طریق کار ۔ (فعل متعدی) لہریں پیدا کرنا ؛ جلدی جلدی ورق پلٹنا ، جیسے کسی کتاب کے ۔ (فعل لازم) تاش کو آدھا آدھا دونوں ہاتھ میں لے کر ایک دوسرے میں باری باری داخل کر کے پھینٹنا ۔

riffle, n. (کان کَنی) کسی چھلنی کی تہ میں اینٹ ، لکڑی یا پتّھر کے ٹکڑوں کا لگا ہوا ایسا استر جس میں سونے کے ذرّات کو گرفت میں لینے کے لیے جھریاں یا درزیں بنی ہوں ؛ لکڑی یا اس قسم کی کسی اور شے سے بنا ہوا پتلا تختہ ، خاص طور پر روزن دار یا جھری دار ؛ جھریاں یا درزیں ؛ جھلملی کا نچلا حصّہ ۔

riffraff, raff, n. عوام کالانعام ؛ (حقارت سے) عوام ؛ گھٹیا لوگ ؛ اراذل ؛ معاشرے کے بدنام لوگ ؛ عوام الناس ؛ لوگ باگ ؛ شہدے ۔ (صفت) عوامی ؛ متعلق بہ اراذل ؛ بے قیمت؛ بے کار؛ بدنام؛ نیچ لوگ؛ ایرے غیرے ؛ دُھنیے جُلاہے ؛ تیلی تنبولی ۔

rifle, n. ریفل ؛ رائفل ؛ شانے پر رکھ کر چلانے والی بندوق جس کی نالی میں پیچ دار جھرّیاں بنی ہوتی ہیں تا کہ گولی کو دَوری حرکت مل سکے اور اس کی مار اور نشانے کا دائرہ بڑھ جائے ؛ پیچ دار نالی جو بندوق میں بناتے ہیں ؛ بندوق کی نالی میں پڑی ہوئی جِھری؛ توپخانے کا کوئی بھی ایسا آلہ جس میں جِھری ہو ۔ (جمع) رائفل بردار فوجی دستہ ۔ (فعل متعدّی) جِھری بنانا ، جیسے رائفل کی نالی میں ؛ رائفل سے گولی چلانا۔ (کھیل) کسی گیند وغیرہ (جیسے بیس بال کی گیند) کو تیز رفتاری سے اور ٹھیک ٹھیک نشانے پر پھینکنا یا ضرب مارنا ۔

rifleman, n. رائفل بردار سپاہی یا شخص ؛ رائفل کا ماہر نشانے باز ۔

rifle, v.t. لُوٹ مار کرنا یا لُوٹ لینا ، جیسے کسی گھر کے اندر یا گھر کو؛ تلاشی لے کر لُوٹ لینا ، جیسے کسی شخص کو ؛ تباہ و برباد کر دینا ، تاخت و تاراج کرنا یا ویران کرنا جیسے کسی مفتوحہ شہر کو؛ لے جانا ، جیسے مالِ غنیمت ۔ (مجازاً) لے اُڑنا یا چُرا لینا ، جیسے حُسن و جوانی کا ۔

rifler, n. ڈاکو؛ لُٹیرا؛ تاخت و تاراج کرنے والا شخص ۔ (مجازاً) حُسن کا ڈاکُو ۔

rifle bird, n. آسٹریلوی بِیلو؛ آسٹریلیا کی ''ٹلورس'' نسل کا پرندہ جس کے نر کی کلغی اور پر مخملیں سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں اور ان پر گلابی ، نیلے اور سبز رنگ کی چمک ہوتی ہے ؛ اس کا یہ نام اس لیے پڑا کہ شروع شروع میں آباد کاروں نے دیکھا کہ اس پرندے کا رنگ برطانیہ کی رائفل بردار فوج کی وردی سے ملتا ہے ۔

riflery, n. فوجی مشق یا رائفل کے ذریعے نشانہ بازی کی ؛

(بطور کھیل) ـ

rifling, n. کسی بندوق یا رائفل کی نالی میں جھریاں ڈالنے کا عمل ؛ رائفل یا بندوق کی نالی میں جھریوں کا نظام ـ

rift, n. درز ؛ جھری ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ چیر پھاڑ کے نتیجے میں بنائی گئی دراڑ ؛ زمین میں شگاف/زمینی خرابی ؛ ناپسندیدگی یا ناراضی ؛ چشمک ؛ مناقشت ؛ اختلاف ؛ عدم مطابقت ؛ مخالفت ـ (فعل متعدی و لازم) پھاڑ کر کھول دینا ؛ چیرنا ؛ پھاڑنا ؛ پھٹ جانا ؛ چر جانا ؛ کُھل جانا ؛ درز ہونا ـ

rift, n. گھاٹ ؛ پانی میں اُتھلا/کم گہرا علاقہ ـ

rig, v.t. (جہاز رانی) کسی مستول پر یا سمندری جہاز/کشتی میں بادبان یا دیگر سازوسامان نصب کرنا ؛ کسی مستول ، عرشے وغیرہ پر بادبان ، پیٹیاں یا دیگر اشیا نصب کرنا ؛ کیل کانٹے سے لیس کرنا ؛ موزوں یا لائق بنانا (عموماً out یا up کے ساتھ) ؛ تیّار کرنا، ساتھ ساتھ رکھنا/بہم رکھنا یا اُٹھ کھڑے ہونا، خصوصاً عارضی طور پر (عموماً up کے ساتھ) ؛ چُست بنانا یا لباس سے سجانا یا ذاتی آرایش سے زیب دینا (اکثر out اور up کے ساتھ) ـ (بول چال) دھوکے بازی سے قابو میں رکھنا ؛ اشیا کی قیمتیں نفع حاصل کرنے کے لیے ان کی اصل قیمتوں کے حوالے کے بغیر رکھنا ؛ اشیا کی منہ مانگی قیمت رکھنا ؛دھاندلی کرنا ـ

rig, n. (جہاز رانی) کسی کشتی یا سمندری جہاز پر مستولوں، بادبانوں ، کھمبوں وغیرہ کا انتظام ؛ سازوسامان ؛ کسی خاص مقصد کے لیے مستعمل آلات (جیسے : The rig of an oil well) ـ (بول چال) گھوڑا گاڑی برائے سواری ؛ ملبوسات اور پوشاکیں ، خاص طور پر جب عجیب و غریب یا نمایاں/زرق برق ہوں ـ

rigadoon, rigaudon, n. رگادون ؛ رقص رگادون ؛ سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی کا ایک زندہ دلانہ/جوشیلا رقص جسے ایک ایک جوڑا تیز دوتالے پر مخصوص انداز سے اُچھل اُچھل کر ناچتا تھا ؛ اِس رقص کے لیے یا اس تال پر موزوں کی گئی موسیقی ـ

rigamarole, n. دیکھیے : Rigmarole ـ

rigatoni, n. سوّیوں کا چورا ؛ آٹے کی بنی ہوئی باریک اور ذرا ذرا سی سوّیاں ؛ آٹے کے جَوے ـ

Rigel, n. (فلکیات) اَلرِّجل ؛ رِجَل الجَبّار نامی ستارہ ؛ جوزا نامی برج کا تابناک ترین ستارہ ـ

rigger, n. جہاز/کشتی کا سازوسامان درست کرنے والا شخص ؛ جہاز کا پیشہ ور سامان نصب کنندہ ؛ وہ شخص جو کانٹوں اور بانسوں وغیرہ کی مدد سے یا ان کا کام کرتا ہو ؛ ہوائی جہاز کے آلات جوڑنے اور درست نصب کرنے والا شخص ـ

rigging, n. (جہاز رانی) سمندری جہاز کے بادبانوں کی تنصیب اور ان کی کارکردگی سے متعلقہ رَسّے اور دیگر سازوسامان اُٹھانے یا ہلانے کے لیے استعمال ہونے والا کانٹا ، جیسے شہتیروں کے اُٹھانے/ہلانے میں مستعمل کانٹا ـ (بول چال) ملبوس یا پوشاک ؛ کپڑے ؛ دھاندلی ، جیسے انتخاب میں ـ

right, a. دُرُست ؛ دایاں ؛ راست ؛ سیدھا ؛ صحیح ؛ منصفانہ یا درست اصولوں کے مطابق ، جیسے رویہ ؛ کسی حقیقت ، سبب ، معیار یا اصول کی مطابقت میں ؛ ٹھیک (جیسے : the right answer) ؛ فیصلے/اندازے ، رائے یا عمل میں درست ؛ صحیح سلامت یا عام معیار کے مطابق ، جیسے ذہن ؛ ذہنی طور پر درست یا باہوش و حواس ؛ صحت مند یا جوش و جذبات سے بھرپور ، جیسے لوگ باگ ؛ تسلّی بخش حالت یا صحیح انداز میں (جیسے : The right set up) ؛ بڑا ، اگلا یا بالائی (جیسے : The right side of cloth) ؛ بہت پسندیدہ یا فائدہ مند ؛ مناسب یا حالات کے مطابق (جیسے : to say the right thing) ؛ اصلی یا حقیقی ؛ دایاں اگر ایک شخص نے اپنا مُنہ شمال کی جانب کیا ہوا ہو تو اُس کے مشرقی جانب یا اُس سے متعلقہ یا اس سمت میں موجود ؛ ''بایاں'' کا مُتضاد/اُلٹ ـ (عموماً بڑے R سے) سیاست میں قدامت پرست یا اس فرقے سے متعلق جن کے نظریات رجعت پسندانہ ہوں ؛ سیدھا/راست ، جیسے ایک سیدھا/راست خط ؛ قائمہ یا اس خط کے حوالے سے جو عمودی انداز میں کسی اور خط یا سطح پر واقع ہو (جیسے : a right angle) ؛ زاویہ قائمہ ـ (جیومیٹری) قاعدے پر عمودی محور والا/والی (جیسے : a right cone) ـ

right, n. حق ؛ قانونی ، اخلاقی یا تفویضی منصفانہ حق/دعویٰ ملکیت ـ (اکثر جمع) وہ شے جو منصفانہ دعوے/مطالبے کے پیش نظر کسی کا حق ثابت ہو جائے ؛ وہ جو اخلاق یا انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہو (جیسے : a choice between right and wrong) ـ (اکثر جمع) جائیداد کا حقِ ملکیت یا حصّہ ملکیت ـ (مالیات) مالکانِ حصص کو اضافی حصص رعایتی قیمتوں پر خریدنے کے لیے دیا گیا استحقاق ؛ قابل بیع و شریٰ وہ دستاویزات جو اس حق کے بارے میں ہوں ؛ حقیقت ، دلیل یا معقولیت کے عین مطابق ؛ دُرست ہونے کی کیفیت/حالت ؛ درستی ؛ دایاں ہاتھ یا دائیں جانب یا سمت (جیسے : to turn toward the right) ؛ کسی جوڑے جیسے دستانوں ، جوتوں ، جرابوں کے جوڑے میں سے دایاں ـ (عموماً بڑے R سے) برِّاعظم یورپ کے ممالک میں قانون ساز اسمبلی کا وہ حصّہ جو صدر کی نشست گاہ کے دائیں جانب دکھائی دے ، یہ حصّہ روایتی طور پر قدامت پرست نظریات کے حامل ممبروں/نمائندوں کے لیے ہوتا ہے ؛ وہ نمائندے جو دائیں جانب بیٹھیں ـ (بڑے R سے) وہ افراد جو روایتی نظریات اور رویوں یا اعمال کے حامی ہوں اور جو مروجہ سماجی ڈھانچے کو برقرار رکھنے کے حق میں ہوں ، خواہ مستبدانہ طور پر ہی ایسا کیوں نہ کرنا پڑے ـ (عموماً the کے ساتھ) دائیں بازو کے ان افراد کا مقام ـ (مُکّے بازی) دائیں ہاتھ کا مُکّا ـ

right, adv. سیدھی قطار میں ؛ سیدھا یا سیدھ میں ؛ بالکل یا مکمل طور پر (جیسے : right to the ceiling) ؛ فوراً (جیسے : right after dinner) ؛ عین ؛ ٹھیک ٹھیک یا بالکل (جیسے : right there) ؛ نیکی سے یا دیانتداری سے ؛ درست یا صحیح طریقے پر (جیسے : to hear right) ؛ مناسب طور پر یا موقع محل کے مطابق (جیسے : to serve one right) ؛مفید انداز میں یا حمایت میں یا ٹھیک ٹھاک ؛ دائیں سمت میں یا دائیں طرف کو (جیسے : to turn right) ؛ وہی ؛ خطابات میں مستعمل (جیسے : Right Reverend) ـ (بولی) بہت یا بہت ہی زیادہ (جیسے : I was right glad) ـ

right, v.t. سیدھا کھڑا کرنا یا سیدھی حالت میں بحال کرنا ؛ مناسب کیفیت یا حالت میں لانا ؛ حقائق کے مطابق کرنا ؛ دُرست کرنا (جیسے : to right errors) ؛ (کسی سے) انصاف کرنا ؛ ظُلم/خرابی سے نجات دلانا ؛ دُور کرنا ، جیسے کسی خرابی کو ـ (فعل لازم) ایستادہ یا مناسب حالت میں آ جانا ـ

by rights, انصاف کی رُو سے ؛ عدل کی رو سے ؛ حقاً ۔

right away or off, فوراً/جَھٹ پَٹ ؛ کسی شرط یا حُکم کے بغیر ؛ بلا توقّف ۔

righter, n. تصحیح کُنندِہ/مصحح ؛ دُرست کرنے والا ؛ عادل ۔

rightness, n. درستی ؛ نیکی ؛ راستی ؛ سچائی ؛ عدل و انصاف ؛ حق ۔

right angle, n. (جیومیٹری) زاویۂ قائمہ ؛ نوّے درجے کا زاویہ ؛ ایسے خطوط کے مابین بننے والا زاویہ جو ایک دوسرے پر عموداً واقع ہوں ۔

right-angled, a. قائمہ زاویے کی ؛ قائمۃ الزّاویہ ؛ قائمۃ الزوایا ۔

right ascension, n. (فلکیات) مطلع استوائی ؛ کوکبی خطوط مرتبہ کے استوائی نظام کے دو خطوطِ مرتّبہ میں سے کوئی سا ایک جو زمانِ کوکبی میں ناپے جانے والے آسمانی استوا پر اعتدالِ ربیعی سے زاویائی فاصلوں کو ظاہر کرے ، اس کا مخفف علامت R.A. ہے ۔ دیکھیے : -de clination ۔

righteous, a. پارسا ؛ صالح ؛ متّقی ؛ دیانتدار ؛ نیک ؛ اخلاقیات کے اُصولوں پر چلنے والا ؛ انصاف کو پسند کرنے والا ؛ منصف مزاج ؛ عادل ؛ راست باز ۔

righteously, adv. دیانت داری سے ؛ نیکی سے ؛ عادلانہ/مُنصفانہ طور پر ۔

righteousness, n. نیکی ؛ راستبازی ؛ دیانت/دیانتداری ؛ عدل و احسان ؛ صالحیّت ۔

right field, n. (بیس بال) کھیل کے میدان کے بیرونی حصّے کا دائیں جانب کا علاقہ (کھلاڑی/بَلّے باز کے حساب سے) ، پہلی اور دوسری بیس لائن کی پُشت پر ۔

right fielder, n. رائٹ فیلڈ کی جگہ/پوزیشن پر کھیلنے والا کھلاڑی ۔

rightful, a. جائز وارث ؛ مُدّعی یا طالب یا حقدار ، جیسے کسی ملکیّت یا عہدے یا جگہ کا ؛ جائز/قانونی ؛ منصفانہ یا عادلانہ ، جیسے کام ، اعمال ؛ حق یا دعویٰ کے حساب سے متعلقہ یا مملوکہ ؛ قانونی طور پر جائز یا درست ؛ مناسب/موزوں ۔

rightfully, adv. منصفانہ طور پر ؛ قانونی/جائز طور پر ؛ دُرست/مناسب طور پر ؛ از روئے حق ۔

rightfulness, n. دُرستی ؛ عدل ؛ انصاف کا عمل یا رویّہ ؛ مناسبت ؛ جواز ۔

right-hand, a. دائیں ہاتھ کا ، دائیں ہاتھ کے لیے یا دائیں ہاتھ سے ؛ دائیں جانب یا دائیں سمت میں ؛ بہت کارآمد اور مفید بطور مدد گار ؛ سیدھا سادا ۔

right hand, n. انسان کا دایاں ہاتھ ؛ ادب و عزّت کی جگہ یا مقام ۔

right-handed, a. بائیں کی نسبت دائیں ہاتھ سے زیادہ کام لینے/کرنے والا ؛ دائیں ہاتھ کے استعمال کو ترجیح دینے والا ؛ دائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی یا دائیں ہاتھ سے کیا ہوا ؛ دائیں ہاتھ کی طرف واقع ؛ بائیں سے دائیں جانب حرکت پذیر یا گھڑی وار گھومنے والا (جیسے : a right-handed screw) ۔

right-handed, adv. دائیں ہاتھ کی مدد سے ؛ دائیں طرف سے ہوتے ہوئے ؛ دائیں ہاتھ سے کام لیتے ہوئے ۔

right-handedly, adv. دائیں ہاتھ کی مدد سے کام لیتے ہوئے ۔

right-handedness, n. دائیں ہاتھ سے کام زیادہ کرنے کی عادت یا صلاحیت ۔

right-hander, n. دائیں ہاتھ سے زیادہ کام کرنے والا شخص ؛ (بیس بال) وہ گیند پھینکنے والا جو دائیں بازو اور ہاتھ سے گیند پھینکے ۔ (بول چال) دائیں ہاتھ کا مُکّہ یا تھپّڑ ۔

rightism, n. (بعض اوقات بڑے R سے) قدامت پرستوں کے اُصول ، نظریات اور ان کا رویّہ خصوصاً سیاسیات میں ؛ قدامت پرستانہ/رجعت پسندانہ اعمال و خیالات کی حمایت ، جیسے سیاست میں ۔

rightist, n., a. (بعض اوقات بڑے R سے) دائیں بازو کا ؛ دائیں بازو کے خیالات کا حامی ؛ قدامت پسند ؛ رجعت پسند ؛ قدیم خیالات کا حامی ۔

rightly, adv. حقّ و انصاف کی رُو سے ؛ مناسب طور پر ؛ موزوں انداز سے ؛ سچائی یا حقیقت کی رو سے ؛ ٹھیک ٹھیک/درُست طور پر ۔

right of asylum, n. (بین الاقوامی قانون) گرفتاری سے بچنے کے لیے رواج یا معاہدے کے مطابق تسلیم شدہ کسی جگہ جیسے سفارت خانے میں پناہ حاصل کرنے کا حق ۔

right of search, n. (بین الاقوامی قانون) ایک سمندری جہاز کے کپتان کا یہ حقّ خصوصی کہ وہ کسی اور قومیّت کے جہاز کو بیچ سمندر میں روک کر اس کے کاغذات اور اسبابِ تجارت کی جانچ پڑتال کر سکتا ہے ؛ خصوصاً دورانِ جنگ متحارب فریقین کا یہ حق کہ وہ غیر جانبدار جہازوں کی تلاشی لے سکتے تھے کہ کہیں ان میں مال ممنوعہ (یعنی اسلحہ وغیرہ) تو نہیں ۔

right of way, right-of-way, n. راستے کا حق ، جیسے کسی اور کی سرزمین میں ؛ ایسا راستہ یا ایسی گُزرگاہ جسے قانونی طور پر استعمال کیا جا سکے ؛ زمین کی وہ پٹی جس پر ریل کی پٹڑی بچھی ہوئی ہو ؛ سرکاری زمین جس پر بجلی کے تار بچھے ہوں ؛ ضابطہ یا قانون عمومی جس میں ایک خاص گاڑی کو دوسری گاڑی سے پہلے/آگے جانے کی اجازت دی جاتی ہے ۔

Right Reverend, n. تقدس مآب ؛ پروٹسٹنٹ اور رومی کیتھولک (عیسائیوں کے) گرجاؤں کے اعلیٰ عہدے داروں کو دیے گئے مختلف خطابات میں سے ایک ، جیسے چرچ آف انگلینڈ کے بشپ یا رومن کیتھولک کے پریلیٹ ۔

right triangle, n. قائمۃ الزّاویہ مثلث/تکون ؛ ایسی مثلث یا تکون جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو ۔

right whale, n. قطبی سمندروں میں پائی جانے والی ''بالینا'' (Balaena) نوع کی بڑے سر والی وھیل مچھلی ۔

right wing, n. دایاں بازو ؛ رجعت پسند یا قدامت پرست سیاسی گروہ سے تعلق رکھنے والے لوگ ؛ کسی گروہ/پارٹی کا وہ حصّہ یا فرقہ جو گزشتہ سیاسی نظریات/حکمتِ عملیوں سے ہٹنا ناپسند کرتے ہوں اور اِس کے مخالف ہوں ؛ قدامت پرست/پسند گروہ یا پارٹی (بذاتِ خود) ۔ (صفت) دائیں بازو کا ؛ قدامت پرست ؛ قدامت پسند ؛ رجعت پسند ۔

right-winger, n. رجعت پرست/پسند ؛ قدامت پرست/پسند ؛

دائیں بازو کا حامی شخص ۔

rigid, a. سخت ؛ غیر لچک دار ؛ جو آسانی سے مُڑ نہ سکے (جیسے : a rigid pole) ؛ قائم ؛ نصب ؛ رائے ، عمل یا نظم و ضبط میں سخت ؛ رویّے میں سخت یا غیر لچک دار ؛ سخت گیر منصفانہ یا کڑا (جیسے : rigid standards) ۔ (طیرانیات) کسی ہوا سے ہلکے جہاز سے متعلّق جس کے سخت ، غیر لچکدار ڈھانچے میں گیس کے ڈبّے رکھے ہوتے ہیں ؛ ہیلی کاپٹر کے مضبوطی سے نصب شدہ دُھرے سے متعلق ۔

rigidity, rigidness, n. سختی ؛ غیر لچکیلا پن ؛ تشدّد ؛ سخت گیری ؛ کٹّر پن ۔

rigidly, adv. سختی سے ؛ غیر لچک دار انداز سے ؛ شِدّت سے ؛ سخت گیری سے ۔

rigidify, v.t. مضبوط یا سخت بنانا ۔ (فعل لازم) غیر لچک دار یا سخت ہونا ۔

rigidification, n. مضبوط ، غیر لچکدار یا سخت بنانے/ہونے کا عمل یا کیفیت ؛ سخت کاری ۔

rigmarole, rigamarole, n. بکواس ؛ اوٹ پٹانگ ؛ گورکھ دھندا ؛ گپ شپ ؛ بے ترتیب ، بے جوڑ ، بے سروپا ، بے ربط بیانات/گفتگو ؛ ایک غیر ضروری طور پر پیچیدہ طریق کار ۔

rigor, Brit. rigour, n. سختی ؛ دشواری ؛ زندگی کی سختی/دشواری ؛ تندی/کٹّر پن ؛ با اُصولیت ؛ کسی گنجایش کے بغیر ٹھیک ٹھیک ہونے کی کیفیت ؛ دُرشتی ؛ عبوست؛ ماحولی ٹھنڈک کی زیادتی یا بے رحمی ۔ (طِب) لرزہ ؛ بعض بخاروں سے پہلے اچانک کپکپی کے ساتھ چڑھنے والی سردی ۔ (فعلیات) جسمانی ریشوں کی اتنی سختی کہ وہ مہیّج کو ردِّ عمل نہ دے ۔

rigorism, Brit. rigourism, n. زُہدِ خشک ؛ اُصولوں یا عمل میں سختی یا کٹّر پن ، جیسے زندگی گزارنے کے انداز یا مذہبی اعمال میں ؛ اخلاقی تَشدّد ؛ تشدّد پسندی ۔

rigorist, n. سخت گیر ؛ سخت مزاج ؛ کٹّر شخص ؛ متشدّد ۔

rigoristic, a. سخت گیر مزاج کا ؛ کٹّر ۔

rigormortis, n. بعد از مرگ عضلات جسم کی سختی/درشتی ؛ مرنے کے بعد جسم کے پٹھوں کی اینٹھن ۔

rigorous, a. بامشقت ؛ سخت ؛ ظالمانہ ؛ بہت ہی ٹھیک ٹھیک یا محتاط طور پر بالکل درست ؛ سخت یا ظالم یا بے رحم ، جیسے موسم ؛ شدید ؛ کڑا ۔

rigorously, adv. سختی سے؛ درشتی سے ؛ بے رحمانہ انداز سے ؛ سنگدلانہ طور پر ۔

rigorousness, n. سختی/درشتی کی کیفیت ؛ کٹّر پن ؛ غیر لچکدار ہونے کی کیفیت ۔

rile, v.t. (بول چال) بلانا یا ہلانا جلانا ، جیسے پانی کو ؛ غصہ دلانا ؛ ناراض کرنا/چڑانا ؛ خفا کرنا ۔

riley, a. (بول چال) پریشان ؛ چڑچڑا یا ناراض ؛ خفا ۔

rill, n. چھوٹی ندی ؛ نالا ۔

rill, rille, n. (فلکیات) چاند کی سطح پر نظر آنے والی بعض طویل پتلی خندقوں یا وادیوں میں سے کوئی ایک خندق یا وادی ۔

rillet, n. ایک چھوٹی سی ندی یا نالا ۔

rim, n. حلقہ ، چھلاّ ، گھیرا ؛ کسی چیز کا حاشیہ ، کنارا یا کگر ، خاص طور پر کسی گول شے کا ؛ کنارا ؛ پہیے کا چھلاّ/گھیرا جو دھرے سے تیلیوں کے ذریعے جڑا ہوتا ہے ؛ موٹر گاڑیوں کے پہیّوں پر ٹائر اور پہیے کو جوڑنے والا گول دھاتی چھلاّ جسے الگ اتارا جا سکتا ہے ؛ فریم ، جیسے عینک کا ؛ رِم ۔ (فعل متعدی) چھلا لگانا یا چڑھانا ۔ (کھیل) کسی ٹوکری (باسکٹ) یا گالف کپ کے ارد گرد بغیر اندر جائے گھومنا ؛ چکر لگانا ۔

rimless, a. بے گھیرے کا ؛ بے کنار ؛ بے کگر ۔

rime, n. برف کی وہ پتلی سی تہ جو گھاس وغیرہ پر، بہت زیادہ ٹھنڈی رطوبت کے باعث جم جائے ؛ پالا ؛ کہر ۔ (فعل متعدی و لازم) پالا پڑنا ؛ پالا جم جانا ؛ برف کی پتلی سی تہ کا گھاس وغیرہ پر جمنا ؛ کہر کا جمنا ۔

rimy, a. پالا پڑا ہوا ؛ یخ بستہ ؛ کہر آلودہ ۔

rime, n. دیکھیے : Rhyme –

rime, v.t., v.i. دیکھیے : Rhyme –

rimer, n. دیکھیے : Rhymer –

rimester, n. دیکھیے : Rhymster –

rimose, rimous, a. جِھریوں ، درزوں ، شگافوں سے بھرپور ؛ شگاف دار ۔

rimosely, adv. جھریاں ڈال کر ؛ شگافوں/درزوں سے پُر ہو کر ۔

rimosity, n. جھریوں ، شگافوں یا درزوں سے بھرا ہونے کا عمل یا کیفیت ۔

rimrock, n. (ارضیات) کسی زمین کے کنارے کی بلندی پر مبنی چٹان ؛ کسی چٹان کا ابھرواں کنارا جو سونے کی کچدھات یا بجری وغیرہ کے ذخیرے کی قدرتی حدبندی کرتا ہے ۔

rincow, n. گوشہ ؛ کونا ؛ زاویہ ۔

rind, n. پوست ؛ چھلکا ؛ خول ؛ بیرونی ملبوس ، خاص طور پر سخت چھال/چھلکا ، جیسے درختوں ، پھلوں یا پیڑ کا ؛ جلد ؛ چھال ؛ بیرونی چھلکا ۔

rinderpest, n. (بیطاری امراضیات) بیل روگ ؛ چگالی کرنے والے جانوروں ، خاص طور پر گائے بھینس کو بیمار/متاثر کرنے والا مہلک ، متعدی ، وائرس سے پھیلنے والا مرض جس کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ رطوبت زا جھلیوں میں سوزش/ورم ، بخار اور دست کی شکایت لاحق ہو جاتی ہیں ؛ مویشیوں میں بخار اور دست کی بیماری جو وبائی مرض ہے ۔

ring, n. انگوٹھی ؛ چھلا ؛ حلقہ ؛ خاتم ؛ دھات یا کسی اور شے کا گول حلقہ (جیسے : a Key ring) ؛ چھوٹا سا گول چھلا/انگوٹھی ، جیسے سونے یا کسی اور قیمتی دھات کی ، جس میں عموماً جواہرات بھی لگے ہوتے ہیں اور جو زیور کی طرح یا منگنی یا شادی کی نشانی کے طور پر انگلی میں پہنا جاتا ہے ؛ گول چھلّے جیسی شکل کی کوئی بھی شے ؛ لکڑی میں وہ مرکزی حلقے جو تکسیدی درختوں کے تنوں میں سال بہ سال بنتے رہتے ہیں ؛ گول خط یا نشان ؛ گول دائرہ (جیسے : to dance in a ring) ؛ کسی مرغولے یا اسپرنگ وغیرہ میں ایک گول چکر یا چکر دار راستے کا ایک چکر ؛ گول دائرے

سیاہ رنگت کا آدھا حلقہ/ کنٹھا ہوتا ہے ۔

ringent, a. کشادہ دہن ؛ منھ پھیلائے ؛ ہانپتے ہوئے ؛ ہانپنے والا ۔ (نباتیات) ان چہرہ ہائے گل سے متعلق جن میں پتیاں ایسے لگتی ہیں ، جیسے کھلا ہوا منھ/دہن ۔

ringer, n. بجنے والی ؛ وہ جو بجے ، جیسے کوئی گھنٹی یا مترنم چیز ۔ (عوامی) ایسے مقابلے میں حصہ لینے والا ایتھلیٹ ، گھوڑا یا کھلاڑی جس کی خصوصیات غلط رنگ میں پیش کی جائیں ؛ ایک دوسرے سے بہت مشابہ اشیا یا افراد (جیسے : He is a ringer for my brother) ۔ (جمع) گولی انٹا ؛ شیشے/کانچ کی گولیوں یا کنچوں کا کھیل ۔ (آسٹریلیا) بہت ہی عمدہ/تجربہ کار/ماہر گڈریا یا بھیڑیں پالنے والا ۔

ringer, n. وہ شخص یا چیز جو احاطہ کر لے/دائرے میں لے لے ؛ ایسا چھلاّ یا گھوڑ نعل وغیرہ جو کسی گڑی ہوئی میخ/کھونٹی کے گرد ڈالنے کے لیے پھینکا جائے ؛ اسی طرح سے پھینکنے کا عمل ۔

ring finger, n. بائیں ہاتھ کی تیسری انگلی/انگشت جس میں شادی کی انگوٹھی پہنی جاتی ہے ۔

ringleader, سرغنہ ؛ باغیوں کا سرگروہ ؛ کسی گروہ کا راہنما ، خاص کر خلاف قانون انداز میں یا غیر قانونی کام کے لیے ۔

ringlet, n. گھونگریالے بالوں کی لٹ ؛کاکل پیچاں ؛ لٹ ؛ چھوٹا سا حلقہ/چھلا ؛ چھوٹی سی انگوٹھی /انگشتری۔

ringmaster, n. رنگ ماسٹر ؛ سرکس کے تماشے کا منتظم ؛ سرکس کے تماشے کا انچارج ؛ سدھائے ہوئے شیروں ، گھوڑوں وغیرہ کا تماشا دکھانے والا۔

ring-necked, a. کنٹھی دار ؛ جس کی گردن میں رنگ یا رنگوں کی پٹیاں نمایاں ہوں ، جیسے پرندے ؛ رنگین کنٹھی والا پرندہ۔

ringneck, n. ایسا پرندہ جس کی گردن پر کسی رنگ یا رنگوں کی کنٹھی ہو ؛ پٹے دار سانپ ۔

ring-necked pheasant, n. پٹے دار مرغ زریں ؛ ایشیا کا مرغی جیسا ایک بڑا پرندہ کو لچیکس جس کی دم نوک دار اور لمبی ہوتی ہے ، نر بہت زیادہ رنگیں پروں والا اور اس کا گلا سفید کنٹھے دار ہوتا ہے ، آج کل امریکا کے شمالی زرعی علاقوں میں شکار کے لیے پالا جاتا ہے ۔ دیکھیے : Pheasant ۔

ringside, n. کھیل کے میدان/حلقے سے متصل علاقہ ؛ ایسا علاقہ جو (کھیل کے) حلقے /میدان کے فوراً بعد ہو ، جیسے باکسنگ /مکّہ بازی کے میدان کے باہر پہلی قطار ، تماشائیوں کی ؛ ایسی جگہ جہاں سے منظر نزدیک سے دیکھا جا سکے ۔ (صفت) نزدیکی ؛ نزدیک کا ؛ کسی میدان کے قریب کا ۔ (متعلق فعل) نزدیکی/قریبی انداز میں ۔

ring spot, n. (نباتیات) دھبے کا نشان ؛ مریض پودے کے ریشوں کا وہ مقامی حصہ جو زرد یا گلابی سا ہو جاتا ہے یا جہاں عموماً زرد یا گلابی رنگ کے گول گول دھبے پڑ جاتے ہیں ۔

ring-streaked, a. حلقے دار ؛ پٹی دار ؛ جسم کے ارد گرد رنگوں کے حلقے /پٹے رکھنے والا ۔

ring-tailed, a. ایسی دُم والا جس کے پر مختلف متبادل رنگوں سے مزیّن ہوں ؛ مڑی ہوئی رنگ دار دم والا ؛ حلقے دار دُم والا ؛ رنگ برنگی حلقہ دار دم کا ۔

میں موجود متعدد اشخاص/لوگ باگ ؛ ایسے لوگوں کا گروہ جو خودغرضانہ حتیٰ کہ بعض اوقات غیر قانونی مقاصد کے حصول کی خاطر باہم دِگر مدد کریں ، جیسے کہ کسی کاروبار ، منڈی یا سیاست پر (مکمل) قابو پانے کے لیے ؛ کوئی گول احاطہ یا اور شکل کا ایسا قطعۂ زمین/میدان جس میں کوئی کھیل یا نمایش منعقد کی جائے ؛ اکھاڑا ؛ ایسا احاطہ جہاں انعامی کشتی/دنگل وقوع پذیر ہو ، آج کل یہ احاطہ چوکور ہوتا ہے اور بلّیوں اور رسّوں سے نشان زد کیا جاتا ہے ؛ گھڑ دوڑ کے میدان میں شرطیں لگانے کے لیے مخصوص جگہ ؛ کنڈلی ؛ منڈل ۔ (جیومیٹری) دو ہم مرکز دائروں کے درمیان جگہ یا گنجایش ۔ (کیمیا) چند جوہر/ایٹم جو اس طرح متحد ہوں کہ انھیں خاکے میں گول دائرے کی شکل سے ظاہر کیا جائے ۔ (فعل لازم) حلقہ یا حلقے بنانا ؛ ایک حلقے/گول دائرے میں رواں ہونا یا مسلسل مدور راستے پر حرکت میں ہونا ؛ چکر میں ہونا ۔ (فعل متعدی) ایک حلقے میں محیط کرنا ؛ جانوروں وغیرہ کو ان کے گرد پھر کر ایک جگہ جمع کرنا ؛ ارد گرد ایک حلقہ کھینچ دینا ؛ گول شکل میں بنانا ؛ انگوٹھی یا انگوٹھیاں مہیا کرنا ؛ انگوٹھیوں سے نشان/مہر لگانا ؛ حلقے یا چھلے کی شکل میں مطلوبہ گہرائی کے مطابق درخت کی چھال اتارنا ، عموماً عمدہ نشوونما کا جائزہ لینے اور بارآوری میں مدد دینے یا جھاڑجھنکاڑ کو ختم کرنے کے لیے ۔

ringlike, a. انگوٹھی جیسا ؛ انگشتری ساں ؛ گول ؛ مدور ۔

ring, v.i. گونجدار/گمک دار آواز کا پیدا ہونا ، جیسے گھنٹی کے بجنے سے ؛ گونجنا یا گمک دار ہونا ؛ بجانا ، جیسے گھنٹی کو ؛ کسی مخصوص صفت کا ظاہر ہونا یا دکھائی دینا ، (جیسے : his offer rings hollow) ؛ کان بجتے ہوئے یا کانوں میں بھنبھناہٹ کا احساس ہونا ۔ (فعل متعدی) بجانا/آواز نکالنا ؛ مار کر یا مترنم انداز میں بجانا ؛ (گھنٹی) بجا کر خوشی منانا یا اعلان کرنا (جیسے : The chimes rang the news) ؛ گھنٹی بجا کر بلانا ، پکارنا یا اندر آنے کو کہنا (in/out کے ساتھ'جیسے: to ring in the New Year) ؛ دھاتی اشیا کا پرکھنا ، جیسے سکے ان کی آواز سے جب دو سکوں کو آپس میں ٹکرایا جائے۔ (زیادہ تر برطانوی) ٹیلیفون کرنا (up کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (اسم) گھنٹی یا کسی اور مترنم چیز کی آواز ؛ کوئی بھی مسلسل اونچی آواز ؛ بار بار سنائی دی جانے والی گمک دار اُونچی آواز/مخصوص آواز (جیسے : the ring of falsehood) ؛ ٹیلیفون کرنے کا عمل/ٹیلیفون کال ؛ گھنٹیوں کی مترنم آواز/گھنٹیوں کا ترنم ؛ گھنٹی بجنے/بجانے کا عمل ؛ جھنکار ؛ کھنک ۔

ringbolt, n. کنڈے دار چٹخنی ؛ ایسی چٹخنی جس کی نوک پر چھلا لگا ہوا ہوتا ہے ۔

ringbone, n. ٹھیونا ؛ گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے درمیان واقع ہڈی پر گٹّے پڑ جانے کا عمل ، جس سے عموماً گھوڑا لنگڑا ہو جاتا ہے ؛ ٹخنے کی ہڈی کا مریضانہ ابھار۔

ringboned, a. ٹھیونا کے ابھار کا مریض (گھوڑا) ؛ لنگڑا (گھوڑا) ۔

ring dove, cushat wood pigeon, n. قمری ؛ فاختہ ؛ یورپ کی سب سے بڑی فاختہ (کبوتری) کولمبا پلمبا (columba palumba) جس کی گردن پر دو سفید دھبے اور سینہ ہلکے گلابی رنگ کا ہوتا ہے ؛ جنوبی یورپ اور مغربی ایشیا کی فاختہ جس کی گردن کے گرد

ring-tailed cat, n. دیکھیے :Cacomistle ۔

ring taw, ringers, n. انٹا گولی ؛ شیشے کی گولیوں/کنچوں کا کھیل جس میں شریک کھلاڑی برابر برابر کنچے/گولیاں زمین پر ایک دائرے میں رکھ لیتے ہیں اور انھیں باری باری ایک اور گولی/کنچے سے مار کر دائرے سے باہر نکال کر جیت لیتے ہیں ۔

ringtoss, n. چھڑی چھلا ؛ چھلّوں کو پھینک کر کسی کھونٹی/ میخ/سیدھی کھڑی ہوئی چھڑی میں پرونے کا کھیل ۔

ringworm, n. (امراضیات) داد کی بیماری ؛ داد ؛ فطرات سے پھیلنے والا ایک مرض جس میں جسم پر، خاص طور سے سر پر، گول گول چکتّے یا نشان پڑ جاتے ہیں ۔

rink, n. قدرتی یا مصنوعی تختۂ برف ؛ کسی عمارت کے اندر اکثر مصنوعی بنایا گیا برف کا وسیع تختہ جسے برف کے کھیلوں مثلاً اسکیٹنگ ، کرلنگ اور ہاکی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک ہموار فرش ، عموماً لکڑی کا ، پہیے دار جوتوں سے چلنے کے لیے ؛ برف یا لکڑی کے فرش کے کھیل کی عمارت ؛ ایک ٹیم کے زیر استعمال سبز باؤلنگ میدان کا حصہ ؛ باؤلنگ ، کوأٹس یا کرلنگ کھیل میں ایک جانب کی ٹیم ۔

rinse, v.t. کھنگالنا ؛ پانی ترانا ؛ ہلکا سا دھونا ، جیسے بہتے پانی میں ہلا کر یا وقتی طور پر پانی میں ڈبکیاں دے کر (جیسے : to rinse a dish)؛ پانی یا کسی دیگر مائع کی مدد سے صاف کرنا (جیسے : to rinse one's mouth)؛ صاف پانی میں ڈبونا ، دھونے کے آخری مرحلے کے طور پر؛ پانی میں ڈبو کر گرد یا صابن نکال دینا - (اسم) پانی ترانے کا عمل ؛ دھونے کے لیے کوئی مصنوعہ چیز ، جیسے صابن ؛ بالوں کو رنگنے کے لیے کوئی چیز ، جیسے خضاب ؛ کھنگالنے کا فعل ۔

rinsing, n. دھلائی یا صفائی ؛ صفائی کے لیے پانی میں ڈبونے کا عمل ۔ (عموماً جمع) دھلن ؛ دھوون ؛ میل کچیل جو دھونے سے پانی میں بیٹھ جائے ؛ کھنگال ۔

rio, n. دریا ۔

riot, n. فساد ؛ فتنہ و فساد ؛ گڑبڑ ؛ بلوا ؛ بہت ہی جوشیلی اور ہنگامہ خیز عوامی گڑبڑ جو عموما کوئی بڑا مجمع برپا کرے ۔ (قانون) کم از کم تین افراد کی طرف سے غیر قانونی طور پر کھڑا کیا گیا عوامی فساد یا ہنگامہ جو ان کے ذاتی مفاد میں ہو ؛ شورش ؛ دنگا ؛ زندگی سے بھرپور اور رنگا رنگ/زرق برق مظاہرہ ، خاص طور پر رنگوں کا ؛ رنگ رلیاں ؛ ہلّا گُلّا ؛ جشن ہاؤ ہو ؛ وحشیانہ یا پُرجوش ہنگامہ ۔ (عوامی) دلچسپ یا مزاحیہ شخص یا چیز ۔ (فعل متعدی و لازم) کسی عوامی فتنہ و فساد/ہنگامے میں شریک ہونا ؛ حدود سے متجاوز ہو کر یا ظالمانہ انداز روا رکھنا ؛ ہنگامے میں خرچ کر ڈالنا ، جیسے وقت یا پیسہ ۔

run riot, کُھل کھیلنا ؛ بے روک ٹوک کام کرنا ؛ کثرت سے اگنا ، جیسے بیلوں کا ۔

rioter, n. فسادی ؛ جھگڑالو ؛ ہلے گلے کا شوقین ؛ جشن مسرت کا شوقین ۔

Riot Act, n. قانون بلوا ؛ غیر قانونی اجتماع اور فتنہ و فساد کی روک تھام کے لیے ۱۷۱۵ء میں انگلستان میں منظور شدہ وہ قانون جس کی رو سے اگر ۱۲ یا زیادہ اشخاص کسی حاکم مجاز کے حکم پر بھی فتنہ و فساد سے باز نہ آئیں اور اپنی جگہ سے نہ ٹلیں تو انھیں سنگین مجرم سمجھا جائے گا اور ان سے سنگین مجرموں جیسا سلوک کیا جائے گا ۔

read the riot act to, کوئی کام یا غلط کام کرنے سے رک جانے کی ہدایت کرنا یا حکم دینا ، (بصورت دیگر) عواقب کے لیے تیار رہنا ۔

riot gun, n. ایک چھوٹی نالی کی بندوق جو گولی کو کافی دور تک پھیلا دیتی ہے اور زیادہ تر فساد/ہنگامے کو فرو کرنے یا پہرے داری کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

riotous, a. فتنہ و فساد انگیز ؛ ہنگامے یا امن میں خلل انداز ؛ فساد پر اکسانے یا اس میں حصہ لینے والا ؛ حدود سے متجاوز ہو کر ہاؤ ہو میں مصروف یا اس کام کے لیے نمایاں ؛ بدمعاش/جوشیلا ؛ اوباش/عیاش ؛ جوش میں مگن اور گرجدار/ دھما چوکڑی والی (جیسے : riotous mirth) ۔

riotously, adv. بہ انداز فتنہ؛ مفسدانہ انداز سے ؛ دھما چوکڑی سے ۔

riotousness, n. فسادی طبیعت ؛ فساد کی کیفیت ؛ جوش مسرت ؛ دھما چوکڑی ؛ خرمستی ؛ بدمستی ۔

rip, v.t. کاٹنا؛ پھاڑنا ؛ کپڑے وغیرہ کو کاٹ یا پھاڑ کر الگ الگ کرنا یا تقسیم کرنا ؛ پھاڑ کر یا کاٹ کر کھولنا ، جیسے کسی پیکٹ کو ؛ کاٹ کر یا پھاڑ کر نکال لینا ، جیسے کوئی ورق ؛ لکڑی کو ریشے والی سمت چیرنا یا پھاڑنا ۔ (فعل لازم) پھٹ کر الگ الگ ہو جانا ۔ (بول چال) بے پروائی سے کود پڑنا (جیسے : He ripped into the fracas) ؛ چر جانا ؛ شق ہو جانا ۔ (اسم) چیرا ؛ کھونچ ۔

ripper, n. پھاڑ دینے والا ؛ کاٹنے والا ؛ الگ الگ کر دینے والا ؛ چیرنے والا ۔

rip, n. متموج سطح آب ؛ سیلاب زدہ سطح آب ؛ سمندر یا دریا میں بے ترتیب لہروں کا پھیلاؤ ۔

rip, n. (بول چال) گھٹیا یا رذیل شخص ؛ بے کار ، تھکا ماندہ گھوڑا ؛ نکما گھوڑا ؛ بے وقعت شے ؛ حقیر؛ معمولی قسم کی چیز ۔

riparian, a. پانی کے کنارے واقع یا اس سے متعلق ؛ بہ کنار آب یا ساحلی ؛ لب آب ؛ ساحل کا ؛ ساحل کے بارے میں ۔

riparian right, n (قانون) پانی کے کنارے واقع زمین کے مالک کا پانی لینے یا مچھلی پکڑنے کا حق ۔

rip cord, n. (طیرانیات) وہ رسی یا تار جس کے کھینچنے سے ہوائی جہاز سے کودتے ہوئے چھتری کا ڈبہ اور پائلٹ کی چھتری بھی کُھل جاتی ہے ؛ کسی آزاد یا باقابو غبارے کے منھ پر بندھی ہوئی وہ رسی یا تار جسے ڈھیلا کر دیا جائے یا کھول دیا جائے تو غبارے میں سے فوراً ہوا نکل جاتی ہے ۔

rip current, n. سطح کے نیچے پانی کے بہاؤ کے مخالف سمت بہنے والی لہر ، خاص طور پر جب ساحل سے آگے کی جانب بہے ۔

ripe, a. پختہ ؛ پکا ؛ کاٹنے اور استعمال کرنے کے لیے (بالکل) تیار ؛ پکے رس بھرے پھل سے مشابہ ؛ گلابی گدرایا ہوا ؛ نشوونما میں تکمیل تک پہنچا ہوا یا بہترین حالت کا ؛ قابل استعمال حالت تک پہنچا ہوا ، جیسے پنیر ؛ مکمل طور پر ترقی یافتہ ؛ پختہ کار ؛ بالغ ؛ بڑی عمر کا (جیسے : of a ripe age) ؛ عمل یا اثر کے لیے تیار ؛ مکمل

rip-roaring, a. (عوامی) زندہ دل اور جوشیلا ؛ غل غپاڑے کا شوقین ؛ تندوتیز ؛ اودھم مچانے والا ۔

ripsaw, n. موٹے دانتوں/دندانوں کی آری جو لکڑی کو ریشے والی سمت میں کاٹنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛آرا ۔

ripsnorter, n. (بول چال) غیر معمولی طاقتور یا پُرتشدد شخص یا شے ؛ غیر معمولی عمدہ صفات سے متّصف کوئی شخص یا چیز ۔

ripsnorting, a. طاقتور ؛ متشدد ؛ بہت قابل ؛ بہت ہی عمدہ ؛ غیر معمولی ۔

riptide, n. تصادم امواج ؛ مخالف مدوجذر یا لہروں کا آپس میں ٹکراؤ جس سے پانی میں زبردست ہلچل پیدا ہو جاتی ہے ۔

rise, v.i. طلوع ہونا ؛ اٹھنا ؛ اُٹھ بیٹھنا ؛ جاگنا/جاگ جانا ؛ لیٹے ، بیٹھے یا جھکے ہوئے انداز سے اٹھ جانا/اٹھ کھڑے ہونا ؛ کھڑے ہو جانا ؛ نیند یا آرام لینے کے بعد جاگ جانا/اٹھ کھڑے ہونا ؛ مُردوں میں سے واپس آ جانا/جی اٹھنا (جیسے : christ rose on the third day) ؛ مخالفت یا مزاحمت میں مصروف ہو جانا ؛ باغی یا سرکش ہونا ؛ وجود میں آنا ؛ نمودار ہونا (جیسے : Worries rose in his mind) ؛ واقع ہونا ؛ منعقد ہونا ؛ شروع ہونا ؛ جاری ہونا یا ماخوذ ہونا ؛ منبع ہونا ، جیسے دریا کا ؛ ادنیٰ سے اعلی حالت کی طرف جانا ؛ اوپر کی جانب حرکت میں ہونا ؛ اوپر چڑھنا/جانا ؛ افق پر نمودار ہونا ، جیسے کوئی جرم فلکی ؛ سیدھا بلند ہونا (جیسے : The tower rises to a height of 60 feet) ؛ اوپر کو اٹھان یا ابھار ہونا (جیسے : The ground rises at the back of the house) ؛ اعلی مرتبہ ، اہمیت یا سماجی/معاشرتی مقام حاصل کرنا یا دولتمند ہونا ؛ (to کے ساتھ) وقت کے تقاضے یا ہنگامی صورت حال وغیرہ کے مطابق ہونا ؛ جی اٹھنا یا تروتازہ ہو جانا ، جیسے جذبات یا روح کا ؛ خوراک حاصل کرنے یا کانٹے میں پھنسنے کے لیے (مچھلی کا) سطح آب پر آ جانا ؛ بلند ہونا ، جیسے سطح آب کا ؛ درجے ، تیزی یا قوت/طاقت میں اضافہ ہونا ، جیسے بخار ، رنگ وغیرہ میں ؛بڑھ جانا ، جیسے قیمتوں کا؛ قدر یا قیمت میں فزوں ہونا ، جیسے اجناس (خوردنی) کا ؛ اونچے یا بلند سُر کا ہو جانا ، جیسے آواز کا ؛ پھول جانا یا سوج جانا ، جیسے خمیرے آٹے کا ؛ اجلاس کا ملتوی یا ختم ہو جانا ، جیسے کسی غور و فکر کرنے والے ادارے یا عدالت کا ۔ (فعل متعدی) اٹھانا ؛ جگانا ؛ اٹھا کر کھڑا کر دینا ۔ (جہاز رانی) کسی جہاز کا نزدیک جانے سے افق پر بلند نظر آنے لگنا ؛ اٹھا کر بلند کرنا ۔ (اسم) اٹھانے یا بیدار کرنے کا عمل ؛ سورج یا چاند کا افق پر نمودار ہونے کا عمل/طلوع آفتاب و ماہتاب ؛ منصب ، قسمت ، قوت ، خوشحالی وغیرہ میں بلندی یا اضافہ (جیسے : The rise and fall of a movement) ؛ مقدار ، قیمت یا قدر میں اضافہ ؛ بلندی یا سُر میں چڑھاؤ جیسے آواز کی ؛ آغاز ، منبع یا ماخذ جیسے کسی ندی یا دریا کا ؛ وجود یا دھیان میں آمد ؛ اوپر کی جانب وسعت یا پھیلاؤ ؛ اس وسعت کی مقدار ؛ اوپر کو ابھار ، جیسے کسی میدان یا سڑک کا ؛ ٹیلا یا چڑھتا ہوا میدان ؛ مچھلی کا خوراک حاصل کرنے یا کانٹے میں پھنسنے کے لیے سطح آب پر آنے کا عمل ۔ (فن تعمیر) راسی ارتفاع ، جیسے کسی قدمچے ، زینے یا چھت کا ؛ محراب کی بلندی ، آغاز سے اختتام تک ۔ (برطانوی) مزدوری/اجرتوں میں اضافہ ؛ اس اضافے کی رقم/مقدار ۔

تربیت یافتہ (جیسے : a ripe scholar) ؛ تیار (جیسے : ripe for a war) ؛ جرّاحی کے لیے تیار (جیسے : a ripe appendix) ۔

ripely, adv. پختہ کاری سے ؛ پختگی سے ؛ آزمودہ کاری سے ؛ مکمل انداز میں ؛ ماہرانہ طور پر ۔

ripeness, n. پختگی ؛ پکا پن ؛ تکمیل ؛ تجربہ کاری ؛ بڑی عمر ؛ مہارت تامہ ؛ پختہ کاری ۔

ripen, v.t., v.i. پکانا یا پک جانا ؛ پختہ کار/ماہر بن جانا یا بنا دینا۔

ripener, n. پکانے والا ؛ پختہ کرنے والا ۔

ripieno, a. (موسیقی) اضافی یا مدد گار ۔ (اسم) (موسیقی) جملہ سازندوں کی بیک وقت بجائی ہوئی دھن یا موسیقی کا وہ حصہ جسے تمام سازندے ایک ساتھ مل کر بجائیں ؛ اجتماعی موسیقی یا دُھن ۔

riposte, ripost, n. (تیغ بازی) ردِّ حملہ ؛ ترکی بہ ترکی جواب ؛ الٹا وار ؛ مخالف کے وار سے ایک سمت میں بچ کر تیزی سے کیا گیا جوابی حملہ ؛ بہت ہوشیاری سے کیا گیا انتقامی وار ؛ مخالفانہ چال ؛ جوابی چوٹ ۔ (فعل لازم) (تیغ بازی) مخالف کے وار سے ایک سمت میں بچ کر تیزی سے حملہ آور ہونا ؛ بہت ہوشیاری سے جوابی حملہ کرنا ؛ مخالفانہ چال چلنا ؛ ردِّ حملہ کرنا ؛ ترکی بہ ترکی جواب دینا ۔

ripping, a. چیرنے پھاڑنے کا یا اس سے متعلق ۔ (برطانوی ، عوامی) حیرتناک ، بہت عمدہ یا کمال کا ؛ عجیب ۔

ripple, v.i. پانی کی سطح پر ننھی ننھی لہروں کا بننا ، جیسے بادصبا کے زیر اثر ؛ اس انداز سے بہنا کہ سطح پر ہلکی ہلکی لہریں ہوں ؛ چھوٹی سلوٹیں ڈالنا یا پڑ جانا ، جیسے کسی ٹھوس سطح پر ؛ آواز کے اتار چڑھاؤ سے ایسا تاثر ابھرنا ، جیسے لہریں/موجیں اوپر نیچے بل کھا رہی ہوں/ہلکورے لے رہی ہوں ؛ ہلکورے پیدا ہونا ۔ (فعل متعدی) ننھی ننھی لہریں یا سلوٹیں بنانا ؛ تھوڑا سا لرزہ بر اندام کرنا ؛ نشان لگانا ، جیسے لہروں سے ؛ تھوڑا سا لہریا/بل دار/سلوٹ دار بنانا یا لہر جیسی شکل دینا ؛ ہلکورے پیدا کرنا ۔ (اسم) چھوٹی سی لہر یا ہلکورا ، جیسے پانی کی موج یا لہریا بال ؛ کوئی بھی ایسی حرکت یا اظہار ؛ ایسی آواز ، جیسے کہ پانی کی موجیں بہ رہی ہوں ؛ کسی چٹانی پیندے پر یا تیز دھار دریا میں کچھ دور تک ہلکورے لیتا ہوا پانی ۔

rippler, n. لہر دار ؛ موج والا ؛ لہریا ؛ بل دار ؛ سلوٹ دار ۔

ripple, v.t. بیج یا پھلیاں الگ کرنا ، خاص طور پر پٹ سن کی ۔ (اسم) سن شانہ ؛ سن کے بیج صاف کرنے کا کنگھا ؛ دانوں کو چھلکوں یا بھوسے سے الگ کرنے کا آلہ ، جو کنگھے جیسا مگر بڑا ہوتا ہے ؛ ترنگل ۔

ripple mark, n. لہر دار سطح یا ابھری ہوئی جگہ ؛ لہروں یا ہوا کے اثر سے ریت یا کیچڑ پر پڑی ہوئی سلوٹوں یا لہردار نشانات میں سے کوئی سلوٹ ، لہر یا نشان ۔

riprap, n. دیوار سنگ ؛ پتھر کی بنیاد ؛ سنگین بنیاد/سنگریزی بنیاد ؛ گہرے پانی یا کسی نرم سطح پر بے ترتیبی سے پھینکے گئے پتھروں سے بنی ہوئی دیوار یا بنیاد ؛ اس طرح سے یا اس کام میں استعمال شدہ پتھر ۔ (فعل متعدی) سنگریزوں یا پتھروں سے بنیاد یا دیوار بنانا یا اس کی مدد سے مضبوط کرنا ۔

جاتا ہے۔

risque, a. شایستگی کے کسی قدر خلاف ؛ لگ بھگ نامناسب ؛ بے رنگ ؛ رنگ پریدہ ؛ پھٹے ہوئے رنگ کا۔

rissole, n. قیمے یا مچھلی کے گوشت کو انڈے ، سلاد اور ڈبل روٹی کے ٹکڑوں کے ساتھ ملا کر گول ، لمبوتری یا چوکور شکل میں پکی ہوئی روٹی ، رول یا کیک۔

ritardando, a., n. [اطالوی] (موسیقی) گھٹایا جاتا ہوا ؛ سر کو بتدریج کم کرنے کی ہدایت ؛ ''اور آہستہ بجاؤ ''۔

rite, n. ریت ؛ طریقہ؛ دستور ؛ رواج ؛ رسم ؛ مذہبی یا بعض دیگر سنجیدہ مواقع/تقاریب پر طے شدہ یا رسمی طریق کار (جیسے : the baptismal rite) ؛ مذہبی یا سماجی رسومات کا مخصوص نظام (جیسے : The Orthodox rite) ؛ کوئی بھی رسم و رواج یا طریقہ (جیسے : the rite of the Cocktail before dinner) ۔

ritornello, n. (موسیقی) نغمے کے دوران ساز پر بجائی جانے والی موسیقی ؛ سترھویں صدی عیسوی کی غنائی تمثیل کے بیچ بیچ میں ساز سنگیت کا وجـود ؛ سازینے میں بار بار بجـائی جانے والی/ ٹیپ کی دھن ؛ دُھن کا وہ ٹکڑا جو ٹیپ کے طور پر بار بار بجایا جائے۔

ritual, a. مراسمی ؛ رواجوں سے متعلق ، ان پر مشتمل یا ان کا واضع؛مذہبی رسم کا۔ (اسم) مذہبی رسومات ؛ گرجے یا کسی اور مذہبی ادارے کی اجتماعی رسوم یا رواج ؛ کسی بھی سنجیدہ رسم یا تقریب کا سلسلہ ؛ ایسے رسوم و رواج کے بارے میں یا ان کے بیان کی کتاب ؛ کتاب رسوم۔

ritually, adv. رواجی طور پر ؛ بہ مطابق رسوم ؛ رسمی طور پر ؛ مذہبی رسوم کے لحاظ سے۔

ritualism, n. رسوم پرستی ؛ طے شدہ رسوم و رواج کی سختی سے پابنـدی ؛ مطالعۂ رسـوم ؛ رسـوم و رواج کا بہت زیادہ استعمال ؛ رسوم و رواج کی بے جا پابندی۔

ritualist, n. رسم و رواج کا دلدادہ ؛ رسوم و رواج کا حامی یا جوشیلا حامی ؛ لکیر کا فقیر ؛ رسوم پرست ؛ ظاہر پرست۔

ritualistic, a. رسوم و رواج سے متعلق ؛ رسوم و رواج کی بجاآوری سے متعلق۔

ritualistically, adv. رسوم و رواج کی بجاآوری کرتے ہوئے ؛ رسوم و رواج کے اعتبار سے۔

ritualize, v.i. رسم و رواج کا پابند ہو جانا ؛ (فعل متعدی) رواج کی شکل دینا ؛ رسوم و رواج کی پابندی کرانا ؛ کسی پر زبردستی رسوم و رواج کی پابندی ٹھونسنا ؛ رسم و رواج کو ماننا۔

ritualization, n. رواجی تشکیل ؛ پابندئی رسوم و رواج پر ایمان و اعتقاد ؛ پابندی رسوم و رواج کی مجبوری۔

ritzy, a. (عوامی) بانکا ؛چھیلا ؛چھبیلا ؛ نام و نمود کی نمایش سے بھرپور ؛ نمایشی طور پر نئے انداز کا ؛ نمایشی۔

rival, n. مدمقابل ؛ برابر کا ؛ ٹکر کا ؛ رقیب ؛ وہ جو اس مقصد کو حاصل کرنا چاہتا ہے جو کسی اور کا بھی مقصود ہے ؛ حریف ؛ خوبی/عمدگی میں دوسرے سے آگے نکل جانے کے لیے حریفانہ یا غیر حریفانہ کوشش کرنے والا شخص ۔(صفت) حریفانہ ؛

get a rise out of, (بول چال) دانستہ طور پر اکسا کر، غصیلا یا جذباتی ردعمل حاصل کرنا۔

give rise to, پیدا کرنا ؛ جنم دینا (جیسے : Her secretive conduct gave rise to suspicious) ۔

riser, n. صبح خیز ؛ سحر خیز ؛ اٹھنے والا شخص ، جیسے بستر سے اٹھنے والا ، یعنی صبح سویرے جلد اٹھنے والا ؛ زینے کا سامنے کا منظر/چہرہ ؛ افقی نالی/پائپ ، بھاپ یا گیس کے لیے۔

risibility, n. (اکثر جمع) اٹھ کھڑے ہونے کی صفت ؛ ہنسنے کی عادت یا ملکہ ؛ مزے دار یا مضحکہ خیز باتوں سے لطف اندوز ہونے کا مادہ ؛ قہقہہ۔

risible, a. قہقہے لگانے کے قابل ؛ قہقہے لگانے کے قرین یا اس کام کا رجحان رکھنے والا ؛ قہقہہ خیز ؛ قہقہے سے متعلق یا قہقہے کا ؛ متعلق بہ خندہ ؛ خندہ آور ؛ ہنسنے والا۔

rising, a. اوپر کی طرف حرکت کناں یا صعودی ؛ بلندی میں بڑھنے والا ؛ اوپر کو جانے والا ؛ ڈھلان کے انداز میں ؛ زیادہ باعمل یا طاقتـور (جیسے : The rising rebellion) ؛ دولت ، طاقت یا امتیاز میں ترقی کرتا ہوا (جیسے : a rising young executive) ؛ بلوغت کی طرف گامزن (جیسے : The rising generation) ۔(اسم) بلندی ؛ اوپر اٹھنے والی چیز یا شخص کا عمل ؛ ایسی شے جو بلند ہو ، نمایاں ہو یا اوپر اٹھی ہوئی ہو ؛ حیات بعد از ممات ؛ غداری یا بغاوت ؛ آٹے کو خمیر یا خمیر مایہ سے پُھلانے/خمیر بنانے کا عمل ؛ نمود ؛ طلوع ؛ چڑھاؤ ؛ ورم ؛ اٹھان ؛ پھوڑا پھنسی۔

risk, n. خطرہ ، خاص طور پر جان کا خطرہ ؛ جوکھم ؛ زخم/ضرب یا نقصان کے امکان کے سامنے ہونے کی کیفیت ؛ خطرہ یا خطرناک اتفاق۔ (بیمہ کاری) نقصان کا خطرہ یا احتمال ؛ایسے نقصان کے امکان کا درجہ ؛ وہ رقم جو بیمہ کمپنی کو ضیاع کے طور ادا کرنی پڑے ؛ ایک شخص یا شے بحوالہ اس خطرے کے جو اس کے بیمہ کرانے میں ہو ؛ بیمہ شدہ نقصان کی قسم ، جیسے آگ (وغیرہ) اور اس نقصان کو پورا کرنے والی بیمہ پالیسی۔ (فعل متعدی) اتفاقیہ ضرب یا نقصان کا خطرہ مول لینا ؛ جان جوکھم میں ڈالنا ؛ خطرے کا اتفاق ہونا یا لینا (جیسے : to risk defeat or loss) ؛ کوئی خطرناک کام کرنا یا بہادری کا کام کرنا۔

take a risk, اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا؛ آگ سے کھیلنا ؛ خطرہ مول لینا۔

risker, n. خطرے والا؛ خطرہ مول لینے والا شخص۔

risk capital, n. زر خطرہ ؛ احتیاطی سرمایہ۔ دیکھیے : Venture Capital ۔

risky, a. خطرناک ؛ خطرے سے بھرپور ؛ جس میں نقصان یا خطرے کا اتفاق ہو ؛ جوکھم کا ؛ ناموزوں ؛ کسی قدر خلاف تہذیب۔

risorgimento, n. [اطالوی] حیات بعد از ممات؛ حیات نو؛ تجدید ۔ (بڑے R سے) اٹھار ویں صدی عیسوی کے دوران چلنے والی (اٹلی کی) تحریک آزادی یا اتحاد کا دورانیہ۔

risotto, n. (طباخی) شوربے میں پکائے گئے چاول جنھیں کدوکش کیے ہوئے پنیر اور چٹنی سلاد وغیرہ کے ساتھ پیش کیا

رقیبانہ ؛ وہی مطالبہ یا مقصود رکھنے والا ؛ برتری کے لیے حریفانہ طور پر موجود ۔ (فعل متعدی) مقابلہ کرنا/مقابلے میں کھڑا ہونا ؛ برابری یا برتری کے لیے کوشاں ہونا ؛ ہمسری کا دعویٰ کرنا ؛ حریف یا رقیب بننا ؛ رقابت کا جذبہ رکھنا ۔

rivalry, n. رقابت ؛ مسابقت ؛ کسی اور کے مقصود کو پا لینے کی کوشش یا جدوجہد ؛ مقابلہ ؛ لاگ ڈانٹ ۔

rive, v.t., v.i. پھاڑنا ؛ چیرنا ؛ طاقت سے علیحدہ کردینا ؛ اداس یا پریشان کن خیالات سے متاثر کرنا ؛ جذباتی پریشانی/مایوسی کا سبب بننا ؛ نوچ لینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ؛ پھٹ جانا ؛ چر جانا ۔

river, n. چرنے/پھاڑنے/جُدا کر دینے والا شخص یا آلہ ؛ آرا ؛ آراکش ۔

river, n. ندی ؛ رود ؛ دریا ؛ مناسب مقدار رکھنے والا پانی کا قدرتی بہاؤ جو کسی مخصوص راستے یا سمت میں (مستقلاً) بہتا ہو ؛ پانی کے علاوہ بھی کسی اور مائع شے کا اسی طرح کا بہاؤ ؛ کثیر مقدار میں کوئی بھی پانی کا بہاؤ؛ بڑا دریا یا ندی ؛ پانی کا دھارا ۔ (بڑے R سے) النہر نامی مجمع النجوم/تارا منڈل/تاروں کا جھرمٹ ۔

sell down the river. دھوکا دینا یا بے وفائی کرنا ۔

send up the river, (عوامی) جیل یا قید خانے میں بھیج دینا یا قید کی سزا سنانا ۔

riverbed, n. دریائی گزرگاہ ، راستہ یا دریا کی تلیٹی ؛ دریا کی سابقہ گزرگاہ ۔

riverhorse, n. دیکھیے : hippopotamus ۔

riverine, a. دریا سے متعلق ، دریا سے مشابہ یا دریا کا ساختہ ؛ دریا پر واقع ؛ ساحلی ؛ لب دریا کا ؛ دریائی ؛ نہری ۔

riverside, n. کنارِ دریا ؛ دریا کا کنارا ؛ دریا کی کچھار ؛ دریا کے کنارے کی زمین ۔ (صفت) کنارِ دریا ؛ دریا کے کنارے پر ۔

riverweed, n. دریائی نرائی ؛ دریائی گھاس/سبزہ ؛ ''پوڈو سٹیمن'' (Podostemon) نامی نسل کے تازہ پانی کے اندر اگنے والے ننھے پودوں میں سے کوئی سا ۔

rivet, n. دو نوکی کیل یا میخ ؛ رِبٹ یا رِپٹ ؛ دھات کی چھوٹی سی ٹوپی والی کیل یا میخ جس سے دھات کی چادر کے چھوٹے ٹکڑے اس طرح جوڑے جاتے ہیں کہ اس کے پتلے سرے کو دونوں سوراخ شدہ ٹکڑوں میں اوپر نیچے رکھ کر اس طرح ٹھونک دیا جاتا ہے کہ اس طرف بھی ٹوپی بن جاتی ہے ؛ ملبوسات کی صنعت میں اسی طرح کی جدید صناعی کی مدد سے زور پڑنے والی جگہوں پر بخیوں کو مضبوط بنایا جاتا ہے ، جیسے بھاری قسم کا کام کرنے والے مزدوروں/کاریگروں کے ملبوسات میں ۔ (فعل متعدی) رِبٹ/رپٹ سے مضبوط انداز میں جوڑ دینا یا ٹھونکنا ؛ ایک جگہ پر سختی سے جوڑ دینا ؛ مضبوطی سے چپکا دینا ؛ مضبوط یا حرکت کے ناقابل بنا دینا ؛ مرکوز کر دینا یا جمانا ، جیسے آنکھوں یا توجہ کا ؛ رپٹ لگانا ۔ (فعل لازم) مضبوطی سے جُڑ جانا/ ایک ساتھ ہو جانا ۔

riviera, n. ایک ساحلی تفریحی مقام ، جہاں عموماً آب و ہوا معتدل ہو : ساحلی تفریح گاہ ۔ (بڑے R سے) مارسیلز (فرانس) سے لے کر لاسپیزیا (اٹلی) تک پھیلی ہوئی بحیرۂ روم کی ساحلی تفریح گاہ ۔

riviere, n. نیکلیس ؛ گلے کا ہار ؛ ہیروں یا جواہروں کا گلوبند ، خاص طور پر ایک سے زیادہ لڑیوں والا ؛ دولڑا ، سہ لڑا ، ست لڑا ہار ۔

rivulet, n. ندی ؛ نالا ؛ چھوٹا دریا ۔

riz, n. چاول ۔

roach, n. ایک قسم کی چمکدار مچھلی ؛ سیم ماہی کی نسل کی یورپی دریائی مچھلی ''روٹیلس روٹیلس'' (Rutilus rutilus) ؛ اس قسم سے ملتی جلتی مختلف امریکی مچھلیوں میں سے کوئی سی ، جیسے دریائی قیصانہ/مہرماہی ۔

roach, n. (جہاز رانی) بادبان کے کنارے کی خم دار کاٹ ، خاص طور پر نچلے کنارے کی ، تا کہ یہ بالکل صحیح طور پر نصب ہو سکے ؛ سامنے کے بالوں کو گول کر کے بنایا گیا کھڑا جُوڑا ۔ (فعل متعدی) محراب ڈالنا ؛ بالوں کو گول یا سیدھا کر کے جُوڑا بنانا ؛ گھوڑے کی ایال کو اس طرح کاٹنا/تراشنا کہ بچے ہوئے بال سیدھے کھڑے ہو جائیں ۔

roach, n. لال بیگ ۔ (عوامی) سگریٹ کا ٹکڑا ، خاص طور پر حشیش بھری سگریٹ کا ۔

roach back, n. خمیدہ یا محرابی پشت/کمر ؛ ٹیڑھی کمر ۔

road, n. سڑک ؛ راہ ؛ راستہ ؛ کھلا راستہ یا عوامی گزرگاہ ؛ ایک شہر ، قصبے یا جگہ سے دوسرے شہر ، قصبے یا جگہ تک کے درمیان ایسا قطعۂ زمین جو پیدل یا سواریوں کے سفر کے لیے مناسب مختص ہو ؛ شاہراہ وغیرہ ۔ (مجازاً) کوئی ایسا عمل یا تجربہ جو انسان کی قسمت میں تبدیلی لے آئے (جیسے : the road to happiness)۔(بول چال) ریل کی پٹڑی ، رسائی یا پہنچنے کا راستہ ۔ (اکثر جمع) (جہاز رانی) کوئی بھی ایسی ذرا محفوظ جگہ جہاں ساحل سمندر سے کچھ دور جہاز لنگر انداز ہو سکیں ۔ نیز : roadstead ۔ مخفف: R یا Rd. یا rd. ۔

on the road, (بول چال) سفر کناں ، جیسے کوئی سیلز مین (فروخت کنندہ) ؛ دورے پر ، جیسے کوئی سرکس یا تھیٹر کمپنی ۔

roadability, n. ایسی موٹر کار کے بارے میں جس میں ہر طرح کی سڑکوں پر آسانی اور ہمواری سے چلنے کی صلاحیت ہو ؛ ہر طرح کی سڑکوں پر بآسانی چلنے کے قابل موٹر؛ سڑک داری ۔

road agent, n. (بول چال) راہزن ، خاص طور پر مسافر بردار گاڑیوں کے راستوں پر راہزنی کرنے والا ۔

road allowance, n. (کینیڈا) سرکاری زمین کی وہ پٹی جو حکومت نے سڑک بنانے کے لیے علیحدہ چھوڑ رکھی ہو ؛ سڑک کے کنارے کی زمین ؛سڑک پٹّی ۔

road bed, n. وہ بنیاد جس پر ریل کی پٹڑیاں ، تختے/سلیپر یا دیگر سامان رکھا جاتا ہے ؛ وہ اشیا یا سطح جس سے سڑک تعمیر کی جائے ۔

roadblock, n. سڑک پر کھڑی رکاوٹ ؛ پولیس کی طرف سے قانون شکن افراد کو پکڑنے/روکنے کے لیے سڑک پر کھڑی کی گئی رکاوٹ ؛ دشمن کا راستہ روکنے کے لیے خار دار تاروں جیسی کوئی رکاوٹ ۔

road hog, n. ایسا ڈرائیور جو گاڑی بیچ سڑک میں چلا کر

آمدورفت روک دے۔

roadhouse, n. شہر کے باہر، شراب وغیرہ کی بندش سے نسبتاً آزاد، عموماً کسی شاہراہ پر واقع طعام خانہ، شراب خانہ، نائٹ کلب یا اس قسم کی کوئی اور جگہ۔

road metal, n. ٹوٹے ہوئے پتھر، بجری، ریت وغیرہ جو سڑکوں کی تعمیر یا مرمت کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

roadrunner, chaparral cock, n. (طیوریات) جنگلی مرغ؛ ایک لمبا اور دبلا بے پرواز پرندہ جو کوئل کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے، اس کی کلغی روئیں دار ہوتی ہے اور مضبوط ٹانگیں تیز دوڑنے میں مدد کرتی ہیں، یہ پرندہ شمالی امریکا کے جنوب مغربی بنجر علاقوں میں پایا جاتا ہے اور زیادہ تر چھپکلیاں اور سانپ کھا کر گزارہ کرتا ہے۔

roadside, n. سڑک کا کنارا؛ راہ یا شاہراہ کا کنارا؛ کنار راہ؛ لب سڑک۔ (صفت) سڑک کے کنارے پر یا اس کے قریب؛ سڑک کنار۔

roadstead, n. ساحل سمندر سے ذرا دور کوئی بھی ایسی محفوظ جگہ جہاں سمندری جہاز لنگر انداز ہو سکیں۔

roadster, n. پرانے زمانے کی کھلی کار جس میں دو آدمیوں کے لیے ایک نشست ہوتی تھی اور پیچھے یا تو سامان کے لیے ایک کیبن ہوتا تھا یا ایک فالتو نشست (نوکر وغیرہ کے لیے) ہوتی تھی؛ شاہراہوں پر سفر یا دوڑنے کے لیے موزوں گھوڑا۔

road test, n. موٹر چلانے کا امتحان؛ کسی شاہراہ یا دیگر سڑک پر قدرتی حالات میں لیا گیا کسی موٹر کی کارکردگی کا امتحان۔

roadway, n. سڑک؛ شاہراہ؛ راستہ؛ سڑک کا درمیانی حصہ؛ وہ زمین جہاں سے سڑک گزرتی ہے؛ خصوصاً سڑک کا وہ حصہ جہاں پر لوگ باگ یا سواریاں گزرتی ہیں۔

roadwork, n. فاصلاتی دوڑ؛ طویل دوڑ، خاص طور پر ایسی دوڑ جو کھلاڑی مشق و مہارت کے لیے دوڑتے ہیں۔

roam, v.i., v.t. آوارہ گردی کرنا؛ مٹر گشت کرنا؛ سیر سپاٹا کرنا؛ کسی خاص مقصد یا سمت کے بغیر ایک جگہ سے دوسری جگہ چلنا یا جانا؛ مارے مارے پھرنا؛ بھٹکتے پھرنا؛ گشت لگانا۔ علاقے میں پھرنا؛ علاقے میں سیر سپاٹا کرنا/بے مقصد گھومنا۔ (اسم) سیر سپاٹا؛ مٹر گشت؛ چلت پھرت؛ آوارگی۔

roamer, n. آوارہ گرد؛ سیر سپاٹے میں مصروف شخص؛ گھومنے پھرنے کا شوقین۔

roan, a. چتکبرا؛ چتلا؛ ابلق؛ بادامی بھورے یا سرخی مائل بھورے یا تیز رنگ پر مٹیالے یا سفید دھبوں والا (گھوڑے کے بارے میں کہا جاتا ہے)؛ چتکبرے چمڑے کا بنا ہوا۔ (اسم) چتکبرے رنگ کا؛ چتکبرے رنگ کا گھوڑا (ابلق) یا کوئی اور جانور؛ بھیڑ کی کھال سے کمایا ہوا چمڑا جو جلد سازی میں مستعمل ہے اور مراکشی چمڑے کی نقل ہوتا ہے۔

roar, v.i. گرجنا؛ دھاڑنا؛ چنگھاڑنا؛ (غم یا غصے کے عالم میں) بھرپور اونچی اور مسلسل آواز میں چلانا؛ چیخنا (جانور کی طرح)؛ زور دار، مسلسل اور غیر واضح آواز نکالنا، جیسے آندھی، لہروں یا بجوم کے اکٹھے چلانے سے پیدا ہوتی ہے؛ زور دار، جوشیلا یا پُرمسرت قہقہہ لگانا؛ زور دار آواز میں عمل پذیر ہونا، جیسے ہوائی جہاز کا؛ زور زور کی آواز میں سانس لینا، جیسے گھوڑے کا۔ (فعل متعدی) گرج کر اشارہ یا اظہار کرنا؛ چلا کر پیش کرنا یا بنانا۔(اسم) گرج؛ چنگھاڑ؛ مسلسل زور دار آواز، جیسے آندھی، لہروں یا موٹر وغیرہ کی؛ کسی درندے کی زور دار دھاڑ؛ کسی مصیبت، درد یا غصے میں مبتلا شخص کی زور دار چیخ؛ مسرت کی گونج دار چیخ؛ نعرۂ مسرت۔

roarer, n. چیخنے/دھاڑنے والا شخص یا درندہ۔

roaring, n. دھاڑ؛ چنگھاڑ؛ چیخ؛ کسی درندے، انسان کی زور دار چیخ یا مسلسل دھاڑ؛ مسلسل زور دار آواز، جیسے سمندر میں ٹکراتی ہوئی لہروں کی؛ گھوڑوں کا ایک مرض جس میں سانس زور زور کی خرخراہٹ سے آتا ہے۔ (صفت) طوفان خیز؛ ہنگامہ پرور؛ پُرشغب؛ شور سے بھرپور یا شوروغل پیدا کرنے والا؛ غیر منظم/بے ترتیب؛ افراتفری سے بھرپور؛ تیز، خوشحالی والا یا روز افزوں، جیسے کوئی کاروبار۔

roast, v.t. بریاں کرنا؛ بھوننا؛ چولھے، انگیٹھی وغیرہ پر یا تنور میں حرارت کے بلاواسطہ اثر کے تحت پکانا یا کھانے کے لیے تیار کرنا؛ بہت زیادہ گرم کرنا؛ حرارت کے سامنے کر کے جھلسانا یا خشک کر دینا، جیسے کافی یا اخروٹ کو۔ (فلزیات) کچ دھات وغیرہ کو توڑ کر فالتو مادّہ صاف کرنے کے لیے ایک ڈھیر کی شکل میں جلانا۔ (بول چال) سخت تنقید کرنا یا مذاق کرنا۔ (فعل لازم) بھننا یا آگ پر پک کر کھانے کے لیے تیار ہونا؛ بھون کر کھانا تیار کرنا/پکانا۔ (اسم) بھونا جانے والا یا جسے بھوننے کی نیت ہو، جیسے گائے کے گوشت کا ٹکڑا؛ معاشرتی تقریب جہاں گوشت وغیرہ بھونا جائے؛ بُھنائی۔ (بول چال) سخت تنقید۔ (صفت) بھنا ہوا، جیسے بھنا ہوا گائے کا گوشت۔

roaster, n. بھوننے والا شخص یا آلۂ حرارت وغیرہ؛ بریاں کنندہ؛ بِریالہ؛ بھوننے کے لیے سیخ، جالی، فرائی پان یا ایسا کوئی اور برتن؛ بھوننے کے قابل کوئی شے، جیسے چوزہ/مرغی۔

rob, v.t. لوٹنا؛ غیر قانونی قوت، تشدد یا تشدد کی دھمکی دے کر کسی کی اشیائے مقبوضہ لے لینا (جیسے: to rob a traveler)؛ ڈاکہ ڈالنا (جیسے: to rob a home)؛ قانونی ملکیت یا حق سے محروم کر دینا (جیسے: to rob one of an inheritance)؛ غیر منصفانہ یا بے رحمانہ انداز سے چھین لینا (جیسے: The sun robbed him of sight)۔ (فعل لازم) ڈاکہ ڈالنا۔

robalo, n. [ہسپانوی] جزائر غرب الہند اور آس پاس کے علاقوں میں پائی جانے والی ''سینٹرو پومیڈی'' (Centropomidae) نسل کی بہت بڑی سمندری مچھلی جو خوردنی لحاظ سے بہت مفید ہوتی ہے۔

robber, n. ڈاکو؛ لٹیرا؛ چور؛ راہزن؛ قزاق۔

robber fly, n. بھونرا نما مگس؛ بھونرا مکھی؛ اس طرح کی کوئی سی تیز پرواز، اکثر بڑی سی، ڈنک والی مکھی جو بھونرے سے مشابہ ہوتی ہے۔

robbery, n. رہزنی؛ ڈاکہ؛ لوٹ۔ (قانون) کسی سے اکیلے میں یا کسی اور کے سامنے طاقت کے بل بوتے پر یا تشدد سے مجرمانہ طور پر جسداد/ملکیت ہتھیا لینا؛ قزاقی۔

robe, n. جبہ؛ چوغہ؛ قبا؛ لمبا، ڈھیلا ڈھالا یا نیچے لٹکتا ہوا جامہ یا لبادہ یا بیرونی عبا جسے مرد اور خواتین (مغرب میں) رسمی یا سرکاری مواقع پر پہنتے ہیں؛ لباس غسل یا ملبوسات کے

ہاتھی (Aepyornis maximus) ہوگا جس کے آثار مڈغاسکر سے ملے ہیں۔

rocambole, n. اسپینی یا پہاڑی لہسن ؛ کاشت کی جانے والی لہسن کی ایک قسم ؛ پہاڑی یا کوہستانی لہسن۔

Rochelle powders, n. دیکھیے : Seidlitz powders ۔

Rochelle salt, n. راشل نمک ؛ سوڈے اور پوٹاش کا دوآتشہ طرطیر جسے سیڈلز سفوف بنانے اور دیگر کیمیائی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

roche moutonnee, n. ایسا چٹانی ٹکڑا جو برفانی عمل سے گول اور ہموار ہو گیا ہو۔

rochet, n. (کلیسیات) پادریوں اور لاٹ پادریوں کا پہننے والا ریشمی یا سوتی لبادہ ؛ پادریوں کے پہننے کا سیاہ لباس ؛ جُبّہ۔

rock, n. پتھر ؛ چٹان ؛ چٹان یا اس قسم کی شے بنانے والا بڑا پتھر ؛ (پہاڑ سے) علیحدہ یا الگ ایک بہت بڑا پتھر ؛ کسی بھی جسامت/حجم کا پتھر ؛ پتھر بلحاظ حجم ؛ چٹان یا پتھر سے مشابہ کوئی بھی شے ؛ مضبوط بنیاد یا سہارا یا ذریعۂ حفاظت ؛ مختلف اقسام کی خوشبو دار سخت گولیاں (مٹھائی کی) ؛ دھاری دار لگن/لکڑی کا برتن یا دھاری دار مچھلی۔ (ارضیات) مختلف مرکبات کا معدنی مادہ جو یکجان ہو یا علیحدہ علیحدہ ہو اور فطری طور پر معقول حجم یا مقداروں میں جمع ہو گیا ہو، جیسے آتش فشانی کے اثر یا عملِ آب سے ؛ اس قسم کا کوئی مخصوص مادہ۔ (عوامی) (عموماً جمع) روپیہ ؛ پیسہ۔ (عوامی) ہیرا ؛ جواہر ؛ موتی۔

on the rocks, تباہی یا بربادی میں یا تباہی و بربادی کی حالت میں ؛ بے مایہ یا دیوالیے پن میں ؛ محض برف ڈال کر یا برف کے ساتھ پیش کی جانے والی شے جیسے کوئی مشروب۔

rock, v.t. جھلانا ؛ کسی سہارے پر ادھر ادھر ہلانا یا لہرانا ؛ کسی ہنگھوڑے، کرسی یا بازوؤں میں نرمی سے آرام دہ انداز میں ادھر ادھر ہلانا ؛ تیزی سے ہلانا یا تھرتھرانا ؛ امید اور اطمینان وغیرہ کا احساس دلانا ؛ جذبات کی ہلچل میں یا رو میں بہ جانا۔ (منبّت کاری) کسی سطح، جیسے کسی تانبے کی تختی کی سطح کو کھرچنا/کھودنا۔ (کان کنی) کسی ہلتی ہوئی چھلنی وغیرہ میں دھونا جیسے کسی کچ دھات کو۔ (فعل لازم) جھولنا ؛ ایک طرف سے دوسری طرف کو یا پہلو بہ پہلو ہلنا یا لہرانا ؛ جذبات کی رو یا ہلچل میں بہ جانا ؛ کسی ہلتی ہوئی چھلنی وغیرہ میں کسی کچ دھات وغیرہ کا دھویا جانا ؛ جھونکے کھانا۔ (اسم) جھولا ؛ جھولنے کی حرکت ؛ جھلانے/ہلانے/لہرانے کا عمل ؛ جھونک ؛ جھونکا۔

rock-and-roll, n. دیکھیے : Rock 'n' roll ۔

rock and rye, n. بوتل میں بند ایک مشروب جس کا اہم جزو رئی کی وِھسکی (شراب) ہوتی ہے اور اس میں شکر کی ڈلیاں نیز پھل ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

rockaway, n. چار پہیوں والی ایک ہلکی پھلکی گاڑی جس میں دو یا تین نشستیں اور کھڑی چھت ہوتی ہے ؛ امریکی تانگا۔

rock bass, n. دھاری دار مچھلی ؛ امریکی خوراک میں مستعمل مچھلی جو شمالی جھیلوں اور دریاؤں میں عام ملتی ہے ؛ کیلیفورنیا اور میکسیکو کے ساحلوں سے پرے ملنے والی سمندری مچھلی۔

rock bottom, n. سب سے نچلا ممکنہ نقطہ/مقام ؛ زیریں ترین سطح ؛

اوپر پہننے کا گاؤن ؛ عبائے فضیلت، جیسے منصفوں یا ججوں کی ؛ زنانہ فرغل خصوصاً بڑی زیب و زینت والا ؛ سمور یا کپڑے کا ٹکڑا جس پر کام وغیرہ کیا ہوا ہو اور جو ڈھانکنے یا اوپر ڈالنے کے کام آئے۔ (مجازاً) کوئی بھی خلعت یا ملبوس، جیسے ملبوس خاموشی یا خلعت خاموشی۔ (فعل متعدی و لازم) ملبوس کرنا ؛ کپڑے پہنانا ؛ لبادہ/عبا میں ملبوس کرنا ؛ لباس پہننا ؛ عمدہ پوشاک پہنانا ؛ خلعت پہنانا یا پہننا۔

robe-de-chambre, n. ڈریسنگ گون ؛ ملبوس/پوشاک کے اوپر پہننے والا لبادہ/عبا/گاؤن۔

robin, redbreast, robin redbreast, n. (طیوریات) لال چڑی ؛ شمالی امریکا کے سب سے زیادہ جانے پہچانے پرندوں میں سے ایک ''ٹرڈس مایگریٹوریس'' (Turdus migratorius) جس کا جسم ذرا بڑا، پشت مٹیالی اور سینہ تیز سرخ ہوتا ہے ؛ یورپ کا ذرا چھوٹا پرندہ جس کا منھ اور سینہ زردی مائل سرخ/نارنجی ہوتا ہے۔

roble, n. امریکی شاہ بلوط ؛ شاہ بلوط کا ایک سفید درخت ''کرکس لوباٹا'' (Quercus lobata) جو زیادہ تر کیلیفورنیا میں پایا جاتا ہے ؛ امریکا کے جنوب مغربی علاقوں اور میکسیکو میں پائے جانے والے شاہ بلوط اور زان کے درختوں میں سے کوئی سا درخت۔

robot, n. مشینی آدمی ؛ روبوٹ ؛ روبو ؛ انسان نما مشین جو کچھ میکانیکی/مشینی حرکات اور کام کر سکتی ہے ؛ خودکار مشین ؛ ایسا انسان جو مشینی انداز میں کام کرتا ہو۔

robotism, n. مشینی آدمیت ؛ مشینی انداز سے کام کرنے کا انداز یا کیفیت ؛ خودکاریت۔

robotistic, a. مشینی انداز کا ؛ خود کار۔

robotlike, a. مشینی آدمی جیسا ؛ خود کار ؛ مصنوعی انسان۔

robot bomb, n. اڑن بم ؛ بم بردار میزائل یا راکٹ، جو عموماً زمین سے پھینکا جائے تو اپنے نشانے پر پہنچانے کے لیے اسے خودکار آلات اور خودکار پائلٹ سے کام لینا پڑے۔

robotize, v.t. کسی مشینری یا کارخانے کو خودکار بنانا ؛ کسی بھی چیز کو خودکار بنانا۔

robotization, n. خودکار بنانے کا عمل ؛ خودکاریت۔

robust, a. بہت صحت مند یا بہت طاقتور ؛ مضبوط یا قوی ؛ گٹھے جسم کا ؛ تنومند ؛ سخت/اکھڑ، گستاخ یا اوباش/جوشیلا ؛ تیز اور خوشبودار جیسے (چائے یا) کافی۔

robustly, adv. صحت مندانہ طور پر ؛ طاقتور انداز میں ؛ اکھڑ پن سے ؛ پہلوانی سے ؛ مضبوطی سے ؛ قوت سے۔

robustness, n. صحت ؛ صحت مندی ؛ طاقت ؛ قوت ؛ مضبوطی ؛ شہ زوری ؛ توانائی۔

robustious, a. صحت مند یا ہٹا کٹا ؛ اکھڑ، اوباش/جوشیلا یا گستاخ ؛ نمودیا۔

robustiously, adv. صحت مندانہ طور پر ؛ طاقتور انداز سے ؛ اکھڑ انداز میں۔

robustiousness, n. صحت مندی کی کیفیت یا حالت ؛ اکھڑ پن ؛ قوت اور طاقت سے بھرپور ہونے کی کیفیت۔

roc, n. [عربی] رُخ ؛ عرب دیو مالا میں مذکور ایک داستانی بڑا پرندہ جس کے بارے میں خیال ہے کہ وہ قدیم متحجر اڑن

کم سے کم شرح(قیمتوں وغیرہ کی)۔ (صفت) سب سے نچلا ؛ زیریں ترین ۔

rock-bound, a. پتھروں کے گھیرے میں یا چٹانوں کے احاطے یا حدبندی میں ؛ چٹانی ؛ سنگین ؛ پتھریلا ۔

rock brake, n. چٹانی علاقوں میں اُگنے والی کوئی بھی گھاس/ جھاڑی/سرخس ؛ اجوائن خراسانی کا پودا (cryptogramma crispa)۔

rock candy, n. کالپی مصری ؛ قند ؛ بڑے حجم میں چینی کا سخت قلماؤ ؛ (مٹھائی کی) گولیاں ۔

Rock Cornish, n. راک کارنش ؛ چھوٹے حجم کا مرغ ، جسے بھوننے کے لیے پالا جاتا ہے ، اسے ''پلائی ماؤتھ راک'' اور ''کارنش'' نسلوں کے اختلاط سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

rock crystal, n. شفاف صوان/گار (پتھر)/کوارٹز ، خاص طور پر بے رنگ ؛ بلور کوہی ۔

rock dove, rock pigeon, domesicated pigeon, n. چٹانی کبوتر ؛ نیلے مائل بھورے رنگ کا ، پھیلی ہوئی دم والا جنگلی کبوتر ''کولمبا لیویا'' (Columba livia) ، جس سے بہت ساری پالتو نسلیں حاصل کی گئی ہیں ، قدیم دنیا میں چٹانی ساحلوں پر رہتا تھا اور اب عام طور پر پر شمالی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

rocker, n. جھلانے والا شخص یا جھلانے والی چیز ؛ جھولنے کا کڑا ؛ ان خمیدہ ٹکڑوں میں سے کوئی ایک جن پر پنگھوڑا یا کرسی جھولتے ہیں ؛ جھولا کرسی ؛ جھولنے/جھلانے کی حرکت سے وابستہ مختلف حرکات یا حرکات کے طریقے ۔ (جمع کے صیغے میں) برف پر پھسلنے والے جوتے جن کے تلے خمیدہ ہوتے ہیں ۔ (مصورانہ فنون)منبّت کاری کرنے کے لیے تانبے کی پلیٹ تیار کرنے کا نقش گروں کا ایک مخصوص طریق کار ۔ (کان کنی) کان کن کا وہ آلہ یا اس کی وہ چھلنی جس کے ذریعے سونا ملی ریت کے اندر سے سونا نکالا جاتا ہے ۔

off his rocker, (عوامی) سرپھرا ؛ دیوانہ ؛ پاگل ؛ سودائی ؛ مخبوط الحواس ۔

rocker arm, n. (مشین) جھولنے والی دھری پر لگا ہوا بازو نما آلہ ۔

rocket, n. ہوائی ؛ اڑن تیر ؛ ختنگا ؛ راکٹ ؛ ایسا آتشیں آلہ ، اشارہ ،اسلحہ/ہتھیار یا میزائل ، خلائی گاڑی کی دھکیل کے آلات یا کوئی از خود دھکیل کھانے والی شے خصوصاً اسطوانہ نما جو اپنے اندر موجود احتراق پذیر مادوں کے دھماکے دار ردعمل کے نتیجے میں نکلی ہوئی تیز رفتار گیسوں کے طاقتور دھکے سے ہوا میں دھکیل کھائے ؛ خلائی گاڑی بذات خود ؛ بان ۔ (فعل متعدی و لازم) راکٹ کی دھکیل سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا یا بھیجنا ؛ راکٹ کی طرح یا راکٹ کے سے انداز میں کسی رفتار ، سمت یا اور شے کا حاصل کرنا ، جیسے راکٹ کی طرح اڑنا ، مڑنا وغیرہ ؛ بان پھینکنا ۔

rocket, n. خردل شب بو؛ یورپ میں اگنے والا اور بطور سلاد کھایا جانے والا پودا؛ ''ہسپرس'' (Hesperis) نوع کا کوئی بھی پودا جس کے خوشبودار پھول سفید ، گلابی اور ہلکے گلابی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

rocket bomb, n. راکٹ بم ؛ فضا میں سے چھوڑا جانے والا بم ، جو ہوائی جہاز میں سے گرائے جانے کے بعد اضافی رفتار کے لیے راکٹ کی دھکیل استعمال کرتا ہے ؛ زمین یا سمندر میں سے پھینکا جانے والا رہ نمودہ بم یا میزائل جو راکٹ کی دھکیل سے کام کرتا ہے ۔

rocketeer, n. وہ جس کا پیشہ راکٹ سازی ہو ؛ راکٹ ساز ؛ راکٹ استعمال کرنے یا چلانے والا شخص ۔

rocket plane, rocket airplane, n. (طیرانیات) راکٹ ہوائی جہاز ؛ مکمل طور پر راکٹ کی قوت سے چلنے والا ہوائی جہاز ؛ ایسا ہوائی جہاز جس میں راکٹی اسلحہ نصب ہو ۔

rocket propulsion, n. راکٹی دھکیل ؛ راکٹ کے ذریعے دھکیلنے کا عمل ۔

rocketry, n. (فضائیات) راکٹ کی پرواز ، ترویج اور ساخت کا علم یا مطالعہ ۔

rock fish, rock cod, n. سمندری چٹانوں میں پائی جانے والی مچھلیوں میں سے کوئی سی مچھلی ؛ دھاری دار مچھلی ؛ ان سمندری مچھلیوں میں سے کوئی سی ، جن میں سے بعض شمالی امریکا کے ساحل بحرالکاہل کی عام خوردنی مچھلیاں ہیں ؛ امریکا کے ساحل بحراوقیانوس کی مختلف مچھلیوں کے گروہوں میں سے کوئی سی مچھلی ۔

rock garden, n. باغ کُوہستانی ؛ چٹانی علاقے یا پتھریلی زمین پر اگا ہوا باغ جہاں پہاڑی یا دیگر مناسب درخت لگے ہوں ۔

rocking chair, n. جھولنے والی کرسی ؛ ہلتی جلتی کرسی ؛ جھولا کرسی ۔

rocking horse, n. لکڑی کا جھولنے/جھلانے والا گھوڑا ؛ لکڑی کا بنا ہوا ایسا کھلونا گھوڑا جو ہلتا جلتا ہو اور بچوں کے جھلانے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ مشغلے کے لیے بنا ہوا گھوڑا ؛ کھلونا گھوڑا ۔

rockling, n. ''گیڈی'' (Gadidae) نسل کی ایک چھوٹی وھیل مچھلی ۔

rock lobster, n. چٹانی جھینگا ؛ ریڑھ کی ہڈی والی جھینگا مچھلی ، ایک مرغوب سمندری غذا ۔

rock maple, n. دیکھیے : Suger maple ۔

rock 'n' roll, rock-and-roll, rock-'n'-roll. n. راک این رول ؛ ۱۹۵۰ء کے دوران امریکا میں رواج پانے والی ہر دلعزیز موسیقی کا ایک انداز جس میں زور دار باقاعدہ تال پر نرم سروں کی موسیقی بجائی جاتی ہے ، بعد ازاں یہ موسیقی بہت تفصیلی اور تجریدی ہوتی چلی گئی اور اسے تیز آواز والے برقیاتی آلات سے بجایا جانے لگا ۔

rock oil, n. (زیادہ تر برطانوی) مٹی کا تیل ؛ پٹرولیم ؛ اس حالت میں جس میں وہ زمین سے نکالا جاتا ہے ؛ معدنی تیل ۔

rockoon, n. غبارہ راکٹ ؛ ایک چھوٹا سا راکٹ جس میں مختلف موسم شمار یا آلات ہوتے ہیں ، اسے ایک غبارے کے ذریعے اڑایا جاتا ہے جہاں سے وہ مخصوص بلندیوں پر چھوڑ دیا جاتا ہے ۔

rock rabbit, n. بے دُم کا خرگوش ؛ خرگوش کہستانی ؛ پہاڑی خرگوش ۔

rock-ribbed, a. جس میں جا بجا چٹانیں نکلی ہوئی ہوں؛ پتھریلی کہانیاں یا تیلیاں رکھنے والا ؛ بہت مضبوط ، طاقتور یا ناقابل تسخیر ۔

rockrose, n. گل آفتاب ؛ اس نسل کا کوئی پودا ، خاص طور پر '' سسٹس '' (Cistus) نسل کے پودے جن میں پھول دار جھاڑیاں کثرت

سے ہیں ؛ گلاب کوبی ۔

rocksalt, n. کوہستانی نمک ، لاہوری نمک ؛ معدنی نمک ؛ عام خوردنی نمک جو پتھر کی شکل میں یا تہوں میں پایا جاتا ہے ۔

rockshaft, n. (میکانیات) ایسا دُھرا جو گھومنے کی بجائے سرمحور پر جھولے ؛ جھولنے والا دھرا ۔

rock tripe, n. ''جائروفورا یا امبلی کاریا'' (Gyrophora or Umbilicaria) نامی خوردنی کائیوں میں سے کوئی سی ، جو قطب شمالی اور اس کے ذیلی علاقے کی چٹانوں پر پائی جاتی ہیں ۔

rockweed, کم پانی میں واقع سمندری چٹانوں پر اگنے والی جڑی بوٹیاں ، خاص طور پر ''فسکس'' (Fuscus) نامی خاندان کی جڑی بوٹی/کائی جو بھورے رنگ کی ہوتی ہے ۔

rock wool, n. پگھلے ہوئے پتھروں یا دھاتی میل میں سے بھاپ گزار کر بنائی گئی مصنوعی اون نما شے جو حجز (insulation) کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

rocky, a. متزلزل ؛ لرزنے والا ؛ غیر قیام پذیر ؛ غیر مستقل ؛ غیر یقینی ۔ (عوامی) جسمانی طور پر نااہل/بیمار ، جیسے بہت زیادہ شراب پینے سے یا بیماری سے ؛ لڑکھڑاتا ہوا؛ (نشے میں) مدہوش؛ کمزور ۔

rocky, a. چٹانوں پر مشتمل یا ان سے بھرپور؛ چٹان یا چٹانوں سے مشابہ ؛ مصائب یا مشکلات سے بھرپور ؛ مضبوط ؛ پختہ؛ عمیق ۔

rockiness, n. سختی؛ درشتی؛ پختگی ؛ استحکام ؛ مضبوطی ؛ سنگینی ۔

Rocky Mountain sheep, n. بڑے سینگوں والی بھیڑ ؛ پہاڑی بھیڑ ۔

Rocky Mountain spotted fever, n. پہاڑی بخار ؛ رِکٹشیا (Rickettsia) نامی خرد بینی جرثومے سے پھیلنے والا ایک متعدی مرض جو درختوں کی چچڑیوں کے کاٹنے سے پھیلتا ہے ؛ جوڑوں اور عضلات کا درد ، بخار ، اکڑاہٹ ، جلد پر دانے نکل آنا اور سردی لگنا ، اس مرض کی علامتیں ہیں ۔

rococo, n. روکوکو ؛ اٹھارویں صدی عیسوی کے اوائل میں فرانسیسی سجاوٹ اور تعمیر کا ایک لہریے دار زرق برق انداز جو سابقہ دور کے بھاری بھرکم انداز سے متاثر تھا ، یہ انداز سیدھی لکیروں کی بجائے خمیدہ لکیروں ، زیادہ آرایش اور مرصع کاری پر مشتمل تھا ۔ (موسیقی) اسی عہد کی طرز موسیقی جس میں ایک سے زیادہ نغمگیں حصے اور مرکیاں وغیرہ ہوتی تھیں ۔ (ادب) مسجّع و مقفیٰ قسم کے ادبی فن پارے ؛ ''روکو کائی'' انداز کا کوئی بھی تعمیراتی ، نغماتی یا ادبی کام ۔ (صفت) ''روکو کائی'' انداز کا ؛ شوخ یا بہت بھڑکیلا ، خاص طور پر فن یا تزئین کے شعبوں میں ؛ بے ذوق؛ قدامت پرستانہ ذوق کا ؛ دقیانوسی ۔

rod, n. ڈنڈا؛ عصا ؛ لکڑی ، دھات یا ایسے ہی مختلف مادوں سے بنی ہوئی چھڑی یا سلاخ ؛ کسی پودے کی شاخ یا پتلی سی ڈنڈی ۔ (بائیبل) خاندان یا قبیلے کی نسل یا شاخ ؛ قلم لگانے کے قابل پودے کی شاخ؛ سزا دینے کے لیے چھڑی یا جھاڑو ؛ بید ، قمچی ، ڈانٹ ڈپٹ یا سزا کے لیے ؛ ناپنے کے لیے سلاخ ؛ گز ؛ ساڑھے پانچ گز یا ساڑھے سولہ فٹ کی لمبائی/ ڈانگ ؛ $30\frac{1}{4}$ مربع گز کا رقبہ (اسے perch یا pole بھی کہا جاتا ہے) ؛ تحکم یا اقتدار کی علامت کے طور پر ساتھ رکھنے والا عصا ؛ پردۂ چشم کے سلاخ نما خلیوں میں سے کوئی ایک جو مدھم روشنی کے لیے حساس ہوتے ہیں ؛ خرد بینی جراثیم کی ایک قسم جو سلاخ نما شکل کی ہوتی ہے ؛ مچھلی پکڑنے کا کانٹا جسے لمبی بنسی پر لگایا جاتا ہے (جیسے : a fishing rod) ؛ مشینی پرزہ یا مشین کا ایک حصہ (جیسے : a piston rod in an engine or a connecting rod on a railroad car) ۔ (عوامی) پستول ۔ (فعل متعدی) عصا ، سلاخ یا چھڑی وغیرہ لگانا؛ عموماً ٹیوب لائٹ نصب کرنا ۔

ride the rods, (عوامی) ریل کے ڈبوں کو باہم ملانے والے جوڑوں پر بیٹھ کر ریل گاڑی میں بے ٹکٹ سفر کرنا ۔

rodless, a. بے عصا ؛ بے اختیار ؛ بے سہارا ۔

rodlike, a. عصا/سلاخ/چھڑی جیسا ؛ پتلا دبلا اور لمبا ۔

rodent, a. کترنے والا ؛ روڈنشیا (Rodentia) نامی خاندان کے کترنے والے جانوروں کے سلسلے میں سے یا ان سے متعلق کوئی جانور ۔ (اسم) کوئی کترنے والا میمل ، جیسے گلہری ، چوہا ، جنگلی چوہا جن کے مسلسل نمو پذیر ایسے نوکیلے دانت ہوتے ہیں جو کاٹنے یا کترنے میں مدد دیں ۔

rodenticide, n. کترنے والے جانوروں کو مارنے کی دوا ؛ کوئی بھی ایسی کیڑے مار دوا جو کترنے والے جانوروں پر کارگر ہو ۔

rodeo, n. [ہسپانوی] میلہ مویشیاں ؛ امریکی چرواہوں کے کرتبوں کی عوامی نمایش جس میں ضدی گھوڑوں کی سواری ، بھاگتے ہوئے مویشی سے کشتی لڑنا اور فراری بچھیروں کو قابو کرنا شامل ہوتے ہیں ۔

rodman, n. جریب کش (سرویر کا نائب)؛ وہ شخص جو جریب یا ناپنے کا آلہ ، جریب کشی ، پیمایش یا مساحت کے دوران ساتھ ساتھ لیے پھرتا ہے ۔

rodomontade, rhodomontade, n. شیخی ؛ بڑ ؛ ہانک ؛ ڈینگ ؛ لاف و گزاف ؛ لاف زنی ۔ (فعل لازم) شیخی بگھارنا ؛ بڑ ہانکنا ؛ ہلا گلا کرنا ؛ دون کی لینا ؛ ڈینگیں مارنا ۔ (صفت) شیخی خور ؛ بڑ ہانکیا ؛ بلّے گلّے سے بھرپور ؛ ڈینگیا ؛ شیخی باز ؛ لاف زن ۔

roe, n. مچھلی کا نطفہ یا مچھلی کے انڈے ؛ حیوانات قشریہ/خول دار جانوروں میں سے بعض کے انڈے ۔

soft roe, milt, n. نر مچھلی کا نطفہ/تخم ۔

hard roe, spawn, n. مادہ مچھلی کا بیضہ ۔

roe, n. ہرن ؛ چکارا ؛ ہرنی ۔

roe buck, n. نر ہرن ؛ چکارا ؛ عام معنی میں ، کوئی بھی ہرن ۔

roe deer, n. قدیم دنیا کا چھوٹا سا ، پھرتیلا ہرن ''کیپریولس کیپرے'' ۔

roentgen, n. رونٹجن ؛ اشعاع کی پیمایش کی بین الاقوامی طور پر مستعمل اکائی ، جس کا نام لاشعاعوں کے دریافت کنندہ ولہیلم کونریڈرونٹجن کے نام پر کہا گیا ۔ مخفف:R یا r ۔ (صفت) زیادہ تر لاشعاعوں سے متعلق ، لیکن رونٹجن اکائی یا طبیعیات دان رونٹجن سے بھی متعلق ۔

roentgenize, v.t. لاشعاعوں کے اثر/عمل سے گزارنا ۔

roentgenogram, roentgenograph, n. لاشعاعوں سے اتارا گیا عکس

roentgenography, n. لاشعاعی عکاسی ؛ ایکس رے فوٹو گرافی ـ

roentgenographic, a. متعلق بہ لاشعاعی تصویر/عکس ؛ متعلق بہ ایکس رے فوٹو ـ

roentgenographically, adv. لاشعاعی طور پر ؛ بطور لاشعاعی تصویر/عکس کے ؛ بطور ایکس رے فوٹو ـ

roentgenology, n. لاشعاعیات؛ لاشعاعوں کے تمام اطلاقات کا مطالعہ، خاص طور پر جو طبی تشخیص اور علاج سے متعلق ہیں ـ

roentgenologic, roentgenological, a. متعلق بہ اطلاقات لاشعاعی ـ

roentgenologically, adv. ازروئے اطلاقات لاشعاعی ـ

roentgenologist, n. ماہر علوم لاشعاعی ـ

roentgenoscope, n. لاشعاع نما ؛ ایسا آلہ جس میں رنگین روشنی کا پردہ ہوتا ہے جس پر لاشعاعوں کی مدد سے غیر شفاف شے کی عکسی تصویر آ جاتی ہے ـ

roentgenoscopic, a. آلۂ لاشعاعی سے متعلق ـ

roentgenoscopy, n. لاشعاع نمائی؛ آلہ لاشعاعی سے تصویر اتارنے کا عمل یا علم ـ

roentgenotherapy, n. لاشعاعی معالجہ ؛ لاشعاعوں کی مدد سے طبی علاج معالجہ ـ

roentgen ray, n. (اکثر بڑے R سے) لاشعاع ـ

rogation, n. (عموماً جمع ، کلیسیات) التجا ؛ استدعا ـ (رومی قانون) عوام کی جانب سے منظور کیے جانے والے قانون کے لیے وکلا اور وکیلِ جمہور کا تعاون ؛ وہ قانون جو روما کی قونصل یا وکیل جمہور ، مجلس جمہور کی منظوری کے لیے پیش کیا کرتا تھا ـ

Rogation Days, n. (کلیسیات) ''یوم صعود'' سے پہلے تین یوم ، جن میں جلوس (نکالے جاتے ہیں اور ان) میں مذہبی دعائیں یا (مناجاتیں) گائی جاتی ہیں ؛ حضرت عیسیٰ کی عید صعود سے تین روز قبل گائی جانے والی دعائیں ـ

roger, interj. لاسلکی/ریڈیائی پیغام رسانی میں بطور ضابطہ ، مستعمل بمعنی ''پیغام موصول ہوا اور سمجھ لیا گیا'' ـ

rogue, n. بد دیانت شخص ؛ بدمعاش ؛ خانہ بدوش ؛ سیلانی ؛ آوارہ گرد ؛لچّا ؛ لفنگا ـ (حیاتیات) کوئی ایسا جانور یا شخص جو اپنے اعلیٰ نسبی خصائص کے مقابلے میں گھٹیا خاصیتوں کا مظاہرہ کرے ؛ تنہا جانور ، جیسے ہاتھی ، جو پھرا ہوا ہو ؛ سرکش/مست (ہاتھی) ـ

roguish, a. شریر ؛ بدمعاش ؛ اوباش ـ

roguishly, adv. بدمعاشانہ ؛ اوباشانہ ؛ شرارت سے ـ

roguishness, n. شرارت ؛ بدمعاشی ؛ اوباشی ـ

rogue, v.i., v.t بدمعاشوں جیسا رویہ/انداز اپنانا ؛ دھوکا دینا ـ (نباتیات) اکھاڑ پھینکنا/تلف کر دینا ، جیسے حیاتیاتی معمول سے الگ مظاہرہ کرنے والے پودوں کو (یعنی خلاف معمول نشوونما پانے والے پودوں کو) ـ

rogue elephant, n. جنگلی ہاتھی جو اپنے گلّے سے الگ کر دیا گیا ہو ـ

roguery, n. بدمعاشی ؛ بدمعاشوں جیسا رویہ ؛ چالاکی/عیاری ؛ بد دیانتی ؛ شرارت ؛ شیطانی حرکت ـ

rogue's gallery, n. مجرموں کی تصاویر کا مجموعہ جسے پولیس (مجرم کی) شناخت کے لیے استعمال کرتی ہے ـ

roil, v.t. ہلا جُلا کر گدلا کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ ناراض کرنا ـ

roily, a. غصے میں ؛ گدلا ؛ میلا ؛ کیچ بھرا ـ

roister, v.i. مچانا ؛ اترا اترا کر چلنا ؛ پُرشغب ہونا ؛ ڈینگیا اور ضدی ہونا ـ

roisterer, n. شیخی باز ؛ اودھمی ؛ ہنگامہ برپا کرنے والا/ خرمستیاں کرنے والا شخص ؛ رنگ رلیوں کا عادی شخص ؛ موج میلہ/غل غپاڑہ کرنے والا شخص ـ

role, n. فرض منصبی ؛ کار مفوضہ ؛ پارٹ ؛ کردار جو اداکار کرتا ہے ؛ رسمی کام ؛ کوئی بھی کردار ـ

roll, v.i. گھومنا ؛ کسی ہموار سطح پر اس انداز سے حرکت کرنا کہ اوپر سے نیچے بلتے ہوئے بتدریج محیط کی تمام سطح لمحہ بہ لمحہ اس پر لگتی جائے ، جیسے کسی گیند یا پہیے کا گھومنا ؛ پہیوں یا گھریوں وغیرہ پر حرکت کرنا یا کرانا ؛ بہنا یا ایسے حرکت پذیر لگنا یا ہونا جیسے پہیوں یا گھریوں وغیرہ پر گھوم رہے ہیں ؛ لہروں یا ندی کے تسلسل کی مانند بہنا یا حرکت پذیر لگنا یا ہونا یا پھیلے ہوئے ہونا (جیسے : hills rolling to the sea)ـ (عوامی) کسی جنس کی کثرت یا زیادتی کے مزے لینا (جیسے : to be rolling in money)؛ گیند یا بیلن جیسی شکل اختیار کرنا (کسی چیز کا اپنے ہی اوپر ایک یا زیادہ بار لپٹ کر) ؛ گزر جانا یا ختم ہو جانا ، جیسے کسی چکر کے چلتے رہنے سے (جیسے : time rolls by)؛ ہلکی ہلکی گہری گڑگڑاہٹ کی آواز پیدا کرنا (جیسے ڈھولوں کے بجنے یا بجلی کڑکنے کی آواز آنا) ؛ چہکنا ، جیسے بلبل زرد/کنیری چڑیا کا چہکنا ؛ مدوّر یا نیم مدوّر راہ میں حرکت کرنا (جیسے : eyes rolling in fright)؛ جھولنے یا جھٹکے لگنے کی طرح پہلو سے پہلو کی جانب حرکت کرنا/ہچکولے کھانا ، جیسے جہاز کا ؛ لڑکھڑانا یا جھولنے/لہرانے کے انداز میں چلنا ، جیسے لہریا چال ؛ گھومنا پھرنا یا ادھر ادھر سفر میں ہونا ؛ کسی بیلن وغیرہ کو گھمانے سے چپٹا ہو جانا یا پھیل جانا ؛ دائرے یا چکر میں گردش پوری کرنا ، جیسے کسی سیارے کا ؛ شروع ہو جانا یا چل پڑنا (جیسے : Let's get rolling)ـ (طیرانیات) طولی دھرے یا محور پر گھومنا ، جیسے کسی ہوائی جہاز کا ـ (فعل متعدی) بار بار لڑھکا کر یا کسی سطح پر گھما کر حرکت دینا یا حرکت پذیر کرنا ، جیسے کسی گیند کو ؛ پہیوں یا گھریوں پر (کسی شے کو) لے جانا، پہنچانا یا حرکت دینا ؛ کسی شے کو اس کے اوپر موڑ یا لپیٹ کر گیند یا بیلن کی شکل دینا ؛ بتدریج ہلانا، لہروں کی شکل میں یا اس کے بغیر آگے کی طرف بہانا ؛ کسی طرح کے رولر کے دباؤ سے پھیلانا، چپٹا بنانا یا ہموار کرنا ؛ جُھلانا ؛ لہرانا یا گھمانا (جیسے : Waves roll a ship)؛ لپیٹنا، کھولنا یا گول کرنا یا کسی شے یا مادے میں لپیٹنا/ لتھیڑنا ؛ اوپر سے نیچے یا ادھر سے ادھر گولائی میں گھمانا (جیسے: to roll one's eyes)؛ اونچے سر یا چہکار میں بولنا، جیسے انگریزی حرف 'r' کو ؛ دل کھول کر گونج دار/گرجدار آواز نکالنا ، جیسے قہقہہ لگانا ؛ اتنی تیزی سے ڈھول وغیرہ بجانا کہ مختلف ضربوں کی آوازیں ایک دوسرے میں ضم ہو جائیں ـ (عوامی) نشے میں مدہوش یا سوئے ہوئے شخص کی جیبوں کی مکمل تلاشی لے کر اسے لوٹ لینا ـ (اسم) خریطہ ؛ پلندہ؛ بنڈل ؛ فرد ؛ آواز ؛ گونج ؛ گول لپٹا ہوا یا لپیٹا جا سکنے والا چرمی یا سادہ کاغذ ، خاص طور پر ایسا کاغذ جس پر کوئی رسمی یا سرکاری دستاویز/تحریر لکھی گئی ہو ؛ کسی کمپنی ، جماعت

بڑی موج یا لہر۔

roller, n. (طیوریات) سبزقبا؛ لوٹن کبوتر؛ ماہی خور سے متعلقہ قدیم دنیا کے رنگا رنگ پرندوں کی نسل میں سے کوئی ایک ، خاص طور پر جس کا رنگ نیلا اور پشت سرخ ہوتی ہے اور اوپر نیچے پرواز کرتا ہے؛ کینری/زرد چڑیا کی ایک قسم جو بہت اونچے اور کھنک دار سر میں چہکتی ہے۔

roller bearing, n. (مشین) بال بیئرنگ؛ ایسا بیئرنگ جس میں دُھرا یا (درمیانی) سرمحور فولاد کی گِھریوں کے حلقہ دار راستے پر حرکت کرے۔

roller coaster, n. بچوں کی ریل ؛ ایسی ریل کی پٹڑی جو خاص طور پر تفریحی مقامات/باغات میں ہوتی ہے اور جس میں کھلے ڈبے اونچے نیچے خمیدہ راستے پر تیز چلتے ہیں۔

roller skate, n. گِھرنی دار جوتے ؛ اسکیٹنگ جوتے جن کے نیچے پھسلن کی بجائے چھوٹے پہیے یا گھرنیاں لگی ہوتی ہیں۔ (فعل لازم) گِھرنی دار پہیوں والے جوتے پہن کر چلنا۔

roller skater, n. گِھری دار پہیوں والے جوتے پہن کر چلنے والا؛ برف پر پھسلنے والا۔

roller towel, n. بیلن پر چڑھا تولیا؛ ایک لمبا تولیا جسے بیلن پر چڑھا کر اس کے سروں کو سی دیا جاتا ہے۔

roll film, n. فلم رول؛ چھوٹے سے رول پر لپٹی ہوئی فلم کی لمبی پٹی جسے ساکن تصاویر اتارنے والے کیمروں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ فلم کا رول ؛ فلم کی ریل۔

rollick, v.i. خوش باش اور کھلنڈرے پن کے انداز میں (ادھر ادھر) پھرنا ؛ رویے میں پرمسرت/خوش باش ہونا ؛ اچھلنا کودنا؛ دھما چوکڑی مچانا۔

rollicking, rollicksome, a. خوش باش ؛ پرمسرت/مسرور ؛ مطمئن۔

rolling hitch, n. ایک ایسی گرہ جو بانس وغیرہ کے گرد رسی کے سرے سے لگا دی جاتی ہے اور رسی کھینچنے سے یہ گرہ پختہ ہو جاتی ہے۔

rolling mill, n. رولنگ مل ؛ مشین یا کارخانہ جہاں لوہے یا کسی اور دھات کو پگھلا کر چادروں یا سلاخوں یا اور کسی شکل میں ڈھالا جاتا ہو ؛ دھات کو چپٹا بنانے یا اسے کسی بھی شکل میں ڈھالنے کی مشین یا گِھریوں پر مشتمل آلہ۔

rolling pin, n. بیلن ؛ گندھے ہوئے آٹے کو بیلنے کے لیے لکڑی کا استوانہ نما بیلن یا کوئی اور چیز۔

rolling stock, n. ریل کی پٹڑی پر چلنے والی تمام پہیہ دار گاڑیاں ، ڈبے اور انجن وغیرہ۔

roll man, n. کسی رولنگ مل/دھات یا لوہے کے کارخانے میں مشین کو چلانے والا شخص/کاریگر۔

roll out, v.t. چپٹا کر دینا اور بیلن گھما کر پھیلا دینا ، جیسے گندھے ہوئے آٹے کو۔ (فعل لازم) (عوامی) بستر سے اٹھ بیٹھنا ؛ صبح بیدار ہونا۔ (فٹ بال) گیند کو لڑھکاتے ہوئے لے جانا۔ (اسم) (فٹ بال) ایسا کھیل جس میں ''کوارٹر بَیک'' کھلاڑی گیند لے کر دوڑنے اور کسی اور ''بیک'' کو گیند دینے یا ان سے پہلے دائیں یا بائیں جانب چکر کاٹتا ہے۔ (صفت) چپٹا ؛ ہموار ؛ پھیلا ہوا۔

roll top, n. ایسی پھسلواں، لچک دار بالائی سطح

یا انجمن وغیرہ سے متعلق لوگوں کی فہرست ، ناموں کی کتاب یا رجسٹر ؛ فرد حاضری/رجسٹر حاضری ؛ طومار ؛ استوانہ نما لپٹی ہوئی کوئی بھی شے ؛ گول شکل میں لپٹے ہوئے کپڑے یا دیواری کاغذ کی مقدار جو عموماً ایک خاص پیمایش کا ہوتا ہے ؛ بستر بند یا چمڑے کی بنی ہوئی اس قسم کی کوئی بھی شے جس میں سامان لپیٹا جا سکے ؛ بعض اشیائے خوردنی جنھیں گول لپیٹ کر پکایا یا پیش کیا جاتا ہے (جیسے : jelly roll) ؛ گندھے ہوئے آٹے کو گول یا دوچند کر کے پکائی گئی روٹی ؛ کسی چیز کا بیلن نما/گول حجم یا شکل (جیسے : rolls of fat) ؛ گول بیلن یا بیلن نما چیز جس سے کوئی چیز پھیلائی جائے ، ہموار کی جائے ، کچلی یا دبائی جائے یا بھینچی جائے ؛ ایسی گول چیز جس کے گرد اشیا ذخیرہ کے لیے لپیٹ کر رکھی جائیں؛ لپیٹنے کا عمل ؛ سطح کا اتار چڑھاؤ (جیسے : the roll of a prairie)؛ جھکولے، جیسے جہاز کی حرکت میں ؛ الفاظ کا ہم صوتی انداز یا تال میل سے بہاؤ یا ادائیگی ؛ بھاری طویل آواز یا گڑگڑاہٹ ؛ تیز تیز بجائے گئے ڈھول کی آواز/دھما دھم ؛ بعض پرندوں کی چہکار/چہچہاہٹ ۔ (عوامی) جسم سے باندھی گئی زرکاغذی کی نال ؛ وہ رقم یا سرمایہ جو انسان نے بچایا ہو ؛ پس انداز رقم ۔ (طیرانیات) کسی ہوائی جہاز کی اپنے محور پرگردش ؛ وہ عمل/حرکت جس کے دوران ہوائی جہاز اپنے محور کے گرد مکمل چکر کاٹے ۔ (فضائیات) کسی خلائی جہاز کی طوالت کے رخ گول گردش ؛ بلندی اور پھیر کے علاوہ تیسرا محور جس پر گاڑی کی بلندی کو قابو میں کیا جا سکتا ہے۔

roll out, (عوامی) بستر سے نکلنا ؛ اٹھ بیٹھنا۔

roll up, (بول چال) بڑھانا یا جمع کرنا ، جیسے نفع۔

rollable, a. جسے گول لپیٹا جا سکے ؛ جو لپیٹا جا سکے۔

rolling, a., n. گول لِٹا ہوا ؛ ہچکولے کھاتا ہوا ؛ جھولتا ہوا ؛ ہلکورے لیتا ہوا وغیرہ۔

rollback, n. قیمتوں یا اجرتوں کا کسی سابقہ یا کم سطح پر واپس جانے کا عمل ، خاص طور پر کسی سرکاری اقدام کے باعث ۔ (فعل متعدی) قیمتوں یا اجرتوں کو کم کرنا یا سابقہ کم سطح پر پہنچانا (سرکاری اقدام سے)۔

roll call, n. حاضری ؛ سپاہیوں یا طلبہ کے نام پکارے جانے کا عمل ، یہ جاننے کے لیے کہ کون حاضر ہے ؛ حاضری کا وقت یا اشارہ ، جیسے فوج میں ڈھول بجا کر اشارہ دیا جاتا ہے۔

roller, n. لڑھکانے والا ؛ گِھری ، گول گھومتا ہوا بیلن یا بیلن نما پرزہ؛ گھومنے والا شخص (یا پرزہ) یا کوئی چیز؛ بیلن/سلنڈر ، پہیہ یا ایسا گول پرزہ جس پر کوئی شے گھمائی جا سکے؛ بیلن/سلنڈر نما جسم جو کسی نصب شدہ دُھرے پر گھوم رہا ہو اور بہ آسانی اپنے ارد گرد یا اوپر کسی شے کو حرکت دے رہا ہو ؛ کوئی بھی بیلن نما چیز جس کے اوپر کپڑا یا کوئی شے لپیٹی جائے ؛ کسی پھیلی ہوئی چیز پر گھمانے کے لیے کوئی بیلن نما جسم؛ (اسی طرح) کسی دبائی ہوئی ، یکجان ، چھپی ہوئی یا روشنائی زدہ چیز پر گھمانے کے لیے کوئی گول/بیلن نما شے ؛ ایسی ہی کوئی شے جو کسی نصب شدہ دھرے/محور پر گردش کرے یا اس قسم کے اجسام میں سے کوئی ایک جو کسی مشین یا آلے کا حصہ ہو اور اسی طرح سے حرکت پذیر ہو کر عمل کرے؛ پلاسٹک یا تار کی بنی ہوئی جالی وغیرہ کا کھوکھلا سلنڈر یا بیلن ، جو بالوں کو گھنگھریالے بنانے کے لیے لپیٹا جا سکے؛ بتدریج آگے بڑھتی ہوئی طویل

یا اس طرح کا ڈھکنا جو ڈیسک/لکھنے پڑھنے کی میز کے اوپر لگا ہوتا ہے ۔

roll-top, rolltop, a. ڈھلوان دار، پھسلواں یا لچک دار بالائی سطح/ ڈھکنے والا ۔

roll up, v.t., v.i. ایک جگہ جمع کرنا ؛ اکٹھے کرنا ؛ یکجا کرنا ؛ پہنچنا ؛ وارد ہونا ؛ آنا؛ جمع ہو ہو کر بڑھ جانا۔

roly-poly, a. گول مٹول ؛ گداز ۔

roly-poly, n. پستہ قد گداز جسم کا شخص یا جانور۔ (زیادہ تر برطانوی) پیسٹری کے اندر جام بھر کر،لپیٹ کر پکائی گئی کھانے کی چیز یا پکوان ۔

romaine, n. رومین سلاد؛ سلاد کی ایک قسم جس کے پتے لمبے، پتلے اور کرارے ہوتے ہیں ۔

Roman, a. رومن؛ رومائی؛ روما کا ؛ رومی ؛ روم یا روم کے لوگوں سے متعلق یا مشابہ ؛ رومی کیتھولک مذہب سے متعلق یا اس کا ماننے والا/پیروکار ۔ (عموماً چھوٹے r سے) طباعت میں ٹیڑھے حروف کے بالعکس عام سیدھے حروف کے متعلق ؛ ہندسوں کی بجائے حروف کے ذریعے گنتی کی تحریر کے بارے میں ۔ (اسم) روم کا باشندہ یا شہری ؛ روم کا اطالوی لہجہ ۔ (عموماً چھوٹے r سے) طباعت میں رومن حروف (یعنی a, b, c ----- z) ۔

roman, n. [فرانسیسی] قرون وسطی کی ایک عام رزمیہ بیانیہ نظم/ایک رومانی ناول ؛ رومان ۔

Roman architecture, n. رومی فن تعمیر ؛ قدیم روما کا فن تعمیر جس کی خصوصیات میں گول محراب اور چھتیں، پتھر، اینٹ اور سیمنٹ/کنکریٹ کی چنائی اور بیرونی سجاوٹ کے طور پر یونانی انداز اپنانا شامل تھا ۔

Roman calendar, n. رومی تقویم ؛ قدیم روما کا شمسی کیلنڈر یا ان کی شمسی تقویم جو شاہ جولیس کے کیلنڈر مروجہ ۴۶ ق ۔ م سے پہلے رائج تھا ۔

Roman candle, n. آتش بازی ؛ ہوائی ؛ ختنگا ؛ ایک مخصوص ہوائی جس کے اندر سے سفید یا رنگدار گول چنگاریاں اوپر کو نکلتی ہیں ۔

Roman Catholic, a. رومی کیتھولک ؛ رومی کیتھولک کلیسا سے منسلک جس کا سب سے بڑا سربراہ پوپ یا بشپ روم ہوتا ہے ؛ رومی کیتھولک کلیسا کے کسی پیروکار/معتقد سے متعلق ۔ (اسم) رومی کیتھولک عقیدۂ عیسائیت ؛ رومی کیتھولک کلیسا ؛رومی کیتھولک فرقہ ۔

Roman Catholicism, n. رومی کیتھولک کلیسا یا عیسائی فرقہ؛رومی کیتھولک کے عقائد، اعمال اور ان کی تنظیم ۔

romance, n. رومان ؛ رومانی داستان ؛ رومانی بزمیہ یا رزمیہ ؛ قرون وسطیٰ کی کوئی داستان، جسے شروع شروع میں رزمیہ نظم کے پیرائے میں لکھا جاتا تھا اور بہادری یا بہادر شخصیات کے کارنامے رقم کیے جاتے تھے (جیسے : the Arthurian romances) ؛ عمومی طور پر تصوراتی ذوق لیے ہوئے بہادرانہ یا محیرالعقول کارنامے، رنگا رنگ واقعات یا مناظر ؛ شجاعانہ وفاداری، غیر معمولی تجربات یا اسی انداز کے دوسرے واقعات پر مبنی داستان ؛ ایسی داستان یا ناول جس کا حقیقی یا جانی پہچانی زندگی سے تو کم لیکن غیر معمولی کارناموں، اتفاقات، واقعات یا تصوراتی یا مثالی حالات کار سے زیادہ تعلق ہو ؛ ایسے ادب میں بیان شدہ دنیا ؛ زندگی اور حالات ؛ رومانی کردار یا صفت ؛ رومانی جذبہ یا روح ؛ رومانی تجربہ جیسے کوئی داستان محبت ؛ کوئی گھڑی ہوئی کہانی یا ایسا بیان جو مکمل طور پر یا زیادہ تر تخئیلی ہو ؛ خیالی یا دلچسپ جھوٹ یا محض مبالغہ آمیزی ۔ (فعل لازم و متعدی) رومانی قصے/داستانیں گھڑنا یا بنانا ؛ تصوراتی یا مبالغہ آمیز کہانیاں سنانا؛ فرضی یا خیالی داستانوں کو سننے میں مصروف ہونا؛ عشقیہ معاملات کو تلاش کرنا یا ان میں ملوث ہونا ۔

romance, n. (ہسپانوی ادب) جنگ نامہ ؛ ایک مختصر رزمیہ بیانیہ نظم یا تاریخی داستانی نظم، بعدہ ایک چھوٹی سی غزلیہ نظم ۔ (موسیقی) نرم و نازک انداز کا سازوں پر بجایا گیا یا انسانی آواز میں گایا گیا مختصر سا سادہ نغمہ ۔

Romance, a. ''رومانس/رومانی'' کے نام سے معنون بولیوں/زبانوں کے گروہ میں سے کوئی یا ان سے متعلق ؛ اس گروہ کی کسی زبان میں بنائی گئی یا مستعمل ۔ (اسم) جنوبی یورپ کی وہ زبانیں یا بولیاں جو لاطینی سے نکلی ہیں اور جن میں فرانسیسی، (فرانس کے ایک صوبے پراونس کی زبان) پروانسی، ہسپانوی، پرتگیزی، اطالوی، رائیتو رومانی، قطلانی اور رومانوی زبانیں شامل ہیں ؛ رومانی زبانیں/بولیاں ۔

romancer, n. عاشق مزاج/محبت پیشہ شخص ؛ رومانی داستان/نظم/ناول لکھنے والا ادیب/شاعر ؛ رزمیہ نگار ؛ رومان نگار ۔

Roman collar, n. دیکھیے : Clerical Collar ۔

Romanesque, a. (فن تعمیر) رومن /رومی طرز تعمیر ؛ اس طرز تعمیر میں یا اس سے متعلق، جو رومی سلطنت کے اواخر میں پیدا ہو کر مغربی یورپ میں بارھویں صدی عیسوی کے وسط تک مستعمل رہا، جس کی خصوصیات گول محراب اور چھت اور بھاری، وزنی آرایشی تاثرات تھے ۔ (فن/فنون لطیفہ) ابتدائی وسطی زمانے کے انداز کا یا اس سے متعلق-(عموماً چھوٹے r سے) (ادب) بے قابو ؛ بے ادب ؛ فضول خرچ ؛ جذباتی ؛ رومانی ؛ رومان پرور ؛ رومانی زبانوں، خاص کر جنوبی فرانس کی زبانوں کا یا اُن سے متعلق ۔ (اسم) فنون لطیفہ اور تعمیر کا رومی طرز یا انداز ؛ رومی بولیاں یا زبانیں ۔

roman-fleuve, saga novel, n. فرانسیسی ناول کی ایک قسم جس میں ایک خاندان یا معاشرے کی درجہ بدرجہ یا ترتیب وار تاریخ وغیرہ کئی جلدوں میں لکھی جاتی ہے ؛ قسط وار تاریخی ناول، عموماً بہت ہی طویل ۔

Romanic, a. اہل روما یا لاطینی زبان سے مشتق ؛ رومانی زبانوں سے متعلق ۔ (اسم) اہل روما ؛ رومنی/رومانی زبانیں ۔

Romanism, n. رومی کیتھولک مذہب کے اصول و عقائد ؛ رومی کیتھولک مذہب، عموماً اس لفظ کو حقارت کے طور پر بولا جاتا ہے ۔

Romanist, n., a. رومی کیتھولک مذہب کا پیروکار شخص، عموماً تحقیر کے طور پر مستعمل ہے ؛ روم کی زبان، رواجوں یا قانون کا ماہر شخص ؛ رومانی زبانوں میں سے کسی ایک کا عالم شخص ۔

Romanistic, a. رومی کیتھولک مذہب کا ؛ رومانی زبانوں میں کسی سے متعلق ؛ روم کی زبان، رسوم یا قانون سے متعلق ؛ رومائی ؛

روم کا ۔

Romanize, v.t., v.i. لاطینی بنانا ؛ رومی کیتھولک بنانا ؛ رومی کیتھولک ہونا؛ رومی کیتھولک خیال ، رسوم یا انداز گفتگو کے مطابق ہو جانا؛ رومن حرف (a , b , c ----- z) کا استعمال ہونا ۔

Roman numerals, n. رومن اعداد ؛ قدیم روم کے حروف جو نویں صدی عیسوی میں بطور اعداد استعمال کیے جاتے تھے اور آج بھی محدود استعمال میں ہیں ؛ بنیادی رومن حروف اور ان کے اعداد یہ ہیں : I = 1 , V = 5 , X = 10 , L = 50 , C = 100 , D = 500 , M = 1000 ، باقی اعداد ان حروف میں ایک دوسرے کو جمع یا تفریق کر کے بنائے جاتے ہیں ، جو عدد برابر یا بڑے عدد سے پہلے لکھا جاتا ہے ، وہ اس میں سے تفریق ہو جاتا ہے اور اس طرح IV کا مطلب 4 ہے اور XL کا مطلب 40 ہوتا ہے ؛ جو عدد بڑے عدد یا برابر کے عدد کے بائیں جانب لکھا جاتا ہے ، وہ اس میں جمع ہو جاتا ہے اوراس طرح II کا مطلب 2 اور XV کا مطلب 15 ہوتا ہے ؛ یہ امر دو دیگر علامات کے درمیان والی علامت پر بھی لاگو ہوتا ہے ، اس طرح اگر کوئی عدد اپنے دائیں جانب کے عدد سے بڑا ہو گا تو وہ اس میں جمع ہو جائے گا اور اگر اس سے چھوٹا ہے تو اس سے منفی ہو جائے گا اور ہر دو صورتوں میں نتیجے کے طور پر حاصل ہونے والی رقم شروع کے ہندسے میں جمع ہو جائے گی ، اس طرح XIX 19 کے برابر ہے اور LIV 54 کے برابر ہے جبکہ LVII 57 ہے اور XXI 21 ہے ، کبھی کبھی یہ حروف چھوٹے لکھ دیے جاتے ہیں لیکن عام طور پر بڑے ہی تحریر کیے جاتے ہیں ۔

Romano, n. رومانو ؛ ایک قسم کا تیز اطالوی پنیر جو عموماً بھیڑ کے دودھ سے بنایا جاتا ہے اور باریک قاشوں کی شکل میں ''سپاگیٹی'' پر ڈال کر پیش کیا جاتا ہے ۔

romantic, a. رومانی ؛ متعلق بہ رومانی شاعری ؛ محبت سے متعلق ؛ تصوراتی ، خیالی یا مثالی ؛ بہت ہی محبت آمیز ؛ جوشیلا ؛ داستانی انداز کا ؛ حقیقی زندگی سے غیر متعلق ؛ رومانیت کا یا اس سے متعلق ؛ بہت ہی زیادہ تصویری ؛ بہت ہی پرکشش/جاذب فطری نقوش کا حامل ؛ حیرتناک یا عجیب و غریب مناظر سے بھرپور ۔ (اسم) رومانی شخص ؛ رومان پسند شخص ؛ رومانی طرز کا انشا پرداز ۔ (جمع) رومانی تخیلات یا اطوار ۔

romantically, adv. رومانی انداز سے ؛ رومانی طریق پر ؛ رومان کی طرح؛ تخیل پرستی سے ۔

romanticism, n. رومانیت؛ رومانی طرز انشا؛ ایک ادبی اور فنی تحریک جس میں احساسات اور تصورات پر زور کے ساتھ ساتھ غزلیت/نغمگی پر توجہ دی جاتی تھی ، اس کا فلسفیانہ منبع اٹھارویں صدی عیسوی کی جرمن مثالیت تھا اور یہ تحریک نوکلاسیکیت سے متعلقہ سماجی/معاشرتی اور جمالیاتی اصولوں پر مشتمل تھی اور زیادہ تخلیقی آزادی اور فنی یا ادبی تخلیق کے لیے زیادہ وسیع حلقۂ مضامین پر اصرار کرتی تھی ۔

romanticist, n. رومانیت کا پیروکار؛ تحریک رومانیت کا حامی؛ رومانی طرز کا انشا پرداز ۔

romanticize, v.t., v.i. رومانی بنانا؛ رومانی کردار دینا؛ رومانی انداز میں ڈراما کھیلنا ، بولنا یا لکھنا؛ رومانی ہونا؛ رومانی رنگ چڑھنا ۔

romanticization, n. رومان سے بھرپور کی گئی گفتگو/تحریر/ ڈرامے کا کردار وغیرہ ؛ رومانی بنانے کا عمل یا اس کی کیفیت ۔

Romeo, n. رومیو حرف R کے لیے مواصلات میں ضابطے کا لفظ ۔

Romney, Romney Marsh, Romney marsh, n. لمبی اون والی بھیڑ جو انگلستان میں پالی جاتی ہے اور زیادہ تر نشیبی ، مرطوب اور دلدلی علاقوں میں پائی جاتی ہے ۔

romp, v.i. شوروغل مچا کر کھیلنا ؛ اودھم مچانا ؛ کھیلنا کودنا ؛ بے تکان تیزی سے دوڑنا یا آگے بڑھنا ، جیسے کسی دوڑ میں ۔ (اسم) پرجوش کھیل یا کھیل کود ؛ ہڑدنگی لڑکی یا اودھمی شخص ؛ بظاہر بے تکان تیز رفتاری ۔ (عوامی) آسان پھرتیلی فتح ۔

romper, n. خوش باش شخص ؛ کھلنڈرا آدمی ۔ (عموماً جمع) بچے کا ایسا لباس جو کپڑے کے ایک ہی ٹکڑے پر مشتمل ہوتا ہے ، رومپر؛ جھمبل ؛ بچوں کی اوپری پوشاک ۔

ron, n. رم ؛ گنے کی شراب ۔

rondeau, n. روندو ؛ تیرہ مصرعوں کی ایسی نظم جس میں ٹیپ کے دو آدھے مصرعے ہوتے ہیں اور پہلے مصرعے کے ایک ٹکڑے کو بطور ٹیپ استعمال کیا جاتا ہے ۔ (موسیقی) تیرھویں اور چودھویں صدی عیسوی کا ایک گیت ، خاص طور پر فرانس کا ، جس میں باری باری ایک اور زیادہ سازندے ٹیپ کی موسیقی بجاتے تھے ؛ سترھویں صدی عیسوی میں ساز پر ایسا سنگیت جس میں ایک ٹیپ اور اُس کے مخالف/متضاد ٹکڑے بجائے جاتے تھے اور جو تیرھویں صدی کے ''روندو'' سے مشتق تھا ۔

rondel, n. رونڈیل ؛ عموماً ۱۴ مصرعوں کی ایک مقررہ شکل کی نظم جس میں دو قافیے ہوتے ہیں ، اس میں شروع کے دو مصرعے درمیان اور آخر میں دہرائے جاتے ہیں جبکہ آخر میں کبھی کبھی شروع کے دو مصرعوں میں سے آخری مصرعہ حذف کر دیا جاتا ہے ۔

rondelet, n. دو قافیوں کی پانچ مصرعوں والی ایک معیّنہ شکل کی نظم ، جس کے ابتدائی لفظ/الفاظ کو دوسرے اور پانچویں مصرعے کے آخر میں غیر مقفّی ٹیپ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

rondo, n. (موسیقی) روندو ؛ ایسا گیت جس میں اصل رُوح یا مضمون ایک ہوتا ہے اور بعد میں دیگر متعلّقہ مضامین متعارف کرانے کے بعد بار بار پہلے مضمون کی طرف رجوع کیا جاتا ہے ۔

rondure, n. (شاعری) حلقہ ، دائرہ یا گول جگہ ؛ خوبصورت انداز میں خمیدہ یا گول شکل ۔

rontgen, n. دیکھیے : Roentgen ۔

rood, n. قُرُونِ وُسطیٰ کے گرجوں میں مشرقی حصّے کے داخلی دروازے پر نصب ایک بڑی صلیب مسیح ؛ صلیبِ مسیح ؛ ۵ ۱/۲ سے ۸ گز طویل/لمبی ایک پیمایش ؛ ایک مربع عصا/''ڈانگ'' ؛ چوتھائی ایکڑ یا ۴۰ مربع عصا/''ڈانگ'' کا رقبہ ۔

roof, n. چھت ؛ سقف ؛ سائبان ؛ چھت کا بالائی حصّہ یا چھت کی بالائی سطح ؛ اجزائے ترکیبی سے قطع نظر کسی بھی مکان یا عمارت کی چھت ؛ کسی بھی چیز کی چوٹی یا بلند ترین حصّہ ؛ کوئی بھی چھت نُما چیز ، جیسے کسی گاڑی یا کار کی چھت ؛ مکان ۔ (فعل متعدی) چھت ڈالنا؛ چھت سے ڈھانپنا؛ مکان میں بند کر دینا/محیط کر دینا ؛ پناہ دینا ۔

roofer, n. چھت بنانے والا شخص ؛ پناہ دینے والا شخص ۔

roofless, a. بے چھت کا ؛ اُوپر سے کُھلا ؛ کُھلے آسمان تلے پڑا ہوا؛ بے سہارا ؛ غیر مسقّف ۔

rooflike, a. چھت جیسا ؛ سائبان جیسا ۔

roof garden, n. کسی مکان یا عمارت کی ہموار چھت پر لگایا گیا باغیچہ ؛ کسی عمارت کی چوٹی یا آخری منزل جسے پودوں سے سجایا گیا ہو اور بطور تفریح گاہ یا ریستوراں استعمال کیا جاتا ہو ۔

roofing, n. چھت ڈالنے کا عمل ؛ چھت کے ذریعے ڈھانپنے کا عمل ؛ چھت کے لیے مستعمل یا مناسب سازوسامان؛ چھت ؛ سقف بندی ۔

rooftop, n. کسی عمارت کی چھت ، خاص طور پر چھت کی بالائی سطح ۔

rooftree, n. چھت کے کنارے پر کوئی ستون (یا ٹیک یا سہارا) ، چھت ؛ پناہ گاہ یا رہایشی عمارت ؛ چوب جس پر گاڑی کی چھت قائم ہو ۔

rook, castle, n. (شطرنج) رُخ ؛ بساط کے چاروں کونوں پر بُرجی نما مُہروں میں سے ایک جو لمبائی یا چوڑائی کی جانب جتنے خانے چاہے چل سکتا ہے بشرطیکہ خانے خالی ہوں ۔

rook, n. (طیوریات) کُلاغ سیاہ ؛ غراب القیظ ؛ کالا کوّا ؛ تیز، چمکدار سیاہ رنگ کا کوّا، ''کوروس فروگیلیگس'' جس کی چونچ کے پاس ایک بھورے رنگ کی دھبہ نما خالی جگہ ہوتی ہے ۔ یہ آبادیوں میں رہتا ہے اور کیڑے مکوڑے اور بیج وغیرہ پر گزارا کرتا ہے ؛ دھوکے باز شخص ؛ چالباز شخص ۔ (فعل متعدی و لازم) دھوکا دینا ؛ فراڈ کھیلنا ؛ چالبازی کرنا ؛ (کسی کو) اُلو بنانا ۔

rooky, a. کوّے/کُلاغ سیاہ سے متعلق ؛ بہت سے کوّوں/ سیاہ کلاغوں کی رہایش والا ۔

rookery, n. کوّا بسیرا ؛ جہاں سیاہ کوّے مل کر رہیں یا پرورش پائیں ؛ گھونسلوں اور پرورش کی جگہ ؛ اُن کی آبادی یا بستی ؛ سمندری پرندوں/مرغابیوں اور سیل کی پرورش کے لیے مستعمل جگہ ؛ ایسی پرانی ، ٹوٹی پھوٹی عمارت جس میں کرائے دار بڑی تعداد میں رہتے ہوں ۔

rookie, n. (عوامی) نو سکھیا ؛ کسی پیشہ ور کھیل وغیرہ میں نئے ، نا تجربہ کھلاڑی ؛ شاگرد پیشہ ؛ نیا نیا ؛ پولیس اور فوج وغیرہ میں نیا رنگروٹ ؛ نیا بھرتی شدہ ۔

room, n. کمرہ ؛ کوٹھڑی ؛ گنجایش ؛ موقع ؛ کسی عمارت یا (عمارتی) ڈھانچے کے اندر الگ الگ کیے ہوئے حصّوں میں سے ایک حصّہ جنھیں عموماً رہنے یا کسی دیگر خاص مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ حجرہ ؛ کرائے پر لی ہوئی رہایشی جگہ ؛ کسی خاص انداز سے حاصل کی گئی یا استعمال کے لیے موجود یا مختص ، حاصل کردہ جگہ کی وسعت (جیسے : plenty of room in the backyard) ؛ ڈھیل ، امکان یا موقع (جیسے : room for improvement) ۔ (مجازاً) کمرے میں موجود اشخاص کا گروہ (جیسے : a room becoming hushed) ۔ (فعل لازم) رہایشی جگہ کا ہونا ؛ کرائے کے کمرے میں رہایش پذیر ہونا ۔

roomer, n. کمرا یا کمرے کرائے پر دینے والا بغیر طعام کے : وہ شخص جو کسی کو ایک یا زیادہ کمرے کرائے پر دے اور ااس رہایش کے ساتھ) خوراک/طعام کا انتظام نہ ہو ؛ مکان کرائے پر دینے والا ؛ مالکِ مکان ؛ مقیم ۔

roomette, n. (ریل) ریل گاڑی میں سونے والے ڈبے میں ایک علیحدہ ذاتی چھوٹا سا کمرہ جس میں تہ ہو جانے والا بستر اور غسل خانہ موجود ہو اور جو عموماً ایک مسافر کے تصرّف میں رہتا ہے ۔

roomful, n. کمرا بھر؛ کمرے کی گنجایش کے مطابق ؛ جتنے ایک کمرے میں سما سکیں ؛ کمرے کے اندر موجود لوگ یا اشیا، اجتماعی طور پر ۔

rooming house, n. ایسا مکان جہاں عموماً کمرے فرنیچر وغیرہ سمیت کرائے پر دیے جاتے ہیں ؛ کرائے کا مکان ؛ ہوسٹل/بورڈنگ ہاؤس ؛ قیام گاہ ؛ اقامت گھر ۔

roommate, n. ہم کمرہ/ہم حجرہ؛ ہم اُطاق ؛ کمرے کا ساتھی ؛ وہ جو ایک یا زیادہ کمروں میں باقی لوگوں/دوسرے آدمی کے ساتھ رہایش میں شریک ہو ۔

roomy, a, کُھلا ؛ گنجایش دار ؛ (ایسی جگہ) جہاں کافی گنجایش ہو ؛ وسیع ؛ فراخ ۔

roomily, adv. گنجایش کے انداز میں ؛ کُھلے پن سے ۔

roominess, n. گنجایش ؛ کُھلا پن ؛ وُسعت ؛ فراخی ۔

roorback, roorbach, n. (بول چال) سیاسی مقاصد کے لیے پھیلائی جانے والی جھوٹی اور بدنیتی پر مبنی اطلاع ۔

roost, n. دڑبا؛ بسیرا ؛ ایسی شاخ یا سہارا جہاں پرندے رات کو بسیرا کرتے ہوں ؛ ایسی جگہ جہاں پرندے بسیرا کر سکیں ؛ کوئی بھی آرام و آسایش کی جگہ ۔ (فعل لازم) ڈربے وغیرہ میں بسیرا کرنا ؛ رہایش اختیار کرنا ؛ رہنا یا آرام کرنا ۔

rule the roost, حاوی ہو جانا یا مالک بن جانا ؛ اختیار میں رکھنا ؛ قابو رکھنا ۔

rooster, n. مُرغا ۔ (بول چال) شوخ شخص ؛ شیخی بگھارنے والا ۔

root, n. جڑ؛ بیخ ؛ پودے کا وُہ حصّہ جو اِسے زمین میں نصب کرتا ہے اور باریک جاذب حصّوں کی مدد سے خوراک مہیا کرتا ہے ؛ پودے کی بیخ ، جڑ، ریشہ یا ایسا ہی کوئی حصّہ ؛ شکل یا عمل میں جڑ سے مشابہ کوئی شے (جیسے : the root of a tooth or a hair)؛ بنیاد یا اساس ؛ اصل ؛ جوہر یا دل ؛ کسی چیز کا آغاز یا سبب ؛ جدّ امجد یا مورث اعلیٰ ۔ (گرامر) مصدر ؛ وہ لفظ جو اپنے معنی بنیادی طور پر اپنے اندر رکھتا ہے بمقابلہ مشتقات کے جو تبدیل شدہ صورتوں میں مختلف معانی کے حامل ہوتے ہیں یا ظاہر کرتے ہیں ؛ مادہ ؛ کسی لفظ کی وہ ابتدائی یا اصل شکل جس سے تمام الفاظ نکلتے ہیں یا نکلے ہوئے خیال کیے جاتے ہیں ۔ (ریاضی) جذر ؛ عدد ا کا عدد ب سے ایسا تعلّق کہ جب یہ اپنے آپ سے ایک یا زیادہ بار ضرب کھائے تو عدد ب (بالکل ٹھیک ٹھیک) حاصل ہو، جیسے ۲ جذر/جذر المربع ہے ۴ کا اور جذرالمکعب ہے ۸ کا ؛ وہ عدد جو کثیر رقمی مساوات کو ایک نا معلوم مقدار کے مساوی کرتا ہو ۔ (موسیقی) بنیادی حالت میں سب سے نچلا/مدھم سُر ؛ وہ سُر جس کے ساتھ متعلقہ سُر/اضافی سُر ساز میں بجتے ہیں ؛ بُنیادی سُر ۔ (فعل لازم) جڑوں کا (زمین میں) پہنچنا ؛ ترقی کا آغاز ہونا؛ نشوونما ہونا ؛ مضبوطی سے نصب یا قائم ہو جانا؛ آغاز، منبع یا سبب بننا ؛ جم جانا ؛ جڑ پکڑنا ۔ (فعل متعدی) جڑوں یا بنیادوں کے ذریعے قائم کرنا ؛ پودا لگانا یا گہرا اثر چھوڑنا (جیسے: the principles rooted in the mind)؛ گاڑ دینا ؛ بٹھا دینا (out یا up کے ساتھ) ؛ بیخ کنی کرنا ؛ قلع قمع کرنا ۔

rootlike, a. جڑوں جیسا ؛ شکل و شباہت میں جڑوں کی مانند ؛ ریشے دار۔

root, v.t. تھوتھنی سے پلٹنا یا پلٹانا ، جیسے سورنی کرتی ہے ؛ زمین کھود کر پانا یا باہر نکالنا۔

root, v.i. کسی چیز کی تلاش کرنا یا تلاش میں کریدنا/تلاشی لینا ؛ کونہ کونہ چھان مارنا ؛ ڈھونڈ نکالنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ جڑ سے اکھاڑ پھینکنا۔

root, v.i. تالیاں بجا کر، چلاّ کر یا تعریف کرکے مقابلے میں شامل کسی ٹیم یا کھلاڑی میں گہری دلچسپی کا مظہر ہونا ؛ کسی خاص آدمی یا چیز کا حامی ہونا (عموماً for کے ساتھ)۔

rooter, n. حامی ؛ پُر جوش ؛ حمایت کرنے والا۔

rootage, n. بیخ برآمدگی ؛ جڑیں پکڑنے کا عمل : جڑوں/بنیادوں کے ذریعے مضبوط تنصیب/ایستادگی ؛ جڑوں کا نظام۔

root beer, n. بیخی شراب ؛ سوڈے کا ایک مشروب جو مختلف جڑوں اور جڑی بوٹیوں کے رس سے تیار کرکے چینی اور خمیر کے ساتھ ملا کر بنایا جاتا ہے۔

root borer, n. کِرم بیخ کَن ؛ ایک لاروا یا پوری شکل کا حشرہ جو پودوں کی جڑوں میں سُوراخ کرکے اُنھیں تباہ کر ڈالتا ہے۔

root cellar, n. ایسا ٹھنڈا گڑھا یا ٹھنڈی غار جس میں سبزیاں خصوصاً جڑوں والی ذخیرہ کی جاتی ہیں ، جیسے آلو ، چقندر ، شلغم وغیرہ۔

root climber, n. وہ پودا جو ہوائی جڑوں کی وجہ سے اُوپر چڑھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

root crop, n. خوردنی جڑوں والی فصل ؛ ایسی فصل جو بڑی اور خوردنی جڑوں کی وجہ سے کاشت کی جاتی ہے ، جیسے گاجر ، چقندر ، آلو ، سفید گاجر اور شلغم ، جو انسانی غذا اور مویشیوں کے چارے کے طور پر بکثرت استعمال ہوتی ہے۔

root hair, n. (نباتیات) مُونے بیخ ؛ جڑ کے سرے پر اُگا ہوا بہت باریک گول ریشہ جو زمین سے پودے کی خوراک حاصل کرنے اور پانی جذب کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے ؛ جڑ کا بال۔

rootless, a. بے جڑ کا ؛ بے بنیاد ؛ خانہ بدوش ؛ وہ جسے کسی خاص جگہ سے کوئی لگاؤ نہ ہو۔

rootlessness, n. بے جڑ ہونے کی کیفیت ؛ بے بنیادیت ؛ خانہ بدوشی ؛ کسی خاص جگہ سے لگاؤ نہ ہونے کی کیفیت۔

rootlet, n. بیخچہ ؛ چھوٹی سی جڑ ؛ جڑ کا باریک سا حصہ ؛ جڑ کی باریک شاخ۔

root out, v.t. کھود نکالنا یا دریافت کرنا ؛ مکمل طور پر ختم کر دینا ، جیسے کسی جڑی بوٹی کو ؛ تباہ کر دینا ؛ استیصال کرنا ؛ بیخ کنی کرنا۔

root rot, n. (نباتی امراضیات) پودوں کے ایسے مختلف امراض کی ایک علامت یا ان کا ایک پہلو جن کے باعث اُن کی جڑیں ختم ہو جاتی ہیں؛ اِس قسم کا کوئی سا مرض؛ جڑیں گل جانے کا مرض۔

rootstalk, n. (نباتیات) جَڑ ڈنٹھل؛ زمین ساق؛ منبع۔

rootstock, n. جڑ یا منبع۔ (نباتیات) زمین ساق؛ جڑ ڈنٹھل: جڑ یا جڑ کا وہ حِصّہ جو دوبارہ پودا پیدا کرنے کے لیے زمین میں گاڑنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ نیز: root stalk ۔

rooty, a. جڑوں سے بھرپور/ پٹا ہوا؛ جڑوں جیسا؛ جڑیلا بیخ زدہ۔

ropa, n. بُنا ہوا کپڑا؛ لباس؛ پوشاک۔

rope, n. رسّی ؛ رسن ؛ ریسمان ؛ رسہ ؛ مُڑے ہوئے یا بٹے ہوئے ریشوں کا موٹا لمبا رسہ ، جیسے پٹ سن ، تاروں ، نائلن/مصنوعی ریشوں یا کسی اور شے کا ؛ ایسی اشیا کا سلسلہ یا مادے کی مقدار جو آپس میں مُڑے ہوئے یا بٹے ہوئے انداز میں متعلق ہو (جیسے : a rope of onions) ؛ پھانسی کا پھندا یا مویشیوں کو باندھنے کے لیے رسّی کا پھندا؛ سزائے موت بذریعہ پھانسی؛ بھاگتے ہوئے سرکش جانور ، بالخصوص گھوڑے کو پکڑنے کا پھندا؛ کسی مائع یا خوراک میں جراثیم زدگی کے باعث پیدا ہونے والے لیس دار چپچپے تار۔ (عموماً جمع) مکّے بازی کے میدانِ مقابلہ یا کسی بھی دیگر احاطے کو ظاہر کرنے والی لکیریں۔

rope, v.t. رسّی/رسّے سے باندھنا ، بند کرنا یا یکجان کرکے باندھنا (عموماً off کے ساتھ مستعمل ہے)؛ رسّے یا رسّوں سے کسی احاطے کی حدود واضح کرنا (عموماً in کے ساتھ مستعمل ہے)؛ کسی جانور، خاص کر سرکش گھوڑے کو پھندا پھینک کر پکڑنا؛ اپنی طرف بلانا، کھینچنا یا مسحور کرنا، خاص طور پر دھوکے بازی سے۔

rope, v.i. رسّے سے ملتی جلتی شکل/ملتے جلتے انداز میں کھینچنا یا بٹنا؛ رسّے کی شکل کا ہونا۔

end of one's rope, (بول چال) اپنے ذرائع کی آخری حد ؛ مزید یا دیگر وسائل کی عدم دستیابی ؛ اپنا پورا زور لگا دینے کا عمل یا کیفیت۔

give one enough rope, (بول چال) کسی کو غلط راہ پر چلنے یا غلط کام کرنے کی آزادی/مہلت دینا۔

know the ropes, (بول چال) کسی کاروبار یا کام کے طریق عمل اور اُس کی جزئیات سے مکمل طور پر آگاہ ہونا۔

on the ropes, (عوامی) کمزور یا بغیر کسی دفاع کے ہونا یا حالتِ مایوسی میں ہونا۔

roper, n. رسّہ بنانے/بٹنے والا ؛ رسّے کے پھندے بنانے/ڈالنے والا۔

ropiness, n. کسی بھی شے کی رسّے جیسی ہونے کی کیفیت : لیسدار ہونے کی کیفیت۔

ropedancer, n. نٹ؛ رسن باز ؛ زمین یا فرش کے اُوپر اُونچے تنے ہوئے تار یا رسّے پر رقص کرنے یا کرتب دکھانے والا ؛ رسّے پر چلنے والا ؛ تنے ہوئے رسّے پر چلنے والا۔

ropedancing, n. نٹ بازی ؛ رسن بازی ؛ بازی گری : رسّے پر چلنے/رقص کرنے/کرتب دکھانے کا فن۔

ropewalk, n. ایک طویل ڈھانپا ہوا راستہ یا ایسی طویل عمارت جہاں رسّے بنتے ہوں۔

ropewalker, n. دیکھیے : Ropedancer ۔

rope yarn, n. پٹ سن وغیرہ کے الگ الگ ریشے جن سے رسّہ بٹا جاتا ہے۔

ropy, a. جس میں تار یا دھاگے اُٹھ رہے ہوں ، گاڑھا/تاردار ؛ لیس دار/چپچپا ؛ ایک یا زیادہ رسّوں جیسا یا اُن سے

مشابہ۔

ropily, adv. چپچپے انداز میں ؛ تاروں کی شکل میں ؛ لیس سے بھر پور ؛ رسّوں کے انداز میں۔

ropiness, n. لیس ؛ چپچپاہٹ ؛ تار اٹھنے کی کیفیت ، گاڑھا پن ؛ رسّے جیسا ہونے کی کیفیت۔

roque, n. لکڑی کی گیندوں کا ایک کھیل از قسم ''کروکے'' جو خاص طور پر تیار کیے گیے میدان میں کھیلا جاتا ہے اور جس کے کھیلنے کے لیے زیادہ مہارت درکار ہوتی ہے۔

Roquefort, n. جنوبی فرانس کے قصبے ''روک'' میں بنایا جانے والا بکری اور بھیڑ کے دودھ کا تیز خوشبودار پنیر جس پر نیلے رنگ کی مہر لگی ہوتی ہے۔

rorqual, n. مہیپر ؛ Balenoptera خاندان کی کوئی بھی چوڑی بڑی ہڈی والی وھیل مچھلی؛ مہیپردار وھیل مچھلی ؛ وھیل مچھلی جس کے پنکھ اس کی پیٹھ پر ہوتے ہیں۔

Rorschach test, n. [سوئٹزرلینڈ کے ماہرِ نفسیات رورشک (۱۸۸۴ء——۱۹۲۲ء) کے نام پر] (نفسیات) رورشک امتحان/جائزہ ؛ روشنائی کے دس مختلف انداز کے دھبّوں کے ایک معیاری سلسلے کی تعبیر/تفہیم کے ذریعے سے کسی کی شخصیت کے تجزیے کا طریق کار۔

rosaceous, a. گلابی ؛ گلاب گُوں ؛ گلاب جیسا ؛ پانچ پتیوں والا گول شکل کا ، جیسے پنج پتی چہرۂ گل یا تاجِ گُل ؛ گلاب کے پودے کی نسل کا۔

rosaniline, n. (کیمیا) روزانیلین ؛ ایک قلمی انداز کا اساسیہ ، سرخ اور دیگر رنگ بنانے میں مستعمل نمکیات میں سے جو ''اینی لین'' سے بنتے ہیں۔

rosarian, n. گلاب اُگانے والا شخص۔

rosarium, n. گلاب کا باغ ؛ گُلستان ؛ چمن گلاب۔

rosary, n. (رومی کیتھولک کلیسا) پندرہ عشروں یا دس دس پر مشتمل ہر گروپ میں دعاؤں اور مناجاتوں کی ایک (مخصوص) ترتیب یا سلسلہ ؛ صلیب کے ساتھ وابستہ ایک تسبیح جس سے اِن دعاؤں اور مناجاتوں کا الگ الگ وظیفہ کیا جاتا ہے، ایسی تسبیح جس میں دس دس کی پانچ لڑیاں ہوں؛ تسبیح ؛ کسی بھی دیگر مذہب میں دعا یا وظیفے پڑھنے کے لیے مستعمل تسبیح ؛ گلاب کا باغ ؛ گلستان ؛ گلاب کی سیج ؛ پھولوں کی سیج۔

rose, n. گُلاب ؛ گلاب کے خاندان کے مُورث روزا کی نسل کا کوئی پودا ، اِس نسل کے پودے اپنے دلکش پھولوں کے لیے کاشت کیے جاتے ہیں ؛ اس پودے کا پھول ؛ گلاب سے مشابہ بہت سے پودوں میں سے کوئی سا؛ گہرا گلابی رنگ؛ عطرِ گلاب ؛ خوشبوئے گُلاب ؛ فیتے/ربن کا سجاوٹ کے لیے بنایا گیا گلاب (جیسا پھول) ؛ مختلف اشیا سے گلاب کی شکل کا بنایا ہوا نمونہ ، سجاوٹ یا ہیرا ؛ فوارہ/باریک سوراخوں والی ٹونٹی جس سے پانی کی پُھوار نکلتی ہو ؛ قُطب نُما کا ڈایل۔ (صفت) رنگ یا خوشبو میں گلاب (کے پھول) جیسا ؛ گلابوں سے بھر پور ، جیسے کوئی باغ/گُلستان۔

bed of roses, عیش و آرام کی زندگی ؛ پھولوں کی سیج ؛ گلابوں کی سیج ؛ سہولت اور اطمینان/سکون کی کیفیت۔

through rose- colored glasses, پُر امید انداز سے ؛ رجائیت پسندی سے ؛ اچھے نتیجے کی توقع پر اعتماد کے ساتھ ؛ بہتری کی امید لیے ہوئے۔

under the rose, اعتماد میں لے کر؛ خفیہ انداز سے ؛ ذاتی طور پر ؛تخلیے میں۔

roselike, a. گلاب گُوں ؛ گلاب جیسا۔

rose, n. [فرانسیسی] عموماً طعام کے ساتھ پیش کی جانے والی شراب جس میں خمیر سازی کے ابتدائی مراحل میں انگوروں کے سرخ چھلکے اُتار کر گلابی رنگت پیدا کی جاتی ہے۔

roseate, a گلابی رنگ کا؛ گہرے گلابی رنگ کا؛ گلاب جیسا ؛ کِھلا ہوا ؛ گلابوں سے معمور؛ خوش/مسرور؛ موافق ؛ ہونہار۔

roseately, adv. خوشنما انداز میں ؛ خوشی خوشی ؛ مسرور انداز میں ؛ گلاب کے رنگ میں معمور انداز سے۔

rosebay, n. کنیر ؛ جنگلی گلاب ؛ کنیر کے خاندان کے کسی بھی پودے کا عام نام جو زیادہ تر (سفید اور گلابی رنگ کے پھولوں کا) جھاڑی نما پودا ہوتا ہے۔

rosebud, n. گُلاب کی کلی؛ کھلنے سے پہلے کا گلاب ؛ غُنچۂ نورس۔ (مجازاً) کھلاڑی یا فنکار جو پہلی بار عوام کے سامنے آئے ؛ نوجوان لڑکی جو پہلے پہل محفلوں میں شرکت کا آغاز کرے ؛ حسین و جمیل خاتون ؛ پری چہرہ ہستی۔

rose chafer, rose bug, rose beetle, n. گلاب بھونرا ؛ ایک اُڑنے والا کیڑا جو گلاب ، انگور اور ناشپاتی کے پھولوں اور پتّوں کو تباہ کر ڈالتا ہے۔

rose-colored, a. گلابی رنگ کا ؛ گلابی یا گلاب گُوں ؛ تابناک یا ہونہار (جیسے : rose-colored prospects) ؛ خوش باش یا پُر اُمید۔

rose comb, n. کلغی ؛ پالتو چوزوں کے سر پر ایک چپٹا ، دندانے دار ابھار ، جو نر مُرغ کے سر پر نمایاں ہوتا ہے۔

rose fever, rose cold, n. (امراضیات) بخار کاہی جیسی تیز حسیت/الرجی جو گلاب کے زیرے سے پیدا ہوتی ہے اور بہار کی ابتدا میں زیادہ پھیلتی ہے۔

rosefish, n. گلاب مچھلی/گلاب ماہی ؛ شمالی بحرِ اوقیانوس کے دونوں ساحلوں پر پائی جانے والی ایک عام مچھلی ''سیباسٹس'' (Sebastes marinus) جو زیادہ تر سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور عمدہ بحری غذا ہے۔

rose geranium, n. سُرخ گُل شمعدانی ؛ ''پلَرگونیم'' (Pelargonium) خاندان کا کوئی گل شمعدانی/گل جیرانیم ، خصوصاً ''پلیر گونیم گریویولنز'' (pelargonium graveolens) جو اپنے گلابی یا گلاب گوں پُھولوں کی بہ نسبت گُچھّے دار ، خوشبو دار پتّوں کے باعث کاشت کیا جاتا ہے۔

rose mallow, n. گُل خیرو ؛ گُل خطمی ؛ خُبّازی (Hibiscus) نسل کے مختلف پودوں میں سے خطمی/''میلو'' خاندان کا کوئی سا پودا، ان سب پودوں پر ایسے سفید یا گلابی پھول آتے ہیں جن کا مرکز سرخ یا گلابی ہوتا ہے ، خاص کر مُشکی خُبازی (Hibiscus moscheutos)۔

rosemary, n. اِکلیل کوہستانی ؛ بحیرۂ روم کے علاقوں

Rosicrucian, n. روزیکروشی ؛ سترھویں اور اٹھار ویں صدی عیسوی میں ایک ایسی انجمن کا رُکن جس کا دعوی مافوق الفطری علم اور طاقت کا ہوتا تھا اور جو باطنی مذہب کے اصولوں کو مانتے تھے ؛ بعدہٗ مختلف اداروں میں سے کسی بھی ایسے جدید ادارے (یا انجمن) کا رُکن جن کا دعویٰ اور اصول مندرجہ بالا فرقے جیسے ہی ہوتے تھے ، بالخصوص ایک ایسی انجمن کارکن جس کا نام ''روزیکروشن آرڈر'' (تنظیم روزی کروشی) یا (AMORC) (روزیکروشی قدیم صوفیانہ تنظیم) ہے اور جو امریکا میں فعّال ہے ۔ (صفت) درجِ بالا کسی تنظیم کا یا اس سے متعلق ۔

Rosicrucianism, n. عقیدۂ مافوق الفطری قوت و باطنیت ؛ روزی کروشی عقیدہ ۔

rosily, adv. گلاب کی رنگت سے ؛ دل خوش کُن یا پُر مسرت انداز میں ۔

rosin, n. رال ؛ دُھونا ؛ وہ سخت ، نیم شفاف ، زردی مائل قسم کی رال جو کچے تاربین سے تاربین کا تیل کشید کرتے وقت بنتی ہے ، اِسے وارنش اور طباعتی روشنائی بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور وائلن کی چھڑی پر مَلا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) رال رگڑنا یا رال سے ڈھانپ دینا ۔

rosinweed, n. رال بُوٹی ؛ شمالی امریکا کے سورج مکھی کی قسم کے بہت سے پودوں میں سے ایک جو ''سلفیم'' (Silphium) خاندان کے مرکبات میں ہوتے ہیں ، ان کے پتے بڑے ، کھردرے اور بھدے ہوتے ہیں اور رال جیسے رس کی وجہ سے ان کا نام یہ رکھا گیا ہے ۔ دیکھیے : compass plant اور cup plant ۔

ross, n. چھال ؛ بَکَل؛ (درخت کی) چھال کا بیرونی حصّہ جو کُھردرا اور اکثر چھلکے دار ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) (درخت کی) چھال کا سب سے اوپر کا حِصّہ اُتارنا (جیسے : to ross a log)؛ بکّل اُتارنا ۔

rostellum, n. (نباتیات) ایک چھوٹا سا چونچ نما عمل ، خاص طور پر ثعلب مصری (کے پھول) میں زیرہ گیر کی بناوٹ ؛ بُقچۂ گُل ؛ زیرہ گیر گل ۔

roster, n. اشخاص یا گروہوں کی ، جیسے فوجی ملازمین کی فہرست بہ ترتیبِ فرائض منصبی ؛ ناموں یا واقعات کی ترتیب وار فہرست ۔

rostrum, n. منبر ؛ ڈائس ، چبوترہ ؛ چونچ ؛ روسٹرم ؛ نوک ؛ ایسی بلند جگہ جہاں سے مقرّر اپنے سامعین سے خطاب کرے؛ سمندری جہاز کی شاخ یا اُس کی چونچ ، خاص طور پر کسی قدیم زمانے کے جنگی جہاز کی ، جو حملہ کرنے کے کام آتی تھی ؛ روما کی مجلس قانون ساز میں ایک بلند جگہ جسے مقبوضہ سمندری جہازوں کی چونچوں سے آراستہ کیا جاتا تھا اور وہاں سے تقریریں کی جاتی تھیں ۔ (حیاتیات) کسی پرندے یا جانور میں چونچ یا چونچ نما حِصّۂ جسم ۔

rostral, rostrate, a. متعلّق بہ منبر ؛ چونچ سے متعلق ؛ منبر جیسا (بلند) ؛ چونچ جیسا (باریک اور نوکدار) ۔

rosy, a. گلفام؛ گلرنگ ؛ گلابی یا سرخی مائل گلابی ، خاص طور پر گلاب کے بہت سے پھولوں جیسا؛ لوگوں کے گالوں ، ہونٹوں وغیرہ کے متعلق ، جن میں تازگی اور صحت کی سرخی ہو ؛ گلاب جیسا ؛ حیا دار ؛ جذبات یا جھینپنے کے باعث سرخ ؛ تابناک یا ہونہار ؛ مسرور یا پُرامّید ؛ گلابوں کا بنا ہوا یا اُن پر مشتمل ۔

کا ایک سبز جھاڑی نُما پودا جو ایک گلستانی پودے کے طور پر مشہور ہے ، اس کے خوشبودار سبز پتے مسالے کے طور پر اور اِن کا تیل ادویات/عطریات سازی میں مستعمل ہے ۔

rose of Jericho, n. ایک ایشیائی صحرائی پودا ''انیس ٹے ٹِکا ہیرو چنٹی کا'' (Anastatica hierochuntica) جو سوکھنے اورمرجھانے کے بعدگیلا کرنے سے پھیل جاتا ہے اور دوبارہ کِھل اٹھتا ہے ۔ دیکھیے : Resurrection plant ۔

rose of Sharon, n. جھاڑی دار خطمی جس کا پودا لمبا ہوتا ہے اور جس میں گلاب گوں یا گلابی گھنٹی نما پھول کھلتے ہیں ؛ ریشہ خطمی/''آرونز بیئرڈ'' بھی، جس کا ذکر کتاب مقدس (زبور — ۲=۱) میں کیا گیا ہے اور جِسے ''زمستانی زعفران'' یا نرگس بھی تصور کیا جاتا ہے ۔

roseola, n. (امراضیات)سرخبادہ ؛ خسرۂ کاذب ؛ خسرہ کے سرخ دانے ۔

roseolar, a. سرخبادہ سے متأثر ؛ خسرۂ کاذب سے متأثر ۔

rose pink, n., a. گلابی رنگ ؛ ہلکا گلابی رنگ ۔

rose slug, n. آرامکھی کی ابتدائی شکل ، جو گلاب کے پتّے کھاتی ہے ۔

Rosetta stone, n. روزیتا لوح ؛ سنگِ سیاہ کی ایک لوح جس پر مصری ، عمرانی اور پروہتی (زبان) اور یونانی (زبان) میں تین متوازی تحریریں کندہ ہیں، یہ سِل مصر میں روزیتا نامی جگہ کے قریب سے ۱۷۹۹ء میں برآمد ہوئی تھی اور اِس نے شیمپولیون کے مصری خطِ تصویری کو سمجھنے/پڑھنے میں اہم کردار ادا کیا تھا ، آج کل یہ لوح برطانوی عجائب گھر/برٹش میوزیم میں (موجود) ہے ۔

rosette, n. گلاب نُما ؛ گلاب جیسی کوئی بناوٹ ، چیز ، حِصّہ یا ترتیب ؛ فیتے/ربن یا اِس قسم کی کسی اورشے کا ایسا بیج/پھول یا آرایشی نشان جو گلاب سے مشابہ ہو یا ویسا بنایا گیا ہو ۔ (فنِ تعمیر) سنگ تراشی یا مصوری کا ایسا آرایشی نمونہ جس کے حِصّے مدور شکل میں یا گلاب جیسے ہوں ۔ (نباتیات) گول/مدور ترتیب میں اعضا ، پتّے یا پھول کی پتّیاں وغیرہ ؛ دائرے کی شکل میں پڑے ہوئے ترتیب وار نشانات ، جیسے چیتے (کی کھال) کے مجموعی نشانات/دھبّے ۔

rose water, n. عرق گلاب؛ گلاب کی خوشبو میں بسا ہوا پانی ۔ (صفت) گلاب کی خوشبو والا ، گلاب کا بنا ہوا یا عرق گلاب جیسا ۔ (مجازاً) مؤثّر انداز سے نازک ، عمدہ یا نفیس ؛ جذباتی ۔

rose window, n. (فنِ تعمیر) مورپنکھی گول کھڑکی؛ ایسی گول کھڑکی جو مرکز گریز لکیروں /لکڑیوں سے بٹی ہوئی ہو ۔

rosewood, n. خوشبودار لکڑی؛ جنوبی امریکی استوائی خطے کے ''ڈالبرگیا'' (Dalbergia) درختوں کے خاندان کی اقسام میں سے کوئی ، جس کی لکڑی فرنیچر کے لیے بہت عمدہ کھردری ، گھنی ، ہموار اور ریشوں والی ہوتی ہے ، اس کا رنگ سرخ یا گلابی ہوتا ہے ؛ درخت بذاتِ خود ۔

Rosh Hashanah, n. یہودیوں کا سالِ نو جسے کٹر اور قدامت پسند یہودی تِشری مہینے کی یکم اور دو تاریخ کو اور جدید رجحان والے/اصلاحی یہودی صرف یکم تِشری کو مناتے ہیں ۔

roshif, n. گائے کے کباب ؛ گائے کا بھنا ہوا گوشت ۔

rosily, adv. گلابی انداز میں ؛ شرم و حیا کے ساتھ ؛ خوشبودار یا گلابی رنگت میں ۔

rosiness, n. گلابی رنگت ؛ گلاب کی سی خوشبو : مسرّت ؛ حیا ؛ گُل رنگی ۔

rot, v.i., v.t. گلنا ؛ سڑنا ؛ بوسیدہ ہونا ؛ خراب ہو جانا ؛ اخلاقی طور پر خراب ہو جانا ؛ غیر صحتمند یا کمزور ہو جانا ؛ گل سڑ کر گر جانا/ختم ہو جانا ۔ (مجازاً) گُھن لگ جانا ؛ ابتر ہونا (قیدیوں کا قید میں) ؛ سڑانا ، گلانا ؛ (اخلاقی طور پر) خراب یا بدعنوان بنا دینا ؛ ریشہ اُتارنے کے لیے پانی میں گلانا ، جیسے پٹ سن وغیرہ کو ۔ (عوامی) کھیل بگاڑنا ؛ معاملہ خراب کرنا ؛ چھیڑنا ؛ ستانا ؛ طعن آمیز گفتگو کرنا ۔ (اسم) گلنے کا عمل ؛ سڑنے کا عمل یا کیفیت ؛ سڑن ؛ بوسیدگی ؛ گلائی ؛ گلی ہوئی/سڑی ہوئی کوئی چیز یا گلتی سڑتی ہوئی چیز ؛ تباہ کن یا طفیلی جراثیم کی بدولت پھیلے ہوئے امراض ، جیسے بھیڑوں میں ؛ پودوں میں بعض جراثیمی یا پھپھوندی سے پھیلنے والی بیماریاں/جراثیم زدگیاں ، جن سے گلنے سڑنے کا عمل شروع ہوتا ہے ؛ مہمل ؛ بیکار ؛ فرسودہ ؛ ازکار رفتہ ؛ خراب ؛ ناقص ؛ ردّی ؛ نکّما ؛ سڑا گلا ؛ ابتر ؛ فضول ؛ گندا ۔ (بول چال) حماقت؛ بیوقوفی (جیسے :that is a lot of rot) ۔

rota, n. (عموماً برطانوی) لوگوں یا کاموں کی دائرے میں ترتیب ؛ ایک با ترتیب/باقاعدہ طریق کار ؛ فہرست یا ایجنڈا/زیر بحث آنے والے کاموں کی فہرست ؛ لوگوں کی فہرست ، بحسابِ فرضِ منصبی ۔ (عموماً بڑے R سے) روم کی کلیسیائی/مذہبی عدالت جس میں دس جج ہوتے ہیں اور جو اپیلوں کی سماعت کرتی ہے ۔نیز : Sacra Romana Rota ۔

Rotarian, n. روٹری کلب کا رکن ۔ (صفت) روٹری کلب یا اُس کے کسی رکن کا یا اُس سے متعلّق ۔

Rotarianism, n. روٹری کلب کا طریق کار ؛ روٹری کلب کے ارکان کا طریق کار ۔

rotary, a. گرداں ؛ دوار ؛ گھومنے والا ، جیسے دُھرے پر ایک پہیہ ؛ گردشی حرکت سے متعلق یا اس سے مخصوص ؛ ایک یا زیادہ ایسے حِصّوں والا جو دُھرے پر گھومتے ہوں (جیسے : a rotary printing press) ۔

rotary, n. ایک گھومنے والا پرزہ یا مشین ؛ تین یا زیادہ سڑکوں کے مقام اتصال/چوک پر آمد و رفت کا دوری نظام ، تاکہ گاڑیاں ایک دوسرے کا راستہ قطع کیے بغیر اپنے اپنے راستے پر رواں دواں رہ سکیں؛ ٹریفک کا گول دائرہ ۔

Rotary Club, n. روٹری کلب ؛ ایک بین الاقوامی تنظیم ''روٹری انٹرنیشنل'' سے ملحقہ مقامی پیشہ ور یا تاجر لوگوں کا ایک کلب جس کا مقصد شہری خدمات اور بین الاقوامی خیرسگالی میں اضافہ ہوتا ہے ۔

rotary cultivator, n. دَوری ہل ؛ مشینی ہل ؛ پنجوں/نوکوں والا یا گھومتے ہوئے پھلوں کا ایسا آلہ جسے زمین میں ہل چلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

rotary engine, n. دوّار انجن ؛ ایسا انجن جس میں ابتدائی گردشی قوت (ٹارک) ایندھن سے حاصل کی جاتی ہے، جیسے چرخاب (ٹربائن) میں ؛ ایک نیم قطری ، اندرونی احتراق والا انجن جس کے سلنڈر اپنی جگہ قائم دُھرے پر گھومتے ہیں ۔

rotary plow, n. گرداں ہل ؛ پھل دار ہل جسے انجن سے چلائے گئے ، گول گھومتے ہوئے دُھرے کے ساتھ لگایا جاتا ہے ۔

rotary-wing aircraft, n. دوّار پر ہوائی جہاز ؛ ہیلی کاپٹر (کی قسم کا ہوائی جہاز) جس کی پرواز ایک افقی دھرے پر گھومتے ہوئے پروں کی مدد سے ہوتی ہے ۔

rotate, v.i., v.t. گھومنا یا کسی مرکز یا دُھرے پر گھمانا ؛ ایک ترتیب میں آگے پیچھے حرکت دینا یا حرکت کرنا ۔

rotate, a. (نباتیات) مدوّر ؛ گول ؛ پہیے کی شکل کا ؛ گول انداز میں کرن نُما (حصّے) ، جیسے مختلف چہرۂ گل یا تاجِ گُل ۔

rotatable, a. قابلِ گردش ؛ گھومنے/گھوم سکنے والا ؛ جو باری باری ہو سکے ۔

rotatably, adv. گھومتے ہوئے ؛ گھومنے کی صلاحیت کے ساتھ ؛ گھومنے کے انداز میں ۔

rotation, n. گردش ؛ محوری گردش ؛ چکر ؛ دَور ؛ کسی محور یا دُھرے پر گردش کرنے یا گھومنے کا عمل ؛ دُھرے پر ایک پوری گردش یا چکر ۔ (فلکیات) زمین یا دیگر اجرامِ فلکی کی محوری گردش ؛ ایک سلسلے میں واپسی یا ترتیب ؛ قائم شدہ ترتیب ۔ (زراعت) ایک ہی قطعۂ اراضی پر فصلوں کا باری باری ہونا ۔

rotational, a. دَوری ؛ گردشی ؛ متعلّق بہ گردش ؛ باری باری کا ۔

rotatory, a. دَوری انداز میں ؛ گرداں ؛ گھومنے والا ؛ دوّار ۔

rotative, a. گردش سے متعلّق ؛ گردش میں واقع یا گردش پیدا کرنے والا ؛ گھومنے والا یا چکر کاٹنے والا، جیسے کوئی پہیہ ؛ دوّار ؛ گرداں ۔

rotatively, adv. دَوری انداز پر ؛ گھومتے ہوئے ۔

rotator, n. گُھومنے یا گھمانے والا ۔ (تشریح الاعضا) وہ پٹھا جس کی مدد سے جسم کا کوئی حصہ اپنے محور پر گردش کر سکتا ہے ۔

rote, n. رٹّا یا عادت ؛ اعادہ یا دہرائی ؛ مفہوم پر غور کیے بغیر الفاظ یا اصوات کا اعادہ ۔

by rote, محض رٹّے سے ؛ حفظ کی بدولت ؛ حافظہ جس میں سمجھ کو دخل نہ ہو؛ بر زبان ۔

rote, crowd, crwth, n. (موسیقی) برطانوی ستار ؛ برطانیہ کا قدیم تاروں والا ایک ساز جس میں ابتداً تین تار ہوتے تھے، بعد ازاں چھ اور جسے چھڑی سے بجایا جاتا تھا ۔

rote, n. سمندری لہروں کی آواز ؛ موجوں کی گونج ۔

rotenone, n. (کیمیا) ''ڈیرس'' اور ''لونکوکارپس'' خاندان کے پودوں کی جڑوں سے قلمی مرکب کی شکل میں اخذ کی جانے والی کیڑے مار دوا ۔

rotifer, wheel animalcule, wheel animal, n. چرخی کرم ؛ دوّار حُوین ؛ تازہ اور کھارے پانی میں پائے جانے والے 'روٹیفرا'' خاندان کے خوردبینی کثیر خلوی جانوروں میں سے کوئی ، جن پر گھومتے ہوئے پہیوں جیسے حلقے ہوتے ہیں ۔

rotiferal, rotiferous, a. دوّار حوینی ؛ چرخی حوینی ؛

''روٹیفرا'' کے خاندان کا۔

rotiform, a. پہیّے جیسا ، چرخی سا ؛ گول یا مدّور ؛ روٹی صورت۔

rotisserie, n. [فرانسیسی] چرخ چولھا ؛ ریستوراں یا دوکان جہاں گوشت ، مرغی یا اِس قسم کی چیزیں بھونی جاتی ہوں ؛ گوشت/مرغی وغیرہ بھوننے کے لیے گھومتے ہوئے تکلوں والی مشین ؛ مُرغ بریان کرنے کی مشین۔

rotisserie roll, barbeque mode, n. (فضائیات ، عوامی) کسی خلائی جہاز کو آہستہ آہستہ خلا میں گھماتے رہنے کا عمل تاکہ اس کے پرزوں کو دھوپ میں ۲۸۰ درجے فارن ہائیٹ کی گرمی اور تاریکی میں منفی ۲۸۰ درجے فارن ہائیٹ کی ٹھنڈک سے مستقل طور پر متأثر ہونے سے بچایا جا سکے۔

rotogravure, roto, n. دَوری عکسی حکّاکی ؛ اخبار کا وہ حصہ جس میں دوری عکسی حکاکی کے عمل سے بنی ہوئی تصاویر شامل ہوں۔

rotor, n. گز ؛ دُھرا ؛ استوانۂ گرداں ؛ کسی مشین یا آلے کا گھومنے والا حصّہ ، خاص طور پر ایلیمنٹ ، آرمیچر یا موٹر یا ڈائینمو کا دُھرا۔ بمقابلہ stator: ۔ سمندری جہاز کے عرشے پر اُوپر کو اُٹھا ہوا کھمبے جیسا بیلن نُما دھاتی آلہ جسے چھوٹی سی برقی موٹر کے ذریعے گھمایا جاتا ہے اور جو ہوا کی مدد سے جہاز کو دھکیلتا ہے۔ (طیرانیات) گھومتے ہوئے پروں والا حِصّہ جو جیٹ ہوائی جہازوں اور ہیلی کاپٹروں کو پرواز میں مدد دیتا ہے۔

rotorcraft, rotor plane, n. دوار جہاز؛ گھومتے پروں یا پنکھوں کے نظام سے افادہ حاصل کرنے والا ہوائی جہاز۔

rotor plane, n. دیکھیے : Rotorcraft ۔

rotor ship, n. دوّار بحری جہاز؛ ہوا سے چلنے والا سمندری جہاز جو بادبان کی بجائے دوّار کی دھکیل سے چلے ؛ استوانۂ گرداں کی مدد سے چلنے والا جہاز۔

Rototiller, n. مٹی کھودنے والا مشینی انجن ؛ مشینی ہل ؛ راجا ہل ۔ (تجارتی نشان)۔

rototill, v.t. کاشت کے لیے زمین میں ہل چلانا ؛ مٹی اوپر نیچے کرنا ؛ راجا ہل چلانا۔

rotten, a. بوسیدہ ؛ ازکار رفتہ ؛ نکمّا ؛ تعفن زدہ ؛ ردّی ؛ گلنے سڑنے کے قدرتی عمل کے نتیجے میں گلا ، سڑا یا بساندا ؛ بدبودار ؛ بدعنوان ؛ غیر صحت مند یا کمزور۔ (بول چال) غیر اطمینان بخش یا بے قیمت/بے قدر۔

rottenly, adv. گلے سڑے انداز میں ؛ گلی سڑی حالت میں ؛ گل سڑ کر ؛ بے قدری سے ۔

rottenness, n. سڑن ؛ گلائی ؛ گلنے سڑنے کا عمل۔

rotten borough, n. ۱۸۳۲ء کی اصلاحات سے قبل انگلستان کے ان چند مخصوص انتخابی حلقوں میں سے کوئی ایک حلقہ جن میں پارلیمان کے رائے دہندگان آبادی کی مناسبت سے زیادہ تھے ؛ آج کل اس قسم کا کوئی بھی انتخابی حلقہ/ضلع۔

rottenstone, tripoli, n. سنگ جلا ؛ سلیکائی چونے کے پتھر کی تحلیل سے بنایا گیا ایک نرم پتھر جس سے پیتل وغیرہ کی اشیا کو چمکایا جاتا ہے۔

rotter, n. (زیادہ تر برطانوی ، عوامی) بہت ہی بُرا شخص ؛ بے کار یا بے قیمت شخص ؛ ناکارہ ؛ نالائق ؛ نامعقول آدمی۔

rotund, a. گول یا گول شکل کا ؛ کُروی ؛ گُداز ؛ بھر پور ، گونج دار یا گرج دار ، جیسے آواز۔

rotundity, n. گولائی ؛ کُرویت ؛ مُٹاپا۔

rotundly, adv. گول/کُروی انداز یا طریقے پر۔

rotundness, n. گول ہونے کی کیفیت یا حالت۔

rotunda, a. گنبدی گول کمرہ یا ہال ؛ گول عمارت ، خاص طور پر گنبد والی ؛ کسی عمارت میں بڑا اور اونچا گول کمرہ خاص طور پر گُنبد دار۔

roturier, n. [فرانسیسی] گھٹیا درجے کا آدمی ؛ رذیل ؛ گرا پڑا آدمی ؛ عامی ، طبقۂ عوام میں سے کوئی شخص۔

roue, n. اوباش ؛ عیّاش ؛ رند ؛ تماش بین ؛ ایسا شخص جو خوش باش ہو اور جذباتیت سے بھر پور زندگی گزارے۔

rouge, n. رُوژ ؛ غازہ ؛ گلگونہ ؛ گالوں کی سرخی؛ گالوں یا ہونٹوں کو سرخ کرنے کے لیے ایک مصنوعی آرایشی سرخی ؛ شیشے ، سونے اور چاندی وغیرہ کو چمکانے کے لیے لوہے کے آکسائڈ (لوہے کی تکسید) کا سفوف ؛ سیندور۔ (فعل لازم و متعدی) گلگونے سے لب و عارض کا سرخ ہونا/کرنا۔

rouge et noir, n. تاش کا کھیل جو پتے بانٹنے والے اور بے شمار کھلاڑیوں کے مابین اینٹ جیسے چار دھبوں والی میز پر کھیلا جاتا ہے ، ان دھبوں میں دو سیاہ اور دو سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔

rough, a. خراب ؛ کھردرا ؛ ناہموار ؛ بھدا ؛ کچا؛ بدصورت ؛ بے قاعدہ/ناہموار سطح والا ؛ جو ہموار نہ ہو (جیسے rough skin:) ؛ بال والا یا بُر دار (جیسے :the rough coat of an animal) ؛ ناہموار اور غیر کاشت شدہ (جیسے :rough terrain) ؛ تشدد کی طرف راجع یا جان بوجھ کر قوانین کو نظر انداز کرنے والا (جیسے :rough play)؛ طوفانی یا مواج ، جیسے پانی یا ہوا؛مضطرب؛غیر معمولی حالات کے سبب طوفان خیز، جیسے موسم ؛ سخت یا گستاخانہ (جیسے rough: reply)؛ قابو سے باہر یا باغی (جیسے :a rough mob) ؛ تھکا دینے والا؛یا ناخوشگوار (جیسے :a rough day) ؛ اکھڑ یا سخت ، جیسے کوئی آواز ؛ کھٹا یا بد ذائقہ (جیسے :a rough vintage) ؛ خراب یا بھدّی بناوٹ کا ، جیسے کوئی کھانا یا اور ایسی شے ؛ غیر مہذّب یا بد اخلاق (جیسے a: rough individual)؛ ایسی شے جس کے لیے ذہانت سے زیادہ جسمانی قوّت درکار ہو (جیسے :a rough job) ؛ جو مکمل یا صاف ستھرا نہ ہو (جیسے : a rough outline) ؛ لگ بھگ/اندازاً؛جو مکمل طور پر سوچانہ گیا ہو (جیسے :a rough idea) ؛ مِلا جلا یا ناصاف ، جیسے کوئی غلّہ ۔ (صوتیات) ہوادار ، جیسے کوئی ادا شدہ حرف ۔ (اسم) کُھردری یا خراب شے ؛ ابتدائی یا ناصاف حالت یا شکل میں ہونے کی کیفیت؛ کوئی بھی ناہموار جگہ ، جیسے گالف کا میدان ۔ (زیادہ تر برطانوی) جھگڑے باز یا لڑاکا شخص ۔ (فعل متعدی) خراب شکل و صورت بنانا؛ کُھردرا/ناہموار بنانا (عموماً up کے ساتھ مستعمل) ؛ جسمانی تشدّد کا شکار بنانا (جیسے : .to rough up an opponent) ؛ خاکے یا تحریر میں پہلے ناصاف انداز میں مسودّہ بنانا (in کے ساتھ مستعمل ، جیسے to: rough in the characters.) ۔ (فعل لازم) خراب ، کُھردرا یا ناہموار ہونا ؛

غیر مہذّب انداز میں پیش آنا ؛ غیر مسطح ، نا تراشیدہ ، ناموزوں ہونا ۔ (متعلق فعل) خراب/غیر مہذّب انداز میں ۔

rougher, n. خراب کرنے والا شخص ۔

roughly, adv. خراب/غیر مہذّب طور پر ۔

roughness, n. دُرشتی ؛ سختی ؛ بد تمیزی ؛ خرابی ، ناہمواری ؛ نامکمل ہونے کی کیفیت ؛ کُھردرا پن ؛ اکھڑ پن ؛ بد تہذیبی ۔

roughage, n. خراب یا بَھدّا مادّہ یا ایسی اشیا ؛ سخت قسم کا چارا یا غذا ، جیسے بعض پَھل ، بُھوسہ یا گھاس (وغیرہ) ، جو ہضم نہ ہونے والے اجزا نسبتاً زیادہ رکھتے ہیں اور قبض پیدا کرتے ہیں ، جیسے خُلوی مادّہ/سیلولوس ۔

rough-and-ready, a. کام چلاؤ ؛ گزارے لائق ؛ جلد بازی میں کیا گیا اور نامکمل لیکن گزارے کے لیے کافی ؛ خراب اخلاق کا لیکن قابلِ اعتبار اور عمل کے لیے تیّار (جیسے : a rough and ready individual) ۔

rough-and-tumble, a., n. اپنے دفاع یا اُصولوں کا دھیان کیے بنا سخت کوش ، جیسے اس قسم کی لڑائی؛ اس قسم کا کوئی جنگجو (شخص یا عمل) (جیسے : a rough and-tumble fight) ۔

rough bluegrass, n. نیلی گھاس؛ ایک یورپی گھاس جس کی ڈنڈیاں نیلی مائل سبز ہوتی ہیں ، اب امریکا میں بھی اسے باغوں اور مرغزاروں میں اُگایا جاتا ہے ۔

rough breathing, n. کلاسیکی یونانی زبان میں کسی لفظ کے اندر پہلے حرفِ علّت سے قبل ''ہ'' کی آواز ظاہر کرنے والی علامت ؛ اِس آواز کے لیے تحریری علامت (ʻ) ۔

roughcast, v.t. ابتدائی شکل میں بنانا؛ صفائی ستھرائی کے بغیر ڈھالنا؛ کسیٔ عمارت وغیرہ کی چونے یا سیمنٹ وغیرہ سے استرکاری کرنا ۔ (اسم) کسی چیز کی ابتدائی حالت ؛ بیرونی دیوار پر کُھردرے قسم کا پلستر۔

roughcaster, n. خاکہ بنانے والا ؛ خاکہ کَش ؛ بیرونی دیوار پر کُھردرے قسم کا استرکار۔

rough-dry, v.t. دھو کر سُکھانا ، بغیر ہموار کیے یا استری کیے ، جیسے کپڑوں کو ۔ (صفت) دُھلے اور خشک ، مگر بِنا اِستری کیے(کپڑے)؛ استری کے بغیر خشک کردہ ۔

roughen, v.t., v.i. خراب یا ناہموار کر دینا یا ہو جانا ؛ کھردرا کرنا یا ہونا ۔

rough-hew, v.t. بغیر ہموار کیے کاٹنا ؛ خراب سی شکل میں بنانا یا گھڑ لینا ۔

roughhewn, a. ناہموار کٹا ہوا ؛ خراب شکل کا ؛ بَھدّا گھڑا ہوا ۔

roughhouse, n. (عوامی) خراب یا بے ترتیب رویّہ ؛ غیر واجب طریقہ ؛ عام لڑائی ؛ بد اخلاقی/بدتہذیبی ؛ جھگڑالو رویّہ ۔ (فعل لازم) (عوامی) کسی لڑائی جھگڑے یا غلط کام میں شریک ہونا ۔ (فعل متعدی ، عوامی) نقصان پہنچانے کی نیت کے بغیر کسی کے ساتھ بدتمیزی سے پیش آنا ۔

roughish, a. خاصا خراب یا طوفانی (جیسے : a roughish sea) ۔

rough-legged hawk, roughleg, n. بھدی ٹانگ شِکرا ؛ ایک بڑی جسامت کا امریکی شِکرا جو کھلے علاقوں میں رہتا ہے ، اُس کیٔ سفید دُم پر ایک چوڑی سیاہ پٹّی ہوتی ہے ، پروں کو پھڑ پھڑا کر اُوپر اُڑنا اس کی عام عادت ہے ۔

roughneck, n. (عوامی) بدتہذیب ؛ گنوار ؛ بداخلاق شخص ۔ (بول چال) تیل کے کنوئیں کھودنے پر ملازم مزدوروں میں سے کوئی ایک ۔

roughrider, n. گھوڑے سدھانے والا شخص ؛ وہ شخص جو سرکش گھوڑوں کی سواری کرے ۔ (بڑے R سے) ہسپانوی امریکی جنگ میں امریکا کی اُس پہلی گھڑ سوار رضاکار فوج کا ایک سپاہی جِسے تھیو ڈور روز ویلٹ نے پہلے منظّم کیا اور بعد ازاں اس کی قیادت کی ۔

roughshod, a. (گھوڑوں کے لیے) میخ دار نعل والا ؛ (گھوڑوں کی طرح) میخ دار جوتوں والا ؛ گھوڑا جس کی نعل کی کیلیں باہر نکلی ہوئی ہوں ۔

ride roughshod over, اپنے یا دیگر لوگوں پر مرتّب ہونے والے اثرات کی پروا کیے بغیر تشدّد آمیز یا خود غرضانہ راہ اختیار کرنا ۔

roulade, n. (موسیقی) چھوٹے سُروں کا تسلسل کے ساتھ یا بار بار بجانے کا عمل ؛ آواز کا ایک حُسن ، جس میں ایک صوتیے پر کسی سُر کو بار بار مسلسل گایا جاتا ہے ؛ گوشت کا ایک پارچہ جس میں قیمہ بھر کر پکایا جائے ۔

rouleau, n. کاغذوں میں لپٹے ہوئے سکّوں کا (بیلن نُما) بٹوا ؛ بیٹوں/ٹوپیوں کے لیے مُڑا ہوا یا لپٹا ہوا پتلا کنارا/پتلی کنّی ؛ کناری ؛ لیس ؛ پائپنگ ۔

roulette, n. جوئے کا ایک کھیل جس میں ایک حرکت پذیر گیند ایک گُھومتی ہوئی چادر پر نمبر لگے ہوئے خانے والے حِصّوں میں گرتی ہے اور آخر میں گیند کے کسی خاص نمبر والے خانے میں گِرنے پر شرط لگائی جاتی ہے ؛ چھوٹے دندانے دار پہیّے والا آلہ ، جسے کندہ کار/حکّاک گول نقاط بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ (ڈاک ٹکٹ) کاغذ میں چھوٹی چھوٹی کاٹ کا سلسلہ تاکہ کاغذ آسانی سے پھاڑا جا سکے (Perforation کی ضِدّ) ۔ (فعل متعدی) چھوٹے دندانے دار پہیّے کیٔ مدد سے چھوٹے چھوٹے مطبوعہ نشانات یا گہرے کاٹے بنانا ۔

round, a. مدوّر ؛ کُروی ؛ اُسطوانی ؛ بیضاوی ؛ گول ؛ سطح کے ہر حِصّے کو مرکز سے مساوی فاصلے پر رکھنے والا ؛ (بالکل) مدوّر ؛ (بالکل) گول ؛ بیلن نُما ؛ خمدار؛ نیم مدّور ؛ نیم کُروی ؛ پُھولا ہوا ؛ گُداز ؛ دائروں یا حلقوں میں گردش کُناں (جیسے : a round dance) ؛ واپسی کا (جیسے : a round trip) ؛ دس کے نزدیک ترین اضعاف میں دیا گیا (جیسے : in round numbers) ؛ بڑا ؛ خاصا زیادہ (جیسے : a good round sum) ؛ گول مول (جیسے : a round assertion) ۔

roundly, adv. گول انداز میں ؛ گولائی میں ؛ گول مول طریقے پر ۔

roundness, n. گولائی ؛ کُرویّت ؛ خم ۔

round, adv. ایک دائرے یا حلقے وغیرہ میں یا کسی چیز کے ارد گرد (جیسے : to gather round a speaker) ؛ تمام سمتوں میں یا آس پاس ، چاہے گول یا دیگر انداز میں؛ کسی مرکز سے تمام سمتوں میں؛ کسی حلقے یا جگہ میں (جیسے : the country round) ؛ محیط

میں (جیسے: a tree 40 inches round)؛ گول یا مدوّر راستے میں ؛ ترتیب ، دائرے یا سِلسلے میں ، جیسے جگہوں یا لوگوں کے بارے میں (جیسے : enough to go round)؛ کسی مخصوص حلقۂ وقت میں بار بار ، خاص طور پر موجودہ یا خاص وقت میں (جیسے : time rolls round) ؛ دوران میں یا شروع سے آخر تک (جیسے : the year round)؛ مدوّر یا گول راستے سے ۔ (حرفِ جار) ہر سمت میں ؛ ہر جانب ؛ اردگرد ؛ نزدیک ؛ گولائی میں ۔

round, n. گول ، جیسے دائرہ ، کرّہ یا حلقہ ؛ آغاز سے واپس آنے والا سِلسِلہ (جیسے : a round of toasts) ؛ واقعات یا فرائض ، جو نکتۂ آغاز پر واپس آجاتے ہوں ؛ سیڑھی کی پَیڑی/کا ڈنڈا ؛ واقعات و فرائض وغیرہ کا بار بار شروع ہونے والا چکّر ؛ زینے کی سیڑھی یا پا انداز ؛ واقعات و فرائض کا بار بار آنے والا دَور ؛ سنگیت/موسیقی کا مُختصر سا ٹُکڑا جس میں تین یا زیادہ آوازیں بیان شدہ باترتیب الفاظ سے آغاز کرکے کورَس میں یا سرگم میں ایک ہی موسیقی میں گایا جائے تاکہ اِن تمام حِصوں کے ملنے سے ہم آہنگ نغمہ جنم لے سکے ۔ (کھیل) کھیل یا مقابلے میں وقفہ ؛ ران ؛ گائے کے گوشت کا ران کا حصّہ جو گُھٹنے اور سُرین کے درمیان سے کاٹا گیا ہو ؛ دائرے میں رقص ؛ فوجی دستے کے سپاہیوں کا یکے بعد دیگرے عمومی فائر ؛ راؤنڈ ؛ ایک ہی بار چلانے کے لیے اسلحہ ؛ گردش ؛ نوبت ؛ سِلسِلہ ؛ محیط ؛ باری ؛ وقفہ ؛ حدود ؛ وُسعت ؛ آس پاس ؛ اردگرد ؛ گھیرا ۔ (فعل متعدی و لازم) گول کرنا یا بنانا ؛ مکمل یا بھرپور کرنا/بنانا ؛ مکمّل ، ہموار یا بہاؤ دار بنانا ؛ گول راستے پر (اِدھر اُدھر) جانا ؛ گول بن جانا/ہو جانا ؛ مکمل یا بھرپور بن جانا/ہو جانا ؛ ارد گرد سفر کرنا یا سفر میں جانا ۔

make the rounds, مختلف جگہوں پر جانا یا قیام پذیر ہونا ، سلسلہ وار انداز میں چکر لگانا یا دورے کرنا ۔

in the round, تمام جانب سے گِھرا ہوا ، جیسے اسٹیج (کسی تھیئٹر کا) سامعین کی نشستوں سے گِھرا ہوا ۔

round about, n. (برطانوی) جُھولا ؛ ایک چھوٹی سی چُست جیکٹ/واسکٹ ؛ ایک گول سڑک ؛ خیالات کا تسلسل وغیرہ ؛ آمدورفت کو قابو میں رکھنے کے لیے چوک/چوراہے پر بنایا گیا گول چکّر ؛ چورنگی ۔ (صفت) بالواسطہ ؛ (گول انداز میں) گھومتے ہوئے ؛ جو سیدھا نہ ہو ؛ اردگرد ؛ حلقہ بنا کر ؛ مخالف رُخ گُھوم کر ؛ مُحیط ۔

round angle, n. (ریاضی) سیدھے خط کی مکمل گردش سے پیدا ہونے والا زاویہ ؛ ٣٦٠ درجے کا زاویہ ؛ محیطِ کُل (a perigon) ۔

round clam, n. دیکھیے : Quahog ۔

round dance, n. پولکا یا والز کی قسم کا رقص جس میں جوڑے جوڑے ایک گول/مدّور انداز میں رقص کرتے ہیں ؛ ایسا رقص جس میں سارے رقّاص ایک دائرہ بنائیں ۔

rounded, a. گول یا گول بنا ہوا؛ کُروی؛ ہموار کناروں والا ۔ (صوتیات) گول ہونٹوں سے پیدا شدہ، جیسے کسی حرف علّت کی آواز ؛ مکمل طورپر ترقی یافتہ یا مکمل (جیسے : a rounded education)۔

roundel, n. گول یا مدّور شے ؛ قُرص یا گول ٹکڑا ؛ ایک چھوٹی سی گول ڈھال/ شیلڈ ؛ چھوٹی سی گول کھڑکی یا کھڑکی کا گول شیشہ ؛ آرایشی پلیٹ/تھالی ، تختہ ، تختی وغیرہ ، جوگول شکل کی ہو ؛ حلقے یا دائرے میں کیا جانے والا رقص ؛ تیرہ یا چودہ مصرعوں کی مخصوص نظم ؛ اس قِسم کی نظم کی ایک جدید شکل ، جس میں نو مصرعے ہوتے ہیں اور دو ٹیپ کے قافیے ہوتے ہیں ۔

roundelay, n. ٹیپ دار گیت ؛ سادہ سُروں میں ایک گیت جس میں بار بار آنے والا قافیہ ہو ؛ دائرے میں ناچا جانے والا ایک رقص ؛ پرندوں کا نغمہ ۔

rounder, n. گول کرنے والا آلہ یا شخص ، جیسے سطح یا کناروں کو گول کرنے کی مشین یا آلہ ؛ شرابی کبابی شخص ؛ اخلاق باختہ شخص یا آوارہ ، اوباش شخص ۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) بیس بال سے مِلتا جُلتا کھیل ، جو زیادہ تر انگلستان میں کھیلا جاتا ہے ۔

Roundhead, n. (برطانوی تاریخ) سرمُنڈے ؛ بانکوں/دراز زلفوں یا چارلس اوّل کے حامیوں کا پیوریٹنوں یا پارلیمانی پارٹی کے ارکان کو دیا گیا نام چونکہ مؤخر الذّکر اپنے سر کے بال بالکل منڈوا دیتے تھے جبکہ بانکے لمبے بال رکھتے تھے ؛ انگلستان کی جمہوری جماعت جو سترھویں صدی کی خانہ جنگی میں شریک تھی (یہ لوگ سر کے بال بہت چھوٹے رکھتے تھے)۔

roundheaded, a. گول سرا ؛ بہت ہی زیادہ گول سَر والا ؛ کوتاہ سرا/''شاہ دولہ کا چوہا'' ؛ کُرے کی طرح گول بنا ہوا ، جیسے پیچ کا سر/کی ٹوپی ۔

roundheadedness, n. سر کی گولائی یا کوتاہی ؛ سر کے چھوٹے یا گول ہونے کی کیفیت ۔

roundhouse, n. گول عمارت جہاں موٹر گاڑیوں کی مرّمت ہوتی ہے ؛ وہ حجرہ/چھوٹا سا لکڑی کا کمرہ جو سمندری جہازوں کے عرشے کی پچھلی جانب بنا ہوتا ہے اور عرشہ اُس کی چھت کا کام دیتا ہے ۔ (تاش کے پنوکل نامی کھیل میں) چاروں بیگموں اور چاروں بادشاہوں کا اعلان (اِسے round trip بھی کہتے ہیں) ۔ (عوامی) مُکّہ بازی میں کلائی گھما کر مخالف کے زور سے لگایا گیا مُکّہ ۔

roundish, a. تھوڑا سا گول ؛ گول نُما ۔

roundlet, n. ایک چھوٹا دائرہ یا گول شے ۔

round robin, n. ایسی تحریری درخواست محضر یا احتجاج نامہ جس پر دائرے کی شکل میں دستخط کیے گئے ہوں تاکہ یہ پتا نہ چل سکے کہ درخواست پر سب سے پہلے کس نے دستخط کیے ؛ کسی گروہ کے ارکان کو بھیجا گیا خط جس پر سب ارکان کے دستخط اورعموماً ان کی رائے بھی تحریرہو ؛ کھیلوں کا اس قسم کا مقابلہ/ٹورنامنٹ جس میں ہر کھلاڑی ہر ایک دوسرے کھلاڑی کے ساتھ مقابلہ کرے اور نتیجے میں ہارنے والے کھلاڑی مقابلے سے حقیقتاً علحیدہ ہوتے چلے جائیں ۔

round-shouldered, a. گول کمر یا جھکے ہوئے شانوں/کندھوں والا ۔

roundsman, n. ایسا شخص جو دَورہ کرتا ہو ، جیسے معائنے کے لیے ؛ کسی مخصوص ضلع/علاقے میں فرائض ادا کرتے ہوئے پولیس کے عملے کا معائنہ کرنے والا پولیس افسر ۔

round steak, n. گول بُوٹی ؛ دُمچی کے نیچے سے لے کر پنڈلی کے اوپر تک کٹا ہوا گائے کے گوشت کا پارچہ ۔

Round Table, n. گول میز ؛ بیضوی میز ؛ وہ داستانی

میز جو دانستہ گول شکل کی بنائی گئی تھی تاکہ فرق مراتب باقی نہ رہے ، اس میز پر شاہ آرتھر اور اُس کے نائٹ بیٹھا کرتے تھے ؛ شاہ آرتھر اور اس کے نائٹ ، مجموعی طور پر ۔

round table conference, n. گول میز کانفرنس ؛ میز کے گرد اجلاس ؛ حکمران یا بادشاہ کے ساتھ گفتگو ۔

round trip, n., a. دو طرفہ سفر ؛ کسی جگہ جانے اور وہاں سے واپس آنے کا (مجموعی) سفر ؛ ریل گاڑی ، ہوائی جہاز یا بس کا واپسی ٹکٹ ۔ نیز : return ticket ۔ (تاش کے پنوکل نامی کھیل میں) چارباد شاہوں اور چار بیگموں کا اعلان ۔

roundup, n. معائنہ/پڑتال ، نشان زدگی یا کسی اور مقصد کے لیے مال/مویشیوں کو ہانک کر ایک جگہ جمع کرنے کا عمل ، جیسے امریکا کے مغربی علاقوں میں ہوتا ہے ؛ اس عمل میں شریک اشخاص اور گھوڑے یا اس طرح جمع شُدہ ریوڑ ؛ اِس طرح کا کوئی بھی ہانکا یا پکڑ دھکڑ (جیسے : police roundup of known hoodlums) ؛ متعلقہ واقعات و حقائق کا خلاصہ ، خاکہ یا اُن کے اہم نکات (جیسے: a sports roundup in a newscast) ۔ (فعل متعدی) مال/مویشیوں کو اکٹھا کرنے کے لیے ہانکنا ؛ پولیس کا بدمعاشوں کو جمع کرنا ؛ کسی چیز سے متعلّقہ واقعات و حقائق کا خلاصہ/اہم نکات ، بیان یا نشر یا ٹیلی کاسٹ کرنا ؛ گرفتار کر لینا ؛ حراست میں لے لینا ؛ پکڑ دھکڑ مچانا ۔

roundworm, n. کیچوا ، خاص طور پر کیچوے نُما کوئی جاندار ، جو فقری جانداروں کی انتڑیوں سے چپٹا رہتا ہے ؛ پیٹ کا کیڑا ؛ مَلِپ ۔

roup, n. (بیطاری امراضیات) مرغیوں کے نظامِ تنفس کو متاثّر کرنے والا ایک جرثومہ/وائرس جس سے پٹھے پر آماس ہو جاتا ہے یا گلے سے خرخر کی آواز نکلتی ہے ۔

rouse, v.t. نیند سے بیدار کرنا/جگانا ؛ سُستی ، کاہلی یا بے توجہی کی حالت سے سوچنے یا عمل کرنے پر اُکسانا ؛ غصّہ دلانا/جوش دلانا ؛ چونکانا ؛ حیران کرنا ۔ (شکاریات) کسی پناہ گاہ یا چُھپنے کی جگہ سے باہر نکالنا ؛ ابھارنا ؛ جوش دلانا ؛ مستعد کرنا ؛ بھڑکانا ۔ (فعل لازم) نیند یا آرام کے بعد اُٹھ بیٹھنا/جاگ جانا ؛ سوچنے یا عمل کرنے پر آمادہ ہو جانا ؛ کسی شکار وغیرہ کا پناہ گاہ سے باہر نکالا جانا ؛ مستعد ہو جانا ؛ بھڑکنا ؛ برانگیختہ ہونا ۔ (اسم) عملِ بیداری ؛ آمادگی بہ عمل ؛ اشتعال انگیزی ۔

rouser, n. بیدار کُنندہ ؛ جگوری ؛ نیند سے جاگنے/جگانے والا شخص ؛ عمل پر آمادہ کرنے/ہونے والا شخص ۔

rousing, a. جگانے یا جوش دلانے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ تہلکہ خیز ؛ زندہ دل یا پُھرتیلا ؛ طاقتور ۔ (بول چال) غیر معمولی ، حیران کُن یا اشتعال انگیز جیسے کوئی غلط بیان ؛ افترا ؛ شرمناک جُھوٹ ؛ سنسنی خیز خبر ۔

roust, v.t., v.i. (بول چال) جاگنا یا جگانا (عموماً up کے ساتھ) ؛ باہر نکال دینا/خارج کر دینا (out کے ساتھ) ۔

roustabout, rouster, n. غیر ہُنرمند مزدُور ، خاص طور پر گودی یا سمندری جہاز کا مزدُور ، تیل کے کنوئیں یا تیل صاف کرنے کے کارخانے کا مزدُور یا سرکس کا مزدور؛ کوئی بھی ایسا غیر ہنر مند مزدور جو عجیب و غریب کام/ہر قسم کا کام کرکے روزی کمائے ۔

rout, n. ہنگامہ؛ دنگا؛ ہلچل ؛ فتِنہ ، فساد یا گڑ بڑ ؛ فوجی دستوں کی ٹُوٹ پھوٹ یا شکست؛ شکست خوردہ فوجی دستوں کی بے ترتیبی اور بوکھلاہٹ ؛ کوئی بڑی محفلِ شب یا سماجی اکٹھ /اجتماع ۔ (قانون) تین یا تین سے زیادہ افراد کا کسی غیر قانونی کام کے لیے اجتماع ؛ لوگوں کا بے ترتیب یا فتنہ و فساد پر آمادہ ہجوم ، ازدحام یا مجمعِ عوام ۔

rout, v.t., v.i. اُکھاڑ پھینکنا ؛ درہم برہم کر دینا ؛ بیخ کنی کرنا ؛ تھوتھنی سے کُریدنا ، جیسے سورنی کرتی ہے ؛ تھوتھنی سے پلٹنا/پلٹانا یا کھودنا ، سورنی کی طرح ؛ کریدنا، ڈھونڈنا یا تلاشی لینا ؛ بھگدڑ مچا دینا ؛ کھینچ کر لانا ؛ کھوکھلا کرنا یا مینڈھ بنانا جیسے کسی کفگیر/چمچے ، مغاز یا دیگر آلے سے (عموماً out کے ساتھ) ؛ کریدنے یا تلاشی لینے کے بعد نکالنا یا حاصل کرنا ؛ بے ترتیب ہو کر بھاگ جانا ؛ دھکیلنا یا دھکیل کر باہر نکال دینا (عموماً out کے ساتھ)؛ بستر سے اُٹھانا (جیسے : He will have you routed up by four o'clock in the morning) ۔ عموماً up اور out کے ساتھ ۔

rout, v.i. (برطانوی) چنگھاڑنا ؛ دھاڑنا ؛ ڈکرانا ؛ چیخنا چلّانا ۔

route, n. گُزرنے یا سفر کرنے کے لیے راستہ یا سڑک؛ راستہ یا گزرگاہ (یا راہِ عمل) جو اختیار کی جائے یا اختیار کرنی ہو (جیسے: to fix a route for a procession) ؛ سڑک ، ریل کی پٹڑی ، نہر وغیرہ کی موجودہ یا مجوّزہ گُزرگاہ یا سمت ۔ (عسکری) ایک مقام یا جگہ سے دوسرے مقام یا جگہ پر جانے یا کوچ کرنے کا حُکم ۔ (فعل متعدی) گُزر گاہ/راستہ (یا راہِ عمل) متعین کرنا ؛ کسی خاص راستے سے بھیجنا یا ارسال کرنا ۔

routeman, n. کسی مخصوص علاقے میں کار یا چھوٹے ٹرک کے ذریعے کسی شے کی تقسیم یا فروخت کا ذمّے دار شخص ؛ تقسیم کار ؛ اِس قسم کے حلقے/راستے کا منتظم ؛ فیکٹری/کارخانے میں ایسا شخص جو دیگر ملازمین کو اُن کے فرائض سونپے ؛ کارخانے کا منتظم ۔

route march, n. (عسکری) مشقی مارچ جس میں عُہدوں کی ترتیب تو ملحوظِ خاطر رکّھی جاتی ہے لیکن قدم سے قدم ملانا یا خاموش رہنا ضروری نہیں ہوتا ۔

router, n. کُھرچنے ، کُریدنے ، کھودنے یا مینڈھ بنانے کے مختلف آلات میں سے کوئی سا ؛ کسی سانچے یا ٹھپّے وغیرہ کے کُھرچنے/بنانے میں مستعمل کوئی آلہ یا مشین ۔ (نجّاری) کسی جِھری کے بیرونی زاویے کی بناوٹ کے لیے ایک رندہ ۔

routine, n. معمول ؛ بندھا ہوا کام ؛ ڈھرّا ؛ روزمرہ کام ؛ مقررہ نظام الاوقات یا دستور العمل جو روزانہ یا بکثرت زیر عمل آئے ، جیسے کاروبار میں ؛ وہ فرائض یا کام جو باقاعدہ طور پر یا باقاعدہ وقفوں پر سرانجام دیے جاتے ہوں (جیسے : the routine of dentists' visits)؛ عادت کے بل پر اختیار کیا گیا کوئی عمل ؛ ایک غیر متبدّل یا مکرّر تقریر یا ضابطہ ؛ کسی بھی کارکُن کا تمام باقاعدہ عمل یا اس عمل کا ایک حِصّہ ۔ (کمپیوٹر ٹکنالوجی) برقیاتی کمپیوٹر کو کسی مجوزّہ کام پر آمادہ کرنے کے لیے دیا جانے والا باضابطہ ہدایات کا مجموعہ ۔ (صفت) عامیانہ یا عام ؛ عادی ؛ کسی مخصوص طے شدہ طریق کار یا اس سے متعلّقہ ۔

routinely, adv. معمولاً ؛ عام انداز سے ؛ عادتاً؛ کسی مخصوص طے شدہ طریق کار کے مطابق۔

routinize, v.t. کسی طے شدہ طریق کار/ضابطۂ کار/دستور العمل یا معمول کے مطابق بنانا یا صورت دینا۔

roux, n. (طبّاخی) چٹنی وغیرہ کو گاڑھا کرنے کے لیے آٹے اور چکنائی کا پتلا سا مرکب؛ لپسی۔

rove, v.i., v.t. آوارہ گردی کرنا؛ سیر سپاٹا کرنا؛ کسی خاص سمت یا منزل مقصود کے بغیر جانا، چلنا یا (کہیں سے) گزرنا؛ مارا مارا پھرنا؛ گشت لگانا؛ چکر کھاتے پھرنا؛ آوارہ ہونا؛ سیلانی بننا۔ (اسم) آوارہ گردی؛ سیر سپاٹا؛ مٹرگشت۔

rove, v.t. سوئی میں دھاگا ڈالنا؛ کسی سُوئی یا اس قسم کے سوراخ میں سے کوئی ریشہ پرونا؛ پونیاں بٹنا؛ اُون یا کپاس/روئی کو دھاگا کاتنے کے لیے تیّار کرنا؛ اون، روئی یا ریشم کا دھاگا کاتنا۔

rove beetle, n. آوارہ گرد بھونرا؛ کوئی بھی بھونرا/حشرہ جس کا بدن لمبا اور پتلا اور پَر بہت چھوٹے ہوتے ہیں اور بہت تیز دوڑ سکتا ہے۔

rover, n. آوارہ گرد؛ جہاں گرد؛ تیر اندازی کا نشانہ، ہدف، جس کا فاصلہ متعین نہ ہو۔ (کھیل) ''کروکے'' نامی کھیل میں ایسی گینـد جو مرکزی میخ کو چھونے کے نتیجے میں کھلاڑی کی جیت کا مظہر ہوتی ہے۔ (قدیم) بحری قزّاق یا بحری قزّاقوں کا جہاز؛ کاتنے کی مشین؛ ریشے بٹنے کی مشین۔

roving, n. پُونی؛ اُون، روئی/کپاس یا دیگر ریشے وغیرہ، کاتنے سے پہلے تھوڑی سی مڑی ہوئی حالت میں۔(صفت) جہاں گرد۔

row, v.i., v.t. کشتی کا چلایا جانا؛ کشتی کا چپّو کی مدد سے چلنا؛ پانی کی سطح پر کھینا/حرکت دینا/دھکیلنا، جیسے چپّوؤں سے کشتی کو؛ چپو مہیا کرنا یا چپّو استعمال کرنا؛ چپو چلا کر لے جانا؛ چپو چلا کر/کشتی کا کسی دوڑ وغیرہ میں حِصّہ لینا؛ ملاّحوں یا چپّوؤں کو کشتیوں کے چلانے کے لیے حاصل کرنا؛ کسی مقابلے میں کشتی چلانا۔ (اسم) چپّوؤں والی کشتی میں کی گئی سیروتفریح؛ چپو چلانے کا عمل۔

rower, n. ملاّح؛ کشتی چپّو کے ذریعے چلانے والا؛ کھیون ہار؛ کِھوَیّا؛ مانجھی۔

row, n. قطار؛ اشخاص یا اشیا کی ترتیب وار صف؛ لکیر؛ درجہ بندی، قطار بندی؛ گلی جس کے دونوں اطراف برابر عمارتیں بنـی ہوئـی ہوں؛ نشسـتـوں کی ایک قطار، جیسـے کسـی آڈیٹوریم/ساعت گاہ میں۔ (فعل متعدی) ایک قطار بنانا یا قطار میں (ترتیب سے) رکھنا یا کھڑے کرنا۔

long row to hoe, دُشوار کام؛ مُشکل فریضہ۔

row, n. گڑ بڑ، جھگڑا یا فساد، جس میں شوروغل بھی شامل ہو؛ ہنگامہ؛ دھینگا مشتی؛ شورشرابہ۔ (فعل لازم) جھگڑے/فساد میں شریک ہونا۔

rowan tree, European mountain ash, rowan, n. سماک کوہی؛ گلاب کے خاندان کا آرایشی گول سر اور نرم چھال کا یورپ اور ایشیا کا درخت جس کے پتّے روئیں دار ہوتے ہیں اور جس پر شوخ سرخ رنگ کے بیر نُما پھل لگتے ہیں، یہ اب دور دراز کے علاقوں میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔

rowboat, n. چپو کشتی؛ چپّو کے ذریعے چلائی جانے والی ایک چھوٹی کشتی؛ کھینے والی ناؤ۔

rowdy, n. جھگڑالو، بدتمیز شخص؛ لڑائی جھگڑے کا عادی انسـان۔ (صفت) جھگـڑالـو طبیعت کا؛ جھگڑے باز؛ اُجڈ؛ بدتمیز؛ فسادی؛ دنگئی۔

rowdily, adv. جھگڑے فساد سے؛ بدتمیزی/بدتہذیبی سے۔

rowdiness, n. جھگڑا؛ فتنہ و فساد؛ بدتمیزی۔

rowdyish, a. جھگڑالو طبیعت کا مالک؛ فتنہ و فساد کا شوقین۔

rowdyism, n. جھگڑا فساد؛ ہنگامہ پروری۔

rowel, n. مہمیز کی خاردار پھرکی؛ گھڑ سوار کی مہمیز کا سِرا جو ایک گول دندانے دارچھوٹی تھالی کی طرح ہوتا ہے۔ (بیطاری جرّاحی) کسی گھوڑے یا دیگرمویشی کی جلد کے نیچے لگائے گئے چند بال یا ریشم کے دھاگے، جو (جسم سے) پیپ کے اخراج میں مدد دیتے ہیں۔ (فعل متعدی) مہمیز لگانا یا اڑ لگانا۔ (بیطاری جرّاحی) جلد کے نیچے بال یا ریشم کے دھاگے لگانا (مویشی کے جسم سے پیپ کے اخراج کے لیے)۔

rowen, n. ایک موسم میں گھاس یا چارے کی دوسری فصل؛ برے نتائج/عواقب؛ موسمِ خزاں میں گھاس کاٹنے یا چرانے کے بعد بچے ہوئے ٹُھنٹھ۔

row house, n. ایک ہی قطار میں بنے ہوئے مکانات میں سے کوئی ایک جو عموماً یکساں انداز کے اور پہلو کی دیوار کے ذریعے ایک دوسرے سے متصل ہوں۔

rowlock, n. دیکھیے: Oarlock۔

royal, a. شاہی؛ خُسروی؛ سُلطانی؛ بادشاہی؛ بادشاہ، ملکہ یا کسی خود مختار حاکم کا یا اُس سے متعلق؛ بادشاہ یا نسل شاہی سے آغاز شدہ یا اُس سے متعلق (جیسے: the royal family)؛ بادشاہ یا ملکہ کے رُتبے والا؛ کسی خود مختار حاکم کی قائم کردہ، اجازت سے بنی ہوئی یا اُس کی سرپرستی میں موجود (جیسے: a royal society or academy)۔ (عموماً بڑے R سے) (برطانوی) خودمختار حاکم کی، حاکمِ وقت ہونے کے ناتے خدمت گزار (جیسے: Royal Air Force)؛ شاہانہ؛ بادشـاہ کے لائق؛ شایانِ شان؛ عظیم الشان؛ پروقار؛ اعلیٰ۔ (بـول چال) عمدہ؛ بہت اعلیٰ (جیسے: in royal spirits)؛ جسامت یا صفت/معیار میں عام یا معمولی سے بہت بلند۔ (جہازرانی) عرشۂ جہاز کے اوپر کسی حصّے سے متعلّق، جیسے بادبان یا مستول سے متعلّق۔ (اسم) رائل سائز؛ عام تحریری کاغذ کی ایک جسامت، ۱۹ انچ × ۲۴ انچ اور طباعتی کاغذ کی ایک جسامت ۲۰ انچ × ۲۵ انچ۔ (جہازرانی) بلند ترین مستول پر لگایا گیا بادبان۔

royally, adv. بلند انداز میں؛ شاہانہ طور سے؛ پُر جوش انداز میں۔

royal blue, n. شاہی نیلا؛ گہرا شوخ نیلا رنگ جس میں اکثر اوقات سرخ رنگ کی جھلک بھی ہوتی ہے۔

royal commission, n. (برطانوی اور کینیڈین) تاجِ برطانیہ کا مجاز فرد یا افراد جو تفتیش کرکے روداد پیش کرتے ہیں۔

royalism, n. دیکھیے: Monarchism۔

royalist, n., a. شاہ پرست؛ طرفدارِ شاہ؛ شاہی کا وفادار یا حمایتی؛ بادشاہ کا طرفدار/حمایتی؛ بادشاہ یا شہنشاہیت کا طرفدار یا

جوشیلا حامی ، خاص طور پر عہدِ بغاوت یا خانہ جنگی میں ۔ (بڑے R سے) شاہی پسند یا انگلستان کے شاہ چارلس اوّل کا پیرو یا وفادار ؛ امریکی انقلاب میں شاہِ (انگلستان) کا حامی ۔

royal jelly, n. شاہی موم؛ شہد کی کا رکن مکھّی کے حلقی غدودوں سے نکلنے والی ایک گاڑھی قوت بخش شہد نُما رطوبت جسے شہد کی تمام مکھّیاں ، ملکہ مکھّی سمیت،تین دن تک ، اپنے بچپن کے نشوونما کے دور میں کھاتی ہیں ۔

royal palm, n. شاہ تاڑ ؛ فلوریڈا اور غرب الہند کے مقامی تاڑ کے پودے ''رائےاِسٹونیا'' کی نسل کا کوئی پودا ، خاص کر Roystonea regia جو لمبا ، سیدھے تنے اور روئیں دار پتّوں والا ہوتا ہے ۔

royal poinciana, flamboyant, peacock flower, n. (نباتیات) مور پھول ؛ بڑی بڑی شاخوں والا ، نمایاں ، اصلاً مڈغاسکر کا ، پھلی دار پودا/درخت جس میں نارنجی دھاریوں والے شوخ جامنی رنگ کے بڑے بڑے گُچھے دار پھول اور تیز بھورے رنگ کی دو فٹ لمبی پھلیاں لگتی ہیں ، مڈغاسکر کے علاوہ اب یہ درخت فلوریڈا کے جنوبی حِصّوں اور کیلے فورینا میں بھی اگایا جاتا ہے ۔

royal purple, n. شاہی ارغوانی رنگ ؛ تیز گہرا گلابی رنگ جس میں سرخی جھلکتی ہو ۔

royalty, n. شاہی ؛ شاہی مرتبہ ، وقار یا قوّت ؛ خود مختاری ؛ خودمختار حاکم کے مناسب حال یا شایانِ شان کردار یا خصلت،شاہیت ؛ شرافت ؛ سخاوت ؛ شاہی (خاندان کا) فرد ؛ شاہی (خاندان کے) افراد ، اجتماعی طور پر؛خانوادۂ شاہی ؛ بادشاہ یا حاکمِ وقت کا (خصوصی) اختیار یا حق ؛ شاہی مملکت ؛ بادشاہت ؛ اقلیم ؛ حدود اختیار ؛ حقِّ ملکیت ؛ آمدنی کا وہ حصّہ یا رقم تلافی جو کسی مالک کو بطورِ حق ادا کی جائے (جیسے: an oil right or a patent for the use of it) ؛ حقِ تصنیف/تالیف ؛ کسی مصنف یا موسیقار کو اپنی تخلیقات کی آمدنی میں سے ملنے والا طے شدہ حصہ ؛ (شاہی) کانوں وغیرہ پر وہ شاہی حق جو بادشاہ وقت کسی شخص یا ادارے کو عطا کرے ؛ اِس قسم کے حق کے لیے ادا کی گئی کوئی رقم ؛ رائلٹی۔

rub, v.t. گھسنا ؛ رگڑنا ؛ ملنا ؛ مالش کرنا ؛ کسی سطح کے ساتھ دباؤ سے یا رگڑتے ہوئے کسی چیز کو آگے پیچھے یا گولائی میں ہلانا ؛ کسی (چیز) پر رگڑنا ؛ مٹانا/پونچھنا؛ صاف کرنا ؛ مانجھنا یا رگڑ کر چمکانا/مَلنا؛ لتھیڑنا ؛ کُھجلانا ؛ کھرچنا/چھیلنا ؛ مذاق اُڑانا/طعنہ زنی کرنا ؛ صیقل کرنا ؛ محو کرنا ؛ مٹانا یا اُڑا دینا ؛ صاف کر دینا (on یا out کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (فعل لازم) رگڑنا؛ ملنا؛ کسی سطح کے ساتھ ساتھ دباؤ سے لگنا یا رواں ہونا ، جیسے گِھس یا رگڑ کر؛ ناگوار ہونا؛ خشمناک ہونا ؛ کسی نہ کسی انداز میں مالش کیے جانے کے قابل ہونا یا جاذب ہونا (جیسے : Newsprint rubs off easily) ۔

rub on/along/through, مشکل سے گزارا کرنا (جیسے: to rub through the world) ۔ (اسم) مالش (جیسے: a back rub) ؛ مشکل یا دقّت (جیسے: I'd like to buy a dress, but the rub is that I have no money) ؛ طنز؛ طعن و تشنیع ؛ احساسات کو مشتعل کرنے والی کوئی شے (جیسے: I resent that rub concerning my cooking) ؛ رگڑ کے باعث بے قاعدہ یا کھردرا علاقہ /رقبہ ۔

rub it in, (بول چال) تنگ کرنے کے لیے کسی ناپسندیدہ چیز پر بار بار زور دینا ۔ (بول چال) بڑھا دینا ،

rub the wrong way کسی تکلیف/پریشانی کو ؛ پریشان کرنا/تنگ کرنا ۔

Rubaiyat stanza, n. [عربی ، فارسی ، اردو] (شاعری) رباعی نُما بند ؛ چار مصرعوں کا ایک بند جو پانچ ارکان پر مشتمل ہوں اور جن کا قافیہ ا ب اب ، ا ب ب ا یا اا ب ا ہو (یعنی یا تو پہلا تیسرا اور دوسرا چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوں یا پہلا چوتھا اور دوسرا تیسرا مصرع ہم قافیہ ہوں یا پہلا دوسرا چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوں اور تیسرا مصرع بے قافیہ ہو) ۔

rubasse, n. چٹانی قلموں کی ایسی قِسم جس میں دھاتی آئینے کے چھوٹے چھوٹے دھبے یاقوتی سرخ رنگ کی طرح جھلکتے دکھائی دیں ۔

rubato, a. (موسیقی) خاص ملاپ کے لیے بدلا گیا سُر ؛ بعض ایسے سروں والا (ٹکڑا) جنھیں جان بوجھ کر لمبا کر دیا گیا ہو جبکہ باقی سُروں کو مقابلتاً چھوٹا کر دیا گیا ہو ؛ بدلی ہوئی تال/بدلے ہوئے سُر ۔

rubber, n., a. ربڑ ؛ ربر ؛ بعض استوائی درختوں اور جھاڑیوں کے رس سے بنایا جانے والا ایک لچکدار ، چپچپا ، چپک والا ٹھوس مادہ (اسے caoutchouc یا India rubber بھی کہتے ہیں) ، اس مادے کو کیمیائی انداز سے ٹائروں اور دیگر صنعتی اشیا بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس سے ملتا جلتا ایک مصنوعی مادہ ؛ ان مادوں سے بنی ہوئی کوئی شے، جیسے مٹانے والی ربڑ یا واٹر پروف جوتے؛ وہ شخص جو چمکانے یا نرم/ہموار کرنے کے لیے رگڑے/مالش کرے ؛ مالشیا ؛ مالش کرنے کی چیز ۔ (عوامی) عضوِ تناسل کا غلاف ۔ (بیس بال) کھلاڑی کی میدان میں جگہ ۔

rubber, n. کھیلوں کا ایک سلسلہ ، عام طور پر طاق عدد کا ، جن میں آدھے سے زیادہ جیت جائیں تو فاتح کا تعین ہوتا ہے جیسے تاش کے کھیل ''وِھسٹ'' میں تین میں سے دو بازیاں/ہاتھ اور تاش کے کھیل ''برج'' میں دو یا تین میں سے دو بازیاں/ہاتھ ؛ اِس قسم کے سلسلے کا فیصلہ کُن کھیل ۔

rubber-base paint, n. تیل یا پانی کی بجائے ربڑ یا کسی چپچپے مصنوعی مادّے میں بنایا گیا روغن ۔

rubber cement, n. ربڑ سلوشن ؛ کسی نامیاتی محلّل عموماً بینزین میں تحلیل شدہ ربڑ پر مشتمل ایک مائع گوند/سلوشن ۔

rubberize, v.t. ربڑ چڑھانا ؛ کسی کپڑے وغیرہ پر ربڑ یا ربڑ سے بنی ہوئی کسی شے کا استر چڑھانا ۔

rubberneck, n. (عوامی) وہ شخص جو کسی چیز کو دیکھنے کے لیے اپنی گردن لمبی کرتا ہو ؛ مناظر دیکھنے والا شخص ؛ سیر سپاٹے کا شوقین ؛ راز جُو ؛ وہ جو لوگوں کے حالات کی ٹوہ میں رہے ؛ ٹوہ لگانے والا ۔ (فعل لازم) (عوامی) گردن لمبی کرکے کسی چیز کو تکنا یا حیران ہونا ۔

rubberneck, a. گردن لمبی کرنے والا ؛ لمبی گردن والا ۔

rubber plant, n. ربڑ پودا ؛ مشرقی ہندوستان کے کئی درخت جن سے ربڑ حاصل کی جاتی ہے ؛ شہتوت کے خاندان کا ایک آرایشی درخت ''فِکس الاسٹیکا'' (Ficus elastica)،ایک جانا پہچانا باغوں میں کاشت کے قابل پودا جس میں لمبے لمبے موٹے چمکدار سبز پتّے آتے ہیں ۔

rubber stamp, n. ربڑ مُہر ؛ ایسی چھوٹی سی روشنائی والی

rubious, a. لعل نُما ؛ سرخ ؛ گلگوں ؛ لعلیں ؛ یاقوتی رنگ کا ۔

rubric, n. سرخی ؛ عنوان ؛ کسی مسودے یا مطبوعہ شے کا کچھ حصہ ، جسے باقی حصّوں سے ممیز کرنے کے لیے سرخ لکھا یا چھاپا جاتا ہے یا پرانے زمانے میں لکھا جاتا تھا/چھاپا جاتا تھا ؛ سرخ رنگ ۔ (قانون) کسی ضابطے کا عنوان، جسے پرانے زمانے میں سرخ حروف میں چھاپا جاتا تھا ۔ (کلیسیات) محفل مناجات کی ہدایات اور اس کے ضابطے جنھیں اکثر اوقات سرخ چھاپا جاتا ہے ؛ کوئی مذہبی یا شاہی قانون/اصول یا حکم امتناعی ؛ دستخط وغیرہ کے بعد ڈالا جانے والا کوئی امتیازی نشان ، جیسے مہر ؛ فرائض کے بارے میں کوئی بھی بنایا گیا ، طے شدہ یا تحکمانہ حکم امتناعی ۔

rubric, a. سرخ ؛ سرخ رنگ ؛ گلگوں ۔

rubrical, a. سرخی مائل ؛ ہدایات عبادت سے متعلق ۔

rubrically, adv. سرخی کے ساتھ ؛ سرخ روشنائی میں ۔

rubricate, v.t. سرخ نشان لگانا یا سرخ رنگنا ؛ سرخ رنگ دینا یا سرخیاں دے کر باقاعدہ بنانا ۔

rubrication, n. سرخ نشان زدگی ؛ سرخ رنگنے کا عمل ؛ سرخیاں لگانے کا عمل ۔

rubricator, n. سرخ کرنے والا ؛ سرخ نشان بنانے والا ؛ سرخیاں لگانے والا ۔

ruby, n. لعل ؛ یاقوت رمّانی ؛ سرخ ایلومینم آکسائڈ/کرنج (مختلف رنگوں) کا لعل ؛ تیز سرخ رنگ ، جیسے شراب کا ؛ لعل/یاقُوت کی بنی ہوئی شے یا اس سے مشابہ ؛ سرخ یاقوت؛کاربنکل ،سرخ دانہ ۔ (برطانوی طباعت) ساڑھے پانچ پوائنٹ کے ٹائپ کا سائز ، امریکی ایگیٹ (عقیق نامی) کے مقابلے میں ۔ (صفت) تیز سرخ رنگ کا ؛ لعل سے مشابہ یا لعل والا ۔

ruby glass, n. سرخ شیشہ ؛ رنگین شیشہ ؛ تانبے کے آکسائڈ یا سونے کے کلورائڈ سے رنگا ہوا تیز سرخ رنگ کا شیشہ ۔

ruby spinel, n. یاقُوتِ احمر ؛ تیز گہرے رنگ کا یاقوت جو بطور ہیرے کے مقبول ہے ۔

ruby-throated humming bird, humming bird, n. ؛ سرخ شکر خورا شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں متوطن بہت ہی چھوٹے پرندوں میں سے ایک جس کے پر قزحی رنگ کے تیز سبز ہوتے ہیں اور نر کی گردن سرخ ہوتی ہے ؛ سرخ کنٹھ ۔

ruche, ruching, n. جھالر ؛ جالی وغیرہ کی گوٹ ؛ خواتین کے ملبوسات کے کناروں پر لگائی جانے والی پتلی ، موٹی ، مڑی ہوئی یا جھالر دار گوٹ یا پائپنگ ۔

ruck, n. عام لوگ باگ ؛ عوام کالانعام ؛ عام اشیا ؛ کوڑا کرکٹ ؛ فضول چیزیں ۔

ruck, v.t., v.i. سلوٹیں ڈالنا یا پڑنا ؛ شکن ڈالنا یا پڑنا ؛ جھری پڑنا ۔ (اسم) سلوٹ ؛ شکن ؛ جھری ۔

rucksack, n. پُشتی تھیلا ؛ پیٹھ تھیلا ؛ سیاحوں ، کوہ پیماؤں یا مسافروں وغیرہ کے سامان کا تھیلا جوا ان کی پیٹھ/پشت پر بندھا رہتا ہے ۔

ruction, n. (بول چال) گڑبڑ ؛ لڑائی جھگڑا یا فساد ؛ چخ چخ ۔

rudbeckia, n. (نباتیات) گل ژایونی ؛ اس خاندان کی

چھاپنے کی مہر جسے دستاویزات اور پیکٹوں پر لگانے کے لیے ہاتھ کا دباؤ ڈالا جاتا ہے ؛ وہ شخص جو کسی تفتیش/چھان بین یا محتاط ذاتی اندازے کے بغیر اپنی منظوری دے دے ۔ (فعل متعدی) مُہر لگانا ؛ مہرزدہ کرنا ؛ کُھلی منظوری دے دینا ۔

rubbing, n. مالش ؛ رگڑ ؛ منجھائی ؛ گِھسائی ؛ گِھسنے/رگڑنے والے کا عمل ؛ کسی کندہ کاری یا اُبھرواں سطح پر کاغذ رکھ کر اسے کسی پنسل/رنگ وغیرہ سے گِھس کر اُس پر نقش کا حصول ؛ ایسا نقش یا چربا ۔

rubbish, n. کوڑا کرکٹ ؛ ٹوٹی پھوٹی اشیا ؛ کباڑ یا ردّی ؛ فضول اشیا ؛ بکواس ۔

rubbishy, a. بے کار ؛ ردّی ؛ فضول ؛ مہمل ؛ واہیات ؛ لغو ۔

rubble, n. کاٹھ کباڑ ؛ کسی ٹھوس اشیا کے بے ترتیب ٹوٹے ہوئے ٹکڑے ؛ کرچیاں ؛ کانوں میں کسی پتھر کی جسامت کا بالائی حصّہ جو موسم کے اثرات قبول کرتا ہے ؛ بے ترتیب شکلوں یا سمتوں والے پتھر یا خراب تعمیر کے لیے مستعمل ٹوٹی پھوٹی اینٹیں؛ خراب کام ؛ ٹوٹا پھوٹا کام ؛ اینٹ روڑے ۔

rubbly, a. ٹوٹا پھوٹا ؛ بے ترتیب ؛ خراب ؛ فضول ۔

rubblework, n. روڑے سے بُنا ہوا کام ؛ وہ دیواریں یا تعمیرات جو ٹوٹی پھوٹی یا خراب اینٹوں یا پتھروں سے بنائی گئی ہوں ۔

rubdown, n. تیز مالش ؛ تیز رفتاری سے/پھرتی سے کرائی گئی/ہونے والی مالش ۔

rube, n. (عوامی) غیر مہذّب اور گنوار شخص ؛ دہقانی ؛ دیہاتی ؛ پینڈو ۔

rubefacient, a. سُرخ کرنے والا ؛ جلد پر سرخی پیدا کرنے والا ۔ (اسم) (طب) گرم لیپ ؛ مُحَمِّر ؛ لگانے والا ایسا مادہ جس سے جِلد پر سرخی پیدا ہو جائے لیکن چھالا نہ پڑے ۔

rubefaction, n. جِلد کی سرخی ۔

rubella, n. خسرۂ کاذب ؛ جرمن خسرہ ۔

rubellite, سرخ تُرمَلین ، سرخ رنگ کی ایک سلیکائی معدنی شے جسے ہیرے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

rubeola, n. (امراضیات) خسرہ ؛ خسرۂ کاذب/جرمن خسرہ ۔

rubeolar, rubeoloid, a. خسرہ کا ؛ متعلق بہ خسرہ/خسرۂ کاذب ۔

Rubicon, n. شمالی اٹلی میں جولیئس سیزر کے صوبے سیسلپین/گال کی جنوبی سرحد پر بہنے والا دریا جس کے عبور کرنے کا مطلب اعلان جنگ سمجھا جاتا تھا ۔ (مجازاً) کوئی بھی ایسی مشکل یا ایسا بحران جس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے ؛ کوئی ناقابل تنسیخ فیصلہ ۔

rubicund, a. سرخی مائل ؛ سرخ ؛ گلگوں ، جیسے چہرہ ؛ سرخ و سفید چہرے کا ۔

rubicundity, n. سرخی ؛ لالی ۔

rubidium, n. چاندی جیسا ایک سفید دھاتی عنصر ، روبیڈیم ، جو پوٹاشیم سے مشابہ مگر اس سے زیادہ عمل خیز ہے ۔

rubiginous, rubiginose, a. (حیاتیات) زنگ آلود ؛ زنگ رنگا ؛ زنگاری ۔

موسم بہار میں پھولنے والی شمالی امریکا کی مختلف جھاڑیوں میں سے کوئی سی ، جو مرکب نسل سے متعلق ہوتی ہیں اور جن کے پھول ڈیزی نما مگر بڑے بڑے ہوتے ہیں اور ان کا درمیانہ حصّہ کتھئی رنگ کا ہوتا ہے ، خاص طور پر ''ہرتا'' (hirta) جس پر بھورے چشم نما پھول لگتے ہیں اور ''ٹرائی لوبا'' (triloba) جس پر پتلے پتوں والے مخروطی پھول لگتے ہیں ۔ دیکھیے : Coneflower ۔

rudder, n. (جہاز رانی) پتوار ؛ سکان ؛ ایک حرکت پذیر راسی آلہ جو پشت پر پانی کے نیچے رہتا ہے اور جہاز کی سمت برقرار رکھنے اور موڑنے کے کام آتا ہے ۔ (مجازاً) راہنما ؛ راہبر ؛ وہ جو کسی راستے پر حکمرانی کرے یا راستہ دکھائے ۔ (ہوابازی) امدادی پَر جو اہم امدادی سطحوں پر عموماً عموداً واقع ہوتے ہیں جن کی مدد سے ہوائی جہاز دائیں یا بائیں مڑتا ہے ۔

rudderpost, rudderstock, n. (جہاز رانی) پتوار کو نصب کرنے کا ایک فالتو کھمبا ۔

ruddle, n. گیرو ؛ سرخ رنگ کی مٹی جو بھیڑوں کو رنگنے کے کام آتی ہے ۔ (فعل متعدی) گیرو سے نشان لگانا ۔

ruddock, European robin, n. (برطانوی) سرخ پوٹے والی یورپی چڑیا ؛ ایک چھوٹی سی چڑیا جس کے جسم کا بالائی حصہ بھورا اور سینہ شوخ سرخ رنگ کا ہوتا ہے ، (انسانی) آبادیوں کے نزدیک بکثرت پائی جاتی ہے ۔

ruddy, a. سرخ رنگ کا ؛ گلگوں ؛ شہابی ؛ تازہ گلاب جیسے رنگ کا (جیسے : a ruddy complexion) ۔ (برطانوی ، عوامی) ''خون آلود'' کے ناپسندیدہ لفظ کے لیے ذرا کم ناگوار لفظ ۔

ruddily, adv. سرخی مائل انداز میں ؛ سرخ سرخ ۔

ruddiness, n. سرخی ؛ سرخ رنگت ۔

rude, a. اکھڑ ؛ گستاخ ؛ گنوار ؛ بیہودہ ؛ بدتمیز ؛ فن ، ذوق یا مہارت سے ناآشنا ؛ خراب یا ناشایستہ اطوار کا ؛ بدتہذیب ؛ اکھڑ پن سے یا خراب انداز میں کیا گیا (جیسے : a rude building) ؛ ان پڑھ یا غیر مہذب ؛ پرتشدد یا طوفانی ، تند ، جیسے موسم ؛ طاقتور یا صحتمند (جیسے : a rude spirit) ۔

rudely, adv. اکھڑ پن سے ؛ بد تہذیبی سے ؛ بے ذوقی/ بد ذوقی سے ؛ طوفانی طور پر ؛ بھونڈے طریقے سے ؛ بھدّے انداز میں ۔

rudeness, n. گستاخی ؛ اکھڑ پن ؛ بدتہذیبی ؛ تشدّد ؛ تندی ؛ بیہودگی ؛ بدتمیزی ؛ بھونڈا پن ۔

rudiment, n. ابتدائی/غیر ترقی یافتہ حالت میں کوئی شے ؛ بے بنا یا نامکمل آغاز ۔ (تشریح الاعضا) ایسا حصہ یا عضو جو اپنی غیر حقیقی گنجایش یا جسامت کے باعث کوئی فعل انجام نہ دے ۔ (عموماً جمع) کسی فن یا علم کے مبادیات یا ابتدائی اصول ؛ علم کی کسی شاخ کا تعارف ؛ عناصر یا ابتدائی تصورات ۔

rudimental, a. ابتدائی ؛ غیر ترقی یافتہ ؛ فالتو ۔

rudimentarily, adv. ابتدائی انداز میں ؛ ابتدائی طور پر ۔

rudimentariness, n. ابتدائی کیفیت ؛ مبادیاتی کیفیت ۔

rudimentary, a. بنیادی ؛ ابتدائی ؛ مبادیاتی ؛ فالتو ؛ بے عمل ؛ نامکمل ۔

rue, v.t. پچھتانا ؛ کف افسوس ملنا ؛ افسوس ہونا ؛ نادم ہوناکہ کاش ، جو ہوا ہے نہ ہوتا ! ۔ (فعل لازم) ہمدرد ہونا ؛ غمگین ، افسردہ یا پچھتاوا ہونا ؛ رونا جھینکنا ۔ (اسم) پچھتاوا ؛ افسوس ؛ حسرت ؛ غم ۔

rue, n. (نباتیات) کالا دانہ ؛ اسپند (Ruta graveolens) ؛ ایک سدابہار جھاڑی جس پر زرد رنگ کے پھول گچھوں میں لگتے ہیں اور جس کے پتے تیز خوشبودار روغنی ہوتے ہیں ، اس کے تیل کو ادویات اور خوشبویات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

rue, n. گلی کوچہ ؛ محلہ ۔

rue anemone, n. گُل اشرفی ؛ شمالی امریکا کا جنگلی نازک سا پھول جو گُلِ اشرفی کی نسل سے تعلق رکھتا ہے ، اس میں تین پتیوں والے پتوں کے ایک حلقے سے نکلنے والی شاخ کے اوپر گلابی مائل سفید دو یا تین پھول کھلتے ہیں ۔

rue doso, a. پر شور ؛ باآواز بلند ۔

rueful, a. غم آگیں یا افسوس ناک (جیسے : rueful situation) ؛ غمگین یا پشیمان (جیسے : a rueful expression on one's face) ۔

ruefully, adv. غمگین/غمناک انداز میں ؛ پشیمانی سے ؛ افسوس کے ساتھ ۔

ruefulness, n. غم یا پریشانی کی کیفیت ؛ پشیمانی ؛ پچھتاوا ؛ افسوس ؛ غمگینی ؛ اداسی ۔

rufescent, a. سرخی مائل ؛ گلگوں ؛ سرخ رنگ سے رنگا ہوا ۔

rufescence, n. سرخی ؛ لالی ۔

ruff, n. ایک سیدھا/کھڑا ، سخت ، چنٹ دار کالر جسے پہلے زمانے میں مرد اور خواتین آرایش لباس کے طور پر استعمال کرتے تھے ؛ ایال ؛ کسی جانور کی گردن کے گرد کھڑے ہوئے بال یا پر یا اس کا جھالر ؛ یورپی ایشیائی ٹٹیری کے خاندان کا ایک پرندہ ، جس کے نر کی گردن پر پروں کی جھالر یا کنٹھا سا ہوتا ہے ؛ ڈھول کی ہلکی سی گونج دار تھاپ ؛ جھگڑا/دنگا فساد ۔

ruffed, a. جھالر دار ؛ ایال دار ؛ کلغی/کنٹھی دار ؛ گونج دار ۔

ruff, n. تاش کا ایک کھیل ؛ قدیم زمانے کا ''وھسٹ'' کی قسم کا کھیل ؛ دوسری طرح کا یعنی چال کا پتہ نہ ہونے پر ترپ/رنگ سے کاٹنے کا عمل ۔

ruff, v.t., v.i. (چال کا پتہ نہ ہونے پر) ترپ/رنگ چال چلنا ؛ ترپ لگانا ۔

ruffed grouse, n. کنٹھی دار مرغی ؛ شمالی امریکا کا زمین پر چرنے چگنے والا مرغی جیسا پرندہ ''بناسا امبیلس'' (Bonasa umbellus) جس کی گردن پر دو کلغی نما پر ہوتے ہیں اور دم پنکھ نما ، جس پر ایک چوڑی سیاہ پٹّی ہوتی ہے ، نر پرندے کی آواز نمایاں اور بھاری ہوتی ہے ۔

ruffian, n. بدمعاش شخص ؛ ظالم، فسادی/جھگڑالو شخص ۔ (صفت) بدمعاش ؛ فسادی کی طرح ؛ کسی بدمعاش سے متعلق ؛ بدمعاشی کا ، ظالمانہ ۔

ruffianism, n. بدمعاشی ؛ فساد ؛ ظلم و تشدد ؛ غُنڈا پن ؛ شہدا پن ۔

ruffianly, a. ظالمانہ انداز سے ؛ بدمعاشی سے ؛ متشددانہ طور پر ۔

ruffle, v.t. چھیڑ کر سطح پر بے ترتیبی پیدا کرنا ؛

نظم و ضبط خراب کرنا ؛ گڑبڑ کرنا ؛ بے ترتیب کرنا؛ سلوٹوں/چنٹوں سے سجانا یا چنٹیں ڈالنا؛ دھاریوں/تہوں یا سلوٹوں کی شکل میں سکیڑنا؛ کھڑے کرنا ، جیسے کسی پرندے کا اپنے پروں کو ؛ شورش کرنا ؛ احتجاج کرنا ؛ پریشان کرنا ، جیسے ذہن کو ؛ تیزی سے پلٹنا ، جیسے کتاب کے اوراق کو ۔ (تاش) پتے پھینٹنا ۔ (فعل لازم) بے ترتیب یا سلوٹ دار/شکن دار ہو جانا ؛ پھڑپھڑانا (جیسے : The banners ruffled in the wind) ؛ پریشان ہو جانا یا جوش جذبے میں آ جانا ؛ خراب یا شوروغل سے بھرپور ہو جانا ؛ شیخی بگھارنا ؛ اکڑفوں دکھانا ؛ اینٹھنا ۔ (اسم) سطح کی بے ترتیبی ؛ ہلکی سی لہر؛ احتجاج یا گڑبڑ کی حالت یا کیفیت؛ خرابی؛ خلل ؛ برہمی ؛ اکڑفوں ؛ اینٹھن ۔

ruffly, a. بے ترتیبی سے ؛ لہر دار ؛ گڑبڑ والا ؛ خراب ۔

ruffle, n. جھالر ؛ لیس ؛ چنٹ؛ تہ دار کپڑے کی ایک چنٹ دار پٹی جسے کسی ملبوس کے کنارے پر لگایا جائے ، جیسے کلائی یا سینے پر ۔

ruffle, n. ڈھول کے مسلسل دھیمے انداز میں بجائے جانے کا عمل ؛ ڈھول کی ہلکی مگر مسلسل تھاپ ۔ (فعل متعدی) ڈھول کو ہلکے ہلکے مسلسل بجانا ۔

rufous, a. سرخی مائل ؛ گلگوں ؛ زردی مائل ؛ بھورا مائل سرخ ؛ بادامی ۔

rug, lap robe, n. قالین ؛ نمدہ ؛ گلیم ؛ روئیں دار دری ؛ موٹے بھاری ریشے ، اکثر اون کا روئیں دار بنا ہوا سادہ مستطیل شکل کا فرش پوش/قالین/دری ؛ موٹے اونی کپڑے کا ایک ٹکڑا جس سے کار وغیرہ چلاتے ہوئے ، پیدل چلتے ہوئے یا باہر (کھلی فضا میں) بیٹھتے ہوئے ٹانگوں کو ڈھانپا جاتا ہے ؛ پانداز ؛ موٹا کمبل ۔

ruga, n. (عموماً جمع) (حیاتیات) سلوٹ ، تہ یا شکن ، جُھرّی ۔

rugate, a. تہ دار ؛ شکن دار ؛ سلوٹ دار ؛ جُھرّیوں والا ۔

Rugby, rugby football, rugger, n. (برطانوی) رگبی کھیل ؛ فٹ بال کی دو بڑی اقسام میں سے ایک قسم جس میں پندرہ پندرہ کھلاڑی بیضوی گیند سے کھیلتے ہیں ، اس میں کھلاڑی ہاتھ کو بھی استعمال کر سکتا ہے ۔

rugged, a. کھرکھرا ؛ ناہموار ؛ سنگلاخ ؛ ان گھڑ ؛ کھردرا ، نوکیلا یا بے ترتیب سطح کا (جیسے : rugged rocks, rugged bark) ؛ زمین کے بارے میں ، عموماً ایسی جو کھردری ، ٹوٹی پھوٹی ، اونچی نیچی/چٹانی اور بصورت دیگر چلنے کے ناقابل ہو ؛ چہرے یا پیشانی کے بارے میں ، شکن آلود یا جھریوں والا؛ خدوخال یا چہرے کے بارے میں ، ہموار ، گول مٹول اور نرم و نازک صورت کے برخلاف کھردرا ، بے ترتیب ، بھدا/بھاری بھر کم یا بیرونی خدوخال/خاکے یا صورت شکل میں درشت/سخت؛ خراب اور طوفانی ، جیسے موسم ؛ سخت ، مشکل اور کٹھن ، جیسے وقت یا زندگی ؛ سخت ، درشت یا تُندمزاج ، جیسے لوگ ؛ غیر شریفانہ یا بے حد گستاخانہ ، جیسے اعمال یا کام ؛ کانوں کے لیے کرخت ، جیسے آوازیں ؛ گستاخانہ ؛ غیر مہذبانہ یا غیر شریفانہ (جیسے : rugged manners) ؛ اکثر اوقات گھریلو اور سیدھے سادھے لیکن بھرپور قوت اور اثر انگیزی لیے ہوئے (جیسے : rugged maxims hewn from life) ؛ مضبوط ، طاقتور یا قوی ، بہ نسبت خوش ذوق کے ۔ (بول چال) صحت مند یا طاقت ور ؛ کھرا ؛ کٹر ۔

ruggedly, adv. سختی سے ؛ درشتی سے؛ بھدے پن سے ؛ بے ترتیبی سے ؛ بدذوقی سے ؛ کھرے پن سے ۔

ruggedness, n. سختی ؛ درشتی ؛ بھدا پن ، بے ترتیبی ؛ بدذوقی ؛ ناہمواری ؛ کُھراپن ۔

rugger, n. دیکھیے : Rugby ۔

rugose, rugous, a. سلوٹ دار یا شکن دار ؛ پرشکن جُھرّیوں سے بھرپور ؛ تہ دار ۔ (نباتیات) شکن دار یا کھردرا ، جیسے بعض موٹی رگوں والے پتوں کی سطح ۔

rugosely, adv. شکن دار طور پر ؛جُھرّیوں سے بھرا ہوا ؛ کھردرے انداز میں ۔

rugosity, n. شکن دار/جھریوں والا ہونے کی کیفیت ؛ کھردرا پن ۔

rugulose, a. باریک شکنوں/تہوں والا ؛ باریک باریک جُھرّیوں والا ۔

ruin, n. تباہی ؛ بربادی ؛ خرابیٔ بسیار ؛ پامالی ؛ کسی چیز کی ایسی تبدیلی جو اسے مکمل طور پر تباہ کر دے یا ناقابلِ استعمال بنا دے ؛ تخریب ؛ تختہ پلٹنے کا عمل ؛ زوال ؛ نقصان ، سڑن یا تباہی لانے میں کارگر ؛ نقصان ؛ خرابی ؛ زوال یا تباہی کا سبب ہونے کا عمل ؛ ٹُوٹی پُھوٹی یا خراب؛ خستہ حالت میں کوئی عمارت ؛ تباہ یا بیکار ہو جانے کی حالت/کیفیت (جیسے : to go to ruin) ۔ (اکثر جمع میں مستعمل) کھنڈر ؛ کسی تباہ شُدہ شہر ، عمارت یا قلعے کے باقیات ؛ خرابہ ؛ ویرانہ ۔ (فعل متعدی) تباہ کر ڈالنا ؛ لازماً اُجاڑ دینا ؛ برباد کرنا ؛ شکست دینا یا ڈھا دینا ؛ دیوالیہ نکالنے کی صورت پیدا کرنا ؛ اغوا کر لینا (کسی خاتون کو) ۔ (فعل لازم) تباہ ہو جانا ؛ کھنڈر میں بدل جانا ؛ اُجڑ جانا ۔

ruinable, a. قابل بربادی ؛ زوال کے قابل ۔

ruiner, n. تباہ کُنندہ ؛ برباد کُنندہ؛ بربادی لانے والا ؛ تباہ کار ۔

ruinate, v.t. تباہ کر ڈالنا ؛ برباد کر دینا ؛ تاخت و تاراج کر دینا؛ اُجاڑ دینا ؛ ویران کر دینا ۔ (صفت) ظالمانہ؛ تباہی و بربادی سے متعلق ؛ برباد شُدہ ؛ کھنڈر کی شکل میں ۔

ruination, n. تباہ کر دینے کا عمل ؛ تباہی ؛ بربادی ؛ گرا دینے یا ڈھا دینے کا عمل ۔

ruinous, a. کھنڈر میں تبدیل شُدہ ؛ خستہ حال یا ویران ؛ کھنڈر پر مُشتمل ؛ تباہ کُن ، برباد کرنے والا یا تباہی آور (جیسے : a ruinous tornado) ۔

ruinously, adv. تباہ کُن طور پر؛ تباہ کُن انداز سے ؛ تباہ کن طریقے سے ۔

ruinousness, n. تباہی ؛ بربادی ؛ خستہ حالی ؛ ویرانی ۔

rule, n. قاعدہ ؛ اصول ؛ طریقہ ؛ دستور ؛ رواج ؛ حکومت ؛ اختیار ؛ قابو ؛ حاکمیت یا اقتدارِ اعلیٰ ؛ عمل کے لیے مُسلّمہ اصول ، معیار یا راہنما ؛ ضابطہ ؛ راہنمائی اور (صحیح) سمت دکھانے کے لیے حاکمیت یا رواج کے باعث طے شدہ کوئی شے ؛ مقولہ ؛ قانون یا ضابطہ ، جس کی پیروی کی جائے ؛ کسی مذہبی گروہ یا معاشرے اور اس کے افراد کی جانب سے پیروی کیے جانے والے قوانین اور ضابطوں کا مجموعہ (جیسے :the rule of St. Benedict) ؛ سرکار کی جانب سے

فیصل شُدہ قانونی نُکتہ ؛ رِواج یا عادت (جیسے :As a rule I rise late) ؛ پیمانہ ؛ مِسطر؛ وہ آلہ جس سے سیدھی لکیریں کھینچی جاتی ہیں ؛ جدوَل کش ؛ چھوٹے فاصلے ناپنے اور پیمایش میں مختلف کام سرانجام دینے والا آلہ۔ (حساب) کسی کام کو کرنے اور متعیّنہ نتائج حاصل کرنے کا طے شُدہ طریق ؛ اُصول ؛ قانون۔ (گرامر) الفاظ کی کسی خاص قسم میں بناوٹ کا مُسلّمہ اُصول یا اُس شکل کا الفاظ میں بیان۔ (طباعت) آرایشی یا ٹھوس/بھری ہوئی لکیریں طبع کرنے کے لیے ایک دھاتی پٹّی ؛ رُول ؛ رُولر۔

rule, v.t., v.i. حکومت/حکمرانی کرنا؛ کسی جگہ پر یا لوگوں پر اختیار یا تصرّف رکھنا ؛ قابو کرنا ؛ عمل کرانا یا راہنمائی کرنا ؛ پیمانے/مِسطر کی مدد سے لکیریں کھینچنا۔ (قانون) قانون کے ذریعے رواج دینا یا قائم کرنا؛ طے کرنا؛ فیصلہ کرنا (over کے ساتھ مستعمل ہے)؛ طاقت یا اختیار کا حامل ہونا۔ (تجارت) ایک سطح پر قائم رہنا (جیسے : Prices rule lower than formerly)۔

rule over, مکمل اقتدار/اختیار کا پاس ہونا اور بروئے کار لانا۔

rule of thumb, n. ظن و تخمین؛ اٹکل ؛ علم کی بہ نسبت عمل کے زور پر حکمرانی ؛ تخمینہ ؛ اندازہ لگایا گیا حساب کتاب۔

rule out, v.t. زیرِ غور لانے سے انکار کر دینا؛ خارج کر دینا؛ چھوڑ دینا؛ نامنظور کر دینا ؛ دائرۂ عمل سے خارج کر دینا ؛ روک دینا ؛ منع کر دینا۔

ruler, n. حاکم؛ فرماں روا ؛ حکمران ؛ سرکار ؛ وہ جو حکم چلائے یا حکومت کرے ؛ پیمانہ؛ مسطر ؛ لکڑی ، دھات ، پلاسٹک یا کسی اور چیز کا بنا ہوا آلہ جس کے کنارے سیدھے ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ پنسل یا قلم چلانے سے سیدھی لکیریں کھینچی جاتی ہیں ، لمبائی ناپنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ شخص یا آلہ (یعنی پیمانہ) جو سیدھی لکیریں کھینچے، عموماً کسی چیز ، جیسے کاغذ پرمتوازی لکیریں کھینچے ؛ جدول کش ؛ رُولر۔

ruling, a. حکمران؛ سریر آرائے سلطنت؛ مروّج؛ نمایاں (طور پر موجود)۔ (اسم) کسی مُنصفِ، (قانونی) عدالت یا دیگر بااختیار حاکم کی جانب سے طے شُدہ کوئی ضابطہ ، نُکتہ یا فیصلہ ؛ قابو رکھنے یا حُکمرانی کرنے کا عمل؛ مسطر/پیمانے سے سیدھی لکیریں کھینچنے یا ناپنے کا عمل۔

ruly English, n. (کمپیوٹر) انگریزی زبان کی ایک خاص شکل جس میں ایک لفظ صرف ایک خیال کو ظاہر کرتا ہے اور اس کے برعکس بھی، اِس زبان کو کمپیوٹر کی پروگرام سازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

rum, n. رَم ؛ گنّے کی شراب ؛ گنّے کے رس یا شِیرے سے کشید کردہ شراب ؛ کوئی بھی شراب۔

rummy, a. متعلّق بہ شراب یا شراب کی مخصوص بُو لیے ہوئے۔

rum, rummy, a. (عوامی) مخصوص ؛ عجیب و غریب ؛ بے ڈھنگا ؛ انوکھا ؛ نرالا۔

rumba, rhumba, n. رمباناچ ؛ کیوبا کے سیاہ فاموں کا ایک پیچیدہ تال والا بھڑکیلا رقص ؛ اِس رقص کا وہ جدید انداز جو امریکا کی رقص گاہوں میں مروّج ہے ؛ اِس رقص کی موسیقی یا اِس کی مخصوص تال پر موسیقی ؛ رمبا رقص یا موسیقی۔ (فعل لازم) رمبا نامی رقص ناچنا۔

rumble, v.i. گرجنا ؛ کڑکنا ؛ گُونجنا ؛ ایک ہلکی ، بھاری ، لپٹی ہوئی مسلسل آواز نکالنا ؛ اس قسم کی آواز کے ساتھ چلنا یا سفر میں ہونا ؛ گھوں گھوں ہونا ؛ گِھر گِھر کرنا ؛ گھمر گھمر کرنا۔ (فعل متعدی) گھوں گُھوں کی آواز نکالنا یا نکلوانا ؛ کسی ڈرم یا ڈبے میں حرکت سے مختلف اشیا کا آمیزہ بنانا۔ (اسم) گھوں گُھوں کی آواز ؛ گھمر گھمر ؛گھر گھر ؛ ہلکی ، بھاری ، لپٹی ہوئی مسلسل آواز ؛ کسی بگھی یا گاڑی کی پُشت پر ایک نشست یا سامان کا کمرہ ؛ گھومتی ہوئی نالی یا گھومتا ہُوا پنجرہ۔ (عوامی) گلی محلّے میں لڑائی جھگڑا ، خاص طور پر نوجوانوں کے دو مخالف گروہوں میں۔

rumbler, n. گُھوں گُھوں کرنے والا ؛ مسلسل بولنے والا ؛ گھومنے والا ؛ گُھمّن لٹّو۔

rumbling, adv. گھوں گھوں کرتے ہوئے ؛ آواز دار انداز میں ؛ گھومتے ہوئے۔

rumble seat, n. تہ نشست ؛ ابتدائی کاروں/گاڑیوں میں غیر مستعمل وقت میں تہ ہو جانے والی ، پُشت پر بنی ہوئی ، بے چھت کی نشست۔

rumbly, a. گُھوں گُھوں کی آواز پیدا کرنے والا ؛ گرج/گونج والا۔

rumen, n. جُگالی کرنے والے جانوروں کا پہلا معدہ ؛ معدۂ بالا یا معدۂ اوّل ، جو جگالی کرنے والے جانوروں سے مخصوص ہے ؛ جُگالی ، جو یہ جانور کرتے ہیں۔

ruminal, a. جُگالی کرنے والا۔

ruminant, a. جُگالی کرنے والا (جانور) ، نگلی ہوئی غذا/خوراک کو دوبارہ چبانے کی صفت سے متصف (جیسے :-ruminant animals)؛ گہرے غور و فکر کا عادی ؛ سوچ بچار کا عادی۔ (اسم) جُگالی کرنے والا جانور؛ سبزی خور ، کُھردار ، میمل جانوروں کی نسل میں سے کسی کا کوئی رُکن/فرد جو جُگالی کرتے ہیں ، جیسے اُونٹ ، گائے ، ہرن ، بکری وغیرہ ؛ چار مختلف حِصّوں یا (علیحدہ) خانوں پر مشتمل معدے کا حامل جانور۔

ruminantly, adv. جُگالی کرتے ہوئے ؛ غور و فکر میں مستغرق رہتے ہوئے۔

ruminate, v.i.,v.t جُگالی کا ہونا ؛ چبائے ہوئے اور تھوڑا سا نگلے ہوئے (اجزائے خوراک) کو دوبارہ چبانا ؛ سوچنا ؛ غور و فکر میں ہونا ؛ بار بار زیرِ غور لانا ؛ سوچنا سمجھنا ؛ سوچ بچار کرنا یا (کسی موضوع کو) زیرِ غور لانا۔

rumination, n. جُگالی ؛ غوروفکر ؛ استغراق؛ انہماک؛ سوچ بچار۔

ruminative, a. جگالی میں مصروف؛ مستغرق ؛ فکر میں ؛ سوچ بچار میں۔

ruminatively, adv. جُگالی کرتے ہوئے ؛ غوروفکر کرتے ہوئے۔

ruminator, n. جُگالی کرنے والا جانور ؛ غوروفکر کرنے والا شخص؛ مُفکّر۔

rummage, v.t. کسی جگہ وغیرہ کی ہر چیز کو اُلٹ پلٹ کر اور دیکھ بھال کر مکمّل تلاشی لینا؛ تباہ و برباد کر دینا؛ کسی چیز

کو بھر پور انداز میں تلاش کرنا ؛ چھان مارنا (up اور out کے ساتھ) ؛ تلاش کرکے لانا ، حاصل کرنا یا لے کر آنا ۔ (فعل لازم) کسی جگہ یا ذخیرے میں پُھرتی سے تلاش کرنا ۔ (اسم) مختلف اشیا ؛ ہر طرح کی اشیا، جیسے ''کلیرنس سیل'' میں؛ پُھرتی سے تلاشی ۔

rummager, n. تلاش کُنندہ؛ ''کلیرنس سیل'' لگانے والا شخص ۔

rummage sale, n. (کسی جگہ پر) ہر قسم کی ، چندے میں لی گئی ، اشیا کی فروخت جس سے حاصل ہونے والی رقم خیرات کے طور پر صرف کی جائے؛ گودی یا گودام میں لاوارث پڑی ، اشیا کی فروخت یا کسی دوکان میں ہر طرح کی چیزوں کی ''کلیرنس سیل''/رعایتی داموں پر فروخت ۔

rummer, n. بڑا گلاس؛ ساغر ؛ شیشہ ؛ ایک بڑا سا پیالہ یا پیالی (عموماً شراب پینے میں مستعمل) ۔

rummy, n. رَمی ؛ تاش کا مختلف انداز میں کھیلا جانے والا کھیل ، ان سب میں ایک انداز یا ایک رنگ کے پتّوں کی تیسر اور چوسر بنانا ہوتی ہے ۔

rummy, n. (عوامی) ایک عادی شرابی شخص ؛ نشے میں مدہوش شخص ۔

rumor, Brit. rumour, n. اَفواہ ؛ اُڑتی ہوئی سی خبر ؛ چرچا ؛ سینہ بہ سینہ پھیلنے والی کوئی کہانی، بات یا اطّلاع جس کی سچّائی کی کوئی حقیقی ضمانت نہ ہو؛ کانوں سُنی ؛ شُنید ؛ گپ ؛ گپ شپ ۔ (فعل متعدی) افواہ پھیلانا؛ غیر مصدّقہ بیان یا اطّلاع پھیلانا؛ جُھوٹی خبریں دینا ۔

rumormonger, Brit. rumourmonger, n. افواہ ساز ؛ گپ باز؛ غیر مصدقہ اطلاع پھیلانے والا یا اُس کے پھیلنے کی حوصلہ افزائی کرنے والا ، خاص طور پر بدنیتی پر مبنی اطلاعات یا افواہیں ۔

rump, n. پُٹھ ؛ پچھلا حصّہ ؛ سُرین ؛ دُمگاہ ؛ کسی جانور کی ریڑھ کی ہڈّی کا آخری سرا ؛ جس میں ارد گرد کا حصۂ جسم بھی شامل ہو ؛ چُوتڑ ؛ گائے کی پُشت/پُٹھ کا گوشت ۔ (مجازاً) دُم چھلاّ ؛ کسی چیز کا مُلحقہ حصّہ ، جو عموماً اصل سے کم تر ہوتا ہے اور اصل سے زیادہ دیر تک رہتا ہے ۔

rumple, v.t. سلوٹیں ڈالنا یا شِکن آلود کرنا ؛ بے ترتیب کرنا/اُلٹ پَلٹ کرنا ؛ اونچا نیچا کرنا ؛ مل دل ڈالنا ۔ (فعل لازم) شِکن دار، تہ دار ، سلوٹ دار یا جُھرّیوں والا ہو جانا ۔ (اسم) بے ترتیب تہ ، سلوٹ یا شِکن ؛ جُھری ، خاص طور پر بھدّی سی ۔

Rump Parliament, n. (تاریخ انگلستان) طویل (لانگ) پارلیمان کا بچا کھچا حِصّہ ، ۱۶۴۸ء میں آلیور کرامویل کی جانب سے ارکان کی اکثریت کے اخراج کے بعد ۔

rumpus, n. دنگا فساد ؛ بُڑ دنگ ؛ ہڑبونگ ؛ بے پناہ شوروغُل ؛ گڑ بڑ ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ۔

rumpus room, n. عموماً گھر کی نچلی منزل میں ایک ایسا کمرہ جسے محفلوں کے انعقاد اور دیگر تفریحات کے لیے سجایا گیا ہو ۔

rumrunner, n. شراب یا منشیات کو غیر قانونی طور پر فروخت کرنے کی اسمگلنگ میں ملوّث شخص یا سمندری جہاز یا کشتی ۔

rumrunning, n. شراب یا دیگر نشہ آور اشیا کی اسمگلنگ ، برائے غیر قانونی فروخت ۔

run, v.i. دوڑنا ؛ بھاگنا ؛ ہر قدم پر ٹانگوں کی مدد سے پاؤں کو زمین سے تیزی سے اوپر اُٹھاتے ہوئے چلنے کی نسبت تیزی سے حرکت پذیر ہونا ؛ تیزی سے رواں ہونا ؛ تیز دوڑنا ؛ جلدی جلدی پسپا ہونا ؛ تفریح کے لیے (تیز) چلنا یا جانا؛ چھوٹے سے سفر یا چھوٹی سی سیر پر تیزی سے جانا ؛ آزادانہ طور پر جانا ؛ ہلنا یا دھکّے سے چلنا (جیسے :the ball ran along the ground)؛ دوڑ میں شریک ہونا ؛ (کسی) مقابلے میں شامل ہونا ؛ کسی سرکاری عہدے کے لیے مُہم جو ہونا؛ کسی مقابلے کا مخصوص پوزیشن/جگہ پر ختم ہونا (جیسے :to run second)؛ کسی دریا کے ذریعے نقل مکانی کرنا یا مچھلیاں وغیرہ پکڑنے کے لیے بہاؤ کے اُلٹے رُخ بہنا؛ پہیّوں یا گِھریوں پر دوڑنا ، جیسے کسی گاڑی یا برف گاڑی کا ؛ حرکت ہونا یا حرکت دیا جانا (جیسے :the ship ran aground) ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آنا جانا یا گُزرنا ؛ چلنا ، جیسے ریلوں اور سمندری جہازوں کا ایک مقام سے دوسرے مقام کے مابین ؛ کسی دُھرے یا محور پر گھومنا ؛ گھومنا ، ایک پہیّے کی مانند ؛ آزادانہ طور پر ہلنا جُلنا؛ رینگنا یا چڑھ جانا ، جیسے انگور کی بیل کا؛ کُھلنا یا سُلجھنا؛ بہنا یا گُزرنا ، جیسے کسی مائع کا؛ رِسنا ؛ مائع بن جانا ؛ پگھل جانا؛ گُھل جانا، پیپ یا کسی اور مادّے کا خارج ہونا (جیسے :An ulcer runs) ؛ ایک سطح پر پھیل جانا؛ پھیل جانا اور مِل جُل جانا (جیسے :Colors run in washing)؛ جاری رہنا/چلتے رہنا یا عمل کرتے رہنا (جیسے :The mills are running)؛ ایک حالت سے دوسری حالت میں پہنچ جانا (جیسے : to run into error or into debt) ؛ خیالات یا تقریر میں آگے چلے جانا یا گُزر جانا (جیسے :to run from one topic to another)؛ آگے چلے جانا یا گزر جانا ، جیسے وقت کا؛ کسی خاص راستے ، راہگزر یا سمت کا ہونا؛ پھیل جانا ، وسعت پذیر ہو جانا یا واقع ہونا (جیسے :The street runs east and west) ؛ کسی خاص تحریری شکل میں ہونا (جیسے :The story runs as follows) ؛ رُجحان ہونا؛ مکرّر ہونا/اعادہ ہونا (جیسے :Artistic ability runs in the family)؛ پھیل جانا ، شائع ہو جانا یا پہنچایا جانا؛ ایک خاص وقت تک جاری رہنا یا دہرایا جانا (جیسے :The play ran for a hundred nights) ؛ ایک خاص حد تک اُونچا جانا ، اُونچا اُٹھنا (جیسے :Feeling runs high)؛ بہت زیادہ پھل لگنا؛ بہت نشوونما پانا (جیسے :Apples run large this season) ؛ بینک وغیرہ سے جلدی جلدی رقم نِکلوانا؛ ادائیگی کی تاریخ سے پہلے مُہلت کا موجود ہونا (جیسے : A bill has ninety days to run) ۔ (جہاز رانی) موافق ہوا کے ساتھ سمندر کے سفر میں ہونا ۔

run, v.t. جلدی جلدی دوڑانا یا چلانا (جیسے : He ran his eyes over the page.) ؛ کسی خاص فاصلے کو تیزی سے طے کرنا؛ دوڑکر کسی کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانا؛ کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا ، جیسے دوڑ میں ؛ تیز دوڑانا ، کسی گھوڑے وغیرہ کو؛ کسی دوڑ کے شُرکا میں شامل ہونا ؛ کسی خاص صورتِ حال کو پیدا کرنا (جیسے :She ran herself into a state of collapse) ؛ پیچھا کرنا ؛ جانے پر مجبور کرنا (جیسے :The hounds ran the fox to cover) ؛ چھوڑ دینا ؛ کام کرانا ؛ (گاڑی وغیرہ کے ذریعے) لے جانا (جیسے :he ran her there in his car) ؛ راستا بنا لینا یا بچ جانا (جیسے :to run a blockade)؛ اسمگلنگ کرنا؛ (مشین) چلانا یا چالو حالت میں برقرار رکھنا (جیسے :

(to run a machine) ؛ طبع کرنا؛شائع کرنا؛ تجزیہ کرنا؛ بہتر کرنا یا عمدہ بنانا؛ کسی خاص راستے پر لے جایا جانا (جیسے :to run a ship aground)؛ عہدے کے لیے کھڑا ہونا (جیسے : to run for mayor)؛ جاری رکھنا یا چلانا ، جیسے کوئی ہوٹل یا اس قسم کا کوئی اور ادارہ ؛ کسی کھیل میں مسلسل کئی کامیابیاں حاصل کرتے جانا؛ رنگ سے کئی ہاتھ مسلسل جیتنا ، تاش میں ؛ مقابلہ کرنا ؛ خرچ کرنا/زیر بار ہونا ؛ خطرہ مول لینا (جیسے :to run the risk of being called)؛ بہانا ، جیسے پانی کو ،ندی میں جا گرانا ؛ جمع کرتے جانا، جیسے رقوم ، کسی بعد کی تاریخِ ادائیگی کے لیے ؛ آزادانہ طور پر پھسلانا ، جیسے رسّے کو۔ (گالف) گیند کو زمین پر لُڑھکاتے /گُھماتے ہوئے گرانا ؛ سیدھی سلائی کرنا/سیدھا بخیہ کرنا ؛ دھکیلنا ؛ آگے کو دھکّا دینا ؛ چُبھا دینا ؛ گھونپ دینا (جیسے :to run a person through with a rapier)؛ (مویشیوں کو) چرانا ؛ پگھلانا ؛ پگھلا کر صاف کرنا ؛ پگھلا کر سانچے میں ڈھالنا ؛ نشان لگانا ، چربہ اُتارنا یا کھینچنا ، جیسے لکیر۔

run across, اچانک دریافت کر لینا یا اچانک ملاقات ہو جانا ؛ مُڈبھیڑ ہو جانا ۔

run after, پیچھے دوڑنا ؛ پیچھا کرنا ؛ کسی کی محبت کی آرزو میں رہنا ؛ کسی کام میں دن رات مشغول رہنا

run foul of, ٹکرانا ؛ ٹکراؤ ہو جانا ۔

run in, غیر رسمی طور پر ملاقات کرنا/ملنا ۔ (عوامی) گرفتار کرنا ۔ (طباعت) بلا ضرورت کسی ٹائپ سیٹ مواد کو لگا دینا ؛ ٹائپ مواد کو بغیر وقفے کے ترتیب دینا :سر تا سر رکھنا ؛ مسلسل رکھنا ۔

run into, (کسی سے) ٹکرانا ؛ ملنا /ملاقات ہونا ؛ میزان کرنا ؛ پیچھا کرنا ؛ اچھی طرح سے ملا دینا/یک جان کر دینا ؛ لت ہو جانا ۔

run off, تیزی سے رُخصت ہو جانا ؛ تیزی سے دُہرانا یا تخلیق کرنا ؛ سابقہ مقابلے کے فاتح کا تعیّن بعد کے مقابلے کے ذریعے کرنا ؛ بھیج دینا ؛ چھاپے خانے یا ٹائپ کی مشین پر طبع یا ٹائپ کرنا ۔

run on, جاری رکھنا ؛ مسلسل باتیں کرتے رہنا ۔ (طباعت) ختم کیے بغیر یا نئے پیراگراف کے بغیر (عبارت کو) جاری رکھنا؛ کسی عبارت کے خاتمے پر اضافہ کرنا، جیسے ایک فقرے کا ۔

run out, وقت کے خاتمے تک چل/گر کر رُک جانا، جیسے ریت گھڑی کا؛ اختتام کو پہنچنا ؛ پھیل جانا یا تھک جانا ؛ ختم ہو جانا (جیسے :The lease runs out in october)؛ نکال باہر کرنا/خارج کر دینا۔

run out of, ایک مقدار (ساری کی ساری) صرف کر ڈالنا؛ ذخیرہ ختم کرنا۔

run over, سواری کا اُوپر سے نکل جانا ؛ کُچلنا (جیسے : to run over a chicken)؛ کناروں سے باہر بہ نکلنا ؛ پڑھنا ، معائنہ کرنا یا بیان کرنا (سرسری طور پر) ؛ ریہرسل کرنا یا ریہرسل میں حصّہ لینا۔

run through, چبھونا یا گھونپ دینا ؛ گُھسانا ؛ تیزی یا لا پروائی سے استعمال یا خرچ کر ڈالنا ؛ کسی ڈرامے یا تقریر کی تیزی سے/جلدی جلدی ریہرسل کرنا یا مشق کرنا ۔

run up, تیزی سے سینا ، بنانا یا تعمیر کرنا ؛ اضافہ کرنا، جیسے قیمتوں یا اخراجات میں ؛ جمع کرنا، جیسے دولت یا قرضہ جات کو۔

run, n. دوڑ ؛ دوڑ چال ؛ تیز حرکت کا دورانیہ ؛ طے شُدہ فاصلہ (جیسے :a ten mile run)؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کا فاصلہ ؛ سفر؛ گالف کی گیند کا زمین پر گرنے کے بعد لُڑھکتے جانے کا فاصلہ ؛ ایسا عرصہ/وقفہ جس کے دوران کارخانہ یا مشین مُسلسل چالو رہے ؛ کسی مسلسل کارکردگی کے دوران تخلیق شُدہ کوئی شے ؛ اُونی کپڑے کا ایک نقص ، جس میں ٹانکے یا بُنائی اُدھڑ جاتی ہے ؛ ہدایت کاری یا ترتیب ؛ غلّہ ؛ خاص یا مُمتاز راستہ ، ترقی یا طریق ؛ عام رُجحان ؛ امتیاز یا استعمال (جیسے :the run of the building)۔ (تھیئٹر) بغیر رکاوٹ کے ڈراموں کی نمایش ؛ ایک مسلسل حالت (جیسے : a run of ill luck)؛ کسی چیز کی غیر شکستہ طوالت ؛ تاش کی ایک ترتیب ، عموماً کسی رنگ کے باترتیب پتّے ؛ کسی بینک یا خزانے پر ایک عمومی اور غیر معمولی دباؤ یا مطالبہ کہ وہ اپنے نوٹوں کے عوض سکّوں کی ادائیگی کرے ؛ کسی غلّے کی مسلسل فروخت یا طلب ؛ کسی خاص عرصے میں بہاؤ ، جیسے کسی مائع کا ؛ ندی ؛ تیز دھار ؛ مثالی یا اوسط (جیسے :the normal run of students)؛ ایک خم دار راستہ ، جیسے برف پر پھسلنے کے لیے ؛ جانوروں ، جیسے ہرنوں کے طرارے کی جگہ ؛ مال مویشی (کے چرنے ، چگنے ، پھرنے) کے لیے ایک وسیع قطعۂ زمین ؛ چراگاہ؛ پانی کے لیے کوئی ٹب یا اور اِس قسم کی کوئی شے؛ مچھلی کا انڈوں ، بچّوں کی جانب سفر؛ اِس طرح محو سفر مچھلی ۔ (موسیقی) ایسے اُتار یا چڑھاؤ کے سُر جنھیں جلدی جلدی بجایا یا الاپا جائے ؛ کسی زینے کے قدمچوں کی اُفقی پیمایش ؛ دیوار سے تعمیر کے مرکز تک کا فاصلہ ۔ (بیس بال) وہ اسکور جو کھلاڑی میدان کے سارے پہلوؤں کا چکّر کاٹ کر حاصل کرے ؛ کسی بھی کھیل میں لگاتار لگائے گئے کامیاب شاٹ/ضربات ۔ (جہازرانی) سمندری جہاز کا زیر آب وہ حصّہ جہاں سے جہاز کا پیندا تنگ ہونا شروع ہوتا ہے ۔ (صفت) مائع حالت میں یا پگھلا ہوا ؛ کسی ایسے مادّے کا بنا ہوا جسے پگھلا کر کسی سانچے میں ڈھالا گیا ہو ؛ ڈھلائی کا ۔

a run for one's money, کسی مقابلے وغیرہ میں انسان کی جدّوجہد یا اخراجات کا تسلّی بخش صلہ ۔

in the long run, آخرکار؛ آخری نتیجے میں ؛ اختتام پر یا آخر میں ۔

on the run, جلدی سے؛ بھاگتے بھاگتے ؛ بھاگتے ہوئے (جیسے :He is on the run from prison)۔

runabout, n. ایسا شخص جو ایک جگہ سے دوسری جگہ دوڑتا پھرے؛ ایک ہلکی پُھلکی کُھلی گاڑی؛ ایک چھوٹی سی اور عام طور پر کُھلی کار؛ چھوٹی سی انجن والی کشتی ۔

run-around, runaround, runround, n. (عوامی) کسی سوال یا درخواست کے جواب میں بہانہ بازی کا عمل ۔ (طباعت) کسی تصویر وغیرہ کے لیے جگہ نکالنے کی خاطر سطروں کو ذرا نزدیک نزدیک کردینے کا طریق کار۔

runaway, بھگوڑا ؛ وہ جو بھاگ نکلا ہو ؛ مفرور ؛ بے وفا ؛ بے قابو ، بے روک ٹوک شے ؛ فرار ہو جانا ، جیسے اغوا کرکے فرار ہو جانے کا عمل ؛ بڑے فرق سے یا بآسانی جیتی ہوئی کوئی دوڑ یا

runic, a. رُونی ؛ رُونی انداز کا یا رُونی حروف میں؛ تصوّفانہ یا باطنی مفہوم اور مطلب یا اہمیّت کا حامل ۔

run-in, n. جھگڑا ؛ الفاظ کی جنگ ۔ (طباعت) پہلے سے نصب شدہ ثانیی حروف کی عبارت میں نئے پیراگراف کے بغیر مزید اضافہ ۔ (صفت) جھگڑالو لفظی جنگ سے متعلق ۔ (طباعت) ؛ متن میں بڑھایا گیا/بڑھائی گئی ۔

runnel, runlet, n. چھوٹی سی ندی ؛ چھوٹا سا دریا ؛ نالا ۔

runner, n. دوڑنے والا شخص ؛ دوڑ میں حِصّہ لینے والا شخص ؛ پیغام رساں ؛ ہرکارہ ۔ (بیس بال) ایک پہلو پر دوڑنے والا کھلاڑی ؛ کاروبار کا دھنی ؛ ایک ایسا طریقِ کار جس کے ذریعے کوئی شے حرکت کرے یا پھسلے (جیسے :the runner of a sleigh or skate) ؛ قالین کی پٹّی (زینے یا راہداری کے لیے)، کپڑے کی پٹّی یا کپڑے کے چھوٹے رومال جو آرایشی ہوتے ہیں اور سنگھار میز یا میز پر بچھائے جاتے ہیں ؛ اسمگلر ؛ بحراوقیانوس میں میساچوسٹس سے برازیل تک پائی جانے والی کارنگی/اسکاڈ مچھلیوں میں سے کوئی سی مچھلی ۔ (نباتیات) ایک پتلا اکڑا ہوا تنا جس میں سے جڑیں اور پتّے پھوٹتے ہیں ، جیسے اسٹرابری میں ؛ اِس قسم کے تنوں والا کوئی پودا ؛ لپٹنے والے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک ۔

runner bean, multiflora bean, scarlet runner, scarlet runner bean, n. لال باقلا ؛ امریکی استوائی نسل کا ایک پودا جسے سرخ شوخ پھولوں اور خوردنی بیجوں کے لیے اُگایا جاتا ہے ۔

runner-up, n. اُس کھلاڑی کے لیے استعمال کی جانے والی اصطلاح جو کسی مقابلے میں فاتح سے دوسرے نمبر پر آئے ۔

running, a. تیزی سے حرکت پذیر ؛ گھڑ دوڑ کے لیے رکھا گیا (جیسے :a running horse) ؛ اُوپر چڑھنے والا یا نیچے نیچے پھیلنے والا ، جیسے کوئی پودا یا بیل ؛ آزادانہ طور پر حرکت پذیر ؛ کام میں مصروف ؛ سیدھا/سیدھی (جیسے :ten miles running) ؛ بہتا ہوا ؛ مائع ؛ لہر ؛ مصروف ؛ مکرّر/دُہرایا گیا ؛ دوڑ میں آغاز یا اختتام شدہ ؛ یکے بعد دیگرے ؛ کسی درمیانی وقفے (دن یا سال) کے بغیر (جیسے :to visit two days running) ؛ پیپ یا کوئی اور مادّہ خارج کرتا ہوا ۔ (اسم) دوڑ ؛ دوڑنے والے کا عمل ؛ ایک مخصوص مقدار کی حرکت (جیسے :the first running of a still) ۔ (متعلق فعل) دوڑتے ہوئے ؛ مصروفِ حرکت ۔

out of the running, (مقابلہ کی) دوڑ سے خارج ۔

running board, n. پاندان ؛ بس وغیرہ کا پاندان ؛ بعض بسوں ، کاروں ، کھلی کاروں یا دیگر سواریوں میں پہلو کی جانب زمین سے ذرا اُوپر ایک تنگ سا پلیٹ فارم یا تختہ ۔

running gear, n. موٹر کے حرکی پُرزے ؛ گاڑی کے پہیّے ، دُھرے اور متعلّقہ سامان بمقابلہ باقی جسم/باڈی ؛ کسی گاڑی کے حرکت کرنے والے حِصّے ۔

running hand, n. رواں خط ؛ ایک ایسا اندازِ تحریر/خط جس میں حروف عموماً آگے کو خمیدہ ہوتے ہیں اور کاغذ پر سے قلم کو (بار بار) اُٹھائے بغیر اُنھیں لکھا جاتا ہے ۔

running head, n. (طباعت) سابقہ سُرخی ؛ کسی رسالے یا کتاب کے مسلسل کئی صفحات پر عنوان کا وہی حرف یا حروف ؛ مسلسل عنوان ۔

running knot, n. پھندا ؛ رسّی میں لگائی گئی ایک ایسی

فتح ۔ (صفت) بھاگا ہُوا ؛ فرار شُدہ ؛ مفرور ؛ فراری ؛ اُس مشین ، گھوڑے ، کار وغیرہ کے متعلّق جو اپنے سوار یا چلانے والے کے قابو سے باہر ہو گیا ہو/ہو گئی ہو ؛ فرار ہو کر یا اغوا کرکے پایۂ تکمیل کو پہنچانے کا یا اس سے متعلق ؛ فیصلہ کُن یا بہ آسانی جیتی ہوئی ، جیسے کوئی دوڑ ؛ بہت تیز رفتاری سے بڑھتی ہوئی قیمتوں سے متعلّق ۔

runaway, فرار ہو جانا ؛ گھر یا کسی محدود جگہ (جیسے قید خانے) سے چلے جانا ؛ تیزی سے حرکت پذیر ہونا ۔

runaway with, لے لینا یا ساتھ چلے جانا ، خاص طور پر پُھرتی سے یا خفیہ طور پر ؛ اغوا کر لینا ؛ چُرالینا ؛ کسی مقابلے وغیرہ میں اوروں کو پچھاڑ دینا یا اُن پر سبقت لے جانا ۔

runcible spoon, n. کانٹا ،جس میں ایک شاخ خمدار اور تیز دھار والی اور دو چوڑی ہوتی ہیں ۔

runcinate, a. (نباتیات) تیز دھار ، تکونے ، پیچھے کو خمیدہ ، دندانہ دار ، جیسے پتّے ۔

rundle, n. سیڑھی کا ایک ڈنڈا/قدم ؛ پہیّہ یا اِس قسم کی کوئی اور گھومتی ہوئی شے ؛ دُھرے دار پہیّے کی سلاخوں میں سے ایک ۔

rundlet, runlet, n. ایک چھوٹا سا ڈبّہ یا کنستر/ڈرم ؛ مائع کا ایک پُرانا پیمانہ ، اندازاً اٹھارہ گیلن کے برابر ۔

run down, v.t. کسی شے سے ٹکرا کر اُلٹ جانا ؛ پیچھا کرنا یا پیچھے پیچھے دوڑنا اور پکڑ لینا (جیسے :a quarry) ؛ اعداد و شمار کے ایک کالم پر نظر دوڑانا ؛ نازیبا انداز میں گفتگو کرنا ؛ تلاش کرنا اور پالینا ، جیسے حقائق کو ۔ (فعل لازم) قوّت کے خاتمے کے بعد رُک جانا ، جیسے گھڑی کا ؛ قدروقیمت یا حالت میں کم ہو جانا (جیسے :That neighborhood has run down) ۔ (اسم) اہم اطلّاعی نکات کا خلاصہ ؛ مختصر تبصرہ/جائزہ (جیسے :a rundown of expenses) ۔ (بیس بال) ایسا کھیل جس میں ایک پہلو پر دوڑنے والے پر پہلوؤں کے درمیان نشان لگایا جاتا ہے (جیسے :to be caught in a rundown)۔ (صفت) بہت تھکن یا خستگی و خرابی کے عالم میں ؛ خراب صحت کے ساتھ ، جو جسمانی یا جذباتی دباؤ کے نتیجے میں ہو ؛ چابی نہ ہونے کے باعث نہ چلنے والی ، جیسے کوئی گھڑی یا ٹائم پیس ۔

rune, n. رُونی حروفِ تہجّی کی شکلوں میں سے کوئی ایک ، جن میں نُمایاں خاصیّت یہ تھی کہ سیدھی لکیروں کی مختلف ترتیبوں سے مختلف حروف تشکیل پاتے تھے ، یہ رسم الخط ۲۰۰ء سے ۱۲۰۰ء تک جرمانی/المانی قبائل خاص طور پر ،اسکنڈے نیویا اور برطانیہ کے لوگوں میں مستعمل تھا؛ اِس عہد کے انداز اور مزاج میں یا رُونی حروف میں تحریر شدہ نظم ، گیت یا کوئی مختصر تحریر ؛ تصوّفانہ یا ساحرانہ نظم ، گیت یا مقولہ/قول ۔

runelike, a. رُونی حرفِ تہجّی کا ؛ ۲۰۰ء سے ۱۲۰۰ء تک کے رُونی انداز کا ۔

rung, n. ایک پیڑی/زینہ ؛ سیڑھی کے ڈنڈوں/افقی سلاخوں میں سے ایک ؛ کسی جگہ کو مضبوط بنانے کے لیے گول یا کسی اور تراش کا سہارا ، جیسے کرسی کی ٹانگوں کے درمیان کا سہارا ؛ ایک مضبوط چھڑی ، لاٹھی یا سلاخ ، خاص طور پر گول ، کسی جگہ میں اس طرح سے نصب کردہ ، جیسے پہیّے کی تیلیوں/کمانیوں کا انداز ہو ۔

راستہ ؛ مویشیوں کی راہگُزر ؛ راستہ ، پگڈنڈی یا لکیر جس پر کوئی شے حرکت کرے یا پھسلے ؛ ندی کی تلیٹی ؛ تھیئٹر میں اسٹیج سے سامعین کے حصّے تک آنے والا ایک تنگ مستوی راستہ ۔

rupture, n. انشقاق ؛ پھٹاؤ ؛ ٹوٹنے یا پھٹ جانے کا عمل ؛ ٹوٹ جانے یا زورلگا کر علیحدہ کر دیے جانے کی کیفیت/حالت ۔ (امراضیات) فتق ؛ آنت اُترنے یا ہرنیا کا مرض ؛ افراد یا اقوام کے مابین عہد شکنی ؛ بگاڑ ؛ نااتفاقی ؛ لڑائی ؛ ناچاقی ؛ ان بَن ۔ (فعل متعدی) شگاف ڈال دینا ؛ پھاڑ دینا ؛ زور لگا کر الگ کر دینا ؛ شگاف سے متاثر یا اس میں مبتلا کرکے تکلیف دینا ؛ منقطع کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ ورم یا فتق پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) پھٹ جانا یا شگاف کا نمودار ہو جانا ؛ چِر جانا ؛ ٹوٹ جانا ۔

rupturable, a. قابلِ فتق ؛ قابلِ انشقاق ؛ پھٹ جانے/ چِر جانے کے قابل ۔

rural, a. دیہاتی ؛ دیہی ؛ زراعتی ؛ زرعی ؛دیہاتی بمقابلہ شہری یا قصباتی ؛ دیہاتی علاقے یا زندگی یا دیہاتی لوگوں سے متعلّق ؛ زراعت اور کاشت کاری کے بارے میں ۔

ruralism, rurality, n. دیہاتیت ؛ شہریت کے برعکس ؛ دیہیت ؛ دیہاتی پن ۔

ruralist, n. دیہات پسند ؛ وہ شخص جو دیہاتی طرزِ زندگی کا رسیا ہو ۔

rurally, adv. دیہی طور پر ؛ دیہی انداز میں ؛ زرعی حیثیت سے ۔

rural dean, n. (زیادہ تر برطانوی ، کلیسیات) دیہی گرجاؤں کا منتظم پادری ؛ لاٹ پادری/بشپ کی طرف سے مقررکردہ پادری جو کئی چھوٹے گرجاؤں کے انتظامی حلقوں پر مشتمل ایک علاقے کی نگرانی کرتا ہے ۔

rural free delivery, n. دیہاتی علاقوں کے لیے سرکاری گاڑیوں میں ڈاک کی مفت تقسیم ۔ مخفّف:R.F.D یا RFD ۔

ruralize, v.i. دیہات میں جانا یا رہنا ؛ دیہاتی ہو جانا ؛ دیہات میں بس جانا ۔ (فعل متعدی) دیہاتی بنا دینا ؛ دیہاتی انداز عطا کرنا ۔

ruralization, n. دیہاتی بنا دینے کا عمل ؛ دیہاتی بن جانے کا عمل ۔

rural route, n. وہ دیہاتی راستہ جس پر امریکا ، کی ڈاک گاڑیاں جاتی ہیں ۔

ruse, n. چال/ چالاکی /ترکیب ؛ حکمتِ عملی ؛ بہانہ ؛ حیلہ ۔

rush, v.i. تیز رفتاری ، جوش یا زور سے ہلنا ، کام میں لگنا یاچلنا ؛ حملہ کرنے کی نیت سے آگے بڑھنا یا جھپٹنا (جیسے :to rush upon the enemy) ؛ جلدی جلدی آنا، جانا یا گزرنا (جیسے : tears rush to the eyes)؛ پھسلنا ؛ لڑھکنا ۔ (فعل متعدی) تیز رفتاری یا تشدّد سے عمل کرنا، حرکت دینا یا دھکیلنا ؛ گھسیٹنا ؛ کھینچنا ؛ جلدی سے لانا یا لے جانا (جیسے :to rush the injured to the hospital) ؛ جلدی سے کوئی کام کروانا یا حرکت کروانا، جلدی کرانا ؛ غیرمعمولی رفتار سے بھیجنا ، دھکیلنا یا زور لگانا (جیسے :to rush a bill through congress) ؛ اچانک اور تیزی سے حملہ کرنا ؛ اچانک حملے سے قبضہ کرنا یا قابو حاصل کر لینا ، جیسے کسی آدمی یا جگہ پر ۔ (عوامی) بہت زیادہ توجہ دینا (جیسے :to rush a girl) ؛ عزیز رکھنا یا حمایت حاصل

جو رسّی پھسلواں گِرہ (جیسے پھندے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے کھینچنے سے لگ جاتی ہے ؛ پھسلواں گِرہ ؛ ناڑا گِرہ ۔

running light, n. جہازی روشنی ؛ اُن رنگین روشنیوں میں سے کوئی سی جنھیں ہوائی جہاز یا سمندری جہاز رات کے وقت (بیرونی حصّے پر) جلاتے ہیں ۔

running mate, n. قدم آموز گھوڑا ؛ وہ گھوڑا جسے گُھڑ دوڑ میں محض اس مقصد سے شریک کیا گیا ہو کہ وہ کسی اورگھوڑے کو دوڑنے کی ترغیب دے ؛ دو متعلّقہ عہدوں کی ماتحتی کا امیدوار ، جیسے نائب صدر ؛ ایک نزدیکی ساتھی یا معتمد ساتھی ۔

running stitch, n. رواں بَخیہ ؛ باریک ہموار ٹانکے/بخیہ ، جسے سوئی کو کپڑے کے اندر باہر کرکے بنایا جاتا ہے ۔

running title, n. (طباعت) کتابی عنوان ؛ ٹائپ کے صفحات کے اوپر مسلسل لگایا گیا بیانیہ عنوان ، خاص طور پر بائیں ہاتھ کے یا تمام صفحوں پر چھپا ہوا کتاب کا عمومی عنوان ۔

runny, a. بہتی ہوئی ؛ بہنے یا ٹپکنے والی (جیسے : a runny nose) ۔

runoff, n. بہنے والی کوئی شے ، جیسے بارش جو زمین پر جمع ہو کر ندی نالوں میں بہ جاتی ہے ؛ ایک ایسی آخری دوڑ یا ایسا آخری مقابلہ جسے کسی برابر کے جوڑ یا پہلے نافیصل شُدہ مقابلے کے بعد منعقد کیا جائے ؛ آخری فیصلے والی دَوڑ ۔

run-of-the-mill, run-of-the-mine, a. اَوسط ؛ عام قسم کا؛ گھٹیا ۔

run-of-the-mine, run-of-the-mill, a. اوسط ، عام قسم کا ؛ گھٹیا ۔

run-on, a. خیالِ جاریہ ؛ کسی اضافی شے کا ؛ جاری/مسلسل ، جیسے نظم کے ایک مصرعے سے دوسرے مصرعے تک جاری رہنے والا (خیال) ۔ (اسم) خیال مسلسل ؛ اِضافی شے ؛ اضافہ شدہ ۔

run-on sentence, n. ایسا فقرہ جہاں وقفِ تام (فُل سٹاپ) کی جگہ وقفِ ناقص (کوما) استعمال کیا گیا ہو ۔

runover, معیّن جگہ سے زیادہ جگہ گھیرنے والا طباعتی مواد ؛ ایسا مواد جسے چھاپنے کے لیے اضافی جگہ کی ضرورت پڑے ، جیسے کسی رسالے/اخبار کے کسی بعد کے صفحے یا صفحوں پر ۔

run-over, a. جسے مختص جگہ سے زیادہ جگہ درکار ہو ، جیسے کوئی خبر یا دُوسرا اِدارتی مواد ۔

runt, n. نسلی طور پر معمول کے قد سے چھوٹا جانور ؛ چھوٹے قد والا کوئی جانور ؛ پستہ قد رہ جانے والا جانور ؛ گلے میں سب سے چھوٹا خصوصاً پلّوں یا خنزیروں میں ؛ بونا/ٹھگنا شخص ، (عموماً حقارت سے استعمال کیا جاتا ہے)۔

runty, a. پستہ قد ؛ بونا ؛ ٹھگنا ۔

runtiness, n. پستیِ قد ؛ بونا پن ؛ ٹھگنا پن ؛ پستہ قدی ۔

run-through, n. عوام میں مظاہرے کرنے سے پہلے کسی کردار، تقریر ، ڈرامے وغیرہ کی جلدی سے ریہرسل ؛ ایک سرسری جائزہ ۔

runway, n. رَن وے ؛ کسی چیز کے دوڑنے کا راستہ ؛ ہوائی جہازوں کے اُڑنے اور اُترنے کے لیے سخت سطح کا صاف سُتھرا

کرنا ، جیسے کوئی طالبِ علم کِسی انجمن یا ادارے کی رکنیت کی خاطر کرے ۔ (فٹ بال) گیند لے کر مخالف ٹیم کی گول لائن کے قریب جانا ۔ (اسم) ہجوم ؛ نرغہ ؛ گرم بازاری ؛ تیز رفتاری ؛ دوڑ ؛ دوڑنے یا تیزی سے جانے کا عمل ؛ تیز، زوردار یا سامنے کی جانب حرکت ؛ سخت حملہ یا ضربِ کاری ؛ کچھ لوگوں کا کسی علاقے میں قبضے یا استفادے کے لیے تیزی سے جانے کا عمل (جیسے : rush to the gold fields) ؛ غیر متوقع اور اچانک نمودار ہونے کی کیفیت (جیسے :a rush of blood to his face) ؛ تیز سرگرمی یا کام کی تیزی (جیسے :the rush of city life) ؛ جلد بازی کی حالت/کیفیت ،جیسے حالات کے دباؤ کے باعث ؛ کام ، کاروبار یا آمدورفت/ٹریفک کا دباؤ جس کے لیے غیر معمولی جدوجہد یا عجلت درکار ہو ۔ (عوامی) عاشق کی اپنی محبوبہ کی جانب بے انتہا توّجہ ؛ کسی انجمن یا ادارے کی طرف سے ان کا رکن بننے والوں کی جانب غیر معمولی توجہ یا اُن کی آؤ بھگت ۔ (فٹ بال) مخالف کی گول لائن کی طرف گیند لے کر جانے کی کوشش ۔ (جمع ، فلم) متحرک فلم کے ایک یا زیادہ مناظر کی فلم بندی کا پہلا پرنٹ ۔ (صفت) جس کے لیے جلد بازی کی ضرورت ہو (جیسے :a rush order for goods) ؛ جلدی کا ، کام کے دباؤ یا آمدورفت/ٹریفک کے ہجوم کا یا اس سے متعلق (جیسے :the rush hours on the subway) ۔

rusher, n. جلدی کرنے والا شخص ؛ جلد باز شخص ۔

rush, n. اَسَل ؛ ناگرموتھا ؛ نرسل خاندان کا کوئی سا پودا جو گھاس پھونس/جڑی بوٹی قسم کا ہوتا ہے اور جس کے تنے کھوکھلے یا گُودے دار ہوتے ہیں، یہ پودے مرطوب یا دلدلی علاقوں میں پائے جاتے ہیں ؛اِس قسم کے ملتے جلتے پودوں میں سے کوئی سا پودا ؛ ایسے پودے کا ایک تنا/شاخ جس سے کرسیوں کی نشستیں ، چٹائیاں اور ٹوکریاں وغیرہ بُنی جاتی ہیں ؛ سَینٹھا یا اُس کی پتلی شاخ ؛ کوئی غیر اہم یا حقیر سی شے (جیسے :not worth a rush) ۔

rushy, a. پتلا دُبلا ؛ لچکدار؛ بید جیسا ؛ جہاں سَینٹھا کثرت سے ہو۔

rush candle, rush light, n. اَسل یا سَینٹھے کی سُوکھی، چھلکا اُتری شاخ پر چربی چڑھا کر بنائی گئی چھوٹی سی موم بتی یا مشعل ۔

rushee, n. (عوامی) کالج کا طالبِ علم جس کی کوئی انجمن یا ادارہ اپنے مستقبل کے رکن کے طور پر خاطر مدارات کرے ۔

rusk, n. رَس ؛ کلچہ ؛ رس بسکٹ ؛ میٹھی ڈبل روٹی کے دوبارہ پکائے ہوئے توس ؛ خشک توس ۔

russet, n. حِنائی رنگ ؛ زردی مائل بُھورا ، بلکا بُھورا یا سُرخی مائل بُھورا رنگ ؛ سیبِ حنائی ؛ عجیب سے بُھورے رنگ کے موٹے چھلکے والا ، ایک طرح کا سرمائی سیب ؛ سرخ مائل بُھورے یا بادام نُما رنگ کا کھدّر/کھدّر جیسا کپڑا جسے پہلے ملبوسات بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ پکّا مگر بے رنگا یا بے چمک کا چمڑا ، جس پر صرف وہ رنگ ہو جو چمڑا کمانے میں لگایا جاتا ہے ۔ (قدیم) دیہاتی ؛ گنوار ۔ (صفت) زردی مائل بھورے یا سُرخی مائل بھورے رنگ کا ۔

Russia leather, n. ایک قسم کا روغنی چمڑا ؛ رُوسی چمڑا ؛ ایک عمدہ نرم چمڑا جسے بہت احتیاط سے کمایا اور رنگا جاتا ہے ، خاص طور پر تیز سرخ/عنابی رنگ کا ، ابتداً روس میں تیار ہوا لیکن اب دیگر جگہوں پر بھی بنایا جاتا ہے ۔

Russian, a. رُوسی ؛ روس کے ملک ، باشندوں یا وہاں کی زبان کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) روس کا باشندہ یا رہائشی شخص (خاص طور پر عظیم روس کا) ؛ روسی زبان ؛ روس کی سلاوک نسل کی اہم زبان ؛ عظیم روسی ، یوکرینی یا بیلوروسی ۔

Russian dressing, n. رُوسی سلاد جس کے بنیادی اجزا انڈے کی زردی، تیل ، سرکہ ، سرخ مرچ ، سیاہ مرچ نیز اچار کے قتلے ہوتے ہیں اور جس میں خوشبو/نمک مسالے بھی ڈالے جاتے ہیں ۔

Russian olive, Trebizond date, n. دیکھیے : Oleaster ۔

Russian roulette, n. خود کُشی کا ایک کھیل یا خطرناک بہادرانہ طریق کار جس میں کئی آدمی باری باری اپنے سر پر ریوالور رکھ کر چلاتے ہیں جبکہ ریوالور میں ایک گولی ہوتی ہے ۔

Russian thistle, tumbleweed, n. خُرفہ ؛ اَشنان ؛ ایک خاردار یورپی ایشیائی جھاڑی ''سلسولاپیسٹی فر'' جس کا تعلّق خُرفہ کی جنس سے ہے ، اب شمالی امریکا میں بھی عام ہے ، سارا پودا موسم گرما کے آخر میں سُوکھ جاتا ہے، زمین پر ٹوٹ کر گر جاتا ہے اور ہَوَا سے اِس کے بیج اِدھر اُدھر بکھر جاتے ہیں ۔

Russian wolfhound, borzoi, n. بورزوئی ؛ بڑے کتّوں کی ایک نسل جس کا جسم پتلا دبلا ، سر چھوٹا ، جلد روئیں دار اور ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں ، شروع میں روسیوں نے اسے بھیڑیوں کے شکار کے لیے پالا تھا ۔

russinkaka, n. کشمش آمیز کیک ۔

Russo-Byzantine, a. روسی بازنطینی ؛ بازنطینی انداز کا ترقی یافتہ روسی طرز ، جیسے روسی بازنطینی فن تعمیر۔

Russo-Japanese, a. روسی جاپانی ؛ روس اور جاپان سے متعلّق (جیسے : The Russo-Japanese war of 1904-1905) ۔

Russophile, n. رُوس دوست ؛ ایسا شخص جو رُوس یا کسی رُوسی شے کی تعریف یا حمایت کرے ؛ حامئِ رُوس ۔

Russophobe, n. رُوس ترس ؛ ایسا شخص جو رُوس یا کسی رُوسی شے سے ڈرے یا اُس سے نفرت کرے ۔

Russophobia, n. روس ترسی ؛ روس سے ڈرنے/خوف کھانے کی کیفیت ۔

rust, n. زنگ ؛ زنگار ؛ وہ سُرخ یا نارنجی تہ جو لوہے کی سطح پر ہوا اور نمی میں پڑے رہنے سے بن جاتی ہے اور زیادہ تر فیرس ہائیڈروآکسائڈ (لوہے کی آبی تکسید) اور فیرک آکسائڈ (لوہے کی تکسید) پر مشتمل ہوتی ہے ؛ زنگ سے ملتی جلتی کوئی شے ؛ پھپھوندی ؛ سُرخی مائل یا زردی مائل بھورا رنگ ؛ فُطرات سے پیدا ہونے والا کوئی سا بھی نباتاتی مرض جس میں پتّے اور تنے دھبّے دار اور بے رنگ ہو جاتے ہیں ؛ اِس قسم کا مرض پیدا کرنے والے فُطرات کی ایک قسم ۔ (مجازاً) کوئی بھی روئیدگی/اضافہ ، عادت ، اثر یا چیز جس میں ذہن ، کردار ، صلاحیتوں یا افادیت کو نقصان پہنچانے کا رُجحان موجود ہو ۔ (فعل لازم) زنگ خوردہ ہونا یا زنگ آلود ہو جانا ، جیسے لوہے کا ؛ زنگاری ہو جانا ۔ (مجازًا) زوال پذیر ہو جانا یا خراب ہو جانا ، جیسے بے عملی سے یا پڑے پڑے بیکار ہو جانا ۔ (فعل متعدی) زنگ لگانا ؛ زنگ سے متاثّر کرنا ؛ زنگ جیسا رنگ دینا ؛ پھپھوندی یا زنگ سے مُتاثّر کرنا ،

جیسے فطرات کی بیماری کا ، پودوں کو ۔ (مجازاً) خراب کر دینا ، جیسے زنگ لگا کر ۔

rustic, a. دیہاتی ؛ قصبوں اور شہروں کے برعکس دیہاتی علاقے میں رہنے والا یا اس سے متعلّق یا اُس کے بارے میں ؛ دیہی ؛ گاؤں کا ؛ سادہ ، گنوارو یا غیر چالاک ، بدو ؛ دیہی عادتوں والا ؛ اَن گھڑ، گُستاخ یا اکھڑ ؛ دیہاتی انداز میں تعمیر شُدہ یا سادہ اشیا کا بنا ہوا ، خاص طور پر کھردری اشیا یا درختوں کی جڑوں کا بنا ہوا ، جیسے باغوں میں ناہموار سی نشستیں ہوتی ہیں ۔ (اسم) دیہاتی شخص ؛ دیہاتی آدمی ؛ ناہموار ؛ اجڈ ؛ غیر متمدن ۔

rustical, a. دیہاتی ؛ دیہات والوں جیسا ۔

rustically, adv. دیہاتیوں جیسے انداز میں ؛ بھدے پن سے ؛ بُرے طریقے سے ۔

rusticate, v.i. دیہات میں جانا ؛ دیہاتی علاقے میں ٹھہرنا یا رہنا ۔ (فعل متعدی) دیہات میں (عارضی طور پر) بھیجنا یا وہاں رہایش اختیار کر لینا ۔ (برطانوی) طالب علم کو سزا کے طور پر یونیورسٹی یا کالج سے کچھ عرصے کے لیے خارج کر دینا ؛ اشخاص یا عادات/اطوار کو دیہاتی یا دیہات جیسے انداز کا بنا لینا ؛ کسی عمارت وغیرہ کی دیہاتی انداز میں تعمیر یا تکمیل کرنا ۔

rustication, n. دیہات کی بود و باش ؛ دیہاتی عادات و اطوار کو اپنانے کی کیفیت ۔ (برطانوی) طالبِ علم کا سزا کے طور پر یونیورسٹی یا کالج سے عارضی اخراج ۔

rusticator, n. دیہات میں قیام کنندہ ؛ دیہاتی عادات و اطوار کو اپنانے والا ۔ (برطانوی) کسی طالبِ علم کو سزا کے طور پر یونیورسٹی یا کالج سے خارج کرنے والا ۔

rusticity, n. دیہاتی ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ زندگی کا دیہی خاصہ ؛ دیہاتی خاصیت یا خصوصیت ؛ گنوارو پن ؛ دہقانیت ۔

rustle, v.i. سرسرانا ؛ مسلسل ہلکی ، نرم آوازیں پیدا کرنا ، مثلاً (کسی چیز کے) حصوں کا آپس میں نرمی سے رگڑ کھا کر ، جیسے پتوں ، جھاڑیوں ، ریشمی کپڑوں یا کاغذوں کا ؛ کسی چیز کو ہلا کر یا چھیڑ کر سرسراہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ سر سراہٹ کے ساتھ ہلنا ، جانا یا گزرنا (جیسے : The wind rustles through the woods) ۔ (بول چال) پوری طاقت سے یا زور سے ہلانا ، آگے لے جانا/جانا یا کام کرنا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو اس طرح ہلانا یا چھیڑنا کہ سرسراہٹ کی آواز پیدا ہو (جیسے : the wind rustles the leaves) ۔ (بول چال) طاقتور عمل کے ذریعے ہلانا ، لانا یا حاصل کرنا ۔ (عوامی) چُرانا ، خاص طور پر مال مویشی چرانا ۔ (اسم) کسی بھی طرح کی سرسراہٹ؛ سرسرانے والی چیز کی آواز (جیسے : rustle of leaves) ۔

rustler, n. سرسرانے والا/والی ۔ (بول چال) چست،چالاک اور طاقتور شخص ۔ (عوامی) مویشی چور ؛ رسّہ گیر ۔

rustproof, a. زنگ روک؛زنگ ؛ بے زنگ ؛اسٹین لیس ؛ جسے زنگ نہ لگ سکے ۔

rusty, a. زنگ آلود ؛ زنگ سے متأثرہ یا زنگ میں لتھڑا/ لپٹا ہوا ؛ زنگ پر مشتمل یا زنگ کا بنا ہوا ؛ زنگ کے رنگ جیسا یا زنگ رنگ ؛ مرجھایا ہوا/رنگ پریدہ یا ٹوٹا پھوٹا ، گردش وقت کا مارا ہوا یا پرانا ، جیسے کپڑے یا کسی شخص کی ظاہری حالت ؛ پرانا ؛ فرسودہ ؛ نظر انداز پڑے رہنے کے باعث خراب و خستہ ؛ جس کی پھرتی اور ہشیاری ختم ہو چکی ہو یا جو معمول کے حالات میں نہ ہو جیسے لوگ باگ ؛ فطرات کی (کسی) بیماری میں مبتلا ، جیسے کوئی پودا ۔

rustily, adv. خستہ حالی سے ؛ پھٹے پرانے/ٹوٹے پھوٹے انداز میں ۔

rustiness, n. خستہ حالی ؛ پھٹا پرانا ہونے کی کیفیت ۔

rusty, a. بے لگام/سرکش ، جیسے گھوڑے ؛ اکھڑ یا ضدی ، جیسے آدمی ۔ (زیادہ تر بولی) مزاج کی ناخوشگواری، بدمزاجی یا غصیلی کیفیت میں ۔

rut, n. ہرن اور بعض دیگر جانوروں کا باقاعدہ عرصۂ مستی/عرصۂ شہوت ؛ وہ وقت جس میں یہ گرمی/مستی/شہوت جاری رہے ؛ دورانیۂ مستی ۔ (فعل لازم و متعدی) مستی/شہوت کے عالَم میں ہونا ؛ (جانوروں کا) جنسی ملاپ کرنا ؛ جُفتی کھانا ۔

rut, n. ایسی پگڈنڈی/لیک یا راستہ جو کسی سطح (یا سطح زمین) پر پہیوں کے گزرتے رہنے سے بن جائے ؛ عادی رویّہ یا گھسا پٹا انداز ؛ مقررہ دستور ؛ پرانا رواج ؛ فرسودہ ریت ؛ باپ دادا کا طریقہ ۔ (فعل متعدی) لیک/راستہ یا گزرگاہ بنا لینا (کہیں پر، کسی جگہ یا سطح پر) ۔

rutabaga, Swedish turnip, n. (نباتیات) سویڈن نسل کا شلغم/شلجم ، جس کا تعلق خردل/رائی سے ہے؛ ایک سبزی جس میں زمین کے نیچے سفید یا زرد گودے والے شلجم/شلغم لگتے ہیں ؛ ایسے شلغم/شلجم بذات خود ۔

rutaceous, a. (نباتیات) نارنجیہ ؛ ''روٹیسیا'' (Rutaceae) یا سداب سے متعلق ، ایسے پودوں کا گروہ جو ترشاوہ پھلوں سے تعلق رکھتا ہے اور جن میں تیز بو والے تیل کی خاصیت ہوتی ہے ۔

ruth, n. (قدیم) ترحم ، ترس یا کسی اور کی مصیبت پر افسوس ؛ اظہار غم و رنج ؛ اظہار افسوس ؛ غم؛ درد ؛ رحم ۔

ruthenium, n. روتھینیم ؛ پلاٹینم گروہ سے تعلق رکھنے والا بہت کم یاب سفید رنگ کا دھاتی عنصر ۔

ruthenic, a. روتھینیم سے متعلق ؛ روتھینیم کا ۔

ruthenious, a. روتھینیم جیسا ۔

rutherford, n. ردرفورڈ؛ تابکاری کی پیمایش کی اکائی ۔

ruthful, a. غمگین یا ماتمی ؛ قابل رحم یا قابل ترس ؛ جسے دیکھ کر غم یا رحم پیدا ہو ۔

ruthfully, adv. غمناک انداز سے ؛ ترحم انگیزی سے ۔

ruthfulness, n. ترس ؛ رحم ؛ جذبۂ رحم اور ترس ۔

ruthless, a. بے رحم ؛ سنگدل ؛ ظالم ؛ بیدرد ۔

ruthlessly, adv. ظالمانہ طور پر؛ سنگدلانہ انداز سے ؛ بے دردی سے ؛ سفاکانہ ۔

ruthlessness, n. سنگدلی ؛ ظلم ؛ بے رحمی ؛ بیدردی ؛ قساوت ۔

rutilant, a. سنہرے یا سرخ رنگ سے چمکتے ہوئے ؛ تابندہ ؛ روشن؛ جگمگ ۔

rutile, n. ٹائٹینیم آکسائڈ پر مشتمل ایک معدنیات جو